UGC
JRF
NET
&
Other
Exams

ندوستان میں پہلی بار UGC کے نئے Syllabus کے مطابق
JR اور NET و دیگر ریاستی و قومی مقابلہ جاتی امتحانات کے لیے
عاون کتاب

راہ نُما



مرتب: امتیاز سرمد

راہ نُما

امتیاز سرمد



ادبستان پبلی کیشنز دہلی ۹۵

Raah-numa
by Imtiyaz Sarmad
Edition : 2012
Printer & Publisher :
ADABISTAN PUBLICATIONS
Rs.: 250/-

نام کتاب : راہ نما
مصنف : امتیاز سرمد
ناشر : ادبستان پبلی کیشنز، دہلی

ملنے کے پتے:

- راعی بک ڈپو 734, Old Katra, Allahabad M. 08423575567, 09696242147
- انجمن ترقی اردو ہند، جامع مسجد، دہلی 011-23276526
- مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامع مسجد، دہلی 011-23260668
- بک امپوریم، سبزی باغ، پٹنہ۔4
- عثمانیہ بک ڈپو، کولکاتہ
- کتاب دار، ممبئی
- مرزا ورلڈ بک، اورنگ آباد

Marketed By **KITABISTAN**
Kucha Chellan, Darya Ganj, New Delhi-110002
09868099630, 9555676968

Printer & Publisher :
ADABISTAN PUBLICATIONS
A-170, Ground Floor-3, Surya Apartment, Dilshad Colony, Delhi - 110095 (INDIA)
Mob: 9971775969, 9899706640 Email: adabistanpublications@gmail.com

اپنی بات

علم کا دائرہ تو ویسے ہی بے حد وسیع ہوتا ہے، اس سائنسی زمانے میں اس کی وسعتیں مزید بڑھتی جارہی ہیں اور وقت کی تنگ دامانی کا شکوہ آج ہر شخص کو ہے۔ ایسے میں امتحانات کی تیاری کس طرح کی جائے کہ کامیابی قدم چومے، یہ بڑا ہی نازک اور قابلِ غور معاملہ ہے۔ اس معاملے کو آسان تر بنانے کی پیہم کوششیں جاری ہیں۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی یہ کتاب 'راہ نما' ہے۔

یہ کتاب واقعی 'راہ نما' ثابت ہو، اس کے لیے کتاب کی ترتیب میں اہم اور مستند کتابوں کا سہارا لیا گیا ہے۔ یو.جی.سی. (NET/JRF)، CTET، STET اور دیگر مقابلہ جاتی اور تقرری امتحانات کی تیاری میں یہ کتاب معاون ثابت ہوگی۔ اردو کی ابتدائی نشو ونما، اردو شعر وادب کے حالات، اصنافِ ادب کا تعارف وغیرہ کچھ ایسے موضوعات ہیں جن کے لیے بڑی بڑی کتابوں کا تفصیلی مطالعہ کرنا پڑتا ہے۔ ان کتابوں کی حصولیابی ہی ایک دشوار مرحلہ ہے، پھر بہ نظرِ غائر اُن کے مطالعے کے لیے کافی وقت درکار ہوتا ہے۔ اور اُن کتابوں کے مشمولات قابلِ اعتبار ہیں یا نہیں۔ یہ الگ پریشان کن معاملہ ہے۔ اس طرح کے مسائل سے طلبہ/ طالبات کو دوچار ہونا پڑتا ہے۔ کبھی کبھی اساتذہ بھی اس طرح کی پریشانی میں مبتلا نظر آتے ہیں۔

مذکورہ ضرورت کے پیشِ نظر ہی یہ کتاب ترتیب دی گئی ہے۔ قارئین کی آسانی کے لیے پوری کتاب میں 'سوال وجواب' کا طریقہ اختیار کیا گیا ہے اور مختلف موضوعات کے تحت اطلاعات فراہم کی گئی ہیں۔ ویسے تو حتی الامکان کوشش کی گئی ہے کہ کتاب میں غلطیاں راہ نہ پائیں پھر بھی کسی طرح کے سقم پر آپ کی نظر پڑے تو آپ ہمیں ضرور اطلاع کریں گے، ہم آپ کے شکر گزار ہوں گے اور آئندہ اشاعت میں اسے دور کرنے کی کوشش کریں گے۔

اردو شعر وادب کی تاریخ سیکڑوں برسوں پر محیط ہے۔ اس چھوٹی سی کتاب میں اس کے تمام اہم واقعات کو سمیٹنا بے حد مشکل امر ہے۔ 'دریا کو کوزے میں سمونے' کی یہ کوشش کتنی کامیاب ہے، اس کا فیصلہ تو اہلِ نظر کریں گے۔ ہم تو بس اتنا جانتے ہیں کہ یہ کتاب آپ کے امتحان کی مشکل گھڑیوں میں کسی طرح کی مدد کرتی ہے اور آپ کو کامیابی سے ہم کنار کرتی ہے تو ہم یہی تصور کریں گے کہ ہماری محنت ٹھکانے لگی۔

نئی دہلی

—— امتیاز سرمد

رابطہ: +91 9716934855
+91 9006634640

فہرستِ ابواب

شعروشاعری

سوال :اردو شاعری کی جائے پیدائش کس جگہ کو کہتے ہیں؟

جواب :دکن

سوال :اردو شاعری کے نقیب اور امام کن شعراء کو کہا جاتا ہے؟

جواب :ابن نشاطی اور نصرتی

سوال : ریختہ کے باوا آدم کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب : شمس ولی اللہ یا ولی دکنی کو

سوال : حاتم، ناجی، مضمون، آبرو، خان آرزو، سودا، میر تقی میر، ذوق اور غالب کا تعلق کس دبستان سے تھا؟

جواب : دبستان دہلی سے۔

سوال : دبستان لکھنؤ کے مشہور شعرا کے نام بتایئے؟

جواب : آرزو، سودا، میر نے اسے اپنا وطن بنایا اور اس کا مرتبہ بلند کرنے میں ان کی کوششوں کا ساتھ میر حسن، میر انیس، مرزا دبیر، میر سوز اور بہت سے شعرا نے دیا۔

سوال : بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟

جس کے ماتھے پہ نئی صبح کا جھومر ہوگا　　　　ہم نے اس وقت کی دلہن کو بہت یاد کیا

جواب : ساغر صدیقی کا۔

سوال : بتایئے یہ الفاظ کس کے ہیں؟

شاعری کا منبع وہ عالمگیر مماثلت ہے جو آسمانی و زمینی۔ حقیقی و مجازی، باطن و ظاہر کو مربوط کرتی ہے اور شاعر علامت کے ذریعے ان کے ربط باہمی کو بے نقاب کرتا ہے لیکن اس کا مقصد نہ نصیحت کرنا ہوتا ہے اور نہ تبلیغ بلکہ شاعری اپنا مقصود آپ ہے جو ہماری روح پر قبضہ کر لیتی ہے اور یہ قبضہ اسی وقت سچا ہوتا ہے جب شاعری ہر قسم کی کھوٹ سے پاک ہو۔

جواب : بودلیئر **(Baudelaire)(1821-1897)**

سوال : شاعر محمد نصرت نصرتی کی کتابوں کے نام بتایئے؟

جواب : گلشن عشق، علی نامہ۔ تاریخ اسکندری اور کلیات

سوال : عادل شاہی دور کے اس شاعر کا نام بتایئے جو پیدائشی طور پر اندھا تھا اور اس نے ایک دیوان اور مثنوی یوسف زلیخا یادگار چھوڑیں؟

جواب : سید میراں ہاشمی۔

سوال : بتایئے یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

سکھی رہے چیت رت آئی سہانی　　ابھوں امید میری بر نہ آئی

جواب : افضل (1612ء)

سوال : مشہور شاعر کبیر کا کوئی ایک شعر بتایئے؟

جواب : کبیر کہتا جات ہوں سنتا ہے سب کوئے
رام کہہ بھلا ہو گا نہیں تو بھلا نہ ہوئے

سوال : مشہور شاعر فائز نے اپنا دیوان کب مرتب کیا؟

جواب : 1715ء میں۔

سوال : قطب شاہ کے بعد دکن کے سب سے بڑے باکمال شاعر کا نام بتایئے؟

جواب : ولی دکنی

سوال : شہادت الحقیقت شاہ میراں جی کی سب سے طویل نظم ہے بتایئے اس میں کل کتنے بند ہیں؟

جواب : 563

سوال : شاہ برہان الدین جانم کے ارشاد نامہ میں کتنے اشعار پائے جاتے ہیں؟

جواب : ڈھائی ہزار

سوال : نصرتی (محمد نصرت) کو کس بادشاہ نے ملک الشعراء کا خطاب دیا تھا؟

جواب : عادل شاہ

سوال : فائز کا اصل نام کیا تھا اور وہ کس مشہور شاعر کے ہم عصر تھے؟

جواب : صدرالدین محمد.........ولی دکنی

سوال : مشہور شاعر شیخ شرف الدین مضمون کا سلسلہ نسب کس مشہور صوفی بزرگ سے ملتا ہے۔

جواب : شیخ فریدالدین گنج شکر

سوال : ظہورالدین حاتم نے کب اور کہاں انتقال کیا؟

جواب : 96 برس، دہلی۔ 1207ھ میں۔

سوال : افکار حامد کے مصنف حامد علی نقوی کا بچوں کے لیے نظموں کا مجموعہ 1990ء میں کس نام سے چھپا؟

جواب : مالن

سوال : قلی قطب شاہ عاشق مزاج شاعر تھے بتایئے انہوں نے اپنی کلیات میں کتنے معشوقوں کا ذکر کیا ہے؟

جواب : 19 (مشہور ننھی، سانولی، کنولی پیاری، گوری، چھبیلی، لالہ، لالن، موہن، محبوب مشتری)

سوال : نظم میں سب سے پہلے کس شاعر نے اردو کا لفظ بمعنی زبان استعمال کیا؟

جواب : مراد شاہ لاہوری

سوال : اردو کی پہلی صاحب دیوان شاعرہ کا نام بتایئے؟

جواب : پہلے ماہ لقا چندا کو سمجھا جاتا تھا لیکن اب لطف النساء ہیں۔

سوال : میر تقی میر کے کلیات میں غزلوں کے کتنے دواوین شامل ہیں؟

جواب : چھ

سوال : مرزا رفیع سودا کا نواب آصف الدولہ نے لکھنؤ میں کتنا وظیفہ مقرر کر رکھا تھا؟

جواب : چھ ہزار روپے سالانہ

سوال : خواجہ میر درد نے اپنے دیوان نالۂ عندلیب کا نام کس کے نام پر رکھا تھا؟

جواب : اپنے والد خواجہ محمد ناصر عندلیب کے نام۔

سوال : دکھا کر اک جھلک دل کو نہایت کر گیا بے کل
پری رو، تند خو، سرکش، ہٹیلا، چلبلا، چنچل
بتایئے یہ شعر کس کا ہے۔

جواب : ولی محمد نظیر اکبر آبادی۔

سوال : لکھنؤ کے ان تین شعراء کے نام بتایئے جو تھے تو مرد مگر تخلص زنانہ کرتے تھے؟

جواب : علی بیگ نازنین، عابد مرزا بیگم اور جمیعت علی ثریا۔

سوال : عشرہ محرم 1195ھ بمطابق جنوری 1781ء کس شاعر کو شہید کیا گیا؟

جواب : مرزا مظہر جان جاناں۔

سوال : ظہورالدین شاہ حاتم نے کون سا پیشہ اپنایا تھا؟

جواب : سپاہ گری کا۔

سوال: مولانا الطاف حسین حالی نے اپنی کس کتاب میں غالب کو حیوان ظریف کہا ہے؟

جواب: یادگار غالب میں۔

سوال: کشمیری زبان کے پہلے شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: راجنک شتی کنتھ۔

سوال: راجنک شتی کنتھ کے مجموعہ کلام کا نام بتایئے؟

جواب: مہانے پرکاش۔

سوال: للہ عارفہ بھی کشمیر کی مشہور شاعرہ ہیں ان کے اشلوک کس کتاب میں ملتے ہیں؟

جواب: للہ داک میں۔

سوال: شیخ نورالدین ولی صوفی شاعر تھے بتایئے انہیں ہندو کیا کہتے تھے؟

جواب: نندرشی۔

سوال: ارنی مال حبہ خاتون کے مقابلے میں کم تر حیثیت کی شاعرہ ہے یا نہیں؟

جواب: کم تر حیثیت کی۔

سوال: کشمیر میں روایتی شاعری کا آغاز کس نے کیا؟

جواب: محمود گامی نے۔

سوال: کشمیری زبان کا نظامی کسے کہتے ہیں؟

جواب: محمود گامی کو۔

سوال: محمود گامی کے ایک مشہور ہم عصر شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: پنڈت پرمانند۔

سوال: زین العرب نامی طویل نظم کس نے لکھی ہے؟

جواب: عبدالاحد نے۔

سوال: کشمیری زبان کا کون سا پہلا شاعر تحریک آزادی کا سپاہی بھی تھا؟

جواب: غلام احمد مہجور۔

سوال: بتایئے یہ شعر کس شاعرہ کا ہے؟

وہ عکس بن کے مری چشم تر میں رہتا ہے
عجیب شخص ہے پانی کے گھر میں رہتا ہے

جواب: بسمل صابری۔

سوال: غلام ہمدانی مصحفی نے کس شاہزادہ کے ہاں ملازمت اختیار کی تھی؟

جواب: مرزا سلیمان شکوہ۔

سوال: شاہ شجاع الدولہ کے دربار سے وابستہ رہے، جنگ پلاسی کا زمانہ پایا۔ 1756ء میں پیدا ہوئے اور 1818ء میں انتقال کیا شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: انشاءاللہ خاں انشاء۔

سوال: انشاءاللہ خاں انشاء نے ایک بے نقط کہانی بھی لکھی ہے کہانی کا نام بتایئے؟

جواب: سلک گوہر۔

سوال: نواب مرزا شوق، واجد علی شاہ اختر، نواب سید محمد خاں رند، پنڈت شنکر دیا نسیم اور میر سوز کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے۔

جواب: خواجہ حیدر علی آتش۔

سوال: بہادر شاہ ظفر نے کس مشہور شاعر کی شاگردی کی تھی؟

جواب: شیخ محمد ابراہیم ذوق۔

سوال: ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا نے اردو شاعر مجید امجد کے مکمل مطبوعہ کلام (شب رفتہ اور شب رفتہ کے بعد) کے علاوہ کتنی غیر تخلیقات کو شامل کر کے کلیات مجید امجد مرتب کیا ہے؟

جواب: ستر۔

سوال: واسوخت کس کا پہلا شعری مجموعہ ہے؟

جواب: راشد مفتی کا۔

سوال: صدف کس کا شعری مجموعہ ہے؟

جواب: شہزاد احمد کا۔

سوال: ارباب تاریخ نے ہندی کا پہلا شاعر کسے تسلیم کیا ہے؟

جواب: مسعود سعد سلمان (لاہوری) وہ عربی۔ فارسی کا مقتدر عالم اور شاعر بھی تھا۔

سوال: جگر کی شاعری کے پہلے دور کی ترجمانی آتش گل سے ہوتی ہے دوسرے دور کی ترجمانی کس سے ہوتی ہے؟

جواب: شعلہ طور۔

سوال: بتایئے داغ دہلوی کو کس نواب نے اپنے اصطبل کا داروغہ مقرر کیا تھا؟

جواب: نواب رامپور نے۔

سوال: مشہور شاعر نصیر کا پورا نام کیا تھا؟

جواب: محمد نصیر الدین۔

سوال: شاہ نصیر کے افراد خانہ انہیں کس نام سے پکارتے تھے؟

جواب: میاں کلو۔

سوال: انتخاب شاہ نصیر کے مرتب حافظ اکبر میرٹھی نے شاہ نصیر کو کس کا ہم عمر قرار دیا ہے؟

جواب: مہاراجا چندو لال شاداں۔

سوال: شاداں کب پیدا ہوئے؟

جواب: 1175ھ بمطابق 1761ء

سوال: نظیر اکبر آبادی کی تاریخ ولادت 1730 ہے تاریخ وفات بتایئے؟

جواب: 1830ء

سوال: جوش ملیح آبادی کی مشہور اور طویل ترین نظم حرف آخر ہے بتایئے اس میں کل کتنے اشعار ہیں اور یہ کب لکھی گئی؟

جواب: 40 ہزار......1941ء میں۔

سوال: بہتے ہوئے پھول کس شاعرہ کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب: فاطمہ حسن۔

سوال: نثری نظم کو جوش ملیح آبادی نے کیا نام دیا ہے؟

جواب: بے پر کی شاعری۔

سوال: ''صحرا کی دھوپ'' ساحر شیوی کا تیسرا شعری مجموعہ ہے کیا آپ ان کے دیگر دو مجموعوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: نیم شگفتہ اور ''وقت کا سورج''۔

سوال: اردو کے ممتاز شاعر اور فلمی گیت نگار تنویر نقوی کا انتقال کب ہوا؟

جواب: یکم نومبر 1972ء کو۔

سوال: انوری کا پہلا تخلص قادری تھا بتایئے خاقانی پہلے کیا تخلص کرتے تھے؟

جواب: حقائقی۔

سوال: عزیز حاصل پوری 31 دسمبر 1917ء کو ملتان میں پیدا ہوئے بتایئے ان کا انتقال کب ہوا؟ نیز کتنے شعری مجموعے یادگار چھوڑے؟

جواب: 18 مئی 1980ء چھ (جام نور، کشت زار غزل، صحیفۂ نور، بہار تغزل، جمال نور)

سوال: ''منظر میرے دریچوں سے'' کس شاعر کا پہلا مجموعہ کلام ہے؟

جواب: خاور احمد۔

سوال: مولانا الطاف حسین حالی کی شاعری کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟

جواب: دو چوبیس سے 45 سال تک دوسرا 45 سال کے بعد تک، دوسرے دور کا تعلق سر سید احمد سے وابستگی کا ہے۔

سوال: اردو کے ایک مشہور شاعر ریلوے میں ٹکٹ چیکر اور گارڈ بھی تھے کیا آپ ان کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: بہزاد لکھنوی۔

سوال: اردو زبان کے اس مشہور شاعر کا نام بتایئے جن کا انتقال چھت سے گر کر ہوا؟

جواب: مومن خاں مومن۔

سوال: اردو کے مشہور شاعر فراق گورکھپوری کا کلام کس ملک کے اردو نصاب میں شامل ہے؟

جواب: روس۔

سوال: شاہ مبارک ابرو کس کے شاگرد تھے؟

جواب: خان آرزو کے۔

سوال: فیض احمد فیض کے پی ایچ ڈی کے مقالے کا موضوع کیا تھا؟

جواب: جدید اردو شاعری (1857ء۔1939ء)

سوال: سید محمد شاکر ناجی کس نواب کے سپاہیوں میں شامل تھے؟

جواب: نواب امیر خاں۔

سوال: حاتم کا نام شیخ ظہور الدین تھا بتایئے وہ دلی میں کب پیدا ہوئے؟

جواب: 1699ء میں۔

سوال: مرزا مظہر جان جاناں نے ایہام گوئی کی مخالفت کی تھی یہ بتایئے انہوں نے کتنی عمر پائی؟

جواب: اسی برس۔

سوال : مشکور حسین یاد نے کس مرثیہ گو اور غزل گو شاعر کو مخصوص لہجے کا غزل گو شاعر کہا ہے؟

جواب : قیصر بارہوی۔

سوال : غزل کو کس نے نیم وحشی صنف سخن قرار دیا تھا؟

جواب : کلیم الدین احمد نے۔

سوال : غالب کی اردو غزلیات کا پہلا پنجابی ترجمہ 1969ء میں پروفیسر دلشاد کلانچوی نے کیا۔
بتایئے اس میں کتنی غزلیں تھیں؟

جواب : 24 بعنوان غالب دیاں غزلاں۔

سوال : کلام غالب کا دوسرا منظوم پنجابی ترجمہ دیوان غالب کے عنوان سے کس نے کیا؟

جواب : اسیر عابد نے۔

سوال : فیض احمد فیض نے اپنے مجموعے دست صبا کو حافظ کے کس شعر سے متصف کیا؟

جواب : نفس باد صبا مشک فشاں خواہد شد
عالم پیر دگر بار جواں خواہد شد

سوال : فیض احمد فیض نے زنداں نامہ کے لیے سودا کے کس شعر کو سرنامہ سخن قرار دیا؟

جواب : اے ساکنان کنج قفس صبح کو صبا
سنی ہی جائے گی سوئے گلزار کچھ کہو

سوال : ناصر کاظمی نے اپنی شاعری کی ابتدا نظم سے کی یا غزل سے؟

جواب : نظم سے۔

سوال : اردو غزل کا باقاعدہ آغاز مرزا رفیع سودا سے ہوا یا ولی دکنی سے؟

جواب : ولی دکنی سے۔

سوال : اخوند درویزہ پشتو ادب کے تصوف میں اہم مقام رکھتے ہیں تصانیف کے نام بتائیں؟

جواب : مخزن الاسلام، تذکرۃ الابرار والاشرار، ارشاد الطالبین اور ارشاد المریدین۔

سوال : خوش حال خاں خٹک بابائے پشتو شاعری کہلاتے ہیں بتایئے انہوں نے کتنی کتابیں لکھیں۔

جواب : 25۔

سوال : دست صبا کس خاتون کا شعری مجموعہ ہے؟

جواب : شاہین حنیف رائے (1936ء۔1989ء)

سوال : حافظ الپوری نے کس کی طرز پر شاعری کی ہے؟

جواب : رحمان بابا۔

سوال : نیاز حسین لکھویرا کے پہلے شعری مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب : ابر، ہوا اور بارش۔

سوال : مندرجہ ذیل شعری مجموعے کس شاعر کے ہیں؟ (1) ریختہ (2) زنجیر ہمسائیگی (3) تصنیف

جواب : مرزا محتشم بیگ رسا چغتائی۔

سوال : دختر شاہم ولیکن رو بہ فقر آوردہ ام
زیب و زینت بس ہمینم نام من زیب النساء است
یہ شعر شہنشاہ اورنگ زیب کی بیٹی زیب النساء کا ہے بتایئے ان کا تخلص کیا تھا۔

جواب : مخفی۔

سوال : غالب اور ذوق کے عہد کو شاعری کی اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : دبستان دلی۔

سوال : نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ نے اپنے تذکرہ میں نزاکت بیگم المتخلص رحجو کا ذکر کیا ہے تذکرہ کا نام بتایئے؟

جواب : گلشن بے خار۔

سوال : مولانا عبدالحامد بدایونی نے کس شاعرہ اور ادیبہ کو خطیبہ ہند کا خطاب دیا تھا؟

جواب : سیدہ سردار اختر حیدر آبادی۔

سوال : ولی دکنی نے شاعری کی کن اصناف میں طبع آزمائی کی؟

جواب : مثنوی، رباعی، قصیدہ، مستزاد اور ترجیع بند وغیرہ۔

سوال : اردو غزل پہلا باضابطہ شاعر کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب : ولی دکنی کو۔

سوال : ولی دکنی کا سال پیدائش متفقہ طور پر 1668ء تسلیم کیا گیا ہے سال وفات بتایئے؟

جواب : 1744ء میں۔

سوال : کیا آپ مرزا محمد رفیع کا تخلص بتا سکتے ہیں؟

جواب : سودا (1714ء دہلی۔ 1781ء لکھنؤ)

سوال : کشور ناہید کے شعری کلیات کا نام بتایئے؟

جواب : فتنہ سامانئ دل۔

سوال : بدن دریدہ کی مصنفہ کا نام بتایئے؟

جواب : فہمیدہ ریاض۔

سوال : باغِ دنیا جیلانی کامران کی نظموں کی کتاب ہے یا غزلوں کی؟

جواب : یہ ایک طویل نظم ہے۔

سوال : لب ولہجہ کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب : محمود شارب۔

سوال : عنترہ اور امراء القیس کس دور کے شاعر ہیں؟

جواب : دورِ جاہلیت کے۔

سوال : بتایئے یہ شعر کس کا ہے۔

نہیں کوئی دوست اپنا 'یار اپنا' مہرباں اپنا
سناؤں کس کو غم اپنا، الم اپنا' بیاں اپنا

جواب : میر عبدالحئی تاباں کا۔

سوال : کس شاعر نے اپنا تخلص میر سے سوز رکھا تھا؟

جواب : سید محمد میر

سوال : یوسف مثالی کے چوتھے شعری مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب : چپ کی صدا۔

سوال : دریائے لطافت کس مشہور شاعر کی فارسی تصنیف ہے؟

جواب : انشاء اللہ خاں انشاء۔

سوال : دلی کے ایک تجارت پیشہ شاعر سعادت یار خاں رنگیں کس مشہور شاعر کے دوست تھے؟

جواب : انشاء اللہ خاں انشاء۔

سوال : کیا آپ ناسخ کے شاگردوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : وزیر، برق، گویا، رشک، بحر، میر اور مہر

سوال : آتش کے کن دو شاگردوں کا شمار بڑے شاعروں میں ہوتا ہے؟

جواب : نواب سید محمد خاں رند اور پنڈت دیا شنکر نسیم۔

سوال : کیا آپ میرا جی کے آخری شعری مجموعے کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : تین رنگ۔

سوال : ارنسٹو کارڈنیل کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب : نکاراگوا۔

سوال : ستار سید کے اولیں مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب : امکان۔

سوال : ہندی کا پہلا شاعر کس مسلمان کو تسلیم کیا جاتا ہے؟

جواب : خواجہ مسعود سعد سلمان۔

سوال : تابش دہلوی کے کتنے مجموعے 1987ء تک شائع ہوئے نیز ان کے نام کیا ہیں؟

جواب : نیم روز، چراغ صحرا، غبار انجم اور تقدیس (نعت، منقبت)

سوال : نیپالی زبان کے موجودہ دور کے سب سے مشہور شاعر اور شاعرہ کا نام بتایئے؟

جواب : بانکڈیل۔ شاعرہ چاندنی شا۔

سوال : سندھ میں اردو کا پہلا شاعر کون ہوگزرا ہے؟

جواب : ملا عبدالحکیم عطا ٹھٹھوی۔

سوال : ڈاکٹر محمد دین تاثیر کا مجموعہ کلام ''آتش کدہ'' ان کی وفات کے کتنے عرصے بعد شائع ہوا؟

جواب : ڈھائی سال بعد 1953ء میں۔

سوال : محمد قلی قطب کا کلام کتنے ہزار اشعار پر مشتمل ہے؟

جواب : پچاس ہزار۔

سوال : ملا وجہی کس کے درباری شاعر تھے؟

جواب : عبداللہ قطب شاہ۔

سوال : مرزا غالب کا کوئی ایسا شعر بتایئے جس میں میر تقی میر کا ذکر کیا گیا ہو؟

جواب : غالب اپنا یہ عقیدہ ہے بقول ناسخ
آپ بے بہرہ ہے جو معتقد میر نہیں

سوال : میر تقی میر کا یہ شعر مکمل کیجئے۔

دل کی ویرانی کا کیا مذکور ہے

جواب : یہ نگر سو مرتبہ لوٹا گیا

سوال :اردو کے مشہور شاعر نواب دہلوی کا انتقال 26 مارچ 1988ء کو نئی دہلی میں ہوا بتایئے وہ کب اور کہاں پیدا ہوئے اور کون کون سی کتاب لکھیں؟

جواب: دہلی، 1913ء، طلوع سحر (غزلیں، نعت اور نظموں کا مجموعہ) بکھری کرنیں۔

سوال : قلی قطب شاہ کس مغل بادشاہ کا ہم عصر تھا؟

جواب: اکبر اعظم۔

سوال : جنرل محمود عارف کی شاعری کے بارے میں یہ الفاظ کس نے کہے تھے؟

جنرل عارف کی شاعری بیک وقت ریشم کی طرح نرم اور فولاد کی طرح سخت ہے۔

جواب: ڈاکٹر وزیر آغا۔

سوال : سیرت اجمیری کا انتقال کب ہوا؟ نیز ان کا نام کیا تھا؟

جواب: 12 اپریل 1988ء، موہن سروپ سیرت اجمیری۔

سوال : ارشد ملتانی کے شعری مجموعہ ثبات کا فلیپ کس نے لکھا؟

جواب: انوار احمد۔

سوال : شام سے پہلے کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب: یعقوب پرواز۔

سوال : فاضل حسو داعلوکر (پ 1914ء) کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب: ترکی۔

سوال : دریچہ شب کس کا شعری مجموعہ ہے؟

جواب: نسیم سحر۔

سوال : 30 نومبر 1936ء کو کس شاعر کا انتقال فالج کے حملے سے ہوا؟

جواب: اصغر گونڈوی۔

سوال : نشاط روح اور سرود زندگی کس کے کلام کے مجموعے ہیں؟

جواب: اصغر گونڈوی۔

سوال : یہ جنت جانشین داغ آسود ایک شاعر کی تاریخ وفات نکلتی ہے شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: سراج الدین احمد خاں سائل۔

سوال : سراج الدین احمد خاں سائل نے جہانگیر اور نور جہاں کے معاشقے پر ایک طویل مثنوی لکھی۔ مثنوی کا نام بتایئے؟

جواب: نورٌ علیٰ نورٌ۔

سوال : مولانا وحید الدین سلیم کی نظموں کا مجموعہ کس نام سے طبع ہوا؟

جواب: افکار سلیم۔

سوال : حافظ محمود شیرانی (1880ء - 15 فروری 1946ء) نے علامہ شبلی کی شعر العجم کے جواب میں کون سی کتاب لکھی؟

جواب: تنقید شعر العجم

سوال : گنج معانی، رباعیات محروم، کاروان وطن، بہار طفلی، شعلہ نوا رنگ معانی کے شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: تلوک چند محروم (1887-1956)

سوال : مرتضیٰ احمد خاں میکش (1899 - 29 جولائی 1959) کے شعری مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب: درد دل

سوال : من یوشو جاپان کا شعری شاہکار ہے بتایئے اس میں کتنی نظمیں ہیں؟

جواب: ساڑھے چار ہزار، اسے 770ء میں ترتیب دیا گیا۔

سوال : سارے سخن ہمارے (فیض احمد فیض) ملبوس بہار (رئیس امروہی) سرمایہ تغزل (اختر صدیقی امروہوی) خواب جزیرہ دل (لطیف ساحل) نامی شعری مجموعے کب شائع ہوئے؟

جواب: 1983ء میں۔

سوال : احسن مارہروی نے 1897ء میں کس نام سے ایک گلدستہ جاری کیا؟

جواب: ریاض سخن۔

سوال : 16 نومبر 1946ء کو بارہ (الہ آباد میں سید تفضل حسین کے ہاں پیدا ہوئے۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کے محکمہ تعمیرات میں ملازمت کی۔ نائب تحصیل دار اور جج بھی رہے 1904ء میں پنشن پائی اور ادبی خدمات کے صلہ میں خان بہادر کا خطاب ملا۔ شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: اکبر الٰہ آبادی۔

سوال : میاں بشیر احمد شاعری میں کیا تخلص کرتے تھے؟

جواب: زود۔

سوال : شانِ غزل کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : حفیظ ہوشیارپوری (جنوری 1912ء۔10 جنوری 1974ء)

سوال : مشہور شاعر رضا ہمدانی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : دسمبر 1910 میں محلہ خداداد عقب قصہ خوانی بازار پشاور۔

سوال : ناصر کاظمی کے شعری مجموعوں کی تعداد بتلائیے؟

جواب : چار (1) برگ نے (2) دیوان (3) پہلی بارش (4) نشاطِ خواب

سوال : غالب اور میر کی شخصیت کا مجموعہ کسے کہا جاتا ہے؟

جواب : فانی بدایونی کو۔

سوال : ناسخ کی وفات کے بعد آتش نے شاعری چھوڑ دی بتائیے انیس کی وفات کے بعد کس نے شاعری ترک کی؟

جواب : دبیر نے۔

سوال : مشہور شاعر نکولائی نکراسوف کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب : روس۔

سوال : علامہ اقبال نے کس ریاست کے شاہی قبرستان پر ایک نظم لکھی تھی؟

جواب : گولکنڈہ۔

سوال : ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری نے مرزا غالب کے بارے میں کیا رائے قائم کی ہے؟

جواب : دنیا میں اگر کسی شاعر سے غالب کا مقابلہ ہوسکتا ہے تو وہ گوئٹے ہے۔

سوال : ''جھلیاں سدھراں'' منشی عبداللطیف گجراتی کی پنجابی غزلوں کا مجموعہ ہے بتائیے اس کتاب کا دیباچہ کس نے لکھا؟

جواب : پروفیسر شریف کنجاہی نے۔

سوال : شاخِ نبات طالب باغپتی مرحوم کا مجموعہ کلام ہے بتائیے یہ پہلی بار کب شائع ہوا؟

جواب : 1936ء میں۔

سوال : ''ہتھیلیوں پر چراغ'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

جواب : خالد احمد۔

سوال : سویڈن کی نوبل فاؤنڈیشن نے جوزف براڈسکی کو ان کی نظموں کے کس مجموعے پر نوبل انعام برائے 1987ء دیا؟

جواب : اے پارٹ آف سپیچ۔

سوال : اوائل عمری میں کرم حیدری اپنا نام کیا لکھتے تھے؟

جواب : کرم آف مہری۔

سوال : پروفیسر کرم حیدری نے کس عظیم لیڈر کی رخصت پر یہ نوحہ لکھا؟

تو کیا گیا کہ ظلمتیں ابھری ہیں رات کی
کچھ ڈوبتی ہوئی سی ہیں نبضیں حیات کی
پھر کھو رہے ہیں دہر میں اپنا وقار ہم
تجھ سے ہیں شرمسار، بہت شرمسار ہم

جواب : قائداعظم۔

سوال : محشر بدایونی کے تیسرے مجموعہ کلام کا نام بتائیے؟

جواب : گردش کوزہ۔

سوال : ضیاء جالندھری کے دوسرے مجموعہ کلام کا نام بتائیے؟

جواب : نارسا

سوال : دیوے دین بنیرے سید امداد ہمدانی کا پنجابی شعری مجموعہ ہے بتائیے اس کا فلیپ کس کس نے لکھے؟

جواب : تنویر سپرا۔ انجم خیالی۔ اور شہزاد قمر نے۔

سوال : بھگت کبیر بنارس کے باشندے تھے بتائیے وہ کب پیدا ہوئے اور انہوں نے کون کون سی کتابیں لکھیں؟

جواب : 1440ء میں۔ بیجک اور پانی (مجموعائے کلام)

سوال : کبیر سچے صوفی اور عارف ہیں انہوں نے معرفت الٰہی، دنیا کی بے ثباتی وغیرہ پر خوب خوب نظمیں لکھیں ہیں، وہ ریا اور ظاہر داری کے سخت دشمن ہیں اور شیخ و برہمن کو یکساں لتاڑتے ہیں بتائیے یہ الفاظ کس کے ہیں؟

جواب : بابائے اردو مولوی عبدالحق

سوال : جب بھی آیا ہے کوئی زخم تیرے سینے پر   اے وطن تیری قسم میرا بدن ٹوٹا ہے
بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟

جواب : سورج نرائن (صوبہ سرحد کے مشہور شاعر)

سوال : کیا آپ سورج نرائن کا اصل نام اور تاریخ وجائے پیدائش بتا سکتے ہیں؟

جواب : نرائن لعل۔ کوہاٹ، 1946ء میں

سوال : سورج نرائن کے پہلے شعری مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب : پیاسا چاند (1970ء)

سوال : پشتو شاعری کی تاریخ کے مصنف جناب پریشان خٹک ہیں بتایئے وہ اس کتاب کے پہلے دور میں کس شاعر کی لکھی ہوئی نظم کو پہلی نظم قرار دیتے ہیں؟

جواب : امیر کروڑ۔

سوال : اذکار وافکار 89 شعرا کے مختصر حالات زندگی اور منتخب اشعار پر مشتمل کتاب ہے بتایئے اسے کس نے مرتب کیا؟

جواب : نور احمد میرٹھی۔

سوال : جون ایلیا کا پہلا شعری مجموعہ 1990ء میں شائع ہوا بتایئے کس نام سے؟

جواب : شاید۔

سوال : سید افتخار حیدر کے مجموعے کا نام سوز ازل ہے بتایئے اس کا دیباچہ کس نے لکھا ہے؟

جواب : حفیظ تائب نے بعنوان تصوف کی بہار تازہ

سوال : شاعر خرید لو کہ خطا پوش ہے عبا   باطن کا کوئی قرض نہیں پارساؤں پر
بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟

جواب : حمایت علی شاعر کا۔

سوال : آدھی رات کا سورج اور "سورج کی آنکھ" کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : اعجاز فاروقی یہ دونوں شعری مجموعے علی الترتیب 1967ء اور 1980ء میں منظر عام پر آئے۔

سوال : کیا آپ اعتبار ساجد کے تیسرے شعری مجموعے کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : پذیرائی

سوال : یوسف پرواز کے کس شعری مجموعے کا ابتدائیہ جناب رئیس امروہوی نے لکھا ہے؟

جواب : سوچ کا ساحل۔

سوال : آب سراب صوبہ سرحد کے مشہور شاعر کا مجموعہ کلام ہے بتایئے وہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1921ء میں ہری پور (ہزارہ)

سوال : چراغ آشیاں سرحد کو کس سال کا بہترین شعری مجموعہ قرار دیا گیا ہے؟

جواب : 1987ء میں منجانب ینگ کلچرل ویلفیئر سوسائٹی کراچی۔

سوال : اصغر عوام کے شاعر نہیں تھے ان کے کلام کے حسن وتاثیر سے لطف اندوز ہونے کے لیے ضروری ہے کہ آپ تھوڑے بہت پڑھے لکھے بھلے مانسوں میں بیٹھے ہوں بتایئے یہ الفاظ اصغر گونڈوی کے بارے میں کس کے ہیں۔

جواب : رشید احمد صدیقی۔

سوال : محسن بھوپالی کے پانچویں شعری مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب : گرد مسافت

سوال : مرزا اسداللہ خاں غالب کا یہ شعر مکمل کریں۔
رکھیو غالب مجھے اس تلخ نوائی میں معاف

جواب : آج کچھ درد میرے دل میں سوا ہوتا ہے

سوال : بتایئے یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟
تیرے ہوتے ہوئے محفل میں جلاتے ہیں چراغ
لوگ کیا سادہ ہیں سورج کو دکھاتے ہیں چراغ

جواب : احمد فراز

سوال : مشہور شاعرہ پروین شاکر کی 1952ء سے کیا نسبت؟

جواب : وہ اس سن میں پیدا ہوئیں۔

سوال : احمد فراز اردو کا پہلا شاعر ہے جس نے عشق کو آسودگی کا تصور بخشا بتایئے یہ الفاظ کس کے ہیں؟

جواب : پروین شاکر

سوال : میر تقی میر نے نکات الشعراء میں کتنی خاتون شعرا کا ذکر کیا ہے؟

جواب : ایک بھی نہیں۔ حالانکہ ان کی ایک صاحبزادی شاعرہ تھیں اور بیگم تخلص کرتی تھی۔

سوال : اب آیا دھیان اے آرام جاں اس نامرادی میں
کفن دینا تمہیں بھولے تھے ہم اسباب شادی میں
بتائیے میر تقی میر نے یہ شعر کس سانحے کی یاد میں کہا تھا؟

جواب : اپنی بیٹی ''بیگم''

سوال : برصغیر کے کس ممتاز شاعر نے وجود زن کو تصویر کائنات کی رنگینی سے تعبیر کیا ہے؟

جواب : علامہ اقبال۔

سوال : عورت تو خود شعر ہے شعر کا شعر کہنا کیا معنی۔ بتائیے عورتوں کی شعر گوئی کے بارے میں یہ جملہ کس شاعر نے کہا تھا؟

جواب : جگر مراد آبادی

سوال : دربار جہانگیری سے وابستہ ممتاز شعرا کے نام بتائیے؟

جواب : بابا طالب اصفہانی، نسبوئی کاشی، ملک الشعرا طالب آملی، میر قاسم، کاش ملا حیدر فصلی، ملا حیاتی گیلانی، ملا محمد شفیع مازندرانی، ملا نظیری نیشاپوری، اور شیدا۔

سوال: عجب کیا ہے جو نوخیزوں نے سب سے پہلے جانیں دیں
یہ بچے ہیں کہ ان کو جلد سو جانے کی عادت ہے
بتائیے یہ شعر کس کا ہے؟

جواب : اکبر الٰہ آبادی کا۔

سوال : سید محمد جعفر حیات امرہوی کی غزل فلم پکار میں پری چہرہ نسیم بانو نے گائی بتائیے اس کا پہلا مصرعہ کیا ہے۔

جواب : زندگی کا ساز بھی کیا ساز ہے۔

سوال : سمتیں کس شاعر کا پہلا مجموعہ کلام ہے؟

جواب : روحی کنجاہی

سوال : حیدر علی آتش کا کس عقیدے سے تعلق تھا؟

جواب : اثنا عشری۔

سوال : کیا آپ خواجہ حیدر علی آتش کے شاگردوں کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : نواب مرزا شوق، پنڈت دیا شنکر نسیم، واجد علی شاہ، اختر میر، وزیر علی صبا۔

سوال : جاپان میں نظموں کا پہلا مجموعہ شاہی حکم سے کب اور کس نام سے ترتیب دیا گیا۔

جواب : 905ء میں کوکن شو

سوال : جاپان میں ہائیکو نظم کا سب سے پہلے رواج ہوا بتائیے یہ کتنی سطروں پر مشتمل ہے؟

جواب : تین سطروں پر۔ اس میں پانچ، سات اور پانچ ارکان تہجی ہوتے ہیں۔

سوال : ہائیکو نظم کا جاپانی نمائندہ کس شاعر کو کہا جاتا ہے۔

جواب : باشوماتساؤ (1644ء۔1694ء)

سوال : سیف زلفی کا پہلا شعری مجموعہ ''ٹکڑے ٹکڑے آدمی'' ہے دوسرے کا نام آپ بتائیے؟

جواب : لہو چاند اور سویرا۔

سوال : ''کوئے ملامت'' انجم رومانی کا شعری مجموعہ ہے کوئے مغاں کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : شوکت واسطی۔

سوال : ڈاکٹر رابرٹ سیمور برجز (1882ء) کو کب انگلستان کا ملک الشعرا قرار دیا گیا؟

جواب : 1913ء میں

سوال : کیا آپ پشتو کی پہلی خاتون کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : زرعونہ کاکڑہ (نویں صدی ہجری)

سوال : طالب آملی کو کس مغل بادشاہ نے ملک الشعرا کا خطاب دیا؟

جواب : جہانگیر نے 1618ء میں۔

سوال : عرفی نے اپنے کتنے اشعار کا مجموعہ خان خاناں کے حوالے کیا تھا؟

جواب : 14000

سوال : فارسی، عربی، انگریزی، اور اردو کے ایک ایک نابینا شاعر کا نام بتائیے؟

جواب : فارسی...... رودکی، عربی...... ڈاکٹر طاحسین، انگریزی...... ملٹن، اردو...... جرات۔

سوال : کیا آپ دنیا کی طویل ترین نظم کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : مہا بھارت۔ 150 سال قبل مسیح میں لکھی گئی یہ دو لاکھ بیس ہزار سطروں اور تین لاکھ الفاظ پر مشتمل ہے۔

سوال : بشیر بدر کے شعری مجموعے کا نام ''آمد'' ہے اس کا ابتدائیہ انہوں نے خود ہی لکھا ہے بتائیے اس کا عنوان کیا ہے؟

جواب : ایک خط 2035 کے پڑھنے والوں کے نام۔

سوال : کیا آپ کلیم عثمانی کے پہلے شعری مجموعے کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : دیوارحرف۔

سوال : حیات انیس کس ڈراما نگار اور شاعر کی آخری شاعرانہ نگارش ہے۔

جواب : احسن لکھنوی۔

سوال : قبائے گل ایف ڈی گوہر کا مجموعہ کلام ہے بتایئے اس میں کتنی غزلیں اور قطعات شامل ہیں؟

جواب : 1300 غزلیں اور اتنے ہی قطعات۔

سوال : جام درک، مست توکلی، رحم علی مری اور جواں سال کس زبان کے قادرالکلام شاعر ہیں۔

جواب : بلوچی زبان کے۔

سوال : حیات امروہوی کا مجموعہ کلام ''ساز زندگی'' ان کی وفات کے کتنے عرصے بعد اور کب چھپا؟

جواب : 43 سال بعد 1989ء میں (وفات 1946ء)

سوال : جدید دور کی بلوچی شاعروں کے نام بتایئے؟

جواب : میر گل خاں نصیر، محمد حسین عنقا، قاضی عبدالرحیم صابر، قاسم ہوت اور میر عیسیٰ قوی قابل ذکر ہیں۔

سوال : عطا شاد، سید ہاشمی، صدیق آزاد، آزاد جمال دینی، مراد ساحر مراد اور رانی، غوث بخش صابر، پیر محمد زبیرانی، احمد زبیر کا تعلق کس زبان کی شاعری سے ہے؟

جواب : بلوچی۔

سوال : مشہور شاعر تابش دہلوی کا اصل نام بتایئے۔ نیز وہ کب پیدا ہوئے اور کب انتقال کیا۔

جواب : سید، مسعود الحسن (دہلی 9 نومبر 1911ء) شاعری کا آغاز 1923ء میں کیا۔ 1941ء سے 1963ء تک آل انڈیا ریڈیو اور بعد میں ریڈیو پاکستان سے منسلک رہے۔

سوال : جام درک کا کلام درچین کے نام سے کس نے کتابی صورت میں مرتب کیا؟

جواب : بشیر احمد نے۔

سوال : مست توکلی کا کوئی ایسا شعر بتایئے جس میں ان کی محبوبہ کا ذکر ہو؟

جواب : سمو ہے غزال صحرا   سمو پیڑ ہے پیپل کا

سوال : جاپان میں واکا یا تانکا مشہور صنف سخن تھی بتایئے یہ نظم کتنے حروف تہجی پر مشتمل تھی؟

جواب : 31، اس میں 5-7، 5-7-7 ارکان تہجی استعمال ہوئے تھے۔

سوال : اردو کے نامور شاعر نواب دہلوی کا انتقال 26 مارچ 1988ء کو ہوا بتایئے وہ کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1913ء۔

سوال : مشہور شاعر امیر مینائی کا کون سا مجموعہ کلام 1857ء کی ہنگاموں کی نذر ہو گیا۔

جواب : بہارستان۔

سوال : جہاں آرا بیگم مغل دور کی ایک شاعرہ ہیں ان کا فارسی شعر ان کی قبر پر کندہ ہے بتایئے کون سا؟

جواب : برمزار ماغریباں نے چراغے نے گلے   نے پر پروانہ سوزد نے صدائے بلبلے

سوال : رامپور کے کس نواب نے امیر مینائی کو ملک الشعرا کا خطاب دیا؟

جواب : نواب کلب علی خاں نے

سوال : پنڈت برج نرائن چکبست لکھنوی کے اس نامکمل شعر کو دوسرا مصرعہ لگا کر شعر مکمل کیجئے۔
زندگی کیا ہے؟ عناصر میں ظہور ترتیب۔

جواب : موت کیا ہے؟ انہی اجزا کا پریشاں ہونا۔

سوال : بھارت کے مشہور شاعر سحر عشق آبادی کا انتقال 31 مارچ 1978 کو ہوا بتایئے وہ کب پیدا ہوئے اور ان کا اصل نام کیا تھا؟

جواب : 1905ء میں...... بھگوان چند بھٹناگر۔

سوال : مشہور سرائیکی شاعر خواجہ غلام فرید کا کس مرض سے انتقال ہوا؟

جواب : مرض وبل۔

سوال : پاکستان کے اس مشہور شاعر کا نام بتایئے جو پورے 49 ماہ تک سرگودہا۔ ساہی وال، حیدر آباد اور کراچی کی جیلوں میں راولپنڈی سازش کیس کے تحت قید رہے؟

جواب : فیض احمد فیض۔

سوال : پاکستان کا کون سا مشہور شاعر 1942ء میں فوج کے محکمہ تعلقات عامہ میں بطور کیپٹن بھرتی ہوا اور 1947ء میں لیفٹیننٹ کرنل کی حیثیت سے مستعفی ہوا؟

جواب : فیض احمد فیض

سوال : سچے موتی محمد اقبال نجمی کا پنجابی نظموں کا مجموعہ ہے بتایئے اس میں کتنی نظمیں ہیں؟

جواب : بیس۔

سوال : جیوفرے چاسر نے کتنے پونڈ فدیہ ادا کر کے فرانس سے آزادی حاصل کی تھی؟

جواب : سولہ پونڈ۔

سوال : سلطان سکندر لودھی شاعر تھا بتائیے وہ کیا تخلص کرتا تھا؟

جواب : گل رخ۔

سوال : میر انیس کے چھوٹے بھائی بھی شاعر تھے کیا آپ ان کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : میر محمد نواب مونس۔

سوال : داغ دہلوی نے کتنے دیوان یادگار چھوڑے نیز ان کے نام کیا کیا ہیں؟

جواب : چار، گلزار داغ، آفتاب داغ، مہتاب داغ اور یادگار داغ۔

سوال : جاپانی میں پانچ مصرعوں والی نظم کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : ٹاکا۔

سوال : اردو کی شاعرہ اور ادیبہ کشور ناہید کب اردو سائنس بورڈ کی ڈائریکٹر بنیں؟

جواب : 23 جولائی 1989ء

سوال : تقسیم سے قبل احسان دانش کے کون کون سے مجموعے شائع ہو چکے تھے؟

جواب : نوائے کارگر، چراغاں، شیرازہ مقامات آتش خاموش، چارہ گو زخم، مرہم اور تفسیر فطرت۔

سوال : غزل کو میں اردو شاعری کی آبرو سمجھتا ہوں۔ ہماری تہذیب غزل میں اور غزل ہماری تہذیب میں ڈھلی ہے۔ بتائیے یہ الفاظ کس ادیب کے ہیں؟

جواب : رشید احمد صدیقی۔

سوال : دھیان کی سیڑھیاں کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب : اعزاز احمد آذر۔

سوال : احمد ندیم قاسمی کا یہ شعر مکمل کریں۔

کون کہتا ہے کہ موت آئی تو مر جاؤں گا

جواب : میں تو دریا ہوں، سمندر میں اتر جاؤں گا

سوال : رشید احمد صدیقی اور عابد رضا بیدار کی تالیف جدید اردو غزل کی ترتیب و تعارف کس نے پیش کیا ہے؟

جواب : ڈاکٹر سید معین الرحمٰن

سوال : کلیات راشد، کلیات میراجی اور کلیات مجید امجد کب شائع ہوئے؟

جواب : 1988ء میں۔

سوال : فارسی میں پہلا واسوخت کس نے لکھا ہے؟

جواب : وحشی یزدی نے۔

سوال : وحشی نے دو نظمیں لکھی ہیں جو موضوع کے اعتبار سے واسوخت ہیں بتائیے ان کے نام کیا کیا ہیں؟

جواب : شرح پریشانی اور گلہ یار دل آزار۔

سوال : یونان، عرب، ایران اور ہند کی مشہور شاعرات کے نام بتائیے؟

جواب : سیفو (یونان)، خنساء (عربی) قرۃ العین طاہرہ (ایرانی) میرابائی (ہند) زیب النساء مخفی (ہندی)

سوال : انشاء کی ذہانت، فطانت کو کس نواب کی صحبت کھا گئی؟

جواب : نواب سعادت یار خاں۔

سوال : پٹہ خزانہ پشتو کے ابتدائی دور کی کتاب ہے اسے محمد ہوتک من داوڈ تے نے لکھا ہے بتائیے اس میں کن شاعروں کا ذکر کیا گیا ہے؟

جواب : جن سے محمد ہوتک کی ملاقات ہوئی تھی۔

سوال : بیٹ نیکہ کس زبان کا شاعر ہے؟

جواب : پشتو کا۔

سوال : بیٹ نیکہ تین ناموں سے مشہور تھا بتائیے کون کون سے؟

جواب : بیٹ، بیٹن اور بیٹنی۔

سوال : شہاب الدین غوری کے دور کے اس پشتو شاعر کا نام بتائیے جو شہاب الدین غوری کا درباری شاعر بھی تھا اور اس کے لشکر میں بھی شامل تھا؟

جواب : نکارندوی۔

سوال : پشتو کے اس شاعر کا نام بتائیے جس نے کلمہ طیبہ کی تفسیر نظم میں 65 ہزار اشعار میں لکھی۔

(پشتو ادب از رضا ہمدانی ص 95)

جواب : سمندر خاں سمندر۔

سوال : حضرت بیچل سرمست کے فارسی مجموعہ ہائے کلام کی تعداد بتائیے۔

جواب : گیارہ۔

سوال : ان چار شعری مجموعوں کے نام بتائیے جن میں اجرام فلکی کا نام آتا ہو۔

جواب : چاند نگر، چاند چہرہ ستارہ آنکھیں، کھڑکی بھر آسمان، تاریک سیارہ۔

سوال : منور سلطانہ کے شعری مجموعے شہر درد کا کوئی ایک شعر بتائیے؟

جواب : خامشی سے ہو گئے رخصت سفر پر رفتگاں

جاتے جاتے رونے والوں سے کہا کچھ بھی نہیں

سوال : اردو کے اس مشہور شاعر کا نام بتایئے جس نے اپنی لاش کو جلانے کی وصیت کی تھی؟

جواب : ن م راشد۔

سوال : اردو کے اس شاعر کا نام بتایئے جس کا تخلص بے نقط ہو؟

جواب : رسوا۔

سوال : ان چھ شعری مجموعوں اور ان کے مصنفین کے نام بتایئے جن میں انسانی جسم کے اعضاء کے نام آتے ہوں؟

جواب : لب گفتار (اختر انصاری اکبر آبادی)، جلتی بجھتی آنکھیں، (شہزاد احمد) درد دل (خواجہ میر درد) سوز دل (خواجہ میر درد) لخت جگر (صفی لکھنوی) بال ہما (عبدالحمید عدم)

سوال : ان پانچ شعری مجموعوں اور ان کے مصنفین کے نام بتایئے جن میں درختوں، پھولوں دریاؤں پہاڑوں اور عمارات کا نام آتا ہو۔

جواب : رنگ محل (ساغر نظامی) غزل دریا (محشر بدایونی) دن کا زرد پہاڑ (ڈاکٹر وزیر آغا) کوندا (مصطفیٰ زیدی) آگ پھول اور مٹی کا قرض (حمایت علی شاعر)

سوال : جمیل الدین عالی کے اس شعری مجموعے کا نام بتایئے جو بے نقط ہے؟

جواب : لاحاصل۔

سوال : ناصر کاظمی نے فراق گورکھپوری کی غزلوں کا انتخاب کس نام سے کیا؟

جواب : غزل۔

سوال : رؤف شیخ کے ایک پنجابی مجموعے کو پاکستان رائٹرز گلڈ ادبی انعام ملا مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب : بلداشہر۔

سوال : اس پاکستانی اردو شاعر کا نام بتایئے جو خود کو عوامی جنگ کا ایک سپاہی کہتا تھا؟

جواب : حبیب جالب۔

سوال : امتزاج کس کی غزلوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : قیصر بارہوی۔

سوال : آٹھ مصرعوں کی نظم کو اصطلاح شاعری میں کیا کہتے ہیں؟

جواب : مثمن

سوال : Twenty love poems and a song of Despairl کے مصنف کون ہیں؟

جواب : پبلو نیرودا۔

سوال : سوویت شاعر ایڈورڈ میثر لائٹس کا نمائندہ مجموعہ کلام کون سا ہے؟

جواب : آدمی نامہ۔

سوال : کاسن قلی نیف نے کتنے مصرعوں پر مشتمل بند کی جو نئی صنف ایجاد کی؟

جواب : آٹھ یا بارہ۔

سوال : زخمی پتھر اور تمہارا گھر کس سوویت شاعر کے مجموعے ہیں۔

جواب : کاسن قلی نیف۔

سوال : ایوگنی یوتوشینکو خود کو کن کا پیرو بتاتے تھے؟

جواب : لیسے نن اور والٹ وہٹمین۔

سوال : آندرئی وزنی سینسکی روس کے کس شاعر کا ہم عصر ہے؟

جواب : یوتوشینکو کا

سوال : سوویت شاعر رودبرٹ رژدیست کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1932ء میں۔

سوال : سوویت شاعر سرگئی لیسے نن کی عمر کتنی تھی؟

جواب : تیس برس (1895ء۔1925ء)

سوال : سوویت شاعر الیکسندر تواردفسکی کس اخبار کے ایڈیٹر تھے؟

جواب : نووی میر (نئی دنیا)

سوال : موج ہوائے عصر سوویت شاعروں کی منتخب نظموں کا مجموعہ ہے بتایئے کتنے شاعروں کا؟

جواب : 54۔

سوال : انہی پتھروں پہ چل کر اگر آسکو تو آؤ میرے گھر کے راستے میں کوئی کہکشاں نہیں ہے
بتایئے یہ شعر کس کا ہے۔

جواب : مصطفیٰ زیدی۔

سوال : میر تقی میر کا کوئی ایسا شعر بتایئے جس میں انہوں نے خود کو متعارف کرایا ہو۔

جواب : میں کون ہوں اے ہم نفساں سوختہ جاں ہوں
اک آگ میرے دل میں ہے جو شعلہ فشاں ہوں
جلوہ ہے مجھی سے لب دریائے سخن پر
صد رنگ مری موج ہے میں طبع رواں ہوں

سوال: بتایئے میر درد نے کس شعر میں خود کو اشک چکیدہ کہا ہے؟

جواب: اے درد جا چکا ہے مرا کام ضبط سے — میں غمزدہ تو قطرہ اشک چکیدہ ہوں

سوال: علامہ اقبال، خواجہ میر درد، مولانا ظفر علی خاں کے ایسے شعر بتایئے جن میں وضو کا لفظ آتا ہو۔

جواب: اگرچہ بحر کی موجوں میں ہے مقام اس کا — صفائے پاکی طینت سے ہے گہر کا وضو (اقبال)

تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو — دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں (خواجہ میر درد)

مری نماز جنازہ پڑھائی غیروں نے

مرا تھا جن کے لیے وہ رہے وضو کرتے (مولانا ظفر علی خاں)

سوال: مرزا غالب کے ابتدائی دور کے اشعار میں کس کا رنگ جھلکتا ہے؟

جواب: ملا عبدالصمد کی فارسی شاعری کا۔

سوال: جوش ملیح آبادی کا آخری شعری مجموعہ نجوم جواہر کب شائع ہوا؟

جواب: 1967ء میں۔

سوال: نسیم سحر وحیدہ نسیم کا شعری مجموعہ ہے بتایئے آہنگ شمیم کس کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب: صفیہ شمیم کا یہ 1957ء میں طبع ہوا۔

سوال: جوش ملیح آبادی کی لافانی نظم حرف آخر میں اشعار کی تعداد کیا ہے؟

جواب: بیس ہزار اشعار۔

سوال: اردو کے نامور شاعر نواب دہلوی کا انتقال کب ہوا؟

جواب: 26 مارچ 1988ء کو

سوال: طلوع سحر کے نام سے نعتوں اور اصلاحی نظموں کا مجموعہ نواب دہلوی کا ہے بتایئے۔ غزلوں کا مجموعہ بکھری کرنیں کس کا مجموعہ ہے؟

جواب: نواب دہلوی۔

سوال: علامہ اقبال نے اپنی کس کتاب میں رام چندر جی کو امام ہند کہا ہے؟

جواب: جاوید نامہ میں۔

سوال: عبدالغفور نساخ فارسی اور اردو کے معروف شاعر تھے بتایئے ان کا دیوان کس نام سے 1860ء میں شائع ہوا۔

جواب: دفتر بے مثال۔

سوال: نظیر اکبرآبادی کے بنجارہ نام کا کون سا مصرعہ ضرب المثل بن گیا ہے؟

جواب: سب ٹھاٹھ پڑا رہ جائے گا جب لاد چلے گا بنجارہ۔

سوال: غالب نے کم عمری میں شاعری شروع کی تھی بتایئے ان پر فارسی کے کس شاعر کا رنگ چڑھا ہوا تھا؟

جواب: بیدل

سوال: مومن خاں مومن کس پردہ دار خاتون شاعرہ سے عشق کرتے تھے؟

جواب: حجاب سے۔

سوال: مومن نے ایک راجا کے ہاتھی دینے پر اس کی شان میں قصیدہ لکھا راجہ کا نام بتایئے؟

جواب: راجا اجیت سنگھ۔

سوال: بہادر شاہ ظفر تین مشہور شاعروں سے اصلاح لیتے رہے نام بتایئے؟

جواب: نصیر، ذوق، غالب

سوال: کیا آپ اختر شیرانی کی شعری محبوبہ کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: سلمیٰ۔

سوال: غلام احمد مہجور کے شاعری کے مجموعوں کے نام بتایئے؟

جواب: کلام مہجور اور پیام مہجور۔

سوال: بانگ سحر کس کشمیری شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب: مرزا غلام حسن بیگ عارف کا۔

سوال: چند ممتاز شاعروں کے وہ شعر بتایئے جن میں اجرام فلکی کا ذکر آتا ہو؟

جواب: (1) ان نصیبوں پر کیا اختر شناس

آسماں بھی ہے ستم ایجاد کی (مومن خاں مومن)

(2) یہ آفتاب ہے کرم اس کی کبریائی کا

کہ ذرہ ذرہ ہے آئینہ خود نمائی کا (امیر مینائی)

(3) اتنا بلند سایہ تیغ اجل ہوا

مریخ آتشی ہوا، آبی زحل ہوا (حضرت دبیر)

(4) عطارد میر منشی، زہرہ ناظر آسمان پر ہو

زحل میر عمارت ترک گردوں میر لشکر ہو (شیخ ابراہیم ذوق)

(۵) حسن اور عشق کی ہے دست درازی باہم
لوئی چرخ لگاتے ہیں فلک پر چکر (ناظم سید ہاروی)

سوال: لب لرزاں کس شاعر کا پہلا شعری مجموعہ ہے؟
جواب: ذوالفقار احمد تابش
سوال: ٹکوراں کس پنجابی شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟
جواب: پیر فضل حسین گجراتی کا۔
سوال: شاعرہ پروین فنا سید 3 ستمبر 1936ء کو لاہور میں کس کے ہاں پیدا ہوئیں؟
جواب: سید ناصر حسین رضوی۔
سوال: میر تقی میر کی غزل پتا پتا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے
بتایئے فضل احمد کریم فضلی نے اسے کس فلم کے گانوں میں شامل کیا؟
جواب: چراغ جلتا رہا۔ غزل ملکہ ترنم نور جہاں نے گائی۔ موسیقی نہال عبداللہ۔
سوال: مرزا غالب کی غزل سب سے پہلے کس بھارتی فلم ساز نے اپنی فلم میں شامل کی۔
جواب: سہراب مودی۔ یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصال یار ہوتا۔
سوال: متحدہ ہندوستان میں بننے والی کس فلم میں بہادر شاہ ظفر کی اس غزل کو جگہ دی گئی؟
بلبلو مت رو یہاں آنسو بہانا ہے منع
ان قفس کے قیدیوں کو آب و دانہ ہے منع
جواب: فلم زینت۔
سوال: بہادر شاہ ظفر کی چوتھی غزل فلم شریک حیات میں لی گئی بتایئے اس کے بول کیا ہیں اور اسے کس نے گایا ہے؟
جواب: بات کرنی مجھے مشکل کبھی ایسی تو نہ تھی..... مہدی حسن۔
سوال: داغ کی یہ غزل پاکستان میں بننے والی کس فلم میں لی گئی نیز اسے کس نے گایا؟
دل کیا تم نے لیا ہم کیا کریں
جانے والی چیز کا غم کیا کریں
جواب: واہ بھئی واہ........ نور جہاں

سوال: آبروئے غزل کس کو کہا جاتا ہے؟
جواب: مولانا حسرت موہانی کو۔
سوال: مولانا حسرت موہانی کی یہ غزل کس فلم میں شامل کی گئی؟
چپکے چپکے رات دن آنسو بہانا یاد ہے
ہم کو اب تک عاشقی کا وہ زمانہ یاد ہے
جواب: فلم نکاح۔
سوال: شاعرہ سعیدہ عروج مظہر کا اصل نام مظہر النساء ہے، بتایئے ناز شاہ جہاں پوری کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: نازنین بیگم
سوال: ایس ایم یوسف نے اپنی فلم نیک پروین کے لیے مولانا ظفر علی خاں کی کون سے نظم شامل کی؟
جواب: تیری ذات پاک ہے اے خدا
تیری شان جل جلالہ
سوال: آہ جاتی ہے فلک پر رحم لانے کے لیے
بادلو ہٹ جاؤ دے دو راہ جانے کے لیے
بتایئے دعائیہ نظم کے یہ اشعار کس فلم میں کہے گئے نیز شاعر کا نام بھی بتایئے؟
جواب: ہماری زبان...... آغا حشر کاشمیری
سوال: لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری (اقبال)
یہ دعائیہ نظم سب سے پہلے نور جہاں نے فلم لخت جگر میں شامل کی بتایئے مہناز نے اسی نظم کو کس فلم میں گایا؟
جواب: سہارے۔
سوال: تحریک آزادی کے سلسلے میں مولانا ظفر علی خاں کی کتنی نظمیں ضبط کی گئیں۔
جواب: چھ۔
سوال: آزادی کے لیے لکھی گئی اختر شیرانی کی نظم قومی کا پہلا مصرعہ کیا ہے؟
جواب: کبھی تو رحم پر آمادہ بے رحم آسمان ہوگا
کبھی تو یہ جفا پیشہ مقدر مہرباں ہوگا

سوال :11 مئی 1978ء کو سعودی عرب میں ایک مشاعرے کے دوران میں ممتاز شاعر حفیظ جالندھری نے پاکستان کے ایک ممتاز شاعر کی طرف اشارہ کر کے یہ شعر پڑھا تھا۔

بہشت میں بھی ملا ہے مجھے عذاب شدید
یہاں بھی مولوی صاحب ہیں میرے ہمسائے

ممتاز شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: مولانا ماہر القادری۔

سوال: دور جاہلیت کے مشہور شاعروں کے نام بتایئے؟

جواب: طرفہ بن عبد..... متلمس۔

سوال: فارسی زبان کے کن تین مسلم اشبوت شعراء کو پیغمبر سخن مانا گیا ہے؟

جواب: فردوسی، موزی اور سعدی

سوال: میراجی کے آخری شعری مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب: تین رنگ۔

سوال: ارنسٹو کارڈنیل کس ملک کا ممتاز شاعر ہے؟

جواب: نکاراگوا۔

سوال: مشہور شاعر راسخ عظیم آبادی (1756- 1824) کس کے شاگرد تھے؟

جواب: میر تقی میر۔

سوال: غزالاں تم تو واقف ہو کہو مجنوں کے مرنے کی   دیوانہ مر گیا آخر کو ویرانے پہ کیا گزری

بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟

جواب: رام نرائن موزوں

سوال: مولانا حسرت موہانی نے اپنی ابتدائی نظموں کو کیا قرار دے کر غزل کی قربان گاہ پر چڑھا دیا تھا؟

جواب: مجموعہ خرافات

سوال: علی سردار جعفری کو کس جنگ کے خلاف نظمیں لکھنے کی پاداش میں جیل کاٹنا پڑی؟

جواب: دوسری جنگ عظیم۔

سوال: غزل کا لغوی مطلب کیا ہے؟

جواب: عورتوں سے یا عورتوں سے متعلق بات چیت کرنا۔

سوال: ایک دنیا کی دنیا جگر کی مریض تھی بتایئے جگر مراد آبادی کے بارے میں یہ الفاظ کس مشہور ادیب نے کہے تھے؟

جواب: شوکت تھانوی۔

سوال: برصغیر کے اس مشہور شاعر کا نام بتایئے جسے سب سے پہلے پریس قانون کے تحت دو سال قید بامشقت جھیلنی پڑی؟

جواب: مولانا حسرت موہانی۔

سوال: روس کے کس شاعر نے یہ کہا تھا کہ۔

اگر تم اپنے ماضی کو پستول کا نشانہ بناؤ گے تو مستقبل تمہیں توپ کا نشانہ بنائے گا۔

جواب: ابوطالب۔

سوال: جوش ملیح آبادی کی زندگی میں کس ہندسے کو سب سے زیادہ اہمیت حاصل ہے؟

جواب: چار کے ہندسے کو وہ 5 دسمبر 1898ء کو چار بجے پیدا ہوئے۔ 17 فروری 1982ء کو چار بجے پولی کلینک اسلام آباد لے جایا گیا۔ 22 فروری 1982ء کو ٹھیک چار بجے ان کا انتقال ہوا۔

سوال: اے دوست ہم نے ترک تعلق کے باوجود   محسوس کی ہے تیری ضرورت کبھی کبھی!

بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟

جواب: ناصر کاظمی کا۔

سوال: حضرت امیر خسرو نے اپنے کس دیوان میں اپنے نانا کے احسانات کا ذکر کیا ہے؟

جواب: غرۃ الکمال۔

سوال: سپین کا ایک شاعر جو سپین کی خانہ جنگی میں مارا گیا شہید انقلابی شاعر کہلاتا ہے شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: ایرک ماریا ریمارک

سوال: روس کے کس شاعر کو انقلابی احساسات کا سرآغاز کہا جاتا ہے؟

جواب: پشکن

سوال: ترکیہ کے کس شاعر کو انقلابی شاعری کا حساسات کا سرآغاز کہا جاتا ہے؟

جواب: ناظم حکمت۔

سوال: اردو کے ان شاعر کا نام بتایئے جو اپنی زندگی میں اپنے نام کے ساتھ مرحوم لکھا کرتے تھے؟

جواب: جوش ملیح آبادی۔

سوال : بیگم سلمیٰ تصدق حسین کا مجموعہ کلام چھپ چکا ہے بتایئے اس کا نام کیا ہے؟

جواب : گلہائے رنگا رنگ۔

سوال : مرزا فرحت اللہ بیگ نے قیام حیدرآباد کے دوران کس نام سے اپنا دیوان لکھا؟

جواب : دیوان یقین۔

سوال : امیر مینائی مشہور اردو شاعر تھے کیا آپ ان کا اصل نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : منشی امیر احمد۔

سوال : سید فضل الحسن کس شاعر کا اصل نام تھا؟

جواب : حسرت موہانی۔

سوال : مولانا عبدالرشید نسیم کا قلمی نام کیا تھا؟

جواب : طالوت (یکم فروری 1909ء 3 مارچ 1963ء)

سوال : کیا آپ عرش ملسیانی کا اصل نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : پنڈت بال مکند۔

سوال : پنڈت برجموہن دتاتریہ کا ادبی نام کیا ہے۔

جواب : کیفی دہلوی۔

سوال : مضطر گجراتی کا اصل نام محمد عبداللہ تھا بتایئے ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 3 دسمبر 1969ء کو۔

سوال : احسن لکھنوی کا اصل نام بتایئے؟

جواب : مہدی حسن

سوال : مرزا محمد ہادی (1882- 1935) کس شاعر کا اصل نام تھا؟

جواب : عزیز لکھنوی۔

سوال : مشہور شاعرہ فاطمہ حسن کا اصل نام بتایئے؟

جواب : سیدہ انیس فاطمہ۔

سوال : عظمت اللہ خاں کو سریلے بول کا شاعر کہا جاتا ہے بتایئے سریلی بانسری کا شاعر کسے کہتے ہیں۔

جواب : آرزو لکھنوی کو۔

سوال : عبدالحمید عدم کے کسی ایک مجموعہ کلام کا نام بتایئے؟

جواب : خرابات۔

سوال : فیض احمد فیض کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 13 فروری 1911ء کو کالا قادر اب فیض نگر (سیالکوٹ)۔

سوال : فیض احمد فیض کے والد جو بیرسٹر تھے کا نام کیا تھا؟

جواب : چودھری سلطان محمد خان

سوال : فیض احمد فیض نے لاہور کے کس کالج سے ایم اے عربی اور انگریزی کے امتحانات پاس کیے۔

جواب : گورنمنٹ کالج لاہور۔

سوال : فیض احمد فیض نے تعلیم کے بعد کن کالجوں میں تدریسی خدمات انجام دیں؟

جواب : ایم اے او کالج امرتسر اور ہیلی کالج آف کامرس۔

سوال : فیض احمد فیض نے کس جنگ میں محکمہ تعلقات عامہ سے وابستگی اختیار کی؟

جواب : دوسری جنگ عظیم۔

سوال : لاہور سے کس اخبار کے اجرا پر اس کے ایڈیٹر بنے؟

جواب : پاکستان ٹائمز۔

سوال : فیض احمد فیض لاہور کے کس اردو روزنامے کے چیف ایڈیٹر رہے؟

جواب : امروز۔

سوال : حکومت نے فیض احمد فیض کو راولپنڈی سازش کیس میں کب گرفتار کیا؟

جواب : 9 مارچ 1951ء

سوال : بتایئے انہیں رہائی کب ملی؟

جواب : 20 اپریل 1955ء

سوال : فیض احمد فیض کو دوبارہ کب گرفتار کیا گیا؟

جواب : دسمبر 1958ء میں۔

سوال : روسی حکومت نے فیض احمد فیض کو کون سا اعزاز دیا؟

جواب : لینن انعام۔

سوال : فیض احمد فیض بیروت (لبنان) سے کون سا رسالہ نکالتے تھے؟

جواب : لوٹس (Lotus)

سوال : کیا آپ فیض احمد فیض کی تصانیف کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : نقش فریادی، دست صبا، زنداں نامہ، دست تہہ سنگ، میزان، صلیبیں، میرے دریچے میں۔ متاع لوح وقلم۔ ہماری قومی ثقافت، شام شہر یاراں، مہ وسال آشنائی، قرض دوستاں، میرے دل میرے مسافر، سارے سخن ہمارے، نسخہ ہائے وفا۔

سوال : فیض احمد فیض کا انتقال کب ہوا؟

جواب :20 نومبر 1984ء کو

سوال : صدر ضیاء الحق نے فیض احمد فیض کی وفات پر اپنے تعزیتی پیغام میں کیا کہا؟

جواب : فیض احمد فیض عالمی پائے کے دانشور تھے۔ وہ ایک بڑے دانشور اور منفرد شاعر کی حیثیت سے مدتوں یاد رکھے جائیں گے۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ ریڈیو پاکستان اور پاکستان ٹی وی کے علاوہ بی بی سی۔ وائس آف امریکا اور آل انڈیا ریڈیو نے بھی ان کی وفات کی خبر نشر کی؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : حبیب جالب کے اس شعری مجموعے کا نام بتائیے جو سابقہ حکومتوں کی پابندی کی وجہ سے شائع نہ ہوسکا؟

جواب : حرف سردار۔

سوال : شعری مجموعے کف خاکستر کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : جمیل نقوی۔

سوال : سوویت دور کی روسی شاعری کا سب سے قد آور ترجمان کون ہے؟

جواب : والادیمیر مایاکوفسکی (1893-1930ء)

سوال : سوویت یونین کے اس مشہور شاعر کا نام بتائیے جس نے اپنے وقت کی مشہور رقاصہ ایسی ڈوراڈنکن سے شادی کی؟

جواب : سرگئی لیسے نن

سوال : سوویت شاعر دیمیان بیدنی کس دور کا شاعر ہو گزرا ہے؟

جواب : خانہ جنگی۔

سوال : سوویت یونین کے اس شاعر کا نام بتائیے جو 80 برس کی عمر میں بھرتی ہوا اور اس نے چار جنگیں لڑیں اور چار براعظموں کی سیاحت کی؟

جواب : نیکولائی تی خنوف (1896)

سوال : سوویت شاعر الیکساندر تواردوفسکی کو کس سن میں لینن انعام ملا؟

جواب : 1961ء میں۔

سوال : الیکساندر تواردوفسکی کی پہلی نظم موراویہ کی زمین کتنی عمر میں شائع ہوئی؟

جواب : 24 برس کی عمر میں۔

سوال : سوویت یونین کا کونسا شاعر پشکن (روس) آدم میتسکے وچ (پالینڈ) اور تاراس بشیو چینکو (یوکرین) سے بے حد متاثر تھا۔

جواب : میکسم ریلسکی۔

سوال : میکسم ریلسکی کو کس سن میں لینن انعام ملا؟

جواب : 1960ء میں۔

سوال : سوویت یونین کی شاعرہ آننا اخمتووا کو کس سن میں آکسفورڈ یونیورسٹی نے اعزازی ڈگری دینا طے کیا؟

جواب : 1965ء میں۔

سوال : خوشبو کی شہادت مزاحمتی شاعری پر مشتمل ایک کتاب ہے۔ بتائیے یہ کب منظر عام پر آئی؟

جواب : 1986ء

سوال : اطالوی شاعر دانتے کی کس تصنیف میں جہنم کی تصویر کشی کی گئی ہے؟

جواب : طربیہ خداوندی میں۔

سوال : طربیہ خداوندی کا انگریزی نام کیا ہے؟

جواب : Devine Comedy

سوال : سوویت شاعر میخائل سویتلوف کو لینن امن انعام مرنے کے بعد ملا یا ان کی زندگی میں؟

جواب : بعد میں۔

سوال : احمد عقیل روبی کا اولین مجموعہ کلام سوکھے پتے بکھرے پھول ہے دوسرے کا نام آپ بتائیے؟

جواب : بلائی ٹس۔

سوال: بتایئے یہ الفاظ کس سوویت شاعر کے ہیں؟

میرے پہلے استاد شاعر رودکی، حافظ اور بیدل ہیں

جواب: مرزا ترسون زادہ۔

سوال: مرزا ترسون زادہ کو 1960ء میں لینن انعام ملا بتایئے انہیں نہرو انعام کب ملا؟

جواب: 1967ء میں۔

سوال: مرزا ترسون زادہ کی تصانیف کے نام بتایئے؟

جواب: سلسلہ قصہ ہندوستان۔ صدائے ایشیاء، حسن ار یہ کش اور وادی حصار۔

سوال: سوویت شاعر یاروسلاف اسملیا کوف کب پیدا ہوئے؟

جواب: 1913ء میں۔

سوال: سوویت شاعر رسول حمزاتوف کو کب لینن انعام ملا۔؟

جواب: 1963ء میں۔

سوال: پاکستان کے اس مشہور شاعر کا نام بتایئے جو رسول حمزاتوف کے بہترین دوست تھے اور انہوں نے ان کے کلام کا اردو میں ترجمہ بھی کیا۔؟

جواب: فیض احمد فیض۔

سوال: تمہید، عباس تابش کا پہلا شعری مجموعہ ہے بتایئے مصنف نے اس کا انتساب کس کے نام لکھا ہے؟

جواب: خالد احمد اور احمد ندیم قاسمی کے۔

سوال: نارسائی کس کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب: خالد شریف۔

سوال: 1970ء میں کراچی میں پراسرار حالت میں کس مشہور شاعر نے خودکشی کی۔

جواب: مصطفیٰ زیدی۔

سوال: حضرت شاہ لطیف کے ہم عصر سندھی شعراء کے نام بتایئے؟

جواب: خواجہ محمد زمان لواری شریف، میون عیسیٰ، روحل فقیر، میاں صاحب ڈنو فاروقی، مخدوم عبدالرحیم گرہوڑی وغیرہ۔

سوال: سندھی کے پہلے صاحب دیوان شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: خلیفہ گل محمد گل۔

سوال: قاضی قاضن مشہور سندھی شاعر ہو گزرے ہیں ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب: ارغون دور میں 1551ء میں۔

سوال: شاہ عبدالکریم بلڑی والے 1537ء میں پیدا ہوئے بتایئے ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب: 1632ء میں۔

سوال: تو ہے ظاہر اور خود پنہاں بھی تو — امیر بھی تو اور خود باراں بھی تو

بتایئے یہ شعر کس صوفی شاعر کا ہے؟

جواب: حضرت سچل سرمست کا۔

سوال: حضرت قادر بخش بیدل سندھی کے مشہور شاعر تھے بتایئے وہ 1814ء میں کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: روہڑی میں۔

سوال: شاہ عبداللطیف بھٹائی کا تعلق پاکستان کے کس صوبے سے ہے؟

جواب: سندھ سے۔

سوال: ہم اپنے قتل کا کوئی نشاں نہیں دیتے — چراغ بجھتے ہیں لیکن دھواں نہیں دیتے

بتایئے یہ کس کا شعر ہے؟

جواب: شہرت بخاری کا

سوال: شب رفتہ مجید امجد کا شعری مجموعہ ہے بتایئے شب رفتہ کے بعد کس کا مجموعہ ہے؟

جواب: مجید امجد۔

سوال: اشک رواں کوہاٹ کے کس مشہور شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب: محمد خاں بنگش۔

سوال: مندرجہ ذیل شعری مجموعے کس شاعر کے ہیں؟

(1) اجالا (2) جاوداں (3) خدو خال (4) بقا کے تیور (5) ویلے دا منصور (پنجابی) (6) جلتے لمحے (اردو غزلیات) (7) شہر احساس۔

جواب: اکبر کاظمی

سوال: پروفیسر احسان اکبر نے رفیق سندیلوی کے کس مجموعے کا دیباچہ لکھا ہے؟

جواب: ایک رات کا ذکر

سوال: میر تقی میر کی وفات کے وقت غالب کی عمر کتنی تھی؟

جواب: تیرہ برس۔

سوال : غالب کے بارے میں کس نے یہ کہا تھا کہ اگر اس لڑکے کو کوئی کامل استاد مل گیا اور اس کو سیدھے راستے پر ڈال دیا گیا تو لاجواب شاعر بن جائے گا ورنہ مہمل بے معنی بکے گا؟

جواب : میر تقی میر۔

سوال : وہ کون سا نغمہ ہے جو ان کے ساز میں نہیں پایا جاتا بتایئے یہ جملہ ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری نے کس کے بارے میں کہا ہے؟

جواب : اسد اللہ خاں غالب

سوال : ذوق کے استاد نصیر دہلوی تھے بتایئے داغ دہلوی کے استاد کون تھے؟

جواب : ابراہیم ذوق

سوال : ایک جملے میں غالب اور اقبال کی شاعری کا فرق بیان کیجیے؟

جواب : غالب...... حقائق کے شاعر ہیں اور اقبال اقدار کے۔

سوال : ایک مشہور شاعر نے اپنے ایک شاگرد کے نام خط میں یہ لکھا کہ بھائی شاعری معنی آفرینی ہے قافیہ پیمائی نہیں بتایئے یہ جملہ کس شاعر نے لکھا تھا؟

جواب : غالب نے۔

سوال : کالی داس کی کون سی نظم سنسکرت شاعری کا شاہکار تسلیم کی جاتی ہے؟

جواب : میگھ دوت (قاصد باراں)

سوال : علامہ اقبال نے اپنے اشعار میں تصویر کائنات کی رنگینی کو کس سے تعبیر کیا ہے؟

جواب : وجود زن سے

سوال : ممتاز غزل گو شاعر حضرت جگر مراد آبادی عورتوں کی شعر گوئی کے مخالف تھے بتایئے وہ عورتوں کے بارے میں کیا کہتے تھے؟

جواب : عورت تو خود شعر ہے شعر کا شعر کہنا کیا معنی؟

سوال : بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟

دختر شاہم ولیکن رو بفقر آوردہ ام   زیب و زینت بس ہمیں نام من زیب النساء است

جواب : اورنگ زیب کی بیٹی زیب النساء کا

سوال : کیا آپ مذکورہ شعر کا مطلب بتا سکتے ہیں؟

جواب : اگرچہ میں بادشاہ کی بیٹی ہوں لیکن فقر میری سرشت میں شامل ہے۔ میری زیب و زینت سے میرا تعلق بس اتنا ہی ہے کہ میرا نام زیب النساء ہے۔

سوال : دور ماضی کی چند خواتین شاعرات کے نام بتایئے؟

جواب : میر تقی میر کی دختر بیگم، کاملہ بیگم جعفری، شاہ عالم بادشاہ کی دختر حیات النساء حیا، نواب اختر محل اختر، خفی، زہرہ، حسینی بیگم، امراؤ، گنا بیگم شوق اور سکندر جہاں بیگم ضیاء۔

سوال : نواب آصف الدولہ اور واجد علی شاہ کے محل اور دربار سے متعلقہ شاعرات کے نام بتایئے؟

جواب : بیگم جان عرف بہو بیگم جانی، صدری بیگم قمر، نواب صدر محل صدر دلہن۔ سلطان جہاں بیگم محبوب، یاسمین، شرم، مستور کنیز وغیرہ۔

سوال : پاکستان کی پہلی خاتون شاعرہ کا نام بتایئے؟

جواب : ادا جعفری

سوال : شاعرہ سیدہ سردار اختر حیدر آبادی نے کس جلسہ میں تقریر کر کے خطیبہ ہند کا خطاب حاصل کیا نیز یہ خطاب انہیں کس نے دیا تھا؟

جواب : مسلم لیگ کے 1937ء کے جلسے میں، مولانا عبدالحامد بدایونی۔

سوال : بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟

حسن کی عریانیاں باعث فخر و کمال   عظمت انسانیت آہ یہ تیرا زوال

جواب : سردار اختر حیدر آبادی۔

سوال : میری غزلیں میری زندگی کی آئینہ دار ہیں میرا غور و فکر اور زندگی کے متعلق میں جو سمجھ سکی وہ سب ان میں موجود ہے میرے دل کی کسک، میرے ذہن کی رنگینیاں، میرے ذوق کی ہمہ گیری سب آپ کو ان غزلوں میں ملے گا۔ بتایئے یہ الفاظ کس شاعرہ کے ہیں؟

جواب : بیگم زاہدہ خلیق الزماں۔

سوال : بیگم زاہدہ خلیق الزماں کا کوئی ایک شعر سنایئے؟

جواب : کچھ نہ ہوگی زینت شام و سحر میرے بغیر   یہ جہاں بن جائے گا ویران گھر میرے بغیر

سوال : خواتین شاعرات کے وہ شعر بتلایئے جن میں (1) خدا، (2) نور (3) سولی (4) عذاب (5) حسن۔ کے الفاظ آتے ہوں۔

جواب : (1) جدا ہو مجھ سے مرا یار یہ خدا نہ کرے

خدا کسی کے تئیں دوست سے جدا نہ کرے (زیب النساء مخفی)

(2) سب سے پہلے کیا پیدا تیرا (حضور ﷺ) اللہ نے نور
پردہ ذات میں اس نور کو رکھا مستور (نواب اختر محل)

(3) کہا منصور نے سولی پہ چڑھ کے عشق بازوں سے
یہ اس کے بام کا زینہ ہے آئے جس کا جی چاہے (جعفری کاملہ بیگم)

(4) کیا کیا عذاب اٹھائے ہیں اندوہ عشق کے
بجز و نام اب تو کچھ بھی نزاکت نہیں رہی (نزاکت)

(5) حسن کے گل کیا ہوئے خوبی کے جلوے کیا ہوئے
کس لیے خالی ہے دامان نظر میرے بغیر (بیگم زاہدہ خلیق الزماں)

سوال : پاکستان میں شاعری میں کن خواتین نے نام پیدا کیا؟
جواب : پروین شاکر، کشور ناہید، فہمیدہ ریاض، بسمل صابری۔ ادا جعفری، شبنم شکیل، نوشی گیلانی۔
سوال : کیا آپ مسز عبدالقادر کے چند افسانوں کے نام بتا سکتے ہیں؟
جواب : وادی کوہ قاف، لاشوں کا شہر، راہبہ اور صدائے جرس۔
سوال : اس انگریز ادیبہ کا نام بتایئے جس کا پہلا ناول گیارہ برس کی عمر میں 1792ء میں شائع ہوا۔
جواب : اینا رینا پورٹر
سوال : معصومہ اور سودائی کس خاتون کے ناول ہیں؟
جواب : عصمت چغتائی۔
سوال : عورت اور اردو زبان کی مصنفہ کا نام بتایئے؟
جواب : وحیدہ نسیم
سوال : لب گویا پر کشور ناہید کو کس سن میں آدم جی ادبی انعام ملا؟
جواب : 1969ء میں۔
سوال : پتھر کی زبان۔ بدن دریدہ۔ دھوپ، کیا تم پورا چاند نہ دیکھو گے اور ہمرکاب کس خاتون کے شعری مجموعے ہیں؟
جواب : فہمیدہ ریاض کے۔
سوال : میں مٹی کی مورت ہوں فہمیدہ ریاض کا شعری مجموعہ ہے یا دیوان؟
جواب : دیوان۔

سوال : صبا اکبر آبادی کی غزلوں کے دوسرے مجموعے کا نام بتایئے؟
جواب : چراغ بہار
سوال : علی سردار جعفری کی شاعری کی کس کتاب کا ہندوستان کی بارہ زبانوں میں ترجمہ ہوا؟
جواب : نئی دنیا کو سلام۔
سوال : مشہور شاعرہ منور سلطانہ لکھنوی کا انتقال کب اور کس عمر میں ہوا؟
جواب : 3 جون 1990ء 53 برس۔ لاہور میں۔
سوال : تاریخ جدید اردو غزل کے مصنف کون ہیں اور انہوں نے یہ کتاب کس سن سے کس سن تک لکھی؟
جواب : ڈاکٹر سید وقار احمد رضوی۔ (1957ء 1980ء)
سوال : ایسی شاعری سے کیا فائدہ جو عشق و عاشقی کے سوا اور کچھ نہ سکھائے بتایئے یہ الفاظ غزل کے بارے میں کس کے ہیں؟
جواب : مولانا سید سلیمان ندوی۔
سوال : مشہور عرب شاعر محمود درویش کا تعلق کس ملک سے ہے؟
جواب : فلسطین سے۔
سوال : تحریک پاکستان کے دوران اصغر سودائی نے قوم کو کون سا نعرہ دیا تھا؟
جواب : پاکستان کا مطلب کیا۔ لا الہ الا اللہ
سوال : افتخار عارف کے پہلے شعری مجموعے کا نام بتایئے؟
جواب : مہر دو نیم
سوال : ترکیہ کا عوامی شاعر کسے کہا جاتا ہے؟
جواب : یونس آمرے
سوال : بتایئے فارسی کے مشہور شاعر جمال الدین شیرازی کیا تخلص کرتے تھے۔؟
جواب : عرفی۔
سوال : آگ میں پھول کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟
جواب : حمایت علی شاعر
سوال : سید الاحرار کس شاعر کو کہتے ہیں؟
جواب : مولانا حسرت موہانی۔

سوال : ناصری زیدی کے دوسرے مجموعہ کلام کا نام بتایئے؟

جواب : وصال۔

سوال : ملت کا پاسباں ہے محمد علی جناح　　ملت ہے جسم جاں ہے محمد علی جناح
بتایئے میاں بشیر احمد نے یہ نظم کس موقع پر پڑھی تھی؟ نیز اس کا عنوان کیا تھا؟

جواب : 23 مارچ 1940ء کو لاہور میں آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ جلسہ میں عنوان ہے محمد علی جناح۔

سوال : شاعر علی ایران کے کس مشہور شاعر کو کہتے ہیں؟

جواب : فردوسی طوسی۔

سوال : الہٰ آباد کے کون سے شاعر 1893ء میں آتشزدگی کے باعث دھوئیں میں دم گھٹنے سے انتقال کر گئے؟

جواب : وحید الہٰ آبادی۔

سوال : بتایئے مشہور انگریز شاعر بائرن کس جانور کو بطور پالتو جانور رکھتا تھا؟

جواب : ریچھ کو۔

سوال : پاکستان کا قومی ترانہ کس ممتاز شاعر نے لکھا تھا؟

جواب : حفیظ جالندھری۔

سوال : مولانا الطاف حسین حالی کی نظم مناجات بیوہ کا کتنی زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے؟

جواب : بارہ زبانوں میں۔

سوال : شعر کے پہلے مصرعہ کے پہلے رکن کو صدر کہتے ہیں بتایئے آخری کو کیا کہتے ہیں؟

جواب : عروض۔

سوال : الٰہی تو جانتا ہے کہ میں نے اپنے امکان بھر تجھ کو جانا تو مجھ کو بخش دے کہ یہی پہچان تیرے حضور میں میرا وسیلہ ہے بتایئے یہ آخری الفاظ کس شاعر کے ہیں؟

جواب : عمر خیام کے۔

سوال : ترکیہ کا قومی ترانہ کس شاعر نے تخلیق کیا؟

جواب : محمد عاکف۔

سوال : مشہور عرب شاعر میمون بن قیس کو نابینا ہونے کے سبب کیا کہا جاتا تھا؟

جواب : اعشیٰ

سوال : اس بھارتی شاعر کا نام بتایئے جس نے 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں پاکستانی شاعروں کے نام ایک پیغام لکھا اور جسے آل انڈیا ریڈیو بار بار نشر کرتا رہا؟

جواب : جگن ناتھ آزاد۔

سوال : برصغیر میں فارسی کا پہلا شاعر کون ہو گزرا ہے؟

جواب : مسعود سعد سلیمان۔

سوال : ستمبر 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں یہ نغمہ بڑا مقبول ہوا تھا بتایئے اسے کس نے لکھا تھا؟
اے وطن کے سجیلے جوانو　　میرے نغمے تمہارے لیے ہیں

جواب : جمیل الدین عالی۔

سوال : عنقا کس مشہور شاعر اور ادیب کا قلمی نام تھا؟

جواب : احمد ندیم قاسمی

سوال : برصغیر کے ان مشہور شاعر کا نام بتایئے جن کی نظموں کو سب سے زیادہ ضبط کیا گیا؟

جواب : مولانا ظفر علی خاں

سوال : ٹینی سن کی شاعری کس فن کی ترجمان ہے؟

جواب : موسیقی کی۔

سوال : فارسی شاعری کا باوا آدم کسے کہا جاتا ہے؟

جواب : رودکی۔

سوال : الف کس مشہور پاکستانی شاعر کے مجموعہ کلام کا نام ہے؟

جواب : رئیس امروہوی

سوال : واجد علی شاہ اختر نے کس دیوان میں غزلوں کو حروف تہجی کے اعتبار سے شامل کیا ہے؟

جواب : گلدستہ عاشقاں۔

سوال : ٹوٹ بٹوٹ ایک مشہور نظم ہے اس کے خالق کا نام بتایئے؟

جواب : صوفی غلام مصطفیٰ تبسم۔

سوال : اردو شاعرہ شبنم شکیل شادی سے پہلے کس نام سے لکھتی تھیں؟

جواب : شبنم عابد علی

سوال : اس اردو شاعر کا نام بتایئے جس کا نکاح شیخ عبداللہ نے پڑھایا تھا؟

جواب : فیض احمد فیض۔

سوال : بتایئے میرزا اشرف جہاں قزوینی کے کس شعر کا جواب نہ دینے پر مرزا جعفر نے اپنا دیوان دریابرد کر دیا تھا؟

جواب : اوراق گل زحرف وفا سادہ یافتم
برحال بلبلاں چمن خون گریستم

سوال : صدیق حسن رضوی آشفتہ کے انتقال پر کتنے تاریخ گو شعرا نے تاریخ لکھی؟

جواب : ایک سو۔

سوال : ایملی جین برونٹے کس قلمی نام سے لکھتی تھیں؟

جواب: **Ellisbell**

سوال : فرانسیسی شاعر جیووانی بوکاسیو اٹلی کے کس شاعر سے متاثر تھے؟

جواب : دانتے

سوال : **The Twin in the clouds** کس روسی شاعر کی تخلیق ہے؟

جواب : روسی شاعر بورس پاسٹرنیک کی۔

سوال : تحریک پاکستان کے دوران خدمات انجام دینے والے شاعر رشید تبسم نے کس کی صدارت میں ہونے والے جلسہ میں یہ نظم پڑھی؟

ہم خون سے لیں گے پاکستان   ہم جی کا چرانا کیا جانیں

جواب : قائداعظم

سوال : شاعر تھیوکریٹس کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب : یونان سے۔

سوال : خاور رفیق کی ایک نظم جہان نو ہو رہا ہے پیدا ماہ نو میں کس سن میں شائع ہوئی؟

جواب : 1951ء میں۔

سوال : شاعر فریڈرک وال شیلر کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب : جرمنی سے۔

سوال : پگھلا نیلم کس کی نظموں کا مجموعہ ہے؟

جواب : سید سجاد ظہیر۔

سوال : عشرت لکھنوی (شیخ تاج الدین) نے اپنے کن پسندیدہ شعرا کا کلام خط گلزار میں شامل کیا ہے؟

جواب : اقبال۔جگر۔اصغر۔محسن کاکوروی

سوال : نواب کلب علی خاں اردو کے علاوہ فارسی میں بھی شعر کہتے تھے۔ان کے فارسی دیوان کا نام بتایئے؟

جواب : تاج فرخی۔

سوال : وحید الہ آبادی کے شاگردوں میں اکبر نام کے بھی دو شاگرد تھے شاگردوں کے نام بتایئے؟

جواب : اکبر الہ آبادی، اکبر داناپوری۔

سوال : خان آرزو کا اصل نام کیا تھا اور وہ کن زبانوں میں شاعری کرتے تھے؟

جواب : سراج الدین علی خاں (1689 - 1756) اردو، فارسی۔

سوال : برق موسوی کی غزلوں کے پہلے مجموعے کا نام عقل وجنون ہے بتایئے یہ کب طبع ہوا؟

جواب : 1940ء میں۔

سوال : سرور بارہ بنکوی کا مجموعہ کلام ''سوز گیتی'' ان کی وفات سے پہلے شائع ہوا یا بعد میں؟

جواب : بعد میں ستمبر 1980ء میں۔

سوال : شبلی نعمانی کی پہلی سیاسی نظم کا عنوان بتایئے؟

جواب : شہر آشوب اسلام۔

سوال : صبا لکھنوی کا دیوان کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : غنچۂ آرزو۔

سوال : دلاور فگار نے خوشبو کا سفر میں کیا پیش کیا ہے؟

جواب : سوانگریزی نظموں کا منظوم ترجمہ۔

سوال : نشتر جالندھری کا اصل نام کیا ہے؟

جواب : محمد عبدالحکیم خاں۔

سوال : کوئے ملامت کس کا شعری مجموعہ ہے؟

جواب : انجم رومانی۔

سوال : لہو کی آگ اکبر حمیدی کا پہلا شعری مجموعہ ہے بتایئے یہ کب شائع ہوا؟

جواب : 1970ء میں۔

سوال : پرتو شب کس کا شعری مجموعہ ہے؟

جواب : پرتو روہیلہ۔

سوال :ہندوشاعر، ڈاکٹر گلزار دہلوی (متوفی 2009) حبیب جالب کی شاعری کو کیا کہتے تھے؟

جواب :احتجاجی شاعری۔

سوال :ضیا جالندھری کے شعری مجموعوں کے نام بتایئے؟

جواب :سرشام، نارسا، خواب سراب۔

سوال :جالب جمالیات سے پوری طرح واقف ہیں مگر حالات کے تقاضے کے پیش نظر انہوں نے شاعری کو زندگی کے مسائل پیش کرنے اور سیاست میں مداخلت کا ذریعہ بنایا۔ بتایئے یہ الفاظ کس بھارتی نقاد کے ہیں۔؟

جواب :ڈاکٹر صدیق الرحمان قدوائی۔

سوال :وزیر آغا ابتداء میں کس فرضی نام سے شاعری کرتے رہے؟

جواب :نصرت آراء نصرت۔

سوال :حصار مظفر وارثی کی نظموں کا مجموعہ ہے بتایئے ان کی کتاب لہو کی ہریالی کا موضوع کیا ہے؟

جواب :گیت۔

سوال :مظفر وارثی کے دیگر شعری مجموعوں کے نام بتایئے؟

جواب :برف کی ناؤ (غزل) باب حرم (نعت) لہجہ (غزل) نور (نعت الحمد (حمد وثنا)

سوال :کس لیے آج ہے تو خاک کے تودے کی طرح   تو تو اے آرزوئے زیست تھی شعلے کی طرح

بتایئے یہ شعر کس نے کہا ہے۔

جواب :جگن ناتھ آزاد۔

سوال :24 جون 1989ء کس مشہور شاعر کی تاریخ وفات ہے؟

جواب :قیوم نظر۔

سوال :روزنامہ زمیندار لاہور کی پیشانی پر مولانا ظفر علی خاں کا کون سا شعر چھپتا تھا؟

جواب :نور خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن   پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

سوال :قتیل شفائی کے شعری مجموعوں کے نام بتایئے؟

جواب :پیراہن، آموختہ، مطربہ، جلترنگ، ابابیل۔ روزن۔ گفتگو

سوال :روشنی اے روشنی کس کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب :شکیب جلالی۔

سوال :وفا کا سفر کس کا شعری مجموعہ ہے؟

جواب :ظہور نظر۔

سوال :مندرجہ ذیل شعری مجموعوں کے مصنفین کے نام بتایئے؟

(1) غبار آلود سمتوں کا سراغ (2) ہتھیلیوں پہ چراغ (3) پس آئینہ (4) درنگاہ سے (5) محل نوا (6) آیات کرب (7) زاد ہجر (8) اکائی (9) آئینہ خانہ (10) خالی آسمان (11) آگ ہی آگ (12) بر آب نیل۔

جواب :(1) ظفر اقبال (2) خالد احمد (3) جمیل ملک (4) علی اکبر عباس (5) اشرف جاوید (6) ڈاکٹر زبیر فاروق (7) قائم نقوی (8) سلیم احمد (9) سید اختر حسین جعفری (10) شہزاد احمد (11) انیس ناگی (12) علی اکبر عباس۔

سوال :صبا اکبر آبادی کا شعری مجموعہ ''چراغ بہار'' کس منظر عام پر آیا۔

جواب :1983ء

سوال :بے آواز گلی کوچوں میں کس کا شعری مجموعہ ہے؟

جواب :احمد فراز۔

سوال :دیدہ یعقوب اور محبت لفظ تھا میرا میں سے کون سا شعری مجموعہ عرش صدیقی کا ہے؟

جواب :دونوں انہی کے مجموعے ہیں۔

سوال :سید فیضی کے پہلے مجموعہ کلام کا نام بتایئے؟

جواب :نم شبنم (1983ء)

سوال :ناشناسی کا دکھ اور جزاء کس کی غزلیات کے مجموعے ہیں؟

جواب :یوسف مثالی۔

سوال :کس من چلے نے بھیجا ہے مئے سخن سے بھر کر   کہ یہ ساغر دل افزا ہے بہ نذر دل فگاراں

بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟

جواب :شان الحق حقی۔

سوال :ایک نظم جسے چینی شعراء ون چے اور یوانگ ینگ نے مل کر لکھا ہے کس پاکستانی شاعر کے نام معنون کی ہے۔ اس کا ایک شعر ملاحظہ ہو۔

پربت پربت ڈال رہے ہیں بادل اپنے سائے
پل دو پل ان سایوں سے پیڑوں کے مکھ سنولائے

جواب :قتیل شفائی۔

سوال : پبلو نرادا کی زندگی میں شاعری کے 38 مجموعے شائع ہوئے بتایئے وفات کے بعد کتنے مجموعے چھپے۔

جواب : 60۔

سوال : پبلو نرادا کی ابتدائی شاعری پر کن شاعروں کی اثرات پائے جاتے ہیں؟

جواب : والٹ وٹمین، رابن ڈاریو، راں یو اور مائیکونسکی۔

سوال : ایلیٹ کی چار نظموں پر مشتمل شعری مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب : فور کوارٹرز۔

سوال : ریت اور دوسری نظمیں کس فلسطینی شاعر کا مجموعہ ہے؟

جواب : محمود درویش۔

سوال : انگریزی شاعری کے باوا آدم جیوفری چاسر کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1340ء میں۔

سوال : کنٹر بری ٹیلز کس کی تصنیف ہے؟

جواب : چاسر کی۔

سوال : بھارتی شاعر قمر مرادآبادی اور مہدی نظمی کے مابین کیا قدر مشترک ہے؟

جواب : دونوں کا انتقال 30 مئی 1987ء کو ہوا۔

سوال : قمر مرادآبادی کی مجموعوں کے نام بتایئے؟

جواب : (شاعری) ماہ تمام، شعور غم، شاخ گل، گلستان غزل اور کلیات قمر۔ (نثر) معراج داغ، روح اصغر اور آئینہ سکندر (پ 8 اگست 1910ء مرادآباد)

سوال : مہدی نظمی کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

جواب : 23 اپریل 1923ء

سوال : متاعِ آخرِ شب کس بھارتی شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب : حفیظ میرٹھی۔

سوال : دجلہ بہتا رہے گا سحر صدیقی کی نظموں کا مجموعہ ہے بتایئے انہوں نے یہ مجموعہ کس کے نام معنون کیا ہے؟

جواب : عراق کے صدر صدام حسین کے نام (1989ء)

سوال : نوجوان شاعر سلمان صدیق کے پہلے شعری مجموعے کا نام کیا ہے؟

جواب : ''کسی سے پیار کا مطلب''

سوال : فرحت عباس شاہ کے کسی ایک مجموعہ کلام کا نام بتایئے؟

جواب : شام کے بعد

سوال : بتایئے یہ شعر کس مشہور شاعرہ کا ہے؟

محبتوں کے کھلے جب گلاب آنکھوں میں
کسی کے خواب رہے بے حساب آنکھوں میں

جواب : شہناز صابری

سوال : لوئی بورخیس کس ملک کا نمائندہ شاعر ہے؟

جواب : ارجنٹائن۔

سوال : مولانا الطاف حسین حالی کے نزدیک اچھے شعر کی تعریف کیا ہے؟

جواب : شعر وہ اچھا ہے جس میں سادگی، اصلیت اور جوش ہو۔

سوال : بتایئے یہ شعر کس معروف شاعر کا ہے۔

نگاہوں میں ہماری بس گیا جانے نگر کیسا دکھائی دے رہا ہے ہر طرف رنگِ دگر کیسا

جواب : روحی کنجاہی۔

سوال : ''وحشت اور بارود'' ان میں سے کس شاعرہ کے مجموعہ ہائے کلام ہیں۔
(1) ادا جعفری (2) شبنم شکیل (3) کشور ناہید (4) بسمل صابری

جواب : کشور ناہید

سوال : زہرہ نگاہ کی شاعری ترقی پسند تحریک کی فعال آواز ہے ان کے کسی ایک شعری مجموعہ کا نام تو بتایئے؟

جواب : شام کا پہلا تارہ

سوال : فہمیدہ ریاض نے اپنی شاعری میں عورت کے جنسی اور نفسیاتی پہلوؤں پر خصوصی توجہ دی ہے۔ بتایئے یہ بات احمد پراچہ نے اپنی کس کتاب میں لکھی ہے؟

جواب : پاکستانی اردو ادب اور اہل قلم خواتین میں۔

سوال : تم سے پہلے جو ایک شخص یہاں تخت نشیں تھا اس کو بھی اپنے خدا ہونے پہ اتنا ہی یقین تھا
بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟

جواب : حبیب جالب کا

سوال : مشہور شاعرہ ادا جعفری شادی سے پہلے کس نام سے شاعری کیا کرتی تھیں؟

جواب : ادا بدایونی کے نام سے۔

سوال : شاعری کو میں ادب کی روح سمجھتا ہوں بتاییے یہ الفاظ کس مشہور ہندوستانی نقاد اور ادیب کے ہیں؟

جواب : گوپی چند نارنگ کے۔

سوال : لوح جنوں۔شیشۂ دل، غم بہار، شب آگہی اور سبز گنبد (نعتیہ مجموعہ) کس شاعر کے مجموعہ ہائے کلام ہیں۔

جواب : ساغر صدیقی کے۔

سوال : بتاییے یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟

نیند تو کیا آئے گی تخلص   موت آئے گی تو سو لیں گے

جواب : احمد فراز۔

سوال : کیا آپ مشہور شاعر احمد فراز کا اصل نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : سید احمد شاہ۔

سوال : فراز ملتے ہیں غم بھی نصیب والوں کو   ہر اک کے ہاتھ کہاں یہ خزانے لگتے ہیں

بتاییے یہ شعر احمد فراز کے کس شعری مجموعے سے لیا گیا ہے؟

جواب : تنہا تنہا۔

سوال : اپنی شاعری کے بارے میں مشہور شاعر ابوالاثر حفیظ جالندھری نے کیا دعویٰ کیا تھا؟

جواب : یہ نصف صدی کا قصہ ہے دو چار برس کی بات نہیں۔

سوال : یہ بتاییے معروف شاعر افتخار عارف کی شعری کلیات 2009 میں کس نام سے طبع ہوئی؟

جواب : دل و دنیا۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ شکیب جلالی اور منیر نیازی نے غزل کو دہلی اور لکھنوی لہجے کی فضا سے باہر نکالا؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : برصغیر پاک و ہند کے کس مشہور شاعر کی تاریخ وفات 27 نومبر 1956ء ہے؟

جواب : مولانا ظفر علی خاں۔

سوال : ہندوستان میں انگریزی اور ملیالم زبان کی مشہور و معروف شاعرہ اور ادیبہ کملا داس ثریا کا انتقال 75 برس کی عمر میں کب ہوا؟

جواب : 30 مئی 2009ء کو۔

سوال : ابن انشاء کا کوئی ایسا شعر بتائیں جس میں بنجاروں کا ذکر کیا گیا ہو۔

جواب : جھوٹے سکوں میں بھی اٹھا دیتے ہیں اکثر سچا مال

شکلیں دیکھ کے سودا کرنا کام ہے ان بنجاروں کا

سوال : ممتاز نعت خواں اور سوز خواں سید ناصر جہاں کا انتقال 6 دسمبر 1990ء کو ہوا بتاییے ان کے تعزیتی پیغام میں اس وقت کے صدر مملکت جناب غلام اسحاق خان نے کیا کہا تھا؟

جواب : سید ناصر جہاں نہ صرف ایک ممتاز براڈ کاسٹر تھے بلکہ نعت خوانی اور نوحہ خوانی میں بھی ایک منفرد مقام رکھتے تھے۔

سوال : سید ضمیر جعفری کے اس نامکمل شعر کو دوسرا مصرعہ لگا کر مکمل کریں؟

جس کام پہ دل شرمندہ ہو

جواب : وہ کام ضمیر کبھی نہ کرو۔

سوال : آزاد نظم کے بانی اور مشہور شاعر ن م راشد کا انتقال 9 اکتوبر 1979 کو انگلستان کے کس شہر میں ہوا؟

جواب : لندن میں۔

سوال : 15 اکتوبر 1932ء کو پشاور کے ایک متوسط اور خوشحال گھرانے میں کس بڑے شاعر کی پیدائش ہوئی؟

جواب : محسن احسان

سوال : معروف شاعر اقبال عظیم کن شعرا سے اصلاح لیتے رہے؟

جواب : حضرت صفی لکھنوی اور حضرت وحشت کلکتوی سے۔

سوال : اقبال صفی پوری کا مجموعہ کلام ’’شاخ گل‘‘ کے عنوان سے کب شائع ہوا؟

جواب : نومبر 1984 میں

سوال : کس مشہور شاعر کا اصل نام سید قائم رضا تھا؟

جواب : نسیم امروہوی (24 اگست 1908۔28 فروری 1987)

سوال : کیا آپ جانتے ہیں کہ مصطفیٰ زیدی کا پہلا مجموعہ کلام 1947 میں کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : زنجیریں۔

سوال : بتایئے یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟

اب وہ پیری میں کہاں عہد جوانی کی امنگ
رنگ موجوں کا بدل جاتا ہے ساحل کے قریب

جواب : ہادی مچھلی شہری کا۔

سوال : بتایئے یہ شعر کس مشہور شاعرہ کا ہے

وہ عکس بن کے مری چشم تر میں رہتا ہے
عجیب شخص ہے پانی کے گھر میں رہتا ہے

جواب : بسمل صابری کا

سوال : شاہنامہ اسلام ابولاثر حفیظ جالندھری کی نثری تخلیق ہے یا شعری؟

جواب : شعری۔

سوال : کلیات باقیات شعر اقبال کے مرتب کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر صابر کلوروی

سوال : کیا آپ معروف شاعر مجروح سلطانپوری کا اصل نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : اسرار حسن خان۔

سوال : قتیل شفائی کے اس نامکمل شعر کو دوسرا مصرعہ لگا کر مکمل کیجیے؟

قتیل اپنا مقدر غم سے بیگانہ اگر ہوتا

جواب : تو پھر اپنے پرائے ہم سے پہچانے کہاں جاتے۔

سوال : ''اسلوب بقا'' کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب : گستاخ بخاری

سوال : حبیب جالب کے اس نامکمل شعر کو دوسرا مصرعہ لگا کر مکمل کریں؟

اس کے بغیر آج بہت جی اداس ہے۔

جواب : جالب چلو کہیں سے اسے ڈھونڈ لائیں ہم

سوال : گو ذرا سی بات پہ برسوں کے یارانے گئے — لیکن اتنا تو ہوا کچھ لوگ پہچانے گئے

بتایئے غزل کا یہ مطلع کس مشہور شاعر کا ہے؟

جواب : خاطر غزنوی کا

سوال : بتایئے فیض احمد فیض نے کن دو مشہور فارسی شعراء کے کلام سے بھی استفادہ کیا؟

جواب : شیخ سعدی اور حافظ شیرازی

سوال : شاید، گمان، یعنی اور گویا کس انفرادیت پسند شاعر کے مجموعے ہائے کلام ہیں

جواب : جون ایلیا

سوال : نامور ہندوستانی شاعر اور محقق ڈاکٹر تنویر احمد علوی کے پہلے شعری مجموعے کا نام کیا ہے؟

جواب : لمحوں کی خوشبو۔

سوال : مشہور شاعر سلیم شہزاد کا شعری مجموعہ ''قسم ہے کنارے کی'' کب شائع ہوا؟

جواب : 2009ء میں

سوال : یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟

دل میں اک لہر سی اٹھی ہے ابھی — کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی

جواب : ناصر کاظمی کا

سوال : بتایئے حبیب جالب نے کس آمر حکمران کے بارے میں یہ شعر کہا تھا؟

ظلمت کو ضیاء صرصر کو صبا — بندے کو خدا کیا لکھنا

جواب : جنرل ضیاء الحق

سوال : بتایئے یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

بول کہ لب آزاد ہیں تیرے — بول زباں اب تک تیری ہے

جواب : فیض احمد فیض

سوال : عظیم انقلابی شاعر حبیب جالب نے ہر جابر حکمران کے خلاف علم بغاوت بلند کیا بتایئے جنرل ایوب خان کی ڈکٹیٹرانہ پالیسیوں کی نفی کرنے کے نتیجہ میں ان کی کس کتاب کو ضبط کرلیا گیا؟

جواب : سر مقتل کو۔

سوال : جون 1966ء میں لکھی جانے والی حبیب جالب کی ایک نظم "دستور" کو بے پناہ پذیرائی ملی۔
کیا اس نظم کا کوئی بند آپ کو یاد ہے؟

جواب : دیپ جس کا محلات میں جلے جو سائے میں ہر مصلحت کے پلے
ایسے دستور کو صبح بے نور کو میں نہیں مانتا میں نہیں مانتا

سوال : یہ اشعار کس مشہور شاعر کے ہیں؟

چلی ہوائے ظلم، پھر ہرے ہوئے ہیں زخم
پھر بجی ہے قتل گہ، پھر لٹی ہے آبرو
پھر یہ شہر بے اماں، پھر ہمارا امتحاں
پھر ہم دیں گے پھر لہو، ہم ہی ہوں گے سرخرو

جواب : ڈاکٹر خالد جاوید جان۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ افریقہ کے شاعر "بینجمن مولائز" کو صرف اس بنا پر پھانسی دے دی گئی کہ وہ مزاحمتی شاعری کرتا تھا؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : بتایئے جالب بیتی نامی کتاب کس نے اور کب شائع کی؟

جواب : طاہر اصغر...... 2009ء

سوال : ایوب خانی حکومت نے من مانیاں کیں تو بتایئے تہی دامن کن الفاظ میں چلا اٹھے؟

جواب : ظلم کی بات کو جہل کی رات کو
میں نہیں مانتا میں نہیں مانتا۔

سوال : بتایئے مشہور شاعر قتیل شفائی نے جالب کو کن شعروں میں خراج تحسین پیش کیا تھا؟

جواب : اپنے سارے درد بھلا کر، اوروں کے دکھ سہتا تھا
ہم جب غزلیں کہتے تھے وہ اکثر جیل میں رہتا تھا
آخر کار چلا ہی گیا وہ روٹھ کر ہم فرزانوں سے
وہ دیوانہ جس کو زمانہ جالب جالب کہتا تھا

سوال : "دل میں ہیں آپ" خاتون شاعرہ زیب النساء زیبی کا پہلا شعری مجموعہ ہے یا دوسرا؟

جواب : دوسرا۔

سوال : بتایئے یہ حمد یہ اشعار برصغیر کے کس مشہور شاعر کے ہیں

بنائے اپنی حکمت سے زمین و آسماں تو نے
دکھائے اپنی قدرت کے ہمیں کیا کیا نشاں تو نے
تری صنعت کے سانچے میں ڈھلا ہے پیکر ہستی
سمویا اپنے ہاتھوں سے مزاج جسم و جاں تو نے

جواب : مولانا ظفر علی خاں کے۔

سوال : مشہور شاعر مصطفیٰ زیدی کا کا انتقال 40 سال کی عمر میں کس سن میں ہوا؟

جواب : 1970ء میں

سوال : بتایئے یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے

فنکار خود نہ تھی مرے فن کی شریک تھی
وہ روح کے سفر میں بدن کی شریک تھی

جواب : مصطفیٰ زیدی کا

سوال : مصطفیٰ زیدی کی نظموں اور غزلوں کا پہلا مجموعہ کلام 1949ء میں منظر عام پر آیا کیا آپ اس مجموعے کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : زنجیریں۔

سوال : 1997ء میں سعود عثمانی کو اُن کے کس شعری مجموعہ پر وزیر اعظم نے ادبی ایوارڈ سے نوازا۔

جواب : قوس۔

سوال : ادیب العصر رشید احمد صدیقی نے غزل کے بارے میں کیا کہا تھا۔

جواب : غزل اردو کی آبرو ہے۔

سوال : محنت کے بارے میں قتیل شفائی کا کوئی ایک شعر بتلایئے؟

جواب : محنت، پتھریلی، پیاسی مٹی سے پھول کھلاتی ہے
کھیت کی ہریالی، ڈالی بن جاتی ہے۔ پھل پاتی ہے

سوال : پاکستان کے پرچم کے بارے میں طفیل ہوشیار پوری کا کوئی ایک شعر بتایئے؟

جواب : فلک کی گود میں لہرائے پاکستان کا پرچم قیامت تک نہ جھکنے پائے پاکستان کا پرچم

سوال : قتیل شفائی کا کوئی ایسا شعر بتایئے۔جس میں دشمنوں کو سزا نہ دینے کا ذکر کیا گیا ہو؟

جواب : قتیل مجھ کو یہی سکھایا میرے نبیؐ نے　　کہ فتح پا کر بھی دشمنوں کو سزا نہ دینا

سوال : کیا یہ درست ہے کہ اردو غزل میں شاعر رمز وایما کی علامات سے کام لیتا ہے؟

جواب : جی ہاں:شاعر طلائم کے پردے میں وہ باتیں کہہ جاتا ہے۔جنہیں وہ صرف الفاظ میں بیان نہیں کر سکتا۔

سوال : نیاز فتح پوری نے غزل کو شاعری کی روح کہا ہے بتایئے فراق گورکھپوری نے اردو غزل کے بارے میں کیا کہا ہے؟

جواب : شاعر کا عطر

سوال : مومن اور داغ نے غزل کو کیا رنگ دیا؟

جواب : سوز وگداز،کیف وسرور اور رنگینی ورعنائی

سوال : فیض احمد فیض کا یہ شعر مکمل کیجئے

گلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے

جواب : چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے

سوال : 2009ءتک ناصر زیدی کے جو مجموعہ ہائے کلام زیور طبع سے آراستہ ہو چکے ہیں ان میں سے چار کے نام بتایئے؟

جواب : (1)ڈوبتے چاند کا منظر (2)وصال (3)وارفتگی (4)التفات

سوال : ناصر زیدی کا کوئی ایک ایسا شعر بتایئے،جس میں گلابوں کی پنکھڑی کا ذکر ملتا ہے؟

جواب : وہ لب ہیں اس کے گلابوں کی پنکھڑی جیسے

بنانے والا کہاں اب یہ لب بناتا ہے۔

سوال : آئینہ خانہ اختر حسین جعفری کا مجموعہ کلام ہے اس پر انہیں آدم جی ادبی ایوارڈ بھی ملا بتایئے اس مجموعے میں کتنی نظمیں شامل ہیں۔

جواب : 53 نظمیں

سوال : اختر حسین جعفری کا کوئی ایک شعر بتایئے؟

جواب : بس ایک آنسو کے دخل نے منظرِ وفا کو بدل دیا تھا

بس ایک موجِ خفی کے آگے خس رواں تھی چٹان میری

سوال : شہر خواب مشہور شاعر حسین سحر کا مجموعہ کلام ہے اس کا کوئی ایک شعر تو بتایئے؟

جواب : میں نے تو کاغذ پہ اس کا نام لکھا تھا سحر

حرف سارے اوڑھ کر خوشبو کہاں سے آ گئے

سوال : بتایئے یہ شعر کس معروف شاعر کا ہے؟

ترے فراق میں گزرے ہیں ماہ و سال بہت　　سواب ہیں اپنی ہی جانب سے احتمال بہت

جواب : ڈاکٹر تحسین فراقی

سوال : شہرت بخاری کا کوئی ایسا شعر بتایئے جس میں بازار کا ذکر کیا گیا ہو؟

جواب : ہر چند یہاں گرانی،بازار بہت ہے　　ساتھ اس کے مگر قحطِ خریدار بہت ہے

سوال : جہاں زمیں پہ رگڑ کا نشان ہویدا ہے　　دلیل اس کی ہے سانپ اس طرف سے گزرا ہے

بتایئے یہ شعر جوش ملیح آبادی کی کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

جواب : سرود و خروش

سوال : سید ضمیر جعفری (1918۔1999) کا کوئی ایسا شعر بتایئے جس میں آدمی کا لفظ چھ مرتبہ آیا ہو۔

جواب : تھا کبھی علم آدمی،دل آدمی،پیار آدمی

آج کل زر آدمی،قصر آدمی،کار آدمی

سوال : مشہور شاعر اسرار الحق مجاز ۱۹۱۰ میں پیدا ہوئے بتایئے ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 1956ء۔

سوال : اکبر الہ آبادی کی نظم "خدا سرسبز رکھے اس چمن کو مہرباں ہو کر،کا آخری شعر بتایئے؟

جواب : زبانِ برگِ گل نے کی دعا رنگیں عبارت میں

خدا سرسبز رکھے اس چمن کو مہرباں ہو کر

سوال : اگر کوئی نظم چھ چھ مصرعوں کے بندوں پر مشتمل ہو تو بتایئے شاعری کی اصطلاح میں اسے کیا کہتے ہیں؟

جواب : مسدس

سوال : شہروں میں انقلاب،بیاباں میں انقلاب　　محفل میں انقلاب۔شبستاں میں انقلاب

بتایئے یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟

جواب : احسان دانش (1914۔1982)

سوال : فراق اب اتفاقات زمانہ کو بھی کیا کہیے　　محبت کرنے والوں سے کسی کو دشمنی کب تھی
بتایئے یہ شعر فراق گورکھپوری کے کس مجموعہ کلام سے لیا گیا ہے؟

جواب : شعلہ ساز سے

سوال : شعری اصطلاح میں ہم آواز الفاظ کو کیا کہتے ہیں؟

جواب : قافیہ۔

سوال : شاعری روزِ ازل سے ہوئی تخلیق، ندیم　　شعر سے کم نہیں۔ انسان کا پیدا ہونا
بتایئے یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟

جواب : احمد ندیم قاسمی کا۔

سوال : رفیق خاور (1908۔1990) نے علامہ اقبال کی ایک فارسی نظم کا اردو میں ترجمہ کیا ہے اس کا کوئی ایک شعر بتایئے؟

جواب : ایک راز اسرار دیں سے تجھ پہ کرتا ہوں عیاں　　داستان شاہ مظفر کی ہے جس کی ترجماں

سوال : ''ثبات'' صباء اکبر آبادی کا غزلوں کا مجموعہ ہے یا نظموں کا؟

جواب : غزلوں کا

سوال : بتایئے صباء اکبر آبادی کے مجموعہ کلام ثبات میں کتنی غزلیں شامل ہیں؟

جواب : 49 غزلیں

سوال : شاعر خاور اعجاز نے تاریخ اسلام کے کن واقعات کو استعاروں کی شکل میں شاعرانہ اسلوب دیا؟

جواب : کربلا۔ فرات، خیمے وغیرہ

سوال : آنکھیں۔ رنگ اور خواب (مجموعہ غزل) شیشے کے کنول اور ارتقاء کس شاعر کے شعری مجموعے ہیں؟

جواب : خاور اعجاز

سوال : ممتاز دانشور اور یا مقبول جان کے پہلے شعری مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب : قامت (1988 میں چھپا)

سوال : مشہور شاعر سیف الدین سیف کے اس نامکمل شعر کو مکمل کیجئے؟
بہت بچ کے نکلے مگر کیا خبر تھی

جواب : ادھر بھی تیرا آستانہ پڑے گا

سوال : کوئی دیوانہ سر نہ ہو جائے'' بتایئے اس شعری مجموعہ کے خالق کا نام کیا ہے؟

جواب : طارق رامپوری۔

سوال : تورات دل کس بزرگ شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟

جواب : یزدانی جالندھری۔

سوال : ڈاکٹر وحید قریشی نے یزدانی جالندھری کے بارے میں کیا کہا ہے؟

جواب : حضرت یزدانی پرگو شاعر تھے اور اردو غزل میں روایتی موضوعات میں نکتہ آفرینی کے کمالات کے علاوہ انہوں نے فکر و احساس کے بعض ایسے راستے بھی دکھائے جن کی بنا پر ان کی شاعری بے حد اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔

سوال : نامور ہندوستانی شاعر اور محقق ڈاکٹر تنویر احمد علوی کے پہلے شعری مجموعہ کا نام بتایئے؟

جواب : لمحوں کی خوشبو۔

سوال : بتایئے ''کتاب دل'' کس ہندوستانی شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟

جواب : ڈاکٹر ماہر چاند پوری

سوال : بتایئے ''آتش گل'' کس مشہور شاعر کا دیوان ہے؟

جواب : آتش گل

سوال : ترقی پسند اور روشن خیال شاعر خرم خرام صدیقی کے کسی ایک شعری مجموعہ کا نام بتایئے؟

جواب : حیات نو۔

سوال : نامور شاعر سلیم شہزاد کا شعری مجموعہ ''قسم ہے کفارے کی'' کب شائع ہوا؟

جواب : 2009ء میں۔

سوال : جان، جگنو اور جزیرہ پنجاب کے دور افتادہ شہر میں مقیم ایک شاعر کا مجموعہ کلام ہے نام بتایئے؟

جواب : ناصر ملک

سوال : یہ بتایئے کہ جی کا نور، خاموشی اور پردہ کس خاتون شاعرہ کے شعری مجموعے ہیں؟

جواب : بیگم ثاقبہ رحیم الدین

سوال : بیگم ثاقبہ رحیم الدین کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟

جواب : یکم نومبر 1940 کوڈھاکا میں۔

سوال : بتایئے صوفی تبسم نے کن بڑے شعراء کے کلام کے تراجم کیے؟

جواب : امیر خسرو، غالب اور علامہ محمد اقبالؒ

سوال : بتایئے یہ مقبول شعر کس شاعر کا ہے؟

دل میں اک لہر سی اٹھی ہے ابھی
کوئی تازہ ہوا چلی ہی ابھی

جواب : ناصر کاظمی

سوال : بتایئے ناصر کاظمی کے 1982ء میں کون سے دو شعری مجموعے شائع ہوئے ہے؟

جواب : خشک چشمے کے کنارے (2) انتخاب میر۔

سوال : خاطر غزنوی کی سب سے زیادہ مقبول عام غزل کا مطلع کیا ہے؟

جواب : گو ذرا سی بات پہ برسوں کے یارانے گئے
لیکن اتنا تو ہوا کچھ لوگ پہچانے گئے

سوال : بتایئے جیلانی کامران کی کلیات کب شائع ہوئی؟

جواب : 2004ء میں

سوال : بتایئے یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟

میر جی! کیوں اداس رہتے ہو
کیا کہیں عشق اختیار کیا

جواب : میر تقی میر۔

سوال : بتایئے یہ کس کا شعر ہے؟

چہرہ چہرہ کھلے گلاب کو رہنے دو
مالک کچھ دن اور شباب کو رہنے دو

جواب : رخشندہ نوید۔

سوال : عرفانہ عزیز کے شعری مجموعوں کے نام بتایئے؟

جواب : برگ ریز، کف بہار

سوال : احمد فراز کا کوئی ایک شعر بتایئے؟

جواب : رنجش ہی سہی دل ہی دکھانے کے لیے آ
آ پھر سے مجھے چھوڑ کے جانے کے لیے آ

سوال : پروفیسر سعیدہ اختر کے دو شعری مجموعے شائع ہوئے نام بتایئے؟

جواب : جرس رفتہ، تنہائیوں کا شور

سوال : رضوانہ منصور کے پہلے شعری مجموعہ کا نام بتایئے نیز یہ کب شائع ہوا؟

جواب : اداس مت ہوا کرو۔ 2008ء

سوال : بتایئے حفیظ جالندھری نے اپنی شاعری کے بارے میں کیا دعویٰ کیا تھا؟

جواب : یہ نصف صدی کا قصہ ہے دو چار برس کی بات نہیں۔

سوال : بتایئے احمد فراز نے کن دو مقبول عام شاعروں کے کلام سے استفادہ کیا؟

جواب : مرزا غالب اور فیض احمد فیض

سوال : بتایئے فیض احمد فیض نے کن دو شعراء کے کلام سے استفادہ کیا؟

جواب : شیخ سعدی، حافظ

سوال : شبنم شکیل کی تخلیقی زندگی کا پہلا شعری مجموعہ کون سا ہے؟

جواب : شب زاد۔

سوال : شاہین مفتی کی نظموں پر مشتمل مجموعہ کا نام بتایئے؟

جواب : مسافت

سوال : انفرادیت پسند شاعر جون ایلیا کے کوئی سے چار مجموعہ ہائے کلام کے نام بتایئے؟

جواب : (1) شاید (2) گمان (3) یعنی (4) گویا

سوال : جون ایلیا کا پہلا شعری مجموعہ شاید 1990ء میں طبع ہوا بتایئے اس وقت ان کی عمر کتنی تھی؟

جواب : 55 برس۔

سوال : عوامی شاعر حبیب جالب کے والد کا نام بتایئے؟

جواب : صوفی عنایت اللہ خان

سوال : بتایئے یہ مشہور شعر کس منفرد شاعر اور ادیب کا ہے؟

دوستی ان کا لبادہ، دشمنی ان کا شعار۔
یہ خزاں سے پہلے پہلے بیچ کھاتے ہیں بہار

جواب : احسان دانش

سوال : مبشرہ اعجاز کے تین شعری مجموعوں کے نام بتایئے؟

جواب : مجھے پہچانتے ہو تم، چاندنی میں چراغ، ذرو ساری گلاب اپنے،

سوال : رخشندہ نوید کے پہلے شعری مجموعہ کا نام ''پھر وصال کیسے ہو'' ہے بتایئے دوسرے اور تیسرے شعری مجموعوں کے نام کیا کیا ہیں۔

جواب : کسی اور سے محبت، نیناں اتریں پار (سن اشاعت 2009ء)

سوال : ''بن باس'' کے نام سے 1997ء میں اردو نظموں کا مجموعہ شائع ہوا اس کے خالق کا نام بتایئے؟

جواب : نسرین انجم بھٹی۔

سوال : والٹر اسکاٹ انگریزی ادب کے نامور لکھاری تھے اور بطور ایک شاعر اور ناول نگار کے شہرت رکھتے تھے بتایئے یہ کب پیدا ہوئے اور کب وفات پائی؟

جواب : 1771ء۔1832ء۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ والٹر اسکاٹ کو ''سر'' کا خطاب دیا گیا؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : ''شاعری ڈیپریشن دور کرتی ہے'' بتایئے یہ الفاظ ہندوستان کے کس مشہور ادیب اور حکیم کے ہیں؟

جواب : حکیم محمد سعید۔

سوال : بتایئے افتخار عارف کی شعری کلیات 2009ء میں کس نام سے شائع ہوئی؟

جواب : دل و دنیا

سوال : بتایئے جون ایلیا نے یہ کس کے بارے میں کہا تھا کہ ''اگر پنجاب میں پیدا ہوتے تو زیادہ بڑے شاعر ہوتے؟

جواب : عارف شفیق۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ کبیر کی شاعری میں جلال الدین رومی اور عطار کی روح ملتی ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : گلفام نقوی کی شاعری کا تیسرا مجموعہ 2009ء میں کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : ''اگر وقت کو تھام سکتی''

سوال : بتایئے بھارت کی کون سی نوخیز شاعرہ سولہ برس کی عمر میں کینسر جیسے مہلک مرض کے لاحق ہونے سے زندگی کی بازی ہار گئیں؟

جواب : گیتانجلی۔

سوال : جسٹس ایس اے رحمان کے دو شعری مجموعوں کے نام بتایئے؟

جواب : حدیث دل، خیابان نوا

سوال : ساغر صدیقی کے چند مجموعہ ہائے کلام کے نام بتایئے؟

جواب : لوح جنوں، شیشہ دل، غم بہار، شب آگہی اور سبز گنبد (نعتیہ مجموعہ)۔

سوال : ''ہوائیں'' گیت گاتی ہیں اور خوشبو، پھول ہوا جیسے شعری مجموعوں کے خالق کا نام بتایئے؟

جواب : فیضان عارف۔

سوال : بتایئے یہ شعر کس خاتون شاعرہ کا ہے۔

سرد مہری نے راز کھولا تھا
ان کو ہم سے کوئی شکایت ہے

جواب : رخشندہ نوید

سوال : امجد اسلام امجد کا شعری مجموعہ محبت ایسا دریا کب شائع ہوا؟

جواب : 2004ء میں

سوال : غزل، قصیدہ، مثنوی اور نظم کو اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : اصناف سخن

سوال : بتایئے یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

فرصت ملے تو پوچھ لیں عمر رواں سے ہم
جانا کہاں ہے آتے ہیں یارو کہاں سے ہم

جواب : حفیظ جونپوری

سوال : فانی بدایونی کے اس نامکمل شعر کو ایک مصرعہ لگا کر مکمل کریں۔

تعبیر اجل نے دی اس خواب پریشاں کی

جواب : ہم مر کے تجھے سمجھے اے ہستی، انسانی

سوال : تندی باد مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب
یہ تو چلتی ہے تجھے اونچا اڑانے کے لیے
کو علامہ اقبال سے منسوب کیا گیا ہے بتایئے اس شعر کے خالق کون ہیں؟

جواب : سید صادق حسین سیالکوٹی

سوال : سید صادق حسین سیالکوٹی یکم اکتوبر 1898ء کو ظفر وال میں پیدا ہوئے بتایئے ان کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

جواب: 4 مئی 1989ء کو شکر گڑھ میں

سوال : کیا آپ سید صادق حسین کے اکلوتے شعری مجموعے کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں۔ برگ سبز

سوال : بتایئے یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟

کون کہتا ہے موت آئی تو مر جاؤں گا؟
میں تو دریا ہوں سمندر میں اتر جاؤں گا

جواب: احمد ندیم قاسمی

سوال : ناصر کاظمی کا یہ نامکمل شعر مکمل کریں۔

گئے دنوں کا سراغ لے کر کدھر سے آیا کدھر گیا وہ

جواب: عجیب مانوس اجنبی تھا مجھے تو حیران کر گیا وہ

سوال : منیر نیازی کا کوئی ایسا شعر بتائیں جس میں گھر کا لفظ دوبار آتا ہو۔

جواب: خواہشیں ہی خواہشیں ہیں اور ہنر کوئی نہیں
اگر بنانا چاہتا ہوں میرا گھر کوئی نہیں

سوال : حبیب جالب نے اپنی پہلی کتاب برگ آوارہ کو کس کے نام معنون کیا ہے؟

جواب: احمد ریاض کے نام

سوال : رت آئے رت جائے کس شاعر کا مجموعہ ہے؟

جواب: احمد راہی۔

سوال : پاکستان میں لکھنو دبستان کے آخری غزل گو شاعر کون تھے

جواب: ارم لکھنوی

سوال : باد صرصر کی قسم امواج دریا کی قسم
طائران خلد کی آزاد دنیا کی قسم
بتایئے یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟

جواب: اسعد شاہجہان پوری۔

سوال : سیماب اکبرآبادی کا کوئی ایک شعر بتایئے؟

جواب: جو قوت ہے خلق بزم جہاں کی وہی ہے کفیل حیات جہاں بھی
جوانسان کو اس کا یقین ہو تو انسان نہ پھیلائے ہاتھ اور نہ دامن پسیر سے

سوال : استاد قمر جلالوی کا اصل نام بتایئے؟

جواب: سید محمد حسین عابدی۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ گیت بنیادی طور پر ہندی زبان کی ایک صنف ہے؟

جواب: جی ہاں۔

سوال : بتایئے ''ادب رنگ'' کس شاعر کے گیتوں کا مجموعہ ہے؟

جواب: خاطر غزنوی

سوال : ناصر کاظمی کا کوئی ایسا شعر بتایئے جس میں قافیہ پیائی کا ذکر کیا گیا ہو؟

جواب: کہتے ہیں غزل قافیہ پیائی ہے ناصر
یہ قافیہ پیائی ذرا کر کے تو دیکھو

سوال : بتایئے یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے

سد رہی ہے گھنے درختوں پر
چاندنی کی تھکی ہوئی آواز

جواب: فیض احمد فیض۔

سوال : نیا پیراہن کس مشہور شاعر کا دوسرا مجموعہ کلام ہے؟

جواب: گفتار خیالی

سوال : 30 جولائی 2006ء کو گفتار خیالی کے ساتھ کیا نسبت حاصل ہے؟

جواب: ان کی تاریخ وفات کا دن ہے۔

سوال : عکس جہاں کس کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب: پروفیسر باقر رضا زیدی کا

سوال : صفدر سلیم سیال کے کس شعری مجموعے کو ان کا میکنا کارٹا کہتے ہیں۔

جواب: خواب تبدیل کریں۔

سوال : بیدل حیدری کا اصل نام عبدالرحمٰن تھا بتایئے وہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 23 اگست 1924 کو مرادنگر (غازی آباد بھارت)

سوال : شاہ تراب علی تراب بیجاپوری بارھویں صدی ہجری کے نامور صوفی شاعر تھے اور دکن میں چشتیہ سلسلے کی ایک کڑی سمجھے جاتے ہیں بتایئے ان کا دیوان کا واحد نسخہ کراچی کے کس کتب خانہ میں محفوظ ہے؟

جواب : انجمن ترقی اردو پاکستان۔

سوال : بتایئے صوفی شاعر شاہ حسین لاہور میں ٹلہ بگا کے محلے میں پیدا ہوئے ان کے والد کا نام بتایئے؟

جواب : شیخ عثمان

سوال : کیا یہ درست ہے کہ کافی کی بنیاد شاہ حسین نے رکھی؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : رم جھم، جلال و جمال، شعلۂ گل، دشت وفا، محیط، دوام، لوح خاکی، بسیط اور ارض و سما کس مشہور شاعر کے شعری مجموعے ہیں۔

جواب : احمد ندیم قاسمی۔

سوال : 1958ء میں شب رفتہ کے نام سے کس مشہور شاعر کا پہلا مجموعہ کلام شائع ہوا؟

جواب : مجید امجد۔

سوال : شاعری کی تہذیب نامی کتاب اردو کے معروف سکالر اور نقاد ڈاکٹر نجیب جمال نے تحریر کی ہے بتایئے انہوں نے برصغیر کے کس شاعر سے کتاب کی ابتدا اور کس شاعر پر انتہا کی ہے؟

جواب : امیر خسرو سے مرزا غالب تک

سوال : سلیم شاہد کا کوئی مزاحمتی شعر تو بتایئے؟

جواب : عمر بھر منصف ہمیں انصاف کیا دیتے رہے
قتل اوروں نے کیئے ہم خوں بہا دیتے رہے

سوال : بتایئے اختر حسین جعفری کی نظم ''نوحہ'' کس ادبی میگزین میں پہلی مرتبہ چھپی؟

جواب : فنون

سوال : فیض احمد فیض نے کتنے نوحے لکھے؟

جواب : درجن بھر۔

سوال : ضمیر ظرافت سید ضمیر جعفری کا مجموعہ کلام ہے۔ بتایئے ضمیر جعفری کے طنزیہ و مزاحیہ اشعار کا دوسرا مجموعہ ہے یا تیسرا؟

جواب : تیسرا۔

سوال : گفتار کس کا شعری مجموعہ ہے؟

جواب : ڈاکٹر بشیر سیفی کا۔

سوال : چراغ شب حمید کوثر کی غزلوں کا مجموعہ ہے بتایئے انہوں نے کس عنوان کے تحت اس مجموعے کا آغاز کیا؟

جواب : اللھم لبیک

سوال : وطن کے حوالے سے لکھی گئی اختر ہوشیارپوری کی نظم کے دو شعر تحریر کیجئے؟

جواب : دشت ہجرت! میری پہچان کہاں ہے تجھ سے   قریۂ وصل! میرا نام و نشاں ہے تجھ سے
لوگ چہروں پہ کئی چہرے سجا رکھتے ہیں   میرے چہرے میں بھی اک عکس نہاں ہے تجھ سے

سوال : اشاروں کی مدد سے شاعر کا نام بتایئے؟

وطن لکھنو تھا۔ فارسی اور عربی کی تعلیم لکھنو میں پائی۔ ناسخ سے اصلاح لیتے رہے 1853 میں انتقال کیا چار ہزار اشعار کے لگ بھگ ایک دیوان چھوڑا۔

جواب : وزیر لکھنوی (اصل نام خواجہ محمد وزیر تھا)

سوال : اردو ماہیا نگار خواتین میں سیدہ حنا نمایاں شناخت کی حامل ہیں ان کے ماہیوں کا مجموعہ کب اور کس نام سے طبع ہوا؟

جواب : 1994ء میں ''سیدہ حنا کے ماہیے''۔

سوال : ''جگنو ہنستے ہیں'' میں کس شاعرہ نے غزلوں کے علاوہ ماہیے بھی شامل کیے ہیں؟

جواب : شبہ طراز نے

سوال : بتایئے یہ کس شاعرہ کا ماہیا ہے؟

وہ رات تھی سردی کی
دن چڑھتا چلے جاتا
کیوں جانے کی جلدی کی

جواب : شبہ طراز

سوال :بتایئے یہ اشعار کس مشہور شاعر کے ہیں؟

راہ مغرب میں یہ لڑکے پٹ گئے
واں نہ پہنچے اور ہم سے چھٹ گئے
تھے کیک کی فکر میں سو روٹی بھی گئی
چاہی تھی شے بڑی سو چھوٹی بھی گئی
واعظ کی نصیحتیں نہ مانیں آخر
پتلون کی تاک میں لنگوٹی بھی گئی

جواب :اکبرالہ آبادی

سوال :ڈاکٹر طاہر سعید ہارون کے دوھوں کا مجموعہ کس عنوان سے چھپا؟

جواب :بھورنگر

سوال :کیا یہ درست ہے کہ جمیل الدین عالی نے بھی لاتعداد دوھے لکھے؟

جواب :جی ہاں

سوال :مولانا الطاف حسین حالی کا کوئی ایسا شعر بتایئے جس میں بھروسا کا لفظ آتا ہو؟

جواب :جہاں میں حالی کسی پہ اپنے سوا بھروسا نہ کیجئے گا
یہ بھید ہے اپنی زندگی کا بس اس کا چرچا نہ کیجئے گا

سوال :شہزاد احمد کا کوئی ایک شعر بتایئے؟

جواب :میرے ہمراہ منزل بھی رواں ہے مسافر میں ہوں یا سارا جہاں ہے

سوال :محسن بھوپالی کا کوئی ایسا شعر بتایئے جس میں ہنستا گاتا موسم کا ذکر کیا گیا ہو؟

جواب :جب تک ہنستا گاتا موسم اپنا ہے سب اپنے ہیں
وقت پڑے تو یاد آجاتی ہے مصنوعی مجبوری

سوال :بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟

دل کا پورا سفر سراب میں گم زندگی جیسے نقش آب میں گم

جواب :پروین سید فنا

سوال :ظہور نظر کا کوئی ایسا شعر بتایئے جس میں دیپک راگ کا ذکر کیا گیا ہو؟

جواب :دیپک راگ ہے چاہت اس کی کاہے سنائیں تمہیں
ہم تو سلگتے ہی رہتے ہیں کیا سلگائیں تمہیں

☆☆☆

آزاد نظم

سوال :برصغیر میں آزاد نظم کا آغاز کب ہوا؟

جواب :1901ء سے۔

سوال :آزاد نظم کا امام کسے کہا جاتا ہے؟

جواب :ن م راشد۔

سوال :آزاد نظم کے بارے میں ن م راشد کیا کہتے ہیں؟

جواب :جب شاعر نئے تجربات کی ترجمانی کرنا چاہتے تھے تو اس میں قدیم اصناف سخن یا ہیئت ہی رکاوٹ نہیں بن جاتی تھی بلکہ پرانی شاعری کا پورا ساز وسامان جس میں اس کے رموز وتلمیحات اشارات وکنایات یہ سب شامل تھے شاعر کا راستہ روک لیتے تھے۔

سوال :اردو میں باضابطہ طو پر آزاد نظم کی ابتدا کب اور کس نے کی؟

جواب :تصدق حسین خالد۔(1936ء)

سوال :تصدق حسین خالد کے مجموعہ سرودنو میں کتنے فیصد نظموں کی تعداد آزاد ہے؟

جواب :90فیصد۔

سوال :کیا آزاد نظم غزل سے لکھنا آسان ہے یا مشکل؟

جواب :آسان کیوں کہ اس میں قافیہ اور ردیف کا خیال نہیں رکھنا پڑتا۔

سوال :آزاد نظم کا آغاز سب سے پہلے کس ملک میں ہوا؟

جواب :فرانس (وہاں اس کا نام لبرے ورس رکھا گیا)

سوال :برصغیر پاک وہند میں سب سے پہلے آزاد نظم لکھنے کا آغاز کس نے کیا؟

جواب :عبدالحلیم شرر۔

سوال :عبدالحلیم شرر نے کون سی نظم لکھ کر آزاد نظم کی ابتدا کی نیز یہ کس رسالے میں طبع ہوئی۔

جواب :سمندر ''دلگداز'' فروری 1901ء میں۔

سوال :شرر کے تجربوں سے متاثر ہو کر قیصر بھوپالی نے کس عنوان سے آزاد نظم کو ایک منظوم ڈراما میں منتقل کیا؟

جواب :''کرشمہ عشق''

سوال : تصدق حسین خالد نے اپنی کس دوسری شعری کتاب میں آزاد نظمیں لکھی ہیں؟

جواب : لامکاں تا لامکاں۔

سوال : میراجی کے کن شعری مجموعوں میں آزاد نظمیں ملتی ہیں؟

جواب : میراجی کی نظمیں اور تین رنگ۔

سوال : ن م راشد کے علاوہ کس دوسرے شاعر نے آزاد نظم کو پروان چڑھایا۔

جواب : مجید امجد۔

سوال : مجید امجد کے ان شعری مجموعوں کے نام بتایئے جن میں کثرت سے آزاد نظمیں ملتی ہیں؟

جواب : (1) شب رفتہ..... شب رفتہ کے بعد۔

سوال : آزاد نظم لکھنے والے مشہور شعرا کے نام بتایئے؟

جواب : سردار جعفری، فیض احمد فیض۔ مصطفیٰ زیدی۔ احمد ندیم قاسمی، عارف عبدالمتین، ڈاکٹر وزیر آغا۔ مخمور سعیدی، ساقی فاروقی، غلام جیلانی اصغر۔ امجد اسلام امجد۔ خورشید رضوی۔ ریاض مجید۔ کشور ناہید، فہمیدہ ریاض۔ ذوالفقار احمد تابش۔ اظہر جاوید۔ احسن زیدی اور اختر حسین جعفری۔

سوال : آزاد نظم کا اولین نمونہ نظم غیر مقفیٰ کے نام سے چھپنے والے کس کے نام کو سمجھا جاتا ہے؟

جواب : عبدالحلیم شرر

سوال : گڈی ٹرگئی تے پچھے رہ گیا بھاں بھاں کردا ٹیشن تے شاں شاں کردے کن
کجھ سلیاں یاداں ترہائے خیال جیہڑے نے سجن عمراں نال
بتایئے یہ شعر کس کا ہے۔

جواب : باقی صدیقی۔

سوال : شہناز مزمل کی چند آزاد نظموں کے عنوان بتایئے؟

جواب : رتجگوں میں مسافت، زرد موسم کا عذاب، کربلا کے نام، پگھلتی برف، موم کے سائبان، احساس کی زنجیر، حسرتوں کی قتل گاہ، خاموشی جان لیوا ہوگئی۔

سوال : آزاد غزل میں مصرعوں کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟

جواب : آزاد غزل میں کسی مصرعے میں ارکان کی تعداد متعین نہیں کی گئی کسی مصرعے میں ارکان کی تعداد کم اور کسی میں زیادہ ہوتی ہے۔

سوال : آزاد نظم اور آزاد غزل میں کون سی چیز مشترک ہے؟

جواب : دونوں میں بحر کی پابندی کی جاتی ہے۔

سوال : کیا آزاد غزل میں قافیے کا ہونا ضروری ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : انگریزی زبان میں آزاد نظم کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: **Free Verse**

سوال : کیا آپ آزاد نظم لکھنے والے دیگر چند شاعروں کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : جی ہاں: ڈاکٹر سہیل احمد خان، تبسم کاشمیری، تاب اسلم، تحسین فراقی، آفتاب اقبال شمیم، خاطر غزنوی۔

☆☆☆

اقبالیات

سوال :علامہ اقبال کے آباؤاجداد کا تعلق کشمیری برہمنوں کے خاندان سے تھا بتایئے ان کی گوت کیا تھی؟

جواب :سپرو۔

سوال :علامہ اقبال کے جد اعلیٰ کا نام کیا تھا اور وہ کہاں کے باشندے تھے؟

جواب :بابا لول حج......موضع چکو پرگنہ اڈون تحصیل کلگام اسلام آباد (کشمیر)

سوال :علامہ اقبال کے پردادا کا نام شیخ جمال الدین تھا دادا کا نام بتایئے؟

جواب :شیخ محمد رفیق۔

سوال :شیخ محمد رفیق کے ہاں کتنی اولادیں ہوئیں اور کون زندہ بچا؟

جواب :گیارہ، دس فوت ہوگئے اور صرف شیخ نور محمد زندہ بچے۔

سوال :علامہ اقبال کے والد کس کے ہاں ملازمت کرتے تھے؟

جواب :ڈپٹی وزیر علی بلگرامی کے ہاں۔

سوال :علامہ اقبال نے اپنی کس کتاب میں والد مرحوم کی خداترسی اور غریب نوازی کا واقع لکھا ہے؟

جواب :رموز بے خودی میں۔

سوال :ڈپٹی وزیر علی بلگرامی کی ملازمت ترک کرنے کے بعد علامہ اقبال کے والد شیخ نور محمد نے کس پیشے کو اپنایا؟

جواب :برقعوں کی ٹوپیاں سینا۔

سوال :علامہ اقبال کے استاد میر حسن ان کے والد شیخ نور محمد کو کیا کہا کرتے تھے؟

جواب :ان پڑھ فلسفی۔

سوال :علامہ اقبال کی والدہ کا نام بتایئے نیز ان کا انتقال کب اور کس عمر میں ہوا۔

جواب :امام بی بی......9 نومبر 1914ء 78 برس۔

سوال :علامہ اقبال نے اپنی والدہ کی یاد میں کتنے اشعار پر مشتمل نظم "والدہ مرحومہ کی یاد میں" لکھی؟

جواب :86 یہ بانگ درا میں شامل ہے۔

سوال :علامہ اقبال کی چار بہنیں تھیں بھائیوں کی تعداد بتایئے؟

جواب :دو۔

سوال :علامہ اقبال کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب :9 نومبر 1977ء بمطابق 3 ذی قعد 1294ھ سیالکوٹ بازار چوڑی گراں بروز جمعۃ المبارک (بازار چوڑی گراں کا موجودہ نام اقبال سٹریٹ ہے)

سوال :علامہ اقبال کو قرآن پاک پڑھنے کے لیے محلے کی کس مسجد میں بھیجا گیا تھا؟

جواب :عمر شاہ کی مسجد میں اور مولانا ابوعبداللہ غلام حسین کے مدرسے میں۔

سوال :مولانا غلام حسین کے بعد مولوی میر حسن انہیں عربی اور فارسی کی تعلیم دیتے رہے بتایئے انہوں نے کون کون سی کتابیں پڑھائیں۔

جواب :گلستان، بوستان، سکندر نامہ، اور انوار سہیلی۔

سوال :علامہ اقبال نے پرائمری جماعت کا امتحان کب پاس کیا؟

جواب :1888ء میں بعض کتب میں 1887 بھی درج ہے۔

سوال :علامہ اقبال نے مشن ہائی سکول سیالکوٹ سے اینگلو ورنیکلر کا امتحان کب پاس کیا؟

جواب :1891ء میں۔

سوال :علامہ اقبال نے میٹرک کا امتحان کس سن میں اور کس درجہ میں پاس کیا؟

جواب :1893ء میں درجہ اول میں گجرات سنٹر سے کیوں کہ سیالکوٹ میں امتحانی سنٹر نہ تھا۔

سوال :علامہ اقبال نے انٹرمیڈیٹ کا امتحان کہاں سے پاس کیا؟

جواب :مرے کالج سیالکوٹ سے۔

سوال :انٹرمیڈیٹ کرنے کے بعد علامہ اقبال نے لاہور کے کس کالج میں داخلہ لیا؟

جواب :گورنمنٹ کالج لاہور

سوال :گورنمنٹ کالج لاہور میں علامہ اقبال کو کس مشہور انگریز استاد کی رفاقت میسر آئی؟

جواب :پروفیسر آرنلڈ

سوال :علامہ اقبال نے 1899ء میں کس امتحان میں طلائی تمغہ حاصل کیا؟

جواب :ایم اے فلسفہ۔

سوال :علامہ اقبال نے 1905ء میں اعلیٰ تعلیم کی غرض سے کیمرج یونیورسٹی کے کس کالج میں داخلہ لیا؟

جواب :ٹرنٹی کالج۔

سوال : علامہ اقبال نے لنڈن سے بیرسٹری کا امتحان پاس کرنے کے بعد جرمنی کی کس یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری لی؟

جواب : میونخ یونیورسٹی سے۔

سوال : بتایئے علامہ اقبال نے کس موضوع پر مقالہ لکھ کر پی ایچ ڈی کی ڈگری لی؟

جواب : ایران میں فلسفہ مابعد الطبیعیات کا ارتقاء

سوال : اپنے پی ایچ ڈی کے مقالہ کی تیاری کے دوران میں علامہ اقبال میونخ کے علاوہ جرمنی میں کہاں مقیم رہے؟

جواب : ہائیڈل برگ۔

سوال : علامہ اقبال نے کس سن میں یورپ سے مراجعت کی؟

جواب : 1908ء میں لاہور سے

سوال : بتایئے علامہ اقبال لاہور کے کس کالج میں ڈیڑھ سال تک فلسفے کی تعلیم دیتے رہے؟

جواب : گورنمنٹ کالج لاہور۔

سوال : علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال نے ایران میں مابعد الطبیعیات کا ارتقات نامی مقالہ میونخ یونیورسٹی میں کب جمع کرایا تھا؟

جواب : 17 مئی 1907ء کو

سوال : پنجاب یونیورسٹی نے علامہ اقبال کو 4 دسمبر 1933ء کو اعزازی ڈگری دی بتایئے علی گڑھ یونیورسٹی نے علامہ اقبال کو ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری کب دی؟

جواب : 22 نومبر 1934ء

سوال : جاپان کی کس یونیورسٹی نے علامہ اقبال کو ان کی وفات کے بائیس برس بعد ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری جاری کی۔

جواب : جاپان کی تاؤ یونیورسٹی نے 1960ء میں۔

سوال : علامہ اقبال نے سکاچ مشن سکول اور کالج میں کن اساتذہ سے تعلیم حاصل کی؟

جواب : ماسٹر غلام علی، ماسٹر پالال، منشی امام دین، مولانا سید میر حسن، مسٹر ڈیوڈ، ماسٹر ٹہل سنگھ (عیسائی) مسٹر وہ وی سنگھا، پادری ینکس، جارج واج۔

سوال : علامہ اقبال نے اپنے استاد مولانا میر حسن کی وفات پر مادہ تاریخ کیا نکالا تھا۔

جواب : ما ارسلنک الا رحمۃ اللعالمین 1347 ہے۔

سوال : علامہ اقبال کو جب سر کا خطاب دیا جانے لگا تو انہوں نے کیا کہا؟

جواب : پہلے ان کے استاد مولانا سید میر حسن کو شمس العلماء کا خطاب دیا جائے۔

سوال : علامہ اقبال نے پروفیسر آرنلڈ کی یاد میں نالہ فراق کے عنوان سے ایک نظم لکھی ہے بتایئے یہ ان کی کس کتاب میں شامل ہے؟

جواب : بانگ دراء

سوال : علامہ اقبال نے استاد داغ دہلوی سے شرف تلمذ کیسے حاصل کیا؟

جواب : بذریعہ خط و کتابت۔

سوال : بتایئے ایم اے کرنے کے بعد علامہ اقبال کو کس کالج میں اور کب ملازمت ملی؟

جواب : اورینٹل کالج لاہور میں وقفوں کے ساتھ یعنی 13 مئی 1899ء سے 30 جون 1901ء پھر 2 جولائی 1902ء سے اکتوبر 1902ء اور پھر 2 مارچ 1903ء سے 2 جون 1903 تک۔

سوال : بتایئے اورینٹل کالج لاہور میں علامہ اقبال کو کس عہدے پر فائز کیا گیا؟

جواب : عربک ریڈر۔

سوال : اورینٹل کالج کی ملازمت ترک کرنے کے بعد علامہ اقبال کس کالج میں اسسٹنٹ پروفیسر مقرر ہوئے؟

جواب : پہلے چھ ماہ اسلامیہ کالج لاہور اور پھر گورنمنٹ کالج لاہور میں چھ ماہ تک ایڈیشنل پروفیسر اور پھر اسسٹنٹ پروفیسر (1903ء-1905ء)

سوال : یہ بتایئے کہ علامہ اقبال نے ایکسٹرا کمشنر کی آسامی کے لیے کب امتحان میں شرکت کی اور کیا وہ اس میں کامیاب ہوئے؟

جواب : 1901ء میں جی نہیں۔

سوال : علامہ اقبال گورنمنٹ کالج میں کس کی جگہ فلسفے کے اسسٹنٹ پروفیسر رہے؟

جواب : مسٹر جیمز کی جگہ۔

سوال : عربک ریڈر کی حیثیت سے علامہ اقبال کی تنخواہ کتنی تھی؟

جواب : صرف 73 روپے ماہانہ۔

سوال: بتائیے انگلستان سے واپسی پر علامہ اقبال نے چیف کورٹ لاہور میں کیا درخواست دی۔

جواب: ان کا نام وکلا کی فہرست میں شامل کر کے انہیں ایڈووکیٹ چیف کورٹ قرار دیا جائے (یہ درخواست 22 اکتوبر 1908ء کو دی گئی)

سوال: وکالت کے پیشے سے علامہ اقبال کی ماہانہ آمدنی تقریباً کتنی تھی؟

جواب: ایک ہزار روپے ماہوار۔

سوال: علامہ اقبال نے وکالت کب چھوڑی۔

جواب: 1934ء میں

سوال: علامہ اقبال لیجسلیٹو کونسل کے رکن کب بنے؟

جواب: 22 نومبر 1926ء۔23 نومبر 1929ء۔

سوال: علامہ اقبال نے ملک دین محمد کے 2478 ووٹوں کے مقابلے میں کتنے ووٹ لیے۔

جواب: 5675۔

سوال: کس مشہور شاعر نے علامہ اقبال کے شہرہ آفاق شاعر بننے کی پیش گوئی کی تھی؟

جواب: ارشد گورگانی۔

سوال: علامہ اقبال کی شاعری کے بارے میں ان کے استاد پروفیسر آرنلڈ کیا کہتے تھے؟

جواب: انکشاف حقیقت۔

سوال: علامہ اقبال نے اپنی آخری نظم کس عنوان سے اور کب لکھی؟

جواب: حضرت انسان......7 فروری 1938ء کو

سوال: علامہ اقبال کے ملازم علی بخش علامہ صاحب کی شاعری کے بارے میں کیا کہتے تھے؟

جواب: سچ تو یہ ہے کہ وہ خدا سے باتیں کرتے تھے جب شعروں کی آمد ہوتی تو سینکڑوں اشعار کہہ ڈالتے اور کبھی مہینوں تک کچھ نہ کہتے تھے۔

سوال: بانگ درا، ضرب کلیم اور بال جبریل میں سے کس کتاب میں اشعار زیادہ ہیں؟

جواب: بانگ دراء میں۔

سوال: لسان صدق فی الآخرین (1318ھ) علامہ اقبال نے قرآن مجید کے سورہ شعراء سے کس کی تاریخ وفات نکالی۔

جواب: امیر مینائی۔

سوال: علامہ اقبال نے ایم اسلم کی لے پالک بچی کے انتقال (28 اگست 1924ء) پر ان کا غم ہلکا کرنے کے لیے چند کتابیں بھیجیں ایم اسلم نے ان کا مطالعہ کرنے کے بعد کس نام سے دو ناول لکھے؟

جواب: بقائے دوام، موت کے بعد۔

سوال: 6 جنوری 1926ء کو کس مستشرق کے انتقال پر اپنی مثنوی اسرار خودی کے مترجم ڈاکٹر نکلسن کو ایک قطعہ ارسال کیا؟

جواب: ڈاکٹر اے جی براؤن۔

سوال: کرنل بھولا ناتھ اقبال کے معترفین میں سے تھے بتائیے ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب: 31 جنوری 1931ء کو

سوال: خواجہ الطاف حسین حالی نے علامہ اقبال کی کس نظم کے شعر کو پسند کر کے انجمن حمایت اسلام کے سالانہ جلسے میں دس روپے کا نوٹ دیا تھا؟

جواب: تصویر درد۔

سوال: حسرت موہانی نے اقبال کے انتقال پر ایک نظم کہی اس کا کوئی سا شعر بتائیے؟

جواب: عاشقی کا حوالہ بیکار ہے تیرے بغیر
آرزو کی زندگی دشوار ہے تیرے بغیر

سوال: علامہ اقبال نے کس شاعر کے انتقال پر اس کے نام سے تاریخ وفات نکالی؟

جواب: نواب مرزا داغ دہلوی۔

سوال: علامہ اقبال نے اپنے کس اردو مجموعے میں سوامی رام تیرتھ کے عنوان سے ایک لافانی نظم لکھی؟

جواب: بانگ درا۔

سوال: رجال اقبال کے مرتب عبدالرؤف عروج ہیں بتائیے اس کے ناشر کون ہیں؟

جواب: طارق اقبال گاہندری مالک نفیس اکیڈمی کراچی۔

سوال: ڈاکٹر تاثیر نے کس رسالے میں اسماء الرجال اقبال کے عنوان سے ایک مقالہ لکھا تھا؟

جواب: نیرنگ خیال۔

سوال: معاصرین اقبال کی نظر میں کے مرتب کا نام بتائیے؟

جواب: عبداللہ قریشی۔

سوال: پروفیسر ٹامس آرنلڈ جب لنڈن گئے تو علامہ اقبال نے ان کی یاد میں کون سی نظم لکھی؟

جواب: نالہ فراق۔

سوال: سر عبدالقادر نے علامہ اقبال کی کس کتاب کے دیباچے میں لکھا ہے کہ علامہ اقبال نے اپنے قیام لنڈن کے زمانے میں شاعری ترک کرنے کا ارادہ کیا تھا؟

جواب: بانگ دراء۔

سوال: مولانا ابوالکلام آزاد نے ہفتہ وار البلاغ کے پہلے شمارے کے سرورق پر اقبال کی ایک نظم میں ایک شاعر کے ایک شعر کو تضمین کیا شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: عرفی۔

سوال: اختر شیرانی نے 1935ء میں ارمان کے کس شمارے میں ''اقبال کے نام ایک وطن پرست کا پیغام'' کے عنوان سے ایک نظم چھاپی۔

جواب: تیسرے شمارے میں۔

سوال: ارشد گورگانی نے علامہ اقبال کے کس شعر پر انہیں خوب داد دی۔

جواب: موتی سمجھ کے شان کریمی نے چن لیے
قطرے جو تھے مرے عرق انفعال کے

سوال: اسد ملتانی کی ایک نظم کی علامہ اقبال نے اصلاح کی۔ علامہ اقبال کا شکریہ ادا کرنے کے لیے اسد ملتانی ان کے گھر گئے نظم کا عنوان بتایئے؟

جواب: قطرہ شبنم۔

سوال: شیخ عبدالقادر نے علامہ اقبال کی کس کتاب کے دیباچے میں یہ کہا تھا۔ ''اقبال اردو شعر کہتے ہوئے غیر شعوری طور پر فارسی کی طرف راغب رہتے ہیں''

جواب: بانگ دراء۔

سوال: اقبال شناسی اور فنون کس نے مرتب کی ہے۔

جواب: ڈاکٹر سلیم اختر۔

سوال: ''اقبال شناسی اور ادبی دنیا'' ڈاکٹر انور سدید نے مرتب کی ہے بتایئے اس کتاب میں مرتب نے کتنے برسوں کے مقالے منتخب کیے ہیں؟

جواب: 45 سال (مئی 1929ء۔ اپریل 1974ء) کیوں کہ ادبی دنیا اسی عرصہ میں جاری رہا۔

سوال: اقبال اور مشرق و مغرب کے مفکرین کس ممتاز ادیب کے مقالات کا مجموعہ ہے۔

جواب: ڈاکٹر عشرت حسن انور۔

سوال: کوئٹہ میں اقبال میموریل ہال اور اقبال لائبریری کا قیام کب عمل میں آیا؟

جواب: 1939ء میں۔

سوال: اقبال شناسی اور افشاں بیدار ملک کی تصنیف ہے فکر اقبال کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم۔

سوال: اقبال کا فارسی کلام رفیق خاور کی تصنیف ہے بتایئے اسے کس نے شائع کیا؟

جواب: بزم اقبال لاہور نے۔

سوال: علی سردار جعفری کو اقبال ایوارڈ کب دیا گیا؟

جواب: 1985ء میں۔

سوال: علامہ اقبال کی شاعری کا چرچا کب ہوا؟

جواب: صرف بائیس برس کی عمر میں جب انہوں نے 1899ء میں انجمن حمایت اسلام لاہور کے جلسے میں اپنی نظم نالہ یتیم پڑھ کر سنائی۔

سوال: عروج اقبال ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی کی تصنیف ہے بتایئے یہ اقبال کی زندگی کے کس دور تک کا احاطہ کرتی ہے؟

جواب: 1908ء تک

سوال: ''اقبال اور احترام انسانیت'' نامی کتاب ڈاکٹر محمد ریاض نے لکھی ہے۔ بتایئے مصنف نے اس کے انتساب میں کون سا شعر لکھا ہے؟

جواب: اس قوم کو فولاد کی حاجت نہیں رہتی
ہو جس کے جوانوں کی خودی صورت فولاد

سوال: سید وحیدالدین نے فلسفہ اقبال ''خطبات کی روشنی میں'' اپنی کتاب کی ابتداء کس عنوان کے تحت کی؟

جواب: ''کچھ یادیں''۔

سوال: علامہ اقبال نے ایک بار اپنے کسی دوست سے ایک تاریخی کتاب کا مقدمہ پڑھنے کو کہا کتاب کا نام بتایئے؟

جواب: تاریخ ابن خلدون۔

سوال : مقامات اقبال ڈاکٹر سید محمد عبداللہ کی تصنیف ہے بتایئے اس میں کتنے مضامین شامل ہیں؟

جواب : پندرہ۔

سوال : ''اقبال کی اردو نثر'' کے عنوان سے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد نے بی اے کی سطح پر ایک کورس کب نافذ کیا؟

جواب : 1985ء میں۔

سوال : ماہرین اقبال نے کس کتاب کو زندہ رود کے بعد دوسری سب سے اہم کتاب قرار دیا ہے؟

جواب : ''مطالعہ اقبال کے چند نئے رخ''۔

سوال : مولانا محمد اسلم جیراجپوری نے علامہ اقبال کی دو مثنویوں پر کب تبصرہ لکھا؟

جواب : 1919ء میں۔

سوال : علامہ اقبال نے 1928ء میں مدراس میں جو فلسفیانہ لیکچر دیئے نذیر نیازی نے کس نام سے ان کا ترجمہ کیا؟

جواب : جدید الٰہیات اسلامیہ۔

سوال : اسماعیل میرٹھی نے کب ''قواعد اردو'' تبصرہ کے لیے علامہ اقبال کو بھیجی؟

جواب : 2 نومبر 1912ء کو

سوال : علامہ اقبال نے 1912ء میں انجمن حمایت الاسلام کے جلسے میں ایک نظم شمع اور شاعر پڑھی بتایئے یہ نظم کتنی نشستوں میں پڑھی گئی؟

جواب : دو......ایک کی صدارت فقیر سید افتخار الدین نے جب کہ دوسری کی مرزا سلطان احمد نے کی۔

سوال : علامہ اقبال کی والدہ کے انتقال پر اکبر الٰہ آبادی نے اردو اور فارسی میں دو قطعات لکھے ان میں سے ایک قطعہ کے الفاظ بتایئے؟

جواب : مادر مخدومہ اقبال رفت

سوئے جنت زیں جہان بے ثبات

گفت اکبر با دل پر درد و غم

رحلت مخدومہ تاریخ وفات 1333ھ

سوال : علامہ اقبال کی اکبر الٰہ آبادی سے تیسری ملاقات کب ہوئی؟

جواب : 29 فروری 1920ء کو

سوال : سر اکبر حیدری سے اقبال کا پہلا تعارف کس نے کرایا؟

جواب : عطیہ بیگم نے۔

سوال : 1920ء میں نواب ذوالفقار علی خاں نے مشرق سے ایک آواز کے عنوان سے اقبال پر انگریزی میں پہلی کتاب لکھی بتایئے اس کا دیباچہ کس نے لکھا؟

جواب : سردار امراؤ سنگھ نے۔

سوال : علامہ اقبال کے بارے میں یہ کس نے کہا تھا کہ اقبال فرانس کے شاعر پال کلوڈے سے بہت مشابہت رکھتے ہیں؟

جواب : علامہ عبداللہ یوسف علی۔

سوال : ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی نے عروج اقبال کے نام سے ایک مبسوط کتاب لکھی ہے بتایئے یہ اقبال کی زندگی کے کس دور کا احاطہ کرتی ہے؟

جواب : 1908ء تک کے دور کا۔

سوال : علامہ اقبال نے مشہور نظم محراب گل خاں کے افکار میں کس شاعر کے افکار کی ترجمانی کی ہے؟

جواب : خوشحال خاں خٹک۔

سوال : علامہ اقبال نے کس شاعر کو شاعر افغان شناس کہا ہے؟

جواب : خوشحال خاں خٹک

سوال : علامہ اقبال نے دکن کا پہلا سفر کب کیا؟

جواب : مارچ 1910ء میں

سوال : علامہ اقبال کو حیدر آباد میں کس کی میزبانی کا شرف حاصل ہوا؟

جواب : سر اکبر حیدری

سوال : علامہ اقبال نے خلد آباد (اورنگ آباد) میں کس کے مزار پر حاضری دی تھی؟

جواب : اورنگ زیب عالمگیر کے مزار پر۔

سوال : علامہ اقبال نے جون 1921ء میں دو ہفتے تک کشمیر کے کس مقام پر قیام کیا؟

جواب : سری نگر

سوال : پیام مشرق میں علامہ اقبال نے کشمیر سے متعلق اپنی کون سی نظم لکھی تھی؟

جواب : ساقی نامہ

سوال : علامہ اقبال کی کتنی اولاد تھی؟

جواب : چار دولڑکے، دولڑکیاں۔

سوال : بتایئے علامہ اقبال نے یہ شعر کس کی حویلی میں پڑھا؟

شب فرقت تصور تھا، مرا اعجاز تھا، کیا تھا
تری تصویر کو میں نے بلایا ہے تو بولی ہے

جواب : آغا شہباز خاں کی حویلی میں۔

سوال : حکومت میسور نے علامہ اقبال کو فلسفہ کے بارے میں اپنے ہمہ گیر خیالات سے عوام کو روشناس کرنے کے لیے کب مدعو کیا؟

جواب : 1930ء میں۔

سوال : علامہ اقبال نے سرنگاپٹم (میسور) میں ٹیپو سلطان کے مزار پر حاضری دیتے ہوئے کون سا شعر پڑھا؟

جواب : تابش از خورشید و مہ تابندہ تر
خاک قبرش از من تو زندہ تر

سوال : علامہ اقبال پہلی مرتبہ کب بھوپال گئے؟

جواب : 10 مئی 1931ء کو۔

سوال : کس کی تجویز پر نواب بھوپال نے علامہ اقبال کے لیے پانچ سو روپے ماہوار وظیفہ مقرر کیا۔

جواب : سرراس مسعود۔

سوال : علامہ اقبال نے کن دیگر ممالک کی سیاحت کی؟

جواب : مصر، اٹلی، فلسطین، افغانستان اور سپین۔

سوال : علامہ اقبال سپین کے شہر قرطبہ کب گئے؟

جواب : 1933ء میں۔

سوال : علامہ اقبال نے کل کتنی شادیاں کیں۔

جواب : تین (1) کریم بی بی۔ (2) سردار بیگم (3) مختار بیگم۔

سوال : علامہ اقبال کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 21 اپریل 1938ء۔

سوال : علامہ اقبال نے بلبل شیراز کس کو کہا تھا؟

جواب : شیخ سعدیؒ کو

سوال : علامہ اقبال نے خاتون عجم کسے کہا تھا؟

جواب : قرۃ العین طاہرہ۔

سوال : علامہ اقبال کی تصنیف علم الاقتصاد کب شائع ہوئی؟

جواب : دسمبر 1904ء میں۔

سوال : علامہ اقبال نے علم الاقتصاد کے دیباچے میں اپنے کس استاد کا شکریہ ادا کیا ہے؟

جواب : پروفیسر سر ٹامس آرنلڈ۔

سوال : مثنوی اسرار خودی علامہ اقبال کے کلام کا پہلا فارسی مجموعہ ہے۔ بتایئے علامہ اقبال نے اسے کب لکھنا شروع کیا؟

جواب : 1913ء میں۔ 1915ء میں چھپی۔

سوال : نامور مستشرق ڈاکٹر نکلسن نے اسرار خودی کا ترجمہ کس نام سے کیا؟

جواب : (The Secrets of the Self)

سوال : مثنوی اسرار خودی کا کن زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے؟

جواب : ترکی، عربی، سندھی، پنجابی، تھائی، بنگالی۔

سوال : بتایئے اسرار خودی کے شعروں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب : 820۔

سوال : مثنوی رموز بے خودی کب شائع ہوئی؟

جواب : اپریل 1918ء۔

سوال : رموز بے خودی کا انگریزی میں ترجمہ کس نے کیا؟

جواب : پروفیسر اے جے آربری۔

سوال : پشتو، سندھی، بنگالی، اور عربی میں اسرار خودی اور رموز بے خودی کا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب : علی الترتیب سمندر خاں سمندر، محمد بخش واصف حیدر آبادی، پروفیسر آدم الدین احمد، عبدالوہاب عظام (عربی)

سوال :رموز بے خودی میں کتنے اشعار ہیں؟

جواب :1076۔

سوال :پیام مشرق (فارسی) کب منظر عام پر آئی؟

جواب : یکم مئی 1923ء

سوال : کیا آپ پیام مشرق کا پورا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب :پیام مشرق در جواب دیوان شاعر المانوی گوئٹے۔

سوال :پیام مشرق کا جرمنی میں کس نے ترجمہ کیا ہے؟

جواب :پروفیسر این میری شمل۔

سوال :پیام مشرق میں کتنے اشعار ہیں؟

جواب :1017۔

سوال :علامہ اقبال کا پہلا اردو مجموعہ کلام بانگ درا کب منظر عام پر آیا؟

جواب :ستمبر 1924ء میں۔

سوال :بانگ دراء کا پشتو میں ترجمہ کس نے کیا ہے؟

جواب :راحت زاخیلی نے۔

سوال :علامہ اقبال نے زبور عجم کس کتاب کے بعد لکھی؟

جواب :پیام مشرق کے بعد۔

سوال :زبور عجم میں کل کتنے اشعار ہیں؟

جواب :2234

سوال :تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ کب شائع ہوئی؟

جواب :1929ء میں

سوال :تشکیل جدید الٰہیات میں علامہ اقبال کے کتنے خطبے شامل ہیں؟

جواب :سات

سوال :جاوید نامہ کب شائع ہوا اور اسے علامہ نے کس سے منسوب کیا؟

جواب :1932ء میں......جاوید اقبال

سوال :بال جبریل جنوری 1935ء میں منظر عام پر آئی نیز یہ بتائیے کہ اس کا پہلا نام کیا تھا؟

جواب :نشان منزل

سوال :ضرب کلیم 1936ء میں شائع ہوئی بتائیے اسے علامہ اقبال کے نزدیک کیا اہمیت حاصل تھی؟

جواب :وہ اسے دور حاضر کے خلاف اعلان جنگ قرار دیتے تھے۔

سوال :علامہ اقبال کی دیگر کتب کے نام بتائیے؟

جواب :پس چہ باید کرد، اے اقوام مشرق معہ مثنوی مسافر، ارمغان حجاز، ایران میں فلسفہ مابعد الطبیعیات کا ارتقاء، وغیرہ۔

سوال :علامہ اقبال نے شیطان کا پیغمبر کسے کہا تھا؟

جواب :میکیاولی

سوال :علامہ اقبال کو شبلی نعمانی نے 1911ء میں ملک الشعراء کا خطاب دیا تھا بتائیے انہیں سر کا خطاب کب ملا تھا؟

جواب : یکم جنوری 1923ء

سوال :شاہ سلیمان پھلواری نے علامہ اقبال کو کون سا خطاب دیا تھا؟

جواب :فرزدق ہند

سوال :پنجاب کے کس چیف جسٹس نے علامہ اقبال کو خاں صاحب کا خطاب دیا تھا؟

جواب :سر شادی لال

سوال : گورنر پنجاب مسٹر میکلیگن نے علامہ اقبال کے لیے کس خطاب کی سفارش کی تھی؟

جواب :نائٹ ہڈ

سوال :علامہ میر آزاد بلگرامی نے علامہ اقبال کو حسان الہند کا خطاب دیا تھا؟ بتائیے امام العصر کا خطاب علامہ کو کس نے دیا تھا؟

جواب :مولانا عبدالماجد دریا آبادی۔

سوال :شمس العلماء میر حسن علامہ اقبال کو کیا کہتے تھے؟

جواب :روحانی بیٹا

سوال :علامہ اقبال کو حکیم حیات کا خطاب کس نے دیا تھا؟

جواب :مشہور شاعر گوئٹے نے

سوال :علامہ اقبال کو قوم نے کون کون سے خطابات دیے تھے؟

جواب :شاعر مشرق، حکیم الامت، ترجمان حقیقت اور ترجمان اسلام

سوال :علامہ کو ترجمان حقیقت کا خطاب کب دیا گیا تھا؟

جواب :1911ء میں

سوال :علامہ اقبال کو کس نے جرمنی کا معنوی فرزند کہا ہے؟

جواب :ڈاکٹر این میری شمل نے

سوال :مولانا جوہر نے علامہ اقبال کو کون سا خطاب دیا تھا؟

جواب :مرشد لباسی۔

سوال :علامہ اقبال نے حضرت داتا گنج بخش کو مخدوم امم کہا ہے بتایئے مولانا روی کو کیا کہا تھا؟

جواب :روحانی رہبر اور خضر راہ۔

سوال :علامہ نے جمال الدین افغانی کو سید السادات کا خطاب دیا بتایئے نطشے کو کیا خطاب دیا؟

جواب :مجذوب فرنگی۔

سوال :جس سال علامہ اقبال کی اردو نظموں اور غزلوں کا اولین مجموعہ شائع ہوا اسی سال ڈاکٹر جاوید اقبال کی پیدائش ہوئی۔ مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب :بانگ درا

سوال :علامہ اقبال کو متعدد شاعروں نے منظوم خراج عقیدت پیش کیا۔ کیا آپ یہ بتا سکتے ہیں کہ اکبر الہ آبادی نے علامہ اقبال کے بارے میں کون سا شعر کہا؟

جواب :حضرت اقبال میں جو خوبیاں پیدا ہوئیں
قوم کی نظریں جوان کے طرز کی شیدا ہوئیں

سوال :بتایئے علامہ اقبال کی وفات پر سر اکبر حیدری نے کیا کہا؟

جواب :علامہ اقبال کی وفات کی خبر میرے لیے صدمے کا باعث ہوئی آہ ہماری تاریخ کی ایک نامور ہستی مٹ گئی اور زیادہ صدمہ مجھے اس لیے ہے کہ مرحوم میرے مخلص دوست تھے۔

سوال :علامہ اقبال کے کم از کم تین محبوب صوفیا کے نام بتایئے؟

جواب :(1) حضرت فضیل بن عیاضؒ (2) حضرت جنید بغدادیؒ (3) حضرت بایزید بسطامیؒ۔

سوال :علامہ اقبال کے اس شعر کو مکمل کریں؟
میرا طریق امیری نہیں فقیری ہے

جواب : خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر

سوال :خودی کے بارے میں علامہ اقبال نے جو مشہور شعر کہا ہے اس کے بارے میں بتایئے؟

جواب :خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

سوال :علامہ اقبال نے مغربی تہذیب کی تباہی کے بارے میں جو شعر کہا! اس کے الفاظ بتایئے؟

جواب :تمہاری تہذیب اپنے خنجر سے آپ ہی خودکشی کرے گی
جو شاخ نازک پہ آشیانہ بنے گا ناپائیدار ہوگا

سوال :علامہ اقبال کے قیام یورپ کے حوالے سے سعید اختر درانی نے کون سی کتاب لکھی؟

جواب :اقبال یورپ میں۔

سوال :''علامہ اقبال کا خطبہ الہ آباد ایک مطالعہ'' کے نام سے کتاب کس نے مرتب کی؟

جواب :ندیم شفیق ملک۔

سوال :علامہ اقبال اور قرون اولیٰ کے مسلمان مجاہدین، کے عنوان سے شائع ہونے والی کتاب کے مولف کا نام بتائیں؟

جواب :عبدالصبور طارق

سوال :''اقبال پیامبر امید'' کس مشہور ماہر اقبالیات کی کتاب ہے؟

جواب :تصدق حسین راجہ۔

سوال :''اقبال کا ذہنی وفنی ارتقا'' نامی کتاب محمد وسیم انجم نے لکھی بتایئے اقبال کے افکار ونظریات کس نے لکھی؟

جواب :محمد وسیم انجم۔

سوال :ان چار معروف ادیبوں اور شاعروں کے نام بتایئے جنہوں نے علامہ اقبال کی زندگی میں علامہ اقبال کی شاعری اور افکار ونظریات کو تنقیدی میزان میں تولنا شروع کر دیا تھا۔

جواب :دیا نرائن نگم۔ کرنل بھولا ناتھ، مرزا احسان احمد اور وحید احمد مسعود۔

سوال :اس مشہور مصور کا نام بتایئے جس نے علامہ اقبال پر بننے والی دستاویزی فلم روزگار فقیر کے آرٹ ڈائریکٹر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں؟

جواب :آفتاب ظفر

سوال :مفاہیم اقبال کے مرتب رمصنف کا نام بتایئے؟
جواب :ڈاکٹر سید اختر جعفری
سوال :علامہ اقبال پر لکھی گئی ان کتابوں کے مصنف کا نام بتایئے؟
(1) اقبال اور عصری نظام تعلیم (2) اقبال اور مغربی تہذیب و ثقافت (3) اقبال کے درِ دولت پر (4) اقبال کا پیغام بلادِ عربیہ کے نام (5) اقبال کا نظریہ علم وفن (6) اقبال کی شخصیت کے تحقیقی عناصر
جواب : مولانا ابوالحسن علی ندوی۔
سوال : کیا آپ ملتان میں اقبال شناسی کے مصنف کا نام بتا سکتے ہیں؟
جواب :جی ہاں ڈاکٹر اسد فیض۔
سوال :شاعر امروز و فردا کے مرتب کا نام بتایے؟
جواب :زاہد حسین انجم۔
سوال :پروفیسر ڈاکٹر انوار احمد کی کتاب تحریک پاکستان میں علامہ اقبال کا کردار کب شائع ہوئی؟
جواب :1993ء میں۔
سوال :یہ بتایئے اقبال اور ہزارہ کے مصنف کون ہیں۔
جواب : قاضی بشیر احمد سوز
سوال :ڈاکٹر تبسم کاشمیری نے علامہ اقبال کے صد سالہ جشن کے موقع پر علامہ اقبال پر تین کتابیں تحریر کیں۔ کتابوں کے نام بتایئے؟
جواب :(1) اقبال اور نئی قومی ثقافت 1977 (2) اقبال تصور قومیت اور پاکستان 1977ء اور (3) شعریات اقبال 1977ء
سوال :نقد اقبال، حیات اقبال اور اقبال چند نئے مباحث کے مرتب و مصنف ایک مشہور ادیب اور شاعر ہیں نام بتایئے؟
جواب :ڈاکٹر تحسین فراقی۔
سوال :ڈاکٹر جسٹس جاوید اقبال کی کتاب افکار اقبال وتشریحات جاوید) کب شائع ہوئی؟
جواب :1992ء میں۔
سوال : جعفر بلوچ نے علامہ اقبال پر تین کتابیں مرتب کیں ان میں سے دو کے نام اقبالیات اسد ملتانی اور دوسری کا نام اقبال شناسی اور سیارہ ہے تیسری کا نام بتایئے؟
جواب : مجالس اقبال۔

سوال :ڈاکٹر حسرت کاسگنجوی نے بھی علامہ اقبال پر ایک کتاب لکھی ہے کتاب کا نام بتایئے؟
جواب :مطالعہ اقبال
سوال :اوزان اقبال نامی کتاب کے مرتب رمصنف پروفیسر ابوالاعجاز صدیقی تھے بتایئے ان کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟
جواب :اوکاڑہ میں 21 دسمبر 2006ء کو
سوال :ممتاز شاعر، ادیب، صحافی، مصور اور مترجم خاطر غزنوی نے علامہ اقبال پر کون سی کتاب لکھی؟
جواب :خیابان اقبال
سوال :ڈاکٹر انور محمود خالد نے ''اقبال کا خصوصی مطالعہ'' کے نام سے ایک کتاب تحریر کی بتایئے یہ کب شائع ہوئی؟
جواب :1970ء میں۔
سوال :ڈاکٹر رشید امجد نے 1984ء میں علامہ اقبال پر ایک کتاب تحریر کی، کتاب کا نام بتایئے؟
جواب :اقبال فکر وفن۔
سوال :ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی نے علامہ اقبال پر متعدد کتب تحریر کیں۔ کسی تین کے نام بتایئے؟
جواب :(1) خطوط اقبال (2) اقبال بحیثیت شاعر (3) اقبال شناسی کا محور۔
سوال :اقبال شاعری اور فکر و مقام کے خالق کا نام بتایئے؟
جواب :سید روح الدین
سوال :اقبال ایک ثقافتی تناظر کے مصنف ڈاکٹر سعادت سعید ہیں۔ بتایئے وہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
جواب :15/ مارچ 1949ء لاہور میں۔
سوال :اقبال کی سیاسی زندگی ڈاکٹر محمد سلیم کی کتاب ہے اقبال ایک سیاستدان کے مصنف کا نا بتایئے؟
جواب : محمد صدیق قریشی
سوال :اقبالیات...... چند نئی جہات کس کی تصنیف ہے؟
جواب :ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا۔
سوال : عبدالحلیم صدیقی نے علامہ اقبال کے فارسی کلام کا منظوم اردو ترجمہ کس نام سے کیا؟
جواب : کیا رنگ ہو تدبیر کا

سوال :اقبال کی عرفانی زاویے کے مصنف ڈاکٹر تقی عابدی ہیں کیا آپ عرفان بے خودی کے مصنف کا نام بتاسکتے ہیں؟

جواب :عبدالحلیم صدیقی۔

سوال :پروفیسر سعید راشد(20 جنوری 1927ء۔19 جون 1999ء) نے علامہ اقبال پر کون کون سی دو کتابیں لکھیں؟

جواب :(1) تذکرہ اقبال (2) مکالمات اقبال

سوال :ڈاکٹر سید سلطان محمود حسین نے کس عنوان سے علامہ اقبال پر کتاب لکھی؟

جواب :علامہ اقبال کی ابتدائی زندگی۔

سوال :اقبال اور کشمیر، اقبال اور آزادی کشمیر اور اقبال اور امر بہائی کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :ڈاکٹر صابر آفاقی۔

سوال :ڈاکٹر طارق عزیز نے تلخیص خطبات اقبال کے نام سے کب کتاب تحریر کی؟

جواب :1989ء میں۔

سوال :دو اقبال، اقبال وعلی شریعتی، اقبال وعلامہ مشرقی کے مصنف ڈاکٹر ظہور احمد اعوان ہیں بتایئے انہوں نے ڈاکٹر اقبال پر کس عنوان سے مقالہ لکھ کر پی ایچ ڈی کی ڈگری لی ہے؟

جواب :اقبال اور افغان

سوال :اقبال کے آخری دو سال نامی کتاب عاشق حسین بٹالوی نے تحریر کی وہ ۱۹۰۷ء میں پیدا ہوئے بتایئے ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب :17؍جولائی 1989ء میں۔

سوال :اقبال شناسی اور نوید صبح کے مصنف ڈاکٹر زاہد منیر عامر ہیں مغرب پر اقبال کی تنقید کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :ڈاکٹر عبدالغنی فاروق۔

سوال :تصورات اقبال شاہ نوش فاروقی کی کتاب ہے۔بتایئے ان کا تعلق کس صوبے سے ہے؟

جواب :صوبہ سرحد سے

سوال :ڈاکٹر انعام الحق کوثر نے علامہ اقبال اور.....کس صوبے کے نام سے کتاب لکھی؟

جواب :بلوچستان

سوال :ڈاکٹر سید محمد اکرم نے علامہ اقبال پر کون کون سی کتابیں تحریر کیں؟

جواب :(1) اقبال درراہ مولوی (فارسی) (2) اقبال و جہان فارسی (فارسی) (3) اقبال اور ملی تشخص (4) اقبال ایک تحریک

سوال :اقبال کا فکر جمال کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :محمد فیروز شاہ

سوال :پروفیسر محمد منور مرزا ماہر اقبالیات تھے بتایئے ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب :7فروری2000ء

سوال :ڈاکٹر معین نظامی نے بھی علامہ اقبال پر باشتراک کتابیں لکھیں۔کتابوں کے نام بتایئے؟

جواب :(1) اقبال شناسی حصہ اول 2003ء (2) اقبال شناسی حصہ دوم 2003ء (3) اقبال شناسی حصہ سوم 2004ء

سوال :ڈاکٹر اے ڈی نسیم نے شرح کلیات اقبال اردو اور فارسی میں تحریر کی بتایئے انہوں نے اقبال پر کونسی دوسری کتاب لکھی؟

جواب :ارکان....."کلام اقبال کے آئینے میں"۔

سوال :نظیر لدھیانوی (9؍فروری 1902۔27 جنوری 1989) نے علامہ اقبال کی کس کتاب کا منظوم اردو ترجمہ کیا؟

جواب :اسرار ورموز۔

سوال :ڈاکٹر وحید عشرت نے علامہ اقبال کے خطبات کا ترجمہ کس عنوان سے کیا؟

جواب :تجدید فکریات اسلام۔

سوال :اقبال جو اقبال ہے، حیات اقبال کا سفر، بیت بازی اقبالیات اور علامہ اقبال بحیثیت ادبی نقاد کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :ڈاکٹر ہارون الرشید تبسم۔

سوال :۲۰۰۱ء میں یاسمین حمید کو ان کی علمی وادبی خدمات کے اعتراف میں کون سا ایوارڈ دیا گیا؟

جواب :علامہ اقبال ایوارڈ۔

سوال :کلام اقبال کے عوامی افق کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :مشکور حسین یاد۔

سوال: ڈاکٹر محمد خالد مسعود نے **1977**ء میں امریکا کی کس یونیورسٹی میں اقبال اور اجتہاد نامی مقالہ پیش کیا؟

جواب: کولمبیا یونیورسٹی میں۔

سوال: علامہ اقبال کا کونسا مجموعہ کلام قوم کے لیے بیداری، تہیہ، سفر اور متحد حیثیت میں منزل مقصود کی طرف سفر کا وسیلہ ہے۔

جواب: بانگ درا۔

سوال: علامہ اقبال کی بچوں کے لیے لکھی گئی نظم پہاڑ اور گلہری کا کوئی ایک مکالمہ بتایئے؟

جواب: کوئی پہاڑ یہ کہتا تھا اک گلہری سے
تجھے ہو شرم تو پانی میں جا کے ڈوب مرے

سوال: علامہ اقبال کی رموز بے خودی کے آخری باب کا عنوان کیا ہے؟

جواب: عرض حال مصنف بحضور رحمت للعالمین ﷺ ہیں۔

سوال: علامہ اقبال کا کوئی ایک ایسا شعر بتائیں جس میں انہوں نے بلندی اور پستی کی طرف اشارہ کیا ہو؟

جواب: پرواز ہے دونوں کی اسی ایک فضا ہیں
کرگس کا جہاں اور ہے شاہیں کا جہاں اور

سوال: کس زمانہ کو علامہ اقبال کی یورپی ادبی تحریک کا زمانہ کہا جاتا ہے؟

جواب: **1910**ء سے **1930** تک

سوال: علامہ اقبال نے اپنی کس کتاب میں امریکی اور برطانوی شعراء کی نظموں سے اخذ و ترجمہ شامل کیا ہے؟

جواب: بانگ دراء

سوال: علامہ اقبال نے کن زبانوں کے الفاظ کو اپنی شاعری میں جگہ دی ہے؟

جواب: اردو، عربی، سنسکرت اور فارسی۔

سوال: علامہ اقبال نے بانگ دراء میں کن شاعروں کی نظموں سے اخذ اور ترجمہ کیا؟

جواب: ایمرسن، براؤننگ، ٹینی سن، سموئیل راجرز، لانگ فیلو اور ولیم کوپر۔

سوال: علامہ اقبال نے اپنی شاعری میں شاہین کو کیسے پیش کیا ہے؟

جواب: استعارے کے طور پر

سوال: علامہ اقبال کے مکاتیب کا لہجہ عموماً عالمانہ پایا گیا ہے۔ بتایئے بے تکلف کے حساب کے ساتھ اقبال کے اسلوب تحریر میں کون سی چیز نمایاں تھی۔

جواب: مزاح و ظرافت کی چاشنی

سوال: ادبی اور تنقیدی مسائل و معارف سے اقبال کے خط ابھرے پڑے ہیں۔ کوئی ایک مثال دیجئے؟

جواب: عبدالرحمان شاطر کے نام علامہ اقبال اپنے ایک خط میں لکھتے ہیں
اعجاز عشق کے چند صفحے تو میں پہلے دیکھ چکا تھا۔ باقی اشعار بھی ماشاء اللہ نہایت بلند پایہ ہیں آپ کے کلام میں ایک خاص رنگ ہے جو اور شعراء میں بہت شاذ پایا جاتا ہے۔

سوال: کیا آپ جانتے ہیں کہ بانگ دراء کی پہلی طویل نظم کونسی ہے؟

جواب: تصویر درد

سوال: یہ بتایئے کہ تصویر درد کتنے بندوں پر مشتمل ہے؟

جواب: آٹھ

سوال: طواسین اقبال کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: شیخ محمد عمر فاروق

سوال: طواسین اقبال کا پہلا مقالہ کس عنوان سے کتاب میں شامل کیا گیا ہے؟

جواب: اقبال اور افلاطون

سوال: کیا اقبال کے مثالی انسان کی تشکیل نطشے کے افکار کے مطابق ہے یا نہیں؟

جواب: اقبال کے مثالی انسان کی تشکیل میں نطشے کے افکار کی بجائے اسلامی تعلیمات اور مسلمان مفکرین کے اثرات کارفرما ہیں۔

سوال: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتائیں جس میں دنیا کی امامت کا ذکر کیا گیا ہو؟

جواب: سبق پھر پڑھ صداقت کا شجاعت کا عدالت کا — لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

سوال: اقبال کی طرز ادا میں آزادی مستی اور جذب ایسے ملے ہوئے ہیں کہ انسان ان کا کلام سن کر وجد کرنے لگتا ہے وہ اپنی شخصیت کا اظہار لفظ قلندر سے کرتے ہیں جس سے بڑھ کر رومانویت پسندی کے اظہار کے لیے غالباً اور کوئی دوسرا لفظ نہیں۔ رومانویت اور رمزیت کی روح اس لفظ میں آ گئی ہے؟
بتایئے یہ الفاظ ڈاکٹر یوسف حسین خان نے اپنی کس کتاب میں لکھے ہیں۔

جواب: روح اقبال میں

سوال :علامہ اقبال نے خطاب بہ جوانان اسلام کے عنوان سے ایک نظم لکھی ہے اس کے کوئی دو شعر تو بتایئے؟

جواب: کبھی اے نوجواں مسلم تدبر بھی کیا تو نے
وہ کیا گردوں تھا تو جس کا اک ٹوٹا ہوا تارا
تجھے اس قوم نے پالا ہے آغوش محبت میں
کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں تاج سردارا

سوال: تو راز کن فکاں ہے اپنی آنکھوں پر عیاں ہو جا
خودی کا راز داں ہو جا، خدا کا ترجماں ہو جا
بتایئے یہ شعر علامہ اقبال کی کس نظم سے لیا گیا ہے؟

جواب: طلوع اسلام سے

سوال: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتایئے جس میں ایران اور ترکی کے شاعروں اور دانشوروں کے نام آتے ہوں۔

جواب: عطار ہو، رومی ہو، رازی ہو غزالی ہو
کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہ سحر گاہی

سوال: علامہ اقبال نے ایک مکتوب میں مولانا غلام قادر گرامی کو کیا لکھا مختصراً بتایئے؟

جواب: آپ کہاں ہیں حیدر آباد میں یا عدم آباد میں۔ اگر عدم آباد میں ہیں تو مجھے مطلع کیجیے؟ کہ میں کوئی تعزیت نامہ لکھوں۔

☆☆☆

رباعی

سوال :اردو رباعی ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی کتاب ہے، اردو رباعیات کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :سلام سندیلوی۔

سوال :رباعی کا موجد کسے کہا جاتا ہے؟

جواب :امیر یعقوب بن لیث صفار کو (ماہ نو دسمبر 1984ء)

سوال :سید سلیمان ندوی نے رباعی کو فارسی النسل قرار دیا ہے یا عربی النسل؟

جواب :عربی النسل۔

سوال :سنسکرت، سندھی اور پشتو میں رباعی کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب :چار چرن، چوپائی، چار بیتہ

سوال :اردو رباعی کا پہلا شاعر کسے سمجھا جاتا ہے؟

جواب :ملا وجہی کو۔

سوال :محی الدین قادری زور نے اردو شہ پارے میں ملا وجہی کی کتنی رباعیاں نقل کی ہیں؟

جواب :دو۔

سوال :خواجہ میر درد کی رباعیوں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب :کلیات میر درد مطبع نولکشور 1892ء میں سوا سو کے قریب رباعیاں ہیں۔

سوال :میر حسن نے تذکرہ شعرائے اردو میں اپنی کتنی رباعیاں نقل کی ہیں؟

جواب :دو۔

سوال :انیس کے مجموعہ کلام میں تقریباً 550 رباعیاں ہیں بتایئے دبیر کے یہاں کتنی رباعیاں ملتی ہیں؟

جواب :دوسو۔

سوال :انیس کی رباعیات کے ایک مجموعے کا نام انیس الاخلاق ہے دوسرے کا نام آپ بتایئے؟

جواب :رباعیات انیس۔

سوال :آتش سیال اردو رباعیات وقطعات کا مجموعہ ہے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :عارف عبدالمتین۔

سوال :عمر خیام کی رباعیات کا ترجمہ رابرٹ فٹز جیرالڈ نے کس سن میں کیا؟

جواب :1889ء میں (فارسی سے انگریزی)

سوال :فٹز جیرالڈ نے رباعیات عمر خیام پر نظر ثانی کر کے اسے کب شائع کرایا؟

جواب :1868ء میں۔

سوال :برصغیر میں رباعیات عمر خیام کا ترجمہ کن حضرات نے کیا؟

جواب :ڈاکٹر سلیم واحد سلیم اور ڈاکٹر محمد دین تاثیر۔

سوال :رباعی کس زبان کا لفظ ہے نیز اس کا مطلب کیا ہے؟

جواب :عربی کا......چار چار کے۔

سوال :شاعری کی اصطلاح میں رباعی کا مطلب کیا ہے؟

جواب :شاعری میں رباعی اس صنف کو کہتے ہیں جس میں چار مصرعوں میں ایک مکمل مضمون ادا کیا جاتا ہے۔

سوال :رباعی کے دیگر مختلف نام کون کون سے ہیں؟

جواب :ترانہ، دوبیتی، چہار مصراعی، چہار بیتی، جفتی، اور خصی۔

سوال :فارسی کے رباعی گو دو شاعروں کے نام بتایئے؟

جواب :باباطاہر، ابوسعید ابوالخیر۔

سوال :رباعی گو شاعر ابوسعید ابوالخیر مارچ 966ء میں پیدا ہوئے بتایئے انہوں نے کب انتقال کیا؟

جواب :12 جنوری 1049ء کو۔

سوال :عظیم رباعی گو شاعر باباطاہر عریاں ہمدانی (متوفی 1010ء) نے رباعیات کس زبان میں لکھیں؟

جواب :فارسی۔

سوال :پاکستان کے ممتاز سیاست دان طالب المولیٰ نے کس نام سے رباعیات لکھیں۔

جواب :رباعیات طالب۔

سوال :مشہور رباعی بلغ العلےٰ بکمالہ کس عظیم شخصیت کی ہے؟

جواب :شیخ سعدیؒ

سوال :بتایئے یہ رباعی کس نے کہی ہے؟

یا صاحب الجمال و یا سید البشر
من وجہک المنیر لقد نورالقمر
لا یمکن الثنا کما کان حقہ
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

جواب :شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی۔

سوال :اکبرالہٰ آبادی کی اس رباعی کے پہلے دو مصرعے دیئے گئے ہیں آخری دو مصرعے لکھ کر رباعی مکمل کریں؟

گزرا ہے مری نظر سے سب کا جلوہ
سب سے بہتر ہے روز و شب کا جلوہ

جواب:

کہتا ہے عجم عجم میں جم سے موجود
کہہ دو کہ عرب میں دیکھ رب کا جلوہ

سوال :چند اردو رباعی گو شعرا کے نام بتایئے؟

جواب :میر، درد، سودا، میر حسن، حسرت، جرأت، انشاء، مصحفی، مومن۔

سوال :اکبرالہٰ آبادی کی رباعیاں محاسن شعری کے اعتبار سے کس کی رباعیوں سے برتر ہیں؟

جواب :حالی۔

سوال :''دست زرفشاں'' عمر خیام کی رباعیات کا مجموعہ ہے جسے اردو میں ڈھالا گیا ہے۔ بتایئے کس نے؟

جواب :صبا اکبرآبادی نے۔

سوال :صادقین نے کس نام سے رباعیاں لکھی ہیں؟

جواب :رباعیات صادقین۔

سوال :غالب کی تمام فارسی رباعیات کا ترجمہ صبا اکبرآبادی نے اردو رباعی میں کس نام سے منتقل کیا ہے؟

جواب :ہم کلام۔

سوال :بال جبریل کے حصہ رباعیات میں کل کتنی رباعیات شامل ہیں؟

جواب :39۔

سوال :چند اور رباعی گو شعرا کے نام بتایئے؟

جواب :شفیق جونپوری، آسی سکندر پوری، امجد حیدرآبادی، اخگر مرادآبادی، جوش ملیح آبادی، یگانہ چنگیزی، فراق گورکھپوری۔

سوال :کیا آپ اس رباعی کے آخری دو مصرعے بتا سکتے ہیں؟

ہر صبح غموں میں شام کی ہے میں نے
خون نابہ کشی مدام کی ہے میں نے

جواب:

یہ مہلت کم کہ جس کو کہتے ہیں عمر
مر مر کے غرض تمام کی ہے میں نے

سوال : کیا یگانہ کی رباعیاں کامیاب ہوئیں؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : اکبرالہ آبادی کی کس رباعی میں قرآن کی تفسیر پڑھنے کو کہا گیا ہے؟

جواب: کچھ منع نہیں ہر اک کی تحریر پڑھو
لیکن قرآن کی بھی تفسیر پڑھو
عظمت دنیا کی جب دبائے دل کو
خالق کا کرو خیال تکبیر پڑھو

سوال : گردسفر کس کا شعری مجموعہ ہے؟

جواب : کے ایم عارف۔

سوال : "پانی میں سورج" عذرا وحید کا شعری مجموعہ ہے بتایئے "کلیوں کے خواب" کس کا شعری مجموعہ ہے؟

جواب : نرگس شیخ۔

سوال : بتایئے یہ رباعی کس کی ہے؟

اغیار نویس، رنگ صنم دیکھتے ہیں
وہ حسن حقیقت کو تو کم دیکھتے ہیں
وہ تو فقط صورت پہ جاتے ہیں نظر
صورت کا جو مفہوم ہے ہم دیکھتے ہیں

جواب : صادقین۔

سوال : درشن سنگھ "آوارہ" نے کس مشہور فارسی شاعر کی رباعیات کا پنجابی میں ترجمہ کیا ہے؟

جواب : عمر خیام۔

سوال : اردو کے ان دو شعرا کے نام بتایئے جن کی رباعیات بہت مقبول ہوئیں؟

جواب : انیس، دبیر اور حالی۔

سوال : ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ نے 700 رباعیاں لکھیں بتایئے پروفیسر بلدیو سنگھ نے کتنی رباعیاں لکھیں؟

جواب : 745۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ فارسی رباعی کی اوپر عنوان نہیں ہوتا؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : غلام قادر گرامی کی رباعیات کے فارسی مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب : رباعیات گرامی۔

سوال : آغوش حیرت نصیرالدین نصیر کی رباعیات کا مجموعہ ہے بتایئے یہ کس زبان میں ہے؟

جواب : فارسی میں۔

سوال : صلاح الدین پرویز کی شاعری کا مجموعہ **Love Poems** پہلے منظر عام پر آیا یا دھوپ سرائے؟

جواب: **Love Poems**

سوال : رباعیات افسر کس کی رباعیوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : افسر امروہوی

سوال : یہ بتایئے افسر امروہوی کا اصل نام کیا ہے؟

جواب : منظور احمد

سوال : رباعی کا ابتداء کس ملک سے ہوئی؟

جواب : ایران سے۔

سوال : بتایئے ایران کے کس شاعر کی اولیں رباعی گو شاعر کہا جاتا ہے؟

جواب : رودکی کو

سوال : فارسی کے کم از کم چھ رباعی گو شعراء کے نام بتایئے؟

جواب : (1) باباطاہر عریاں (2) عمر خیام (3) سرمد (4) ابوسعید ابوالخیر (5) فریدالدین عطار اور (6) سعدی شرازیؒ

سوال : اردو شاعری کے ابتدائی دور کے کس شاعر کا کلیات رباعیوں سے بھرا ہوا ہے؟

جواب : میرزا سودا۔

سوال : شاد عظیم آبادی کی رباعیاں عشقیہ نوعیت کی ہیں بتایئے امیر مینائی کی نعتیہ شاعری کس نوعت کی ہے؟

جواب : رباعیوں کی شکل میں

سوال : کیا اقبال، فانی، یگانہ، سیماب۔ سلیم پانی پتی، جوش اور فراق گورکھپوری نے بھی رباعی کے میدان میں طبع آزمائی کی ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : پنجابی کے کن کلاسیکی شعراء نے رباعی کے میدان میں طبع آزمائی کی؟

جواب : مولا بخش کشتہ، سادقین اور ڈاکٹر فقیر محمد فقیر

سوال . جدید دور میں جن شعراء نے رباعیاں لکھیں ان کے نام بتایئے؟

جواب : تنویر بخاری، اقبال زخمی اور ساقی گجراتی۔

سوال : بتایئے یہ رباعی کس مشہور شاعر نے لکھی ہے؟

بعد از اتمام بزم عید اطفال
ایام جوانی دیے ساغر کش حال
آ پہنچے ہیں تا سواد اقلیم عدم
اے عمر گزشتہ یک قدم استقبال

جواب : میرزا اسداللہ خاں غالب

سوال : غنی دہلوی بھی رباعیات لکھتے تھے ان کی کسی ایک رباعی کو تحریر کیجیے؟

جواب: افکار کو سر گرم سفر رکھتا ہوں
ہر گوشۂ عالم پہ نظر رکھتا ہوں
اسرار فلک ہوں کہ زمین کے جوہر
شاعر ہوں ہر اک شئے کی خبر رکھتا ہوں

☆☆☆

سانٹ

سوال : سانٹ نظم ہی کی ایک شکل ہے بتایئے اس میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

جواب : چودہ۔

سوال : سانٹ کو انگریزی میں ترقی دینے میں کس نے اہم کردار ادا کیا؟

جواب : ولیم شیکسپیر نے۔

سوال : اردو زبان میں سانٹ کا مترادف کیا ہے؟

جواب : سبع۔

سوال : اردو سانٹ (تعارف وانتخاب) کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر حنیف کیفی۔

سوال : سانٹ کس زبان کا لفظ ہے نیز اس کا مطلب کیا ہے؟

جواب : یہ اطالوی زبان کے لفظ سانیٹو (Sonetto) سے مشتق ہے جس کا مطلب ہے مختصر آواز یا راگ۔

سوال : سانٹ کی ہیئت اور تکنیک کے اعتبار سے کتنی قسمیں ہیں؟

جواب : (1) اطالوی یا پڑارکی (2) انگریزی یا شیکسپیری (3) اسپنسری۔

سوال : سانٹ کی سب سے قدیم اور بنیادی شکل کون سی ہے؟

جواب : اطالوی یا پڑارکی (یہ اطالوی شاعر پڑارک کی کاوش کا نتیجہ ہے)

سوال : سانٹ چودہ مصروں پر مشتمل ہوتا ہے بتایئے اس کے کتنی بند ہوتے ہیں؟

جواب : دو (پہلا بند آٹھ مصرعوں کا دوسرا چھ مصرعوں کا)

سوال : پہلے بند کو اردو میں مثمن کہا جاتا ہے بتایئے دوسرے بند کو کیا کہتے ہیں۔

جواب : مسدس۔

سوال : انگریزی یا شیکسپیری سانٹ کو کس نے نئی شکل میں پیش کیا؟

جواب : (ارل آف سرے 1517-1547)

سوال : انگریزی یا شیکسپیری سانٹ کو کس نے نقش دوام بخشا؟

جواب : شیکسپیر نے۔

سوال : اسپنسر کے ایجاد کودہ سانٹ میں شیکسپیری سانٹ کی طرح کتنے مربع ہوتے ہیں۔؟

جواب : تین۔

سوال : موضوع کے اعتبار سے سانٹ اور غزل میں کیا فرق ہے؟

جواب : دونوں میں بڑی مطابقت پائی جاتی ہے؟

سوال : سانٹ لکھنے والے چند مشہور انگریز شعراء کے نام بتائیے؟

جواب : ملٹن، ورڈز ورتھ، میریڈتھ، ڈی جی روسیٹی، سرٹامس ائٹ۔ ولیم شیکسپر، جان کیٹس

سوال : سانٹ کا آغاز کس ملک میں ہوا؟

جواب : بعض محققین کے مطابق فرانس کے جنوب مشرقی حصے میں واقع صوبہ پرود، بینس اور بعض کے نزدیک اٹلی کے جزیرہ سسلی میں۔

سوال : کیا اطالوی شاعر دانتے بھی سانٹ لکھتا تھا؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : ورڈز ورتھ نے کتنے سانٹ لکھے؟

جواب : 523

سوال : ورڈز ورتھ کے بعد کس کے سانٹ اہمیت کے حامل ہیں؟

جواب : کیٹس۔

سوال : سانٹ لکھنے والے جدید انگریزی شعرا کے چند نام بتائیے؟

جواب : ٹامس ہارڈی، ایلفرڈ ڈگلس، جان میسفیلڈ، روپرٹ، بروک ولفریڈ اووین، رابرٹ کنگو

سوال : حسرت موہانی کی کن دو نظموں میں سانٹ کی تکنیک کی مشابہت پائی جاتی ہے؟

جواب : بربط سلمٰی اور ترانہ محبت۔

سوال : اردو سانٹ نگاری میں کسے اولیت دی جاتی ہے؟

جواب : عظیم الدین احمد نے اردو کا پہلا سانٹ 1903ء میں لکھا۔

سوال : اردو کے پہلے سانٹ کا عنوان کیا تھا؟

جواب : فریاد عظیم۔

سوال : ن م راشد نے بھی سانٹ لکھے ان کا پہلا سانٹ کب اور کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : زندگی (ہمایوں اپریل 1930ء میں چھپا)

سوال : عبیداللہ ٹونکی نے کس نام سے سانٹ لکھا؟

جواب : ترانہ شجاعت۔

سوال : ابتدائی دور کے اردو کے چند سانٹ لکھنے والے شعراء کے نام بتائیے؟

جواب : اختر شیرانی، ابوالمکرم حیرت، تصدق حسین خالد، ن م راشد۔

سوال : تصدق حسین خالد کا کون سا سانٹ سرود نو (1948) میں شائع ہوا؟

جواب : تیری محبت۔

سوال : اردو میں سانٹ کا مجموعہ کس نے لکھا؟

جواب : نغمات (شائق وارثی بریلوی نے)

سوال : اس مجموعے میں کتنے سانٹ شامل ہیں؟

جواب : 52۔

سوال : موجودہ دور کے سانٹ نگاروں کے نام بتائیے؟

جواب : روشن لال نعیم، جمیل واسطی، احمد ندیم قاسمی، اختر ہوشیار پوری، ناظم جعفری، طفیل ہوشیار پوری، تابش صدیقی، منوہر لال ہادی، نجمہ تصدق، نذیر مرزا برلاس، عزیز تمنائی، ارشد صدیقی، عمیق حنفی، بیمل کرشن رشک، نریش کمار شاد، عزیز اندوری، انصیر پرواز، حق ابروی چھتر پوری، شمیم ہاشمی، محمود رضوی، ڈاکٹر حنیف کیفی۔

سوال : ڈاکٹر حنیف کیفی نے اپنی کتاب اردو سانٹ میں سانٹ کی کیا تعریف لکھی ہے؟

جواب : سانٹ تمنائی شاعری کی چودہ مصرعوں پر مشتمل ایک ایسی صنف ہے جس کی ایک مخصوص بحر ہوتی ہے جس کے مصرعوں میں قوافی کی ترتیب مقررہ اصولوں کے ماتحت ایک خاص انداز میں ہوتی ہے اور جس میں صرف ایک خیال، جذبے یا احساس کی ترجمانی ہوتی ہے یہ خیال یا جذبہ اکثر نقطۂ عروج تک پہنچ جاتا ہے وحدت خیال اور شدت احساس سانٹ کے لازمی عناصر ہیں۔

سوال : پنجابی زبان میں جن شعراء نے سانیٹ کے میدان میں طبع آزمائی کی ان میں سے کسی تین کے نام بتائیے؟

جواب : نجم حسین سید۔ صفدر میر، اختر جعفری

سوال : سانیٹ کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب : تین

سوال : کیا آپ سانیٹ کی تین قسموں کے نام بتا سکتے ہیں

جواب : جی ہاں (1) اسپنسر ین سانیٹ (2) پیٹرارکی سانیٹ اور (3) شیکسپرین سانیٹ

سوال : ن م راشد نے سانیٹ کی کس قسم کو اپنایا؟

جواب : ن م راشد کی نظم ستارے پیٹرارکی کی بہترین مثال ہے۔

☆☆☆

سی حرفی

سوال :انگریزی دور کے سی حرفی لکھنے والے پنجابی شاعروں کے نام بتائیے؟

جواب :اروڑا رائے، ہاشم شاہ مخلص، نور احمد چشتی، رمضان علی رمضو، مولوی عبدالستار، لابھ سنگھ، اشرف، درویش، گیان داس، ہدایت اللہ، بردا پشاوری، سید فضل شاہ، غلام نبی، احمد علی، جان محمد، خیر دین، عبدالرحمٰن غلدی، محمد بوٹا گجراتی، رحیم یار، گھسیٹا مل غمناک، خلیفہ قمر نواب حسن خاں عرف حکیم گاموں، نیک عالم، استاد گام، بھائی جان شیدا۔

سوال : سی حرفی پنجابی شاعری کی ایک صنف ہے بتائیے اس کی نوعیت کیا ہوتی ہے؟

جواب :اس میں ہر بند کے پہلے مصرعے کا پہلا حرف ابجد ہوتا ہے۔

سوال : سی حرفی میں کون کون سے حروف نہیں آتے؟

جواب :ب،ٹ،چ،ڈ،ڑ،ژ،گ۔

سوال :اردو میں بیت کے کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

جواب :دو۔

سوال : گورونانک سے قبل پنجابی زبان میں کتنی اصناف میں شاعری ملتی ہے؟

جواب :38 (پھلواڑی پنجابی دی کتاب برائے انٹرمیڈیٹ)

سوال :آخری مغل بادشاہ کے زمانے میں سی حرفی لکھنے والے شاعروں کے نام بتائیے؟

جواب :علی حیدر (1101-1191ھ) بلھے شاہ (1103-1171) ۔وارث شاہ۔خواجہ خرد فقیر، سید غلام قادر، بدھ سنگھ، سیوا سنگھ۔

سوال : کیا آپ رنجیت سنگھ کے زمانے کی سی حرفی لکھنے والوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب :دیال سنگھ، غلام گوپال سنگھ، مہر سنگھ، سندر داس آرام، ہاشم شاہ، امام بخش، بہبل۔

سوال : قادر یار نے سی حرفی میں کون کون سے قصے لکھے ہیں؟

جواب :پورن بھگت، معراج نامہ، سوہنی مہینوال، راجہ رسالو۔

سوال : حضرت سلطان باہو کا پنجابی کلام شاعری کی کس صنف میں ملتا ہے؟

جواب :سی حرفیوں کی شکل میں۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ فضل شاہ نے سی حرفیاں بھی لکھیں؟

جواب :جی ہاں۔

سوال :پنج گنج سی حرفیوں کا ایک مجموعہ ہے بتائیے یہ کس نے لکھا؟

جواب :پنجابی شاعر محمد بوٹا۔

سوال :پنجابی کے مشہور شاعر استاد دامن کا انتقال کب ہوا؟

جواب :3 نومبر 1984ء کو وہ استاد ہمدم کے شاگرد تھے۔کلام کا کوئی مجموعہ نہیں مدفن لاہور۔

سوال :انگریزی سی حرفی لکھنے کا رواج کن دو انگریز شاعروں کے درمیان ہوا؟

جواب :ملٹن، اور ورڈز ورتھ۔

سوال :پنجابی میں سب سے پہلی اور پرانی سی حرفی کس نے لکھی تھی؟

جواب :شاہ میراں جی۔

سوال : کلیات ہدایت کس کی سی حرفیوں کا مجموعہ ہے۔

جواب :پنجابی شاعر علی حیدر۔

سوال : حضرت سلطان باہو کی سی حرفی کا کوئی نمونہ بتائیے؟

جواب: الف اللہ چنبے دی بوٹی میرے مرشد من وچ لائی ہو
نفی اثبات دا پانی ملیس ہر رگے ہر جائی ہو
اندر بوٹی مشک مچایا جاں پھلاں تے آئی ہو
جیوے مرشد کامل باہو جیں ایہ بوٹی لائی ہو

سوال :پنجابی زبان کے سی حرفی لکھنے والے چند شعراء کے نام بتائیے؟

جواب :حضرت سلطان باہو، بابا بلھے شاہ، علی حیدر ملتانی، میاں ہدایت اللہ۔میاں محمد بخش، محمد بوٹا گجراتی، سید فضل شاہ اور قادر یار

سوال :سی حرفی کس شکل میں لکھی جاتی ہے؟

جواب :بندوں کی شکل میں

☆☆☆

غالبیات

سوال : بتایئے مرزا غالب کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : آگرہ میں 27 دسمبر 1797ء کو

سوال : کیا آپ مرزا اسد اللہ خاں غالب کے والد کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : جی ہاں عبد اللہ بیگ۔

سوال : مرزا غالب کا تعلق کس قوم سے تھا؟

جواب : سلجوقی ترکوں سے۔

سوال : غالب کے دادا مرزا قوقان بیگ کہاں سے ہجرت کر کے ہندوستان آئے تھے؟

جواب : سمرقند سے۔

سوال : مرزا غالب کے والد عبد اللہ بیگ کس کے ہاں ملازم تھے؟

جواب : نواب اودھ آصف الدولہ کے پاس لکھنؤ میں پھر حیدر آباد میں۔

سوال : بتایئے ریاست الور کی لڑائی میں جب مرزا غالب کے والد کا انتقال ہوا تو اس وقت مرزا غالب کی عمر کتنی تھی؟

جواب : پانچ برس۔

سوال : مرزا غالب کے کس چچا نے مرزا غالب کی بہن خانم اور چھوٹے بھائی مرزا یوسف کی پرورش کی تھی؟

جواب : مرزا نصر اللہ بیگ نے۔

سوال : مرزا غالب کے چچا مرزا نصر اللہ بیگ کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 1806ء میں۔

سوال : مرزا نصر اللہ بیگ کی وفات کے بعد مرزا غالب اور مرزا یوسف کو کتنی پنشن ملنے لگی؟

جواب : پندرہ سو روپے ماہوار۔

سوال : مرزا غالب کی شادی کتنی عمر میں اور کس سے ہوئی؟

جواب : 13 برس کی عمر میں نواب الٰہی بخش خاں معروف کی صاحبزادی امراؤ بیگم سے۔

سوال : مرزا غالب نے ابتدائی طور پر کن زبانوں میں تعلیم حاصل کی؟

جواب : عربی اور فارسی۔

سوال : بتایئے مرزا غالب نے کس عمر میں شعر کہنے شروع کیے؟

جواب : تیرہ برس کی عمر میں۔

سوال : مرزا غالب کس سن میں مغلیہ خاندان کی تاریخ لکھنے پر مامور ہوئے؟

جواب : 1850ء میں۔

سوال : بتایئے مرزا غالب کو کون کون سے خطابات ملے تھے؟

جواب : نجم الدولہ، دبیر الملک، نظام جنگ۔

سوال : مرزا غالب نے مغلیہ خاندان کی تاریخ کی پہلی جلد کس نام سے مکمل کی تھی؟

جواب : مہر نیم روز 1852ء میں۔

سوال : ذوق کے انتقال کے بعد مرزا غالب کس کے استاد مقرر ہوئے؟

جواب : بہادر شاہ ظفر۔

سوال : والیٔ رام پور نے بھی مرزا غالب کی مستقل تنخواہ مقرر کی تھی بتایئے والیٔ رام پور کا نام کیا تھا؟

جواب : نواب یوسف علی خاں۔

سوال : کس سن میں مرزا غالب کی پنشن موقوف ہوگئی؟

جواب : 1857ء جنگ آزادی کے بعد۔

سوال : مرزا غالب کا انتقال کب ہوا اور ان کا مدفن کہاں ہے؟

جواب : 15 فروری 1869ء کو خواجہ نظام الدین اولیا کے مزار کے قریب دہلی میں۔

سوال : برصغیر پاک و ہند میں مرزا غالب کی صد سالہ برسی کس سن میں منائی گئی؟

جواب : 1969ء میں۔

سوال : بتایئے مرزا غالب کس عمر میں دہلی منتقل ہوئے تھے؟

جواب : بیس سال کی عمر میں 18-1817ء میں۔

سوال : مرزا غالب کے ان احباب کا نام بتایئے جن کا قریبی تعلق شاہ ولی اللہ کے خاندان سے تھا؟

جواب : مولوی امام بخش صہبائی، مولوی فضل حق خیر آبادی، نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ، حکیم مومن خاں مومن۔

سوال : مرزا غالب اردو اور فارسی کلام میں کون سی علامت سب سے زیادہ استعمال میں لائے؟

جواب : چراغاں۔

سوال : مرزا غالب کن علامات سے مرعوب ہو کر ان سے خونِ شہدا مراد لیتے تھے؟

جواب : لالہ اور لالہ گل۔

سوال : مرزا غالب کا اپنی پنشن کے دعویٰ کی پیروی کے لیے 1827ء 1828ء میں کہاں جانا پڑا

جواب : کلکتہ۔

سوال : مرزا غالب کا یہ شعر دوسرا مصرعہ لگا کر مکمل کیجئے۔

بازیچۂ اطفال ہے دنیا میرے آگے

جواب : ہوتا ہے شب و روز تماشا میرے آگے

سوال : مرزا غالب کی پہلی سوانح حیات کا نام بتایئے؟

جواب : یادگارِ غالب۔

سوال : مرزا غالب کی نثر ان کے خطوط ہیں بتایئے یہ کس نام سے طبع ہوئے ہیں؟

جواب : اردوئے معلیٰ اور غالب کے خطوط۔

سوال : غالب کا یہ شعر مکمل کریں۔

ہیں اور بھی دنیا میں سخنور بہت اچھے

جواب : کہتے ہیں کہ غالب کا ہے انداز بیاں اور

سوال : مدت ہوئی ہے یار کو مہماں کیے ہوئے

جوشِ قدح سے بزم چراغاں کیے ہوئے

بتایئے یہ مرزا غالب کی مختصر غزل کا مطلع ہے یا طویل غزل کا؟

جواب : طویل غزل کا۔

سوال : مرزا غالب کے کل کتنے بچے تھے؟

جواب : سات لیکن پندرہ ماہ سے زیادہ عرصہ تک کوئی بھی زندہ نہ رہا۔

سوال : مرزا غالب کی اردو فارسی تصانیف کی تعداد کتنی ہے؟

جواب : 24۔

سوال : مرزا غالب کے کس شعر کو ڈاکٹر برج موہن نے اقبال کے شکوہ کا خلاصہ قرار دیا تھا؟

جواب : ہیں آج کیوں ذلیل جو کل تک نہ تھی پسند

گستاخیِ فرشتہ ہمارے جناب میں

سوال : مرزا غالب نے رام پور شہر کو کون سا خطاب دیا تھا؟

جواب : دارالسرور

سوال : کیا یہ درست ہے کہ میر مہدی مجروح مرزا غالب کے چہیتے شاگرد تھے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : غالب کے فارسی دواوین کے نام تو بتایئے؟

جواب : گلِ رعنا اور میخانۂ آرزو۔

سوال : مرزا غالب اپنی تصنیف دستنبو کس ملکہ کو پیش کرنے کا ارادہ رکھتے تھے؟

جواب : برطانیہ کی ملکہ وکٹوریہ کو۔

سوال : مرزا غالب کے مشہور شاگردوں کے نام بتایئے؟

جواب : میر مہدی مجروح، قربان علی بیگ سالک، الطاف حسین حالی، منشی ہرگوپال تفتہ، نواب علاؤالدین، خاں علائی، ذکی، عزیز، مشتاق اور جوہر۔

سوال : مرزا غالب نے جو خطوط احباب کو لکھے تھے بتایئے وہ کس نام سے شائع ہوئے ہیں؟

جواب : عودِ ہندی۔

سوال : مرزا غالب کا اردو دیوان کس سن میں اور کہاں سے طبع ہوا؟

جواب : 1842ء میں دہلی سے۔

سوال : مرزا غالب نے لطائف غیبی رسالہ کس فرضی نام سے لکھا تھا؟

جواب : سیف الحق کے نام سے۔

سوال : مہر نیم روز فارسی میں خاندان تیموریہ کی تاریخ ہے بتایئے مرزا غالب نے اسے کس سن میں تصنیف کیا نیز یہ کتاب مرزا نے کس کے ایما پر لکھی؟

جواب : امیر تیمور سے ہمایوں تک، بہادر شاہ ظفر۔

سوال : سبد چین مرزا غالب کی تصنیف ہے بتایئے اس میں مرزا غالب نے قصائد کے علاوہ کیا کیا شامل کیا ہے؟

جواب : قطعات اور خطوط۔

سوال : غالب نے اپنی بیوی کے کس بھانجے کی پرورش کی تھی؟

جواب : زین العابدین خاں عارف۔

سوال : 1802ء میں مرزا غالب کے والد کا انتقال کس مقام پر ہوا؟

جواب : راجگڑھ۔

سوال : مرزا غالب کی عمر کا بیشتر حصہ دہلی کے کس حصہ میں گزرا؟

جواب : محلہ بلی ماراں۔

سوال : غالب نے اپنی کس تصنیف میں انشاء پردازی کے اصول بیان کیے ہیں؟

جواب : پنج آہنگ۔

سوال : غالب ایوارڈ کس ملک کا ادبی ایوارڈ ہے؟

جواب : بھارت۔

سوال : مرزا غالب نے کس شہر کو ہندوستان کا بغداد کہا تھا؟

جواب : لکھنؤ کو۔

سوال : مرزا غالب کا پہلا نقاد کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب : نواب مصطفیٰ خان شیفتہ کو۔

سوال : شاہ عالم ثانی کے علاوہ مرزا غالب نے کس بادشاہ کا دور دیکھا؟

جواب : بہادر شاہ ظفر۔

سوال : کیا آپ مرزا غالب کی مثنویوں کی کل تعداد بتا سکتے ہیں؟

جواب : گیارہ۔

سوال : مشکلات غالب علامہ نیاز فتح پوری کی تصنیف ہے روح غالب کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : صوفی غلام مصطفیٰ تبسم۔

سوال : بتایئے مرزا غالب نے سب سے آخری خط کسے لکھا تھا؟

جواب : نواب علاؤالدین احمد کو۔

سوال : غالب کی زندگی میں دیوان غالب (اردو) کے کتنے ایڈیشن شائع ہوئے؟

جواب : پانچ۔

سوال : ذوق، غالب اور مومن کے دیوانوں کا ایک انتخاب کس نام سے شائع ہوا تھا؟

جواب : نگارستان سخن (اس میں دیوان غالب کی تقریباً تمام غزلیں شامل ہیں)

سوال : دیوان غالب کا پہلا ایڈیشن 1257ھ مطابق اکتوبر 1841ء شائع ہوا بتایئے اس کے صفحہ 104 پر کونسی رباعی درج ہے؟

جواب: ہیں شہ میں صفات ذوالجلالی باہم
آثار جلالی و جمالی باہم
ہوں شاد نہ کیوں اسفل و عالی باہم
ہے اب کے شب قدر و دوالی باہم

سوال : دیوان کے طبع اول میں کتنے اشعار شامل تھے؟

جواب : 1096۔

سوال : مرزا غالب کے چھوٹے بھائی مرزا یوسف مرزا غالب سے کتنے چھوٹے تھے؟

جواب : دو سال۔

سوال : مرزا غالب کی قیام گاہ بھارت کے کس شہر کے کس مقام پر ہے؟

جواب : دہلی میں قاسم جان سٹریٹ محلہ بلی ماراں میں۔

سوال : 1969ء میں روس میں بھی مرزا غالب کی صد سالہ برسی منائی گئی بتایئے اس موقع پر کس نے ان کی غزلوں کا ترجمہ کیا؟

جواب : شاعرہ ویرا پوتا پورا نے۔

سوال : نواب محمد مصطفیٰ خاں شیفتہ اردو میں غالب کے شاگرد تھے بتایئے مومن کس زبان میں مرزا کے شاگرد تھے؟

جواب : فارسی میں۔

سوال : غالب کی غزلوں کی کل تعداد بتایئے؟

جواب : 328۔

سوال : مرزا غالب کا نجم الدولہ دبیر الملک نظام جنگ کا خطاب کب اور کس نے دیا تھا؟

جواب : سراج الدین بہادر شاہ ظفر نے 4 جولائی 1850ء کو۔

سوال : نظامی گنجوی کی مثنوی ساقی نامہ کی طرز پر مرزا غالب نے کون سی مثنوی لکھی تھی؟

جواب : ابر گہر بار۔

سوال : کیا آپ مرزا غالب کی تصنیف قاطع برہان کا دوسرا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : درفش کاویانی۔

سوال : میر مہدی مجروح نے غالب کے انتقال کے دوسرے روز کس اخبار میں اپنا تعزیتی مضمون لکھا تھا؟

جواب : اکمل الاخبار کی 16 فروری 1869ء کی اشاعت میں۔

سوال : مرزا اسد اللہ خاں غالب فارسی میں مستقل نثر لکھتے تھے بتایئے اردو میں کیا لکھتے تھے؟

جواب : صرف خطوط۔

سوال : غالب اپنی کس زبان کی شاعری کو بے رنگ شاعری کا نام دیتے تھے؟

جواب : اردو شاعری کو فارسی کے مقابلے میں۔

سوال : کیا آپ جانتے ہیں کہ مرزا غالب جنگ آزادی کو کیا نام دیتے تھے؟

جواب : فتنۂ آشوب۔

سوال : ڈاکٹر عبدالرحمان بجنوری نے اپنی کس کتاب میں دیوان غالب کو ہندوستان کی الہامی کتاب قرار دیا ہے؟

جواب : محاسن کلام غالب۔

سوال : بیگم غالب کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 4 فروری 1870ء کو۔

سوال : ''مرزا غالب.....قومی و عالمی تناظر میں'' نامی کتاب کے مصنف پروفیسر ڈاکٹر انعام الحق کوثر ہیں بتایئے یہ کتاب کب شائع ہوئی؟

جواب : 1998 میں

سوال : بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟

کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالب
شرم تم کو مگر نہیں آتی

جواب : اسد اللہ خاں غالب۔

سوال : بازیافت غالب، جہانگیر غالب، غالب پیمائی، غالب شناس گیتا رضا کی یاد میں۔ غالب اور انقلاب ستاون دیوان غالب نسخہ خواجہ کے مرتب کا نام بتایئے

جواب : ڈاکٹر معین الرحمان

سوال : ڈاکٹر صابر آفاقی نے غالب کے فارسی قصائد کا ترجمہ کس زبان میں کیا ہے؟

جواب : اردو میں

سوال : محاسن کلام غالب کے مرتب/مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری

سوال : ''یادگار غالب'' غالب پر شائع ہونے والی پہلی کتاب تھی یا دوسری؟

جواب : پہلی یہ 1897 میں طبع ہوئی

سوال : پاکستان کے ابتدائی دور کے چند غالب شناسوں کے نام بتایئے؟

جواب : ایس ایم اکرام۔ مولانا غلام رسول مہر۔ اور پروفیسر حمید احمد خاں

سوال : غالب صدی کے موقع پر مولانا غلام رسول مہر نے غالب کے خطوط مرتب کئے بتایئے یہ کس زبان میں تھے۔؟

جواب : اردو میں

سوال : مرقع غالب کس کی تخلیق ہے؟

جواب : حمید احمد خاں کی

سوال : فلسفہ کلام غالب کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : شوکت سبزواری

سوال : بتایئے شرح دیوان غالب یوسف سلیم چشتی نے لکھی ہے یا صوفی غلام مصطفیٰ تبسم نے؟

جواب : یوسف سلیم چشتی

سوال : غالب شاعر امروز و فردا کے مصنف ڈاکٹر فرمان فتحپوری ہیں غالب کی تہذیبی شخصیت کے مرتب کا نام بتایئے؟

جواب : جیلانی کامران

سوال : پاکستان کے چند غالب شناس مصنفین کے نام بتایئے؟

جواب : ایس ایم اکرام، خلیفہ عبدالحکیم، حمید احمد خان، ڈاکٹر وحید قریشی، شوکت سبزواری، قدرت نقوی، آفتاب احمد خان، خلیل الرحمٰن داودی، صوفی غلام مصطفیٰ تبسم، مولانا حامد علی خان اور مولانا غلام رسول مہر، ڈاکٹر معین الرحمان۔

سوال : بتایئے غالب کی فارسی غزلیات ومثنویات کا ایک عمدہ ترجمہ مع شرح کس نے بھارت سے شائع کیا تھا؟

جواب : ظہیراحمد صدیقی نے (دہلی سے)

سوال : A Danger of Sparks نامی غالب پر کتاب کی جرمن مصنفہ کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر این میر شمل

سوال : ایران میں بھی غالب پر چند دانشوروں نے کام کیا ہے کیا آپ ان کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : محمد علی فرجاد، محمد حسن حائری اور محسن کیانی۔

سوال : ''بیان غالب'' کو آغا محمد باقر نبیرہ آزاد دہلوی نے کب پایہ تکمیل کو پہنچایا؟

جواب : مئی 1939 میں

سوال : دیوان غالب کی بہت سی شرحیں لکھی گئی ہیں دیوان غالب کو چند مستند شارحین کے نام بتایئے؟

جواب : آسی طباطبائی، بیخود، سعید، حسرت موہانی اور مولانا حالی۔

سوال : بتایئے ''روح غالب'' کے نام سے شائع ہونے والی کتاب میں مرزا غالب کے سوا اردو اشعار کی شرح کس نے لکھی؟

جواب : صوفی غلام مصطفیٰ تبسم

سوال : مشہور نقاد اور دانشور ڈاکٹر سلیم اختر نے غالب کی شاعری کے حوالے سے اپنے دس مقالات کا مجموعہ کس نام سے مرتب کیا؟

جواب : شعور اور لاشعور کا شاعر غالب

سوال : پہلی کتاب جو صرف کلام غالب کی شرح کے طور پر لکھی گئی عبدالعلی والہ کی تھی جو 1893 میں پہلی بار مدراس سے شائع ہوئی بتایئے اس کتاب کا تاریخی نام کیا ہے؟

جواب : وثوق صراحت (1313ھ)

سوال : بتایئے دیوان غالب کا پہلا شعر کونسا ہے؟

جواب : نقش فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا
کاغذی ہے پیرہن ہر پیکر تصویر کا

سوال : غالب کے اس شعر کو دوسرا مصرعہ لگا کر مکمل کیجئے؟
تیشے بغیر مر نہ سکا کوہکن، اسد

جواب : سرگشتۂ خمار رسوم و قیود تھا

سوال : حال دل کے بارے میں غالب کا کوئی ایک شعر بتایئے؟

جواب : حال دل نہیں معلوم، لیکن اس قدر یعنی
ہم نے بارہا ڈھونڈا، تم نے بارہا پایا

سوال : نہ ہوگا یک بیاباں ماندگی سے ذوق کم میرا
حباب موجہ رفتار ہی نقش قدم میرا
بتایئے بیابان ماندگی کا مطلب کیا ہے۔

جواب : اتنی تھکان جو ایک بیابان طے کرنے سے پیدا ہو۔ یعنی بہت زیادہ تھکان ہو جائے۔

سوال : پروفیسر خلیل صدیقی نے اسداللہ خاں غالب کے بارے میں کیا کہا ہے؟

جواب : ''غالب کی عہد آفریں شخصیت اور اس کے فن کی سدا بہار تازگی ہی کا کرشمہ ہے کہ شعر و سخن کی ہر محفل میں جو بھی نیا چراغ فروزاں ہوتا ہے غالب کی روشنی طبع سے اکتساب نور کی بدولت فروزاں ہوتا ہے۔

سوال : ڈاکٹر شاہد الوری نے جتنے قطعات کہے ہیں ان کی بنیاد غالب کا کوئی نہ کوئی شعر بنا ہے۔ غالب کا مصرع ہے رحمت اگر قبول کرے کیا بعید ہے اس پر ڈاکٹر شاہد الوری نے کیا تضمین کہی ہے۔

جواب: میں روسیاہ نامۂ اعمال بھی سیاہ
اچھائیوں سے دید نہ میری شنید ہے
لایا ہوں چند اشک ندامت برائے نذر
رحمت اگر قبول کرے کیا بعید ہے

سوال : کس مشہور شاعر نے مرزا غالب کے پورے کلام کی تضمین کی ہے؟

جواب : صباء اکبرآبادی نے۔

سوال : غالب کی کوئی ایسی رباعی بتایئے جس میں لاکھ، ہزار اور سینکڑے کا ذکر کیا گیا ہو۔

جواب: اس رشتے میں لاکھ تار ہوں بلکہ سوا
اتنے ہی برس شمار ہوں بلکہ سوا
ہر سینکڑے کو ایک گرہ فرض کریں
ایسی گرہیں ہزار ہوں بلکہ سوا

سوال : غالب کا یہ نامکمل شعر دوسرا مصرعہ لگا کر مکمل کریں؟
درد منت کش دوا نہ ہوا

جواب : میں نہ اچھا ہوا برا نہ ہوا

سوال : ملتی ہے خوئے یار سے نار التہاب   کافر ہوں، گر نہ ملتی ہو راحت عذاب میں
بتایئے ''نار التہاب'' سے غالب کی کیا مراد ہے

جواب : گرمی۔ تپش۔

سوال : غالب نے بنام منشی ہرگوپال تفتہ سب سے زیادہ خطوط لکھے ہیں۔ بتایئے مرزا غالب کا اس سے کیا تعلق تھا۔

جواب : مرزا غالب کے عزیز شاگرد تھے، ان کا انتقال 1879 میں ہوا

سوال : غالب کی تصنیف عود ہندی کو کس نے ترتیب دیا۔

جواب : خاں بہادر خواجہ غلام غوث بے خبر

سوال : بتایئے مرزا غالب نے کس کے نام خط میں یہ لکھا۔
''حضرت! میں بھی اب چراغ سحری ہوں رجب 1282ھ، حال کی آٹھویں تاریخ سے اکہتر واں سال شروع ہو گیا۔ طاقت سلب، حواس مفقود امراض مستولی

جواب : خواجہ غلام غوث خان بے خبر

سوال : مرزا غالب کے نہایت عزیز شاگرد تھے۔ 1857 کے ہنگامے میں پانی پت چلے گئے پھر نواب حامد علی خان نواب رام پور نے انہیں اپنے پاس بلا لیا آخری عمر فراغت سے گزری 1903 میں دہلی میں انتقال کیا۔ غالب کے اس عزیز شاگرد کا نام بتایئے؟

جواب : میر مہدی حسین مجروح

سوال : مرزا غالب نے میر مہدی حسین مجروح کے نام اپنے خط میں (فروری 1860 میں) کس شہر کی تعریف کی ہے؟

جواب : رام پور (یوپی)

سوال : مرزا غالب اپنے کس شعر میں کہتے ہیں کہ آدمی کو میسر نہیں انسان ہونا؟

جواب : بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا   آدمی کو بھی میسر نہیں انسان ہونا

سوال : یاس یگانہ نے غالب پر زبردست تنقید کی تاہم وہ ایک شعر میں غالب کی شاعری کا اعتراف کرتے ہوئے بھی نظر آتے ہیں شعر بتایئے؟

جواب : صلح کر لو یگانہ غالب سے   وہ بھی استاد تم بھی اک استاد

سوال : یاس یگانہ کے کس دیوان میں غالب کے اثرات نظر آتے ہیں؟

جواب : آیات وجدانی۔

سوال : مرزا اسد اللہ خاں غالب نے اپنے مستقبل کے بارے میں کیا پیش گوئی کی تھی؟

جواب : نظم ونثر کی قلمرو کا انتظام ایزد دانا وتوانا کی عنایت سے خوب ہو چکا ہے اگر اس نے چاہا تو قیامت تک میرا نام ونشان باقی رہے گا۔

سوال : 6 مارچ 1869 کو ہفتہ وار لارنس گزٹ میرٹھ میں غالب کے بارے میں ایک نایاب قطعہ تاریخ شائع ہوا قطعہ کے الفاظ بتایئے؟

جواب : مر گیا ہائے وہ زباں آور ...... کہ سخن جس سے نیک نام ہوا
دیکھ انصاف سے کلام اس کا ...... کتنا مقبول خاص و عام ہوا
اس کی تاریخ لکھنے دے جوش ...... تجھ کو یہ کیا خیال خام ہوا
جب زبان اسد ہی بند ہوئی ...... سخن زندہ بھی تمام ہوا

سوال : یہ بتایئے کہ غالب کا یہ قطعہ تاریخ کس نے لکھا تھا؟

جواب : ایک سکول ماسٹر مولوی عبدالحکیم جوش نے

سوال : علامہ اقبال نے کس شعر میں غالب کی سخنوری کا ذکر کیا ہے۔؟

جواب : ہیں اور بھی دنیا میں سخنور بہت اچھے   کہتے ہیں کہ غالب کا ہے انداز بیاں اور

سوال : بتایئے اپنے انتقال سے چند روز قبل مرزا غالب نے کیا کہا؟

جواب : دم واپسیں بر سر راہ ہے   عزیزو اب اللہ ہی اللہ ہے

☆☆☆

قطعات

سوال : بتایئے یہ مزa حیہ قطعہ کس نے لکھا ہے؟

بن کے افسر تمہارے دفتر میں
وقت اب کس طرح سے کاٹوں میں
آمدن ہی نہیں جب اوپر کی
کیا تری افسری کو چاٹوں میں

جواب : ڈاکٹر انعام الحق جاوید۔

سوال : خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھی مرنے والے میں ، یہ ایک قطع کا مصرعہ ہے بتایئے اکبر الہٰ آبادی نے یہ قطع کس موقع پر کہا تھا؟

جواب : سر سید احمد خاں کی وفات پر۔

سوال : رئیس امروہوی نے پہلا قطعہ روز نامہ جنگ کراچی میں 31 فروری 1948ء کو لکھا بتایئے اس کے اشعار کیا تھے؟

جواب : جس نے امید زیست باندھی
لے اڑی اس کو موت کی آندھی
گالیاں کھا کے گولیاں کھا کے
چل بسے اف مہاتما گاندھی

سوال : یہ بتایئے کہ رئیس امروہوی روز نامہ جنگ میں کتنے برس قطعات لکھتے رہے؟

جواب : 40 سال 8 ماہ اور 9 دن۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ اختر انصاری اکبر آبادی بھی قطعہ لکھتے تھے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : ستاروں کی آبجو کس کے قطعات کا مجموعہ ہے؟

جواب : مظفر وارثی۔

سوال : مظفر وارثی کا یہ قطعہ مکمل کیجئے؟

فکر کی لاش پر کھڑے ہو کر
راہ امکاں تلاش کرتے ہیں
سر بریدہ بدن میں ہم گویا

جواب : پورا انسان تلاش کرتے ہیں

سوال : قطعہ سے کیا مراد ہے؟

جواب : دو یا زیادہ اشعار کی نظم جس میں ایک مسلسل مضمون غزل کی بحر میں ادا کیا گیا ہو پہلے شعر میں دو قافیوں کی قید نہیں ہوتی باقی تمام اشعار کے دوسرے مصرعے متحد القوافی ہوتے ہیں۔

سوال : فارسی میں دلآویزی اور اخلاق آموزی کے لیے کن کے قطعات مشہور ہیں؟

جواب : سعدی اور ابن یمین کے۔

سوال : حالی اور اکبر الہٰ آبادی نے اس صنف کو کس مقصد کے لیے استعمال کیا؟

جواب : اصلاح۔

سوال : غزل اور قطعہ میں کیا فرق ہے؟

جواب : غزل اور قطع میں ایک خاص فرق یہ ہے کہ عاشقانہ مضامین کی بجائے قطعے میں اخلاقی اصول، آفاقی حقیقتیں، ہنگامی واقعات اور ہجو و مدح اور حالات حاضرہ وغیرہ بیان کیے جاتے ہیں۔

سوال : بغدادی بیگم نے کس موقعہ پر اپنے بھائی سید مظفر حسین علی کو قطعہ لکھ کر علی گڑھ بھیجا تھا؟

جواب : عید کے موقع پر۔

سوال : بتایئے یہ قطعہ کس نے لکھا ہے؟

بلغ العلیٰ بکمالہ — کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ — صلو علیہ وآلہ

جواب : شیخ سعدیؒ

سوال : تخت بلقیس لیہ کے کس شاعر کے قطعات کا مجموعہ ہے؟

جواب : نسیم لیہ۔

سوال : طفیل ہوشیار پوری نے تجدید شکوہ کے نام سے قطعات کا جو مجموعہ لکھا ہے بتایئے یہ مجموعہ انہوں نے کس عظیم شاعر کی فلسفی شاعری سے متاثر ہو کر لکھا؟

جواب : علامہ اقبال۔

سوال : اس شاعر کا نام بتایئے جس نے غالب کے اشعار پر طویل قطعے لکھ کر انہیں سخن در سخن میں شامل کیا؟

جواب : شاہد الوری۔

سوال : ادائے خوب کس کے قطعات کا مجموعہ ہے؟

جواب : محسن نقوی۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ قطعہ کی ہیئت ترکیبی بھی غزل اور قصیدہ جیسی ہے؟

جواب : جی ہاں

سوال : قطعہ میں عموماً مطلع نہیں ہوتا لیکن پہلے مصرعے میں قافیہ ضرور ہوتا ہے کیا آپ موخر الذکر بات سے متفق ہیں۔؟

جواب : جی نہیں پہلے مصرعہ میں قافیہ نہیں ہوتا

سوال : قطعہ کس خاص نوعیت کا ہوتا ہے؟

جواب : قطعہ میں ایک ہی مضمون اور خیال پر بات کی جاتی ہے۔

سوال : یہ بتایئے شعرا حضرات نے قطعہ کی حد کتنے بیت تک مقرر کر رکھی ہے

جواب : دو بیت سے لے کر ایک سو ستر شعر تک

سوال : کیا قطعہ مختصر اور طویل دونوں بحروں میں کہا جا سکتا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : چوتھی اور پانچویں صدی میں کن فارسی شعراء نے قطعے لکھے؟

جواب : رودکی، دقیقی، فردوسی، عنصری اور فرخی۔

سوال : فارسی کے کن شعراء کا شمار بڑے قطعہ نگاروں میں ہوتا ہے؟

جواب : انوری۔ ابن یمین اور سعدی

سوال : کیا حضرت امیر خسرو اپنی کلام میں بھی قطعات لکھتے رہے ہیں؟

جواب : جی ہاں

سوال : شاہ ظہور الدین حاتم شمالی ہند کا پہلا مستند شاعر ہو گزرا ہے اس نے بھی قطعات لکھے کیا آپ اس کے ابتدائی قطعات کے دو شعر بتا سکتے ہیں۔؟

جواب: کہیں ہیں مہر و ماہ جس کے تئیں روشن ہے عالم پر
سو دستر خوان کا تیرے دو قرص نانِ نعمت ہے
سحر سے شام تک اور شام سے تا صبح مدت تک
ہمارا کام تیری بزم میں سامان نعمت ہے

سوال : خواجہ میر درد نے رباعیات زیادہ کہی ہیں مگر قطعات کم، کیا آپ ان کے کسی ایک قطعہ کا حوالہ دے سکتے ہیں

جواب : میرے نالوں پہ کوئی دنیا میں — بن کئے آہ کم رہا ہوگا
لیکن اس کو اثر خدا جانے — نہ ہوا ہوگا یا ہوا ہوگا

سوال : قطعہ نگاری کے فن میں کن شعراء نے طبع آزمائی کی ہے

جواب : یہ تعداد بہت زیادہ ہے تاہم چند نام یہاں دیے جا رہے ہیں۔

سودا، درد، میر، سوز، ولی دکنی، میر حسن، مصحفی، جرات، جعفر زٹلی، حسرت، انشاء، جرات رنگین، نظیر اکبر آبادی، امانت، ذوق، شاہ نصیر، شیفتہ، مومن، غالب، چکبست، ظفر علی خان، جوش، احسان دانش، سیماب اکبر آبادی، نعیم صدیقی۔ احمد ندیم قاسمی، اختر انصاری، اکبر آبادی، جاں نثار اختر، حافظ لدھیانوی، رئیس امروہی، طفیل ہوشیار پوری، انور مسعود، روحی کنجاہی۔ انور شعور۔

سوال : انور شعور نے جھٹکے (بجلی کے) کے عنوان سے روز نامہ جنگ میں جو قطعہ لکھا ہے اس کا پہلا شعر یہ ہے دوسرا شعر آپ لگا کر قطعہ مکمل کریں۔

الٰہی بجلی والوں کی طرف سے
بہت جھٹکے لگائے جا رہے ہیں

جواب: ادھر سپلائی کم کی جا رہی ہے
ادھر پیسے بڑھائے جا رہے ہیں

سوال: روحی کنجاہی نے "سب اسیر" کے عنوان سے روزنامہ دن لاہور 22 جون 2009 کی اشاعت میں جو قطعہ لکھا ہے وہ تحریر کیجیے۔

جواب: سب کی امریکا کر رہا ہے مدد
کیا امیر اور کیا فقیر ہوئے
اپنے حاکم ہوں یا کہ دہشت گرد
اس کی زلفوں کے سب اسیر ہوئے

سوال: معتبر شاعروں کے حوالے سے اخبارات اور جرائد میں شائع ہونے والے چند قطعات تحریر کیجیے؟

جواب: (1) خودی سے اس کو ہو جائے گی نفرت
سبق ایسا پڑھایا جا رہا ہے
یقیناً بھیک منگوائے گا در در
ابھی بندر سدھایا جا رہا ہے

نوٹ: معاشی پالیسی کی عنوان سے یہ قطعہ عبدالحکیم ناصف نے روزنامہ جرات کراچی کی 21 جون 2009 کی اشاعت میں تحریر کیا ہے؟

(2) ہم نشیں مسلم ہوں میں، توحید کا حامل ہوں میں
اس صداقت پر ازل سے شاید عادل ہوں میں
نبض موجودات میں پیدا حرارت اس سے ہے
اور مسلم کے تخیل میں جسارت اس سے ہے

ہم نشیں کے عنوان سے علامہ اقبال کا یہ قطعہ (روزنامہ پاکستان لاہور کی مورخہ 22 جون 2009 کی اشاعت میں شامل کیا گیا۔)

(3) حکومت نے بڑھا ڈالے ہیں سب سرکاری خرچے
وصولے جائیں گے سارے کے سارے
لیے جائیں گے اس کے ساتھ ہی غیروں سے قرضے
ابھی سرکار نے کرنے ہیں مہنگے لمبے دورے

یہ قطعہ روحی کنجاہی نے روزنامہ دن لاہور کی 21 جون 2009 کی اشاعت میں غیر ملکی دورے کے عنوان سے تحریر کیا۔

نوٹ: نازاں سید کا یہ قطعہ احساس کی دنیا کے عنوان سے روزنامہ شانہ بشانہ کی 26 مئی 2009 کی اشاعت میں شائع ہوا۔

(4) تمہارے بعد جو گزری بہت بے تاب گزری ہے
کہیں پر نیند گزری ہے کہیں پر خواب گزری ہے
تمناؤں کی دنیا میں سکون آور ہے سناٹا
کہیں سے چیر کر کشتی کوئی گرداب گزری ہے

سوال: پنجابی زبان میں زیادہ قطعات کس بحر میں لکھے گئے ہیں؟

جواب: وارث شاہی بحر میں

سوال: کیا یہ درست ہے کہ موجودہ دور میں قومی اور علاقائی اخبارات نے قطعہ نگاری کے فن کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے؟

جواب: جی ہاں

سوال: اخباری قطعات کس نوعیت کے ہوتے ہیں؟

جواب: اخباری قطعات مختلف قسموں کی ہوتے ہیں۔ ان میں ملکی صورت حال یا کسی رفاہی حوالے سے بات کی جاتی ہے نیز مزاحیہ اور طنزیہ قسموں کے قطعات بھی شامل ہوتے ہیں۔

سوال: پنجابی زبان میں قطعہ کے لیے چار اصطلاحیں استعمال کی جاتی ہیں۔ کیا آپ ان کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں: چوبرگر، چومصرع، چوپائی اور چوکلیادی۔

سوال: پنجابی قطعہ لکھنے والے چند شاعروں کے نام بتایئے؟

جواب: شاہ مراد، علی حیدر ملتانی۔ مولا بخش کشتہ۔ ڈاکٹر فقیر محمد فقیر۔ عبدالغنی وفا۔ ڈاکٹر رشید انور، ساقی گجراتی اور فارغ بخاری وغیرہ۔

سوال: جدید دور میں کون کون سے پنجابی شاعر قطعہ لکھ رہے ہیں؟

جواب: ڈاکٹر انعام الحق جاوید، تنویر بخاری۔ عبدالکریم قدسی۔ ارشد اقبال۔ سجاد مرزا وغیرہ

سوال: فارغ بخاری کے کسی ایک قطعہ کا حوالہ دیجیے۔

جواب: کیندے میرے ہوندے سوندے جھین بھرا تال ہلدی کیوں دیں
اکھیاں وٹ کے سوئی کیوں دیں آ ٹا گن دیاں ہلدی کیوں دیں

سوال: جوئبار کس شاعر کا قطعات و رباعیات کا مجموعہ ہے۔

جواب: غنی دہلوی

سوال: احمد ندیم قاسمی نے کس عنوان کے تحت قطعات کا مجموعہ تحریر کیا ہے؟

جواب: دھڑکنیں

☆☆☆

قصائد

سوال : قصیدہ بردہ کا دوسرا نام بتایئے؟

جواب : قصیدہ بانت سعاد۔

سوال : قصیدہ بردہ کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : حضرت کعب بن زبیرؓ

سوال : حضرت کعب بن زبیرؓ کا قصیدہ کتنی ابیات پر مشتمل ہے؟

جواب : انسٹھ۔

سوال : اس عرب شاعر کا نام بتایئے جس کا قصیدہ کعبے پر آویزاں کیا گیا اور اس میں اس نے اپنی ذات، اپنی اونٹنی اور محبوبہ کی تعریف کی تھی؟

جواب : طرفہ بن عبد (543-569)۔

سوال : بتایئے مرزا محمد رفیع سودا نے کل کتنے قصیدے لکھے؟

جواب : 41۔

سوال : جلال لکھنوی منگرول کے نواب حسین میاں سے پچیس روپے ماہوار وظیفہ لیتے تھے بتایئے انہیں ہر قصیدے کا کتنا معاوضہ ملتا تھا؟

جواب : ایک سو روپیہ۔

سوال : فارسی کے کم از کم چار قصیدہ گو شعراء کے نام بتایئے؟

جواب : انوری، خاقانی، عرفی، قانی۔

سوال : کس اردو شاعر کو قصیدے کی صنف کا نقاش اول کہا جاتا ہے؟

جواب : مرزا محمد رفیع سودا۔

سوال : ذوق کے قصائد میں لطف سخن، حسن بیان اور قادر الکلامی پائی جاتی ہے بتایئے جدت کے اعتبار سے کس کا مرتبہ مسلم ہے؟

جواب : اسد اللہ خاں غالب۔

سوال : مرزا سودا کے بعد قصیدہ گوئی میں دوسرا بڑا نام کون سا ہے؟

جواب : ابراہیم ذوق۔

سوال : ابراہیم ذوق نے قصیدے کا یہ ٹکڑا کس بادشاہ کے بارے میں لکھا؟

ساون میں دیا پھر مہ شوال دکھائی
برسات میں عید آئی قدح کش کی بن آئی

جواب : بہادر شاہ ظفر

سوال : ابیات نعت کس کا مشہور قصیدہ ہے؟

جواب : محسن کاکوروی۔

سوال : کیا آپ مرزا غالب کے قصیدوں کی تعداد بتا سکتے ہیں؟

جواب : جی ہاں-64

سوال : پشتو کے چند قصیدہ گو شعرا کے نام بتایئے؟

جواب : حکارندوی، تامینی۔

سوال : ان دو شعراء کے نام بتایئے جنہوں نے آئمہ کرام کی شان میں قصیدے لکھے؟

جواب : عزیز لکھنوی، نجم اکبرآبادی۔

سوال : اردو میں سلطان محمد قلی قطب شاہ نے قصیدہ کب لکھنا شروع کیا؟

جواب : 1611 کے لگ بھگ۔

سوال : قصیدہ کتنی قسموں کا ہوتا ہے؟

جواب : دو خطابیہ اور تمہیدیہ۔

سوال : تمہیدیہ قصیدے کے کتنے حصے ہوتے ہیں؟

جواب : چار (1) تشبیب (2) گریز (3) مدح (4) خاتمہ۔

سوال : لکھنو دبستان کے چند قصیدہ گو شعراء کے نام بتایئے؟

جواب : نیر شکوہ آبادی، امیر مینائی، جلال لکھنوی۔

سوال : ان قصیدہ نگاروں کا تعلق کس دور سے ہے؟ فرزدق، جریر اور اخطل؟

جواب : اموی دور سے۔

سوال : بتائیے عربی قصیدے کے وہ الفاظ جن کا ترجمہ یہاں دیا جارہا ہے کس شاعر کے ہیں؟
مشرق و مغرب دونوں تیری موت پر آہ و بکا میں مصروف ہیں دور والے بھی سوگوار ہیں اور نزدیک والے بھی غم سے نڈھال ہیں۔ اے اسلام کے خادم تمہیں ایسا مجاہدہ اجر ملے جو اللہ کی راہ میں لڑتا ہے یعنی خلا بریں عطا ہو اور رضائے الٰہی کی سعادت نصیب ہو۔

جواب : احمد شوقی۔

سوال : عزیز لکھنوی اور نجم آکبر آفندی نے کس کی شان میں قصیدے لکھے؟

جواب : آئمہ کرام کی شان میں۔

سوال : عہد مغلیہ کے چند مشہور قصیدہ گو شعرا کے نام بتائیے؟

جواب : ظہوری، عرفی، طالب آملی، حکیم صائب۔

سوال : اردو قصیدے کے سر کا تاج کس قصیدہ گو کو کہا جاتا ہے؟

جواب : سودا......کل اکتالیس قصیدے لکھے۔

سوال : اردو میں سب سے پہلے بادشاہ (سلطان علاؤالدین بہمنی) کی مدح میں کس نے قصیدہ لکھا؟

جواب : نظامی بیدری۔

سوال : سبعہ معلقات (سات ضرب المثل قصائد) کے نمونے جو خانہ کعبہ کے دروازے پر آویزاں تھے کس نے جمع کیے تھے؟

جواب : حماد الراویہ۔

سوال : سید راجو حسینی کے فارسی قصیدے تحفۃ النصائح کا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب : قطب رازی۔ اس قصیدے میں شعروں کی تعداد 786 ہے۔

سوال : نصرتی کس کے دربار کا شاعر تھا اور اسے کیا خطاب ملا تھا؟

جواب : علی عادل شاہ......ملک الشعراء۔

سوال : قصیدہ گو شاعر غواص کو عبداللہ قطب شاہ نے کہاں سفیر بنا کر بھیجا؟

جواب : بیجاپور۔

سوال : میر نے پانچ، انشاء نے دس، مومن نے نو، ذوق نے اٹھائیس، غالب نے تین، امان علی سحر نے اس سید اسماعیل منیر شکوہ آبادی نے اٹھائیس، قدر بلگرامی نے سات، محسن کاکوروی نے چار، داغ دہلوی نے چھ امیر مینائی نے سات قصیدے لکھے بتائیے حالی نے کتنے قصیدے لکھے تھے؟

جواب : تین۔

سوال : ابراہیم ذوق نے کس بادشاہ کا قصیدہ پڑھا؟

جواب : اکبر شاہ ثانی۔

سوال : تشبیب کس کا قصیدہ ہے؟

جواب : خالد احمد۔

سوال : حکیم مومن خاں مومن نے رئیس پٹیالہ راجہ اجیت سنگھ کے کتنے قصیدے لکھے؟

جواب : دو۔

سوال : مرزا غالب نے فارسی میں کتنے قصیدے لکھے؟

جواب : 64۔

سوال : محسن کاکوروی کے قصیدوں میں سب سے مشہور قصیدہ کون سا ہے؟

جواب : مدح خیر المرسلینؐ

سوال : سید انشاء اللہ خاں انشاء نے ایک بے نقط قصیدہ بھی لکھا ہے بتائیے اس کی اشاعت کتنی زبانوں میں ہوئی؟

جواب : سات۔

سوال : عربی شاعر فرزدق نے کس کی مدح میں قصیدہ لکھا؟

جواب : حضرت زین العابدین علی بن حسین۔

سوال : سندھی شاعر سید ثابت علی شاہ نے کس کے قصیدے لکھے؟

جواب : میاں سرفراز خاں کلہوڑا (حکمران سندھ)

سوال : علامہ ابن خلدون (متوفی 808ھ) نے ایک محفل میں 762ھ میں لیلۃ المیلاد میں اپنا کون سا مشہور قصیدہ پڑھا؟

جواب : بابیہ

سوال : والیہ قصیدہ کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : لسان الدین الخطیب اندلسی۔

سوال : ایران کے اس قصیدہ گو شاعر کا نام بتائیے جس نے آخری عمر میں قصیدہ گوئی کو ترک کر دیا تھا؟

جواب : ظہیر فاراجی (متوفی 1201)

سوال : عنصری، فرخی، منوچہری، انوری سپہر کس ملک کے قصیدہ گو شاعر تھے۔

جواب : ایران۔

سوال : بنام خیر الانام ایک طویل قصیدہ ہے بتائیے اسے کس نے اور کب لکھا؟

جواب : قمر اجنالوی (جون 1990)

سوال : بہاریہ قصیدہ کسے کہتے ہیں؟

جواب : اگر قصیدے کی تشبیب بہار کے موضوع پر ہے تو اسے قصیدہ بہاریہ کہتے ہیں۔

سوال : یہ بتایئے کہ قصیدے کے ابتدائی اشعار کو اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے۔

جواب : تشبیب

سوال : دہلی کے چند قصیدہ گو شعراء کی نام بتایئے۔

جواب : غالب، مومن اور ذوق۔

سوال : جدید شاعری میں کن شاعروں نے قصیدے تحریر کیئے ہیں؟

جواب : اسماعیل میرٹھی، محسن کاکوروی، نظم طباطبائی اور مولانا الطاف حسین حالی۔

سوال : مذہبی قصائد لکھنے میں کن شاعروں نے شہرت پائی؟

جواب : صفی لکھنوی اور عزیز لکھنوی

سوال : یہ شعر کس کے قصیدے کا ہے

زہے نشاط اگر کیجئے اسے تحریر
عیاں ہو خامے سے تحریر نغمہ ہائے صریر

جواب : ذوق

سوال : قصیدے کا اختتام کس پر ہوتا ہے۔

جواب : دُعا پر

سوال : پنجابی زبان کے قصیدہ گو شعراء کے نام بتایئے؟

جواب : وارث شاہ، پیر نیک عالم۔ڈاکٹر مہر عبدالحق، عزیز الدین۔احمد حسین قریشی قلعداری، تنویر بخاری، حفیظ تائب، عبدالباسط، منصور احمد خالد۔

سوال : یہ بتایئے کہ قصیدہ کس زبان کا لفظ ہے اور اس کا مطلب کیا ہے؟

جواب : عربی زبان کا......گاڑھا مغز

سوال : ہیت کے اعتبار سے قصیدہ غزل سے ملتا ہے یا نظم سے؟

جواب : غزل سے

سوال : قصیدے کے لیے کم از کم کتنے اشعار ہونے ضروری ہیں؟

جواب : پانچ

سوال : مختلف خوبیوں کے اعتبار سے قصیدے کی کتنی اقسام ہوتی ہیں؟

جواب : (1) تمہیدیہ (2) خطابیہ (3) مدحیہ (4) ہجویہ (5) وعظیہ (6) بیانیہ (7) بہاریہ (8) عشقیہ (9) حالیہ (10) فخریہ (11) دعائیہ

سوال : اصطلاح میں ایسے قصیدہ کو کیا کہا جاتا ہے۔جس میں ممدوح کی سیرت کی خوبیوں اور اس کے دیگر متعلقات سے قبل تمہید کے طور پر تشبیب اور بعد میں گریز اور پھر مدح کا ذکر کیا جائے

جواب : تمہیدیہ

سوال : کس قسم کے قصیدے میں ہیرو کی براہ راست تعریف و توصیف کی جاتی ہے۔

جواب : خطابیہ

سوال : سودا کا کون سا قصیدہ شخصی ہجو کے ساتھ ساتھ زمانے کی چیرہ دستیوں کا بھی مرقع ہے؟

جواب : تضحیک روزگار

سوال : قصیدہ در انصائح فن شعر وعظیہ قصیدے کی ایک بہترین مثال ہے بتایئے یہ قصیدہ کس نے لکھا ہے؟

جواب : سودا نے

سوال : ایسا قصیدہ جس میں بوقلمونی۔تنوع اور رنگارنگی بیان کی گئی ہو اصطلاح میں کیا کہلاتا ہے؟

جواب : بیانیہ

☆☆☆

ماخوز: اصنافِ ادبِ اردو

مرتبہ: پروفیسر تنویر حسین

کافیاں

سوال : پنجابی کے صوفی شاعر شاہ حسین نے کافیاں لکھ کر بڑی مقبولیت حاصل کی بتایئے وہ کب پیدا ہوئے اور ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : پیدائش 1539۔ وفات 1593۔

سوال : حضرت بلھے شاہ کا بیشتر کلام کافیوں میں ملتا ہے بتایئے ان میں وہ کس موضوع پر بات کرتے ہیں؟

جواب : دنیا سے دوری، قرب الٰہی کی آرزو، ریا کاری سے نفرت اور مرشد کا توسل۔

سوال : صوفی شاعر خواجہ غلام فرید کا کلام شاعری کی کس صنف میں ہے؟

جواب : کافی کی۔

سوال : تھیا تھیا پنجابی کے ایک معروف شاعر کی کافیوں کا مجموعہ ہے شاعر کا نام بتایئے؟

جواب : اشرف پال۔

سوال : رانجھا رانجھا کر دی نی میں آپے رانجھا ہوئی
سدو نی مینوں دھید و رانجھا ہیر نہ آکھو کوئی
بتایئے یہ کافی کس ممتاز شاعر کی ہے؟

جواب : حضرت بلھے شاہ۔

سوال : چن ول اڑدا جاوندا پچھے پرت نہ آوندا
اوڑک جان گواوندا سچا عشق چکور دا
بتایئے کافی کے یہ مصرعے کس نے لکھے ہیں؟

جواب : طرب احمد صدیقی نے۔

سوال : ''میں ناہیں سب تو'' کس کی کافیوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : شہزاد قیصر۔

سوال : کافی کس زبان کا بگڑا ہوا لفظ ہے؟

جواب : عربی زبان کے قوافی سے ماخوذ

سوال : شہزاد قیصر نے اپنے شعری مجموعے ''میں ناہیں سب توں'' میں کتنی کافیاں لکھی ہیں؟

جواب : چار سو۔

سوال : مارتھل کس کی کافیوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : صاحبزادہ سلطان علی ذوالفی۔

سوال : کافی کتنے مصرعوں تک ہو سکتی ہے؟

جواب : دو، تین، چار، پانچ اور چھ مصرعوں تک

سوال : اصطلاح میں اس نظم کو کیا کہتے ہیں جس میں اللہ تعالیٰ کی صفت کی جاتی ہے؟

جواب : کافی

سوال : کافی کو کن ہیتوں میں تحریر کیا جا سکتا ہے؟

جواب : مربع، مخمس، مسدس، مثنوی، غزل اور سی حرفی کی شکل میں

سوال : کافی کی ابتداء حضرت شاہ حسینؒ لاہوری نے کی بتایئے ان کے بعد اس صنف سخن میں کن شعراء نے طبع آزمائی کی؟

جواب : شاہ عبداللطیف بھٹائی۔ سچل سرمست۔ بلھے شاہ۔ سید میراں شاہ۔ خواجہ غلام فرید۔ لکھو شاہ۔ مولا شاہ۔ میاں محمد بخش۔ محمد بخش نوروز۔ میاں محمد عاقل جوگی اور مولوی محمد یار۔

سوال : بتایئے موجودہ دور میں کون کون سے پنجابی شاعر اس صنف میں طبع آزمائی کر رہے ہیں؟

جواب : تنویر بخاری۔ نجم حسین سید۔ مشتاق صوفی۔ عثمان سالک، صوفی محمد دین چشتی۔ نور محمد نوری لالیکا، سرور کربلائی، شہزاد قیصر، اشرف پال، صابر نوید، انور اُداس۔ لطیف قریشی اور امجد اقبال امجد۔

سوال : شاہ حسین کی کافی کا کوئی ایک شعر بطور نمونہ بتایئے؟

جواب : متراں دی انجھانی خاطر دل دا توہو چھانی دا
کڑھ کلیجہ بیرے۔ سو بھی لائق نائیں تیرے

سوال : اصطلاح میں ایسی نظم کو کیا کہتے ہیں جس میں پہلا، دوسرا، تیسرا اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ، ہم ردیف یا صرف ہم قافیہ ہو لیکن پانچواں اور چھٹا مصرع الگ سے ہم قافیہ ہوں؟

جواب : مسدس

سوال : اصنافِ سخن کے اعتبار سے بہ صورت (مسدس) نہ ترکیب بند کی ہے اور نہ مسمط کی بتائیے یہ الفاظ کس شاعر کے ہیں؟

جواب : حامد اللہ افسر

سوال : کیا علامہ اقبال کے شکوہ اور جواب شکوہ کو مسدس کہا جا سکتا ہے؟

جواب : جی ہاں

سوال : پنجابی زبان میں جن شعراء نے مسدس کے میدان میں طبع آزمائی کی ہے ان میں سے مشہور شعراء کے نام بتائیے؟

جواب : ڈاکٹر فقیر محمد فقیر۔ تنویر بخاری۔ ڈاکٹر رشید انور، غلام حسین فدا، غفور شاہد۔

☆☆☆

مسدس

سوال : تاریخ ادب اردو کے مصنف رام باب سکینہ نے کس کتاب کے بارے میں یہ الفاظ کہے تھے؟

"یہ ایک الہامی کتاب ہے اس کو تاریخ ارتقائے اردو ادب میں ایک سنگ نشان سمجھنا چاہیے یہ ایک تارہ ہے جو اردو کے افق شاعری پر طلوع ہوا"؟

جواب : مولانا الطاف حسین حالی کی مسدس۔

سوال : مسدس حالی کا مسدس ابوجھو کے نام سے سندھی میں کس نے ترجمہ کیا؟

جواب : اللہ بخش ابوجھو نے۔

سوال : مسدس کے ایک بند میں مصرعوں کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟

جواب : چھ۔

سوال : مسدس حالی کے پہلے شعر میں کس سائنس دان اور فلسفی کا ذکر کیا گیا ہے؟

جواب : بقراط۔

سوال : مولانا الطاف حسین حالی کی مشہور مسدس مدوجزر اسلام میں اشعار کی تعداد کتنی ہے؟

جواب : 2800۔

سوال : بتائیے مسدس اسلام کے مصنف کون ہیں؟

جواب : مولانا غلام اعظم۔

سوال : مرثیے کے لیے مسدس کو کس شاعر نے مخصوص کیا؟

جواب : میر ضمیر لکھنوی نے۔

سوال : مسدس کے کتنے مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں؟

جواب : چار۔

سوال : مسدس کہنے والے شعرا میں کس کا درجہ سب سے بلند ہے؟

جواب : مولانا الطاف حسین حالی کا۔

سوال : مولانا الطاف حسین حالی کی مسدس کا کوئی ایک بند سنائیے؟

جواب: سبب یا علالت گر ان کو بتائیں
تو تشخیص میں سو نکالیں خطائیں
دوا اور پرہیز سے جی چرائیں
یوں ہی رفتہ رفتہ مرض کو بڑھائیں
طبیبوں سے ہرگز نہ مانوس ہوں وہ
یہاں تک کہ جینے سے مایوس ہوں وہ

سوال : مسدس ابوجھو کے پہلے حصے میں سندھ مدرسے کے قیام کی تاریخ نظم کی گئی ہے بتائیے دوسرے میں کیا ہے؟

جواب : مسدس حالی کا سندھی ترجمہ۔

سوال : دارین احسان دانش کی مسدس ہے بتائیے اس کے کتنے بند ہیں؟

جواب : 74۔

سوال : صدیق احمد بے نظیر نے کس جنگ کے موقع پر مسدس لکھ کر اس کا اسی انداز میں ترجمہ کیا؟

جواب : جنگ بلقان۔

سوال : حج لقا کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : نسیم لیہ۔ انہوں نے یہ مسدس شاہ حسین کی مدح میں لکھی۔

☆☆☆

مثنوی

سوال : حسن شوقی نے دو مثنویاں لکھیں نام بتائیے؟

جواب : فتح نامہ نظام شاہ (2) میزبانی نامہ سلطان محمد عادل شاہ

سوال : مثنوی من لگن کے مصنف کا نام کیا تھا؟

جواب : محمود بحری۔

سوال : وجدی نے کس نام سے مثنوی لکھی؟

جواب : پنچھی بچھا۔

سوال : مرزا مقیم خاں نے سلطان محمد عادل شاہ کی فتوحات پر جو مثنوی لکھی اس کا نام بتائیے؟

جواب : فتح نامہ بکھیری۔

سوال : مرزا مقیم خاں نے ایک رومانی مثنوی بھی لکھی نام بتائیے؟

جواب : مہیار اور چندر بھان۔

سوال : کمال خاں رستمی نے مثنوی خاور نامہ لکھی بتائیے اس کا موضوع کیا ہے؟

جواب : حضرت علیؓ کی لڑائیوں کا بیان۔

سوال : مثنوی نجات نامہ محمد امین ایاغی کی تصنیف ہے مثنوی معراج نامہ کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : سید بلاقی۔

سوال : ملک خوشنود نے مثنوی جنت سنگار میں کس کا قصہ منظوم کیا ہے؟

جواب : بہرام کا قصہ۔

سوال : قدیم دکنی شاعروں کی چند مثنویوں کے نام بتائیے؟

جواب : شمس العشاق (میراں جی) سیف الملوک و بدیع جمال (غواصی) ماہ پیکر (جنیدی) رضوان شاہ روح افزا (فیض) قصہ لعل و گوہر (عاجز)

سوال : مثنوی خوش نغز، مثنوی شہادت الحقیقت اور مثنوی خوش نامہ کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : میرانجی

سوال : مثنوی اسرار عشق حکیم مومن خاں مومن کی مثنوی ہے بتائیے یہ کس کے اصولوں پر مبنی ہے؟

جواب : مہدویہ کے بانی سید محمد جونپوری کی زندگی اور اصولوں کے بیان پر۔

سوال : مثنوی میزبانی نامہ کا موضوع کیا ہے؟

جواب : یہ سلطان محمد عادل شاہ کی شادی کے موقع پر جشن کے بیان پر مشتمل ہے؟

سوال : مثنوی پنچھی بچھا شیخ عطار کی کس کتاب کا ترجمہ ہے؟

جواب : منطق الطیر۔

سوال : ملا محمد نصرت نصرتی نے گلشن عشق میں کس کی کہانی کو اردو میں منظوم کیا ہے؟

جواب : منوہر کنور اور مدھو مالتی کے رومان کی قدیم ہندی کہانی کو۔

سوال : سید میران ہاشمی نے کون سی مثنوی لکھی؟

جواب : یوسف زلیخا (1687)

سوال : بتایئے یہ کس کی مثنوی کا شعر ہے۔

عجب فوج رنگین دل افروز تھی
دے سخت خوں ریز جاں سوز تھی

جواب : نصرتی (مثنوی علی نامہ کا یہ شعر ہے)

سوال : مومن خاں مومن نے مثنوی اسرار عشق کس سن میں لکھی تھی؟

جواب : 1682ء میں۔

سوال : محمود بحری کی مثنوی من لگن کا موضوع کیا ہے؟

جواب : تصوف۔

سوال : حضرت امیر خسرو نے قطب الدین مبارک کے عہد کو اپنی کس مثنوی میں نظم کیا ہے؟

جواب : نہ سپہر۔

سوال : حضرت امیر خسرو نے مثنوی قرآن السعدین کس کی فرمائش پر لکھی؟

جواب : کیقباد کی فرمائش پر۔

سوال : ملا وجہی نے قطب مشتری نامی مثنوی کے بارے میں ایک شعر بھی کہا جس میں اس کتاب کا سن تصنیف دیا ہوا ہے شعر بتایئے؟

جواب : تمام اس کیا دیس بارا سپنے   سنہ ایک ہزار سو اٹھارہ بنے

سوال : غزل کے بعد میر تقی میر نے کس صنف میں طبع آزمائی کی؟

جواب : مثنوی میں۔

سوال : مثنوی سحر البیان کے علاوہ میر حسن کی اور کون سے مثنویاں مشہور ہیں؟

جواب : گلزار ارم، رموز العارفین، مثنوی ہجو حویلی۔

سوال : ناسخ نے ایک مثنوی بھی یادگار چھوڑی نام بتایئے؟

جواب : نظم سراج۔

سوال : مثنوی گلزار نسیم کو کس دبستان کی نمائندہ کہا جاتا ہے؟

جواب : دبستان لکھنؤ۔

سوال : فریاد داغ نامی مثنوی کے مصنف داغ دہلوی کب اور کہاں پیدا ہوئے اور ان کا انتقال کہاں ہوا۔

جواب : دہلی پیدائش 24 مئی 1831۔ وفات 17 فروری 1905ء

سوال : لکھنؤ میں سب سے پہلے مثنوی لکھنے کا آغاز کس نے کیا تھا؟

جواب : میر غلام حسن حسن نے۔

سوال : افضل پانی پتی نے بارہ ماشے کی روایت میں کون سی مثنوی لکھی؟

جواب : بکٹ کہانی (1625)

سوال : بتایئے مثنوی "خواب وخیال" کس نے لکھی؟

جواب : میر درد کے چھوٹے بھائی میر محمد اثر نے۔

سوال : کس شاعر نے میر تقی میر کی مشہور مثنوی "شعلہ عشق" کو نثر میں منتقل کیا؟

جواب : سودا نے۔

سوال : مثنوی سحر البیان اور گلزار ارم کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : میر حسن۔

سوال : سراج نظم نامی مثنوی کے مصنف کون ہیں؟

جواب : امام بخش ناسخ۔

سوال : دیا شنکر نسیم کی ایک مثنوی میں گل بکاؤلی کی مشہور کہانی بھی شامل ہے مثنوی کا نام بتایئے؟

جواب : گلزار نسیم۔

سوال : خاور نامہ رستمی کی ایک طویل نظم ہے بتایئے اس میں کتنے اشعار ہیں؟

جواب : 24 ہزار۔

سوال : عبدل کی مثنوی ابراہیم نامہ کس بادشاہ کی مدح میں لکھی گئی تھی؟

جواب : محمد عادل شاہ۔

سوال : گلشن عشق اور علی نامہ دونوں مشہور مثنویاں کس نے لکھی تھیں؟

جواب : نصرتی نے۔

سوال : گلشن عشق میں کس کی داستان عشق بیان کی گئی ہے؟

جواب : منوہر اور مدھو مالتی کی۔

سوال : مثنوی مراۃ الحشر کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : سید محمد فراقی۔

سوال : بدر منیر اردو کی کس مثنوی کا کردار ہے؟

جواب : مثنوی سحرالبیان۔

سوال : کیا آپ حضرت امیر خسرو کی پہلی مثنوی کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : قرآن السعدین۔

سوال : نصرتی نے تین کتابیں لکھیں اور سب مثنوی کی ہیئت میں، آپ کسی دو کے نام بتایئے؟

جواب : (1) گلشن عشق (2) علی نامہ۔

سوال : ابن نشاطی نے کس نام سے مثنوی لکھی؟

جواب : پھول بن۔

سوال : خوب محمد چشتی نے خوب ترنگ کے نام سے ایک مثنوی لکھی لیکن یہ اس قدر مشکل تھی کہ اس کی خود ہی شرح لکھی شرح کا نام بتایئے؟

جواب : معراج خوبی۔

سوال : قاضی محمود بحری کی ایک مثنوی ''من لگن'' ہے بتایئے اس میں یا بیان کیا گیا ہے؟

جواب : مسلک صوفیا کے اسرار۔

سوال : مثنوی آرائش معشوق کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : شاہ مبارک آبرو (1750-1692)

سوال : مثنوی ہشت بہشت کس مشہور شاعر کی فارسی تصنیف ہے؟

جواب : امیر خسرو۔

سوال : مثنوی یوسف وزلیخا کے مصنف لطف علی بیگ آذر کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : اصفہان میں۔

سوال : مثنوی سحرالبیان کس نواب کے عہد میں اور کس نے لکھی؟

جواب : نواب آصف الدولہ...... میر حسن۔

سوال : مثنوی گلزار نسیم کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : دیا شنکر نسیم۔

سوال : دکن کی مثنویوں میں کس کی مثنویاں زیادہ مشہور ہیں؟

جواب : نصرتی کی گلشن عشق اور قلی قطب شاہ کی قطب مشتری۔

سوال : بتایئے مثنوی کی ابتداء کس علاقے سے ہوئی؟

جواب : حیدرآباد دکن سے۔

سوال : حفیظ جالندھری نے بھی ایک طویل مثنوی لکھی ہے کیا آپ اس کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : شاہنامہ اسلام۔

سوال : کیا آپ مثنوی زہر عشق کی مصنف کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : میرزا شوق لکھنوی۔

سوال : قطب مشتری وجہی کی مشہور مثنوی ہے بتایئے اس میں مصنف نے کس بادشاہ کے عہد جوانی کی داستان محبت نظم کی ہے؟

جواب : محمد قلی قطب شاہ۔

سوال : قطب شاہی عہد کا تیسرا بڑا شاعر ابن نشاطی تھا اس کی مثنوی کا نام بتایئے؟

جواب : پھول بن۔

سوال : سراج اورنگ آبادی کی مثنوی بوستان خیال میں کتنے اشعار ہیں؟

جواب : 1160۔

سوال : اردو شاعری میں ہندوستانی عنصر اور ہندوستانی قصوں سے ماخوذ مثنویاں کس کی تصانیف ہیں؟

جواب : ڈاکٹر گوپی چند نارنگ۔

سوال : اس مثنوی کا نام بتایئے جس میں غالب نے فارسی کے نو شعراء کو اپنا معنوی استاد کہا ہے؟

جواب : مثنوی باد مخالف۔

سوال : مومن خاں مومن کے ایک دیوان میں چھ مثنویاں ہیں۔ بتایئے یہ دیوان کس نے مرتب کیا؟

جواب : ان کے شاگرد نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ۔

سوال : میر حسن نے کل کتنی مثنویاں لکھیں؟

جواب : گیارہ۔

سوال : مثنوی سیر کراچی کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : شبنم رومانی۔

سوال : گل بکاؤلی کس مثنوی کا کردار ہے؟

جواب : گلزار نسیم کا کردار۔

سوال : مرزا غالب کی مثنویوں کی تعداد بتایئے؟

جواب : گیارہ

سوال : مثنوی قہر البیان کے خالق کا نام بتایئے؟

جواب : راجا مہدی علی خاں۔

سوال : محسن کاکوروی کی مثنویوں کے نام بتایئے؟

جواب : صبح تجلی اور چراغ کعبہ۔

سوال : خواجہ الطاف حسین حالی کی کس مثنوی کا ترجمہ غیر ملکی زبانوں میں بھی ہو چکا ہے؟

جواب : مناجات بیوہ۔

سوال : بحر المحبت نامی مثنوی مشہور شاعر...... نے لکھی۔ خالی جگہ پر کریں۔

جواب : مصحفی۔

سوال : ملا احمد راہی نے 1880ء میں میر حسن کی کس مثنوی کا پشتو میں منظوم ترجمہ کیا؟

جواب : مثنوی سحر البیان۔

سوال : اعجاز عشق میر تقی میر کی مشہور مثنوی ہے اس میں شعروں کی تعداد کیا ہے؟

جواب : 297۔

سوال : میر تقی میر نے کل کتنی مثنویاں لکھیں؟

جواب : 35۔

سوال : بوستان خیال اردو کی ایک مشہور مثنوی ہے شاعر کا نام بتایئے؟

جواب : سراج اورنگ آبادی۔

سوال : محمد حسین آزاد کی فرمائش پر اسماعیل میرٹھی نے انجمن پنجاب لاہور کے مشاعروں کے لیے کل کتنی مثنویاں تحریر کیں۔؟

جواب : تین مثنویاں۔

سوال : اردو کی پہلی مثنوی کون سی ہے نیز اس کے خالق کا نام بھی بتایئے؟

جواب : رتن پدم کدم راؤ...... نظامی۔

سوال : کیا آپ یہ بتا سکتے ہیں کہ سعادت یار خاں رنگین نے کتنی بحروں میں مثنوی کہی؟

جواب : گیارہ۔

سوال : مثنوی لذت فنا اور مثنوی امید و بیم کے خالق مرزا محمد ہادی رسوا ہیں یا کوئی اور؟

جواب : مرزا محمد ہادی رسوا۔

سوال : غواصی کی مثنوی سیف الملوک و بدیع الجمال میں کس بادشاہ کی داستان بیان کی گئی ہے؟

جواب : شاہ مصر کی۔

سوال : ابن نشاطی نے اپنی مثنوی پھول بن میں کس قسم کے مسائل بیان کیے ہیں؟

جواب : تصوف کے۔

سوال : مثنوی رضوان شاہ اور روح افزا کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : فائز۔

سوال : سید قطب الدین قادری فیروز نے حضرت عبدالقادر جیلانی کی مدح میں مثنوی کی شکل میں ایک نظم لکھی ہے بتایئے اس میں کتنے اشعار ہیں اور اس کا عنوان کیا ہے؟

جواب : 121 اشعار...... پرت نامہ۔

سوال : پیار محمد قریشی کی مثنوی کا نام بتایئے؟

جواب : بھوگ بھل۔

سوال : اردو کی پہلی باقاعدہ رزمیہ مثنوی کس کو تسلیم کیا گیا ہے؟

جواب : خاور نامہ۔

سوال : نصرتی کی مثنوی تاریخ اسکندری کس بادشاہ کے زمانے سے متعلق ہے؟

جواب : سکندر شاہ عادل۔

سوال : مثنوی خوب ترنگ کے مصنف شیخ خوب محمد چشتی کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 1614 میں

سوال : مثنوی ''سحرالبیان'' میں کس کی عشقیہ داستان بیان کی گئی ہے۔

جواب : شہزادہ بے نظیر اور پری بدر منیر کی۔

سوال : حمید کشمیری کو کس مثنوی کے لکھنے پر فردوسی کشمیر کا لقب ملا؟

جواب : اکبر نامہ۔

سوال : مولانا روم کا کوئی ایک ایسا شعر بتایئے جو ان کی مثنوی میں شامل نہ ہو؟

جواب : خشک مغز و خشک تار و خشک پوست   از کجا می آید! ہن آواز دوست

سوال : ہیمال ناگرائے کس کی مثنوی ہے؟

جواب : ولی اللہ متو۔

سوال : مثنوی دلپذیر کس کی تخلیق ہے نیز اس میں کتنے اشعار ہیں؟

جواب : سعادت یار خاں رنگین کی...... 2ہزار۔

سوال : غزال صحرائی کس پاکستانی شاعر کی مثنوی کا نام ہے؟

جواب : برگ یوسفی۔

سوال : مثنوی انید (ANEID) کس روی شاعر کی تخلیق ہے؟

جواب : ورجل۔

سوال : مثنوی برکھارت کے خالق کا نام بتایئے؟

جواب : الطاف حسین حالی۔

سوال : گلچیں نے وہ پھول جب اڑایا
اور غنچہ صبح کھلکھلایا
بتایئے یہ شعر کس مثنوی کا ہے؟

جواب : مثنوی گلزار نسیم۔

سوال : مولانا الطاف حسین حالی کا یہ مثنویہ شعر مکمل کریں؟
پھر غور سے اک نظر جو ڈالی

جواب : نکلا وہ ہمارا دوست حالی

سوال : مولانا محمد حسین آزاد کی مثنویوں کے نام بتایئے؟

جواب : شب قدر، صبح امید، گنج قناعت، دار انصاف اور خواب امن۔

سوال : کیا آپ شیخ فریدالدین عطار کی مشہور مثنوی کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : پند نامہ عطار۔

سوال : عبدالسلام قاضی (1786ء،1872ء) نے ایک عشقیہ مثنوی بھی لکھی بتایئے کس کے رنگ میں؟

جواب : غنیمت کے رنگ میں۔

سوال : تاجیک اور فارسی زبان کے عظیم شاعر عالمی شہرت کی رزمیہ مثنوی شاہ نامے کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : ابوالقاسم فردوسی۔

سوال : بیجاپور کے شاعر ہاشمی نے یوسف زلیخا لکھی یہ مثنوی ملا جامی کی مشہور تخلیق ہے بتایئے اس میں کتنے اشعار ہیں؟

جواب : کم و بیش بارہ ہزار۔

سوال : کامدی مدن کس کی مشہور مثنوی ہے؟

جواب : بیدل۔

سوال : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اردو کے کس شاعر نے بے نقط مثنوی لکھی؟

جواب : انشاءاللہ خاں انشاء

سوال : انشاءاللہ خاں انشاء نے مثنوی شیر برنج فارسی زبان میں ترکی کے کس عظیم صوفی شاعر کی طرز پر لکھی؟

جواب : مولانا جلال الدین رومی۔

سوال : حضرت امیر خسرو نے غیاث الدین تغلق کے نام پر کون سی مثنوی لکھی؟

جواب : تغلق نامہ۔

سوال : جرم آگہی کس کی مثنوی ہے؟

جواب : حسن حمیدی

سوال : مثنوی متفق الوزن اشعار کے اس مجموعے کو کہتے ہیں جس کے ہر بیت کا قافیہ جداگانہ ہو اور دونوں مصرے ہم قافیہ ہوں۔ مضمون مسلسل ہو اور کسی واقعہ یا قصے کو اس انداز میں بیان کیا جاتا ہے کہ اس میں زندگی اور معاشرت کے تمام پہلو آ جاتے ہیں بتایئے قصیدہ کسے کہتے ہیں؟

جواب : اس نظم کو قصیدہ کہتے ہیں جس میں کسی کی تعریف، شان و شوکت اور عظمت بیان کی جائے اس کے چار حصے ہوتے ہیں (1) تشبیب (2) گریز (3) مدح (4) دعا۔ یہ چاروں مل کر قصیدے کا نظام مکمل کرتے ہیں۔

سوال : تین مصرعوں والی ایسی نظم کو مثلث کہا جاتا ہے جس کے پہلے دو مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں بتایئے مخمس سے کیا مراد ہے؟

جواب : وہ نظم جس میں چار مصرع ہوتین ہم قافیہ جب کہ ایک جداگانہ ہو۔

سوال : بتایئے سات مصرعوں والی نظم کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : مسبع

سوال : خالی جگہ پر کریں۔ چند ہم وزن اور ہم قافیہ مصرعوں کے مجموعہ کو...... کہتے ہیں؟

جواب : مسمط۔

سوال : افسانہ ایک مختصر کہانی ہوتی ہے جسے ایک ہی نشست میں پڑھا جاسکتا ہے۔ بتایئے ناول سے کیا مراد ہے؟

جواب : ایک طویل کہانی جسے ایک نشست میں نہ پڑھا جاسکے اس کی بہت سی اقسام ہیں جن میں رومانی تاریخی، جاسوسی اور اصلاحی ناول شامل ہیں۔

سوال : نثر کی تین قسمیں ہیں بتایئے کون کون سی؟

جواب : (1) مسجع (2) مرجز اور عاری۔

سوال : مثنوی درمکنون کس نے اور کس سن ہجری میں لکھی؟

جواب : فقیر اللہ نے 1204ھ میں۔

سوال : مثنوی ابر گہربار کس نے لکھی ہے؟

جواب : مرزا غالب نے۔

سوال : مرزا غالب کی دو اور مثنویوں کے نام لکھئے؟

جواب : مثنوی امتناع النظیر، مثنوی چراغ دیر۔

سوال : مثنوی خوان کرم فضائل علی خاں بے قید کی تصنیف ہے بتایئے اس سے متاثر ہو کر میر حسن نے کون سے مثنوی لکھی تھی؟

جواب : مثنوی سحر البیان۔

سوال : مثنوی مظہر الاثار کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : جہانگیر ہاشمی (سندھ کے صوفی شاعر)

سوال : ہست قرآن در زبان پہلوی کس مصنف کی مثنوی کے بارے میں کہا جاتا ہے؟

جواب : مولانا جلال الدین رومی۔

سوال : مثنوی کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب : ایران سے۔

سوال : 1942ء میں "مغرب زدہ" کے نام سے ایک مثنوی شائع ہوئی شاعر کا نام بتایئے؟

جواب : قتیل شفائی۔

سوال : خواب وخیال نامی مثنوی میر درد کی بھائی نے تحریر کی تھی میر درد کے بھائی کا نام بتایئے؟

جواب : میر اثر۔

سوال : امیر خسرو نے سکندر نامہ کے جواب میں کون سی مثنوی تحریر کی؟

جواب : آئین سکندری۔

سوال : شوق قدوائی نے معرکہ چکبست وشرر کے سلسلے میں فرضی نام سے ایک مثنوی لکھی بتایئے اس کا نام کیا تھا؟

جواب : خارزار نسیم۔

سوال : مثنوی خارزار نسیم میں کاکوری کے خر سے کیا مراد لی جاتی ہے؟

جواب : عبدالحلیم شرر جن کا وطن کاکوری تھا۔

سوال : شوق قدوائی نے جو مثنویاں لکھیں ان کے نام بتایئے؟

جواب : مثنوی ترانہ شوق، مثنوی حسن، مثنوی قاسم زہرہ، مثنوی عالم خیال، مثنوی عالم خیال جدید۔

سوال : مثنوی گلزار نسیم میں پنڈت دیا شنکر نسیم نے کس قصے کو نظم کیا ہے؟

جواب : گل بکاؤلی۔

سوال : نظامی گنجوی کی مثنوی "ساقی نامہ" کی طرز پر مرزا غالب نے کون سی مثنوی لکھی تھی؟

جواب : ابر گہربار۔

سوال : امام بخش ناسخ نے بھی ایک مثنوی لکھی ہے مثنوی کا نام بتایئے؟

جواب : نظم سراج۔

سوال : رودکی نے کس کی فرمائش پر مثنوی کلیلہ ودمنہ کا ترجمہ فارسی میں کیا تھا؟

جواب : نصر بن احمد سامانی۔

سوال : فردوسی نے محمود غزنوی کے ایما پر کون سی مثنوی لکھی تھی؟

جواب : شاہ نامہ ایران۔

سوال : دورزمیہ مثنویوں کے نام بتایئے؟

جواب : شاہنامہ فردوسی، سکندر نامہ نظامی۔

سوال : مقیمی نے کون سی مثنوی لکھی؟

جواب : چندن بدن وماہ یار۔

سوال : حکیم محمد واصل نے سندھی میں گلزار واصل نامی مثنوی لکھی ہے بتایئے اس میں کس کی داستان عشق بیان کی گئی ہے؟

جواب : سسی پنوں۔

سوال : مثنوی بوستان خیال کے مصنف سراج اورنگ آبادی ہیں اس مثنوی کا کوئی ایک شعر لکھیے؟

جواب : زبس اس میں ہے سیر گلشن تمام
رکھ بوستان خیال اس کا نام

سوال : شاہ حسین ذوقی نے ابوالحسن تاناشاہ کی سبرس کا جو منظوم ترجمہ کیا تھا بتایئے اس کا نام کیا رکھا گیا؟

جواب : وصال العاشقین۔

سوال : میر تقی میر نے تین مثنویاں لکھیں بتایئے ان کی سب سے مشہور مثنوی دریائے عشق میں کتنے اشعار ہیں؟

جواب : تقریباً دوسو۔

سوال : جرات کی سب سے پہلی مثنوی کارستان الفت میں شعروں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب : 383۔

سوال : مولانا روم کی طرز پر خواجہ میر درد کے چھوٹے بھائی نے کون سی مثنوی لکھی؟

جواب : خواب وخیال۔

سوال : مومن خاں مومن کی مثنویوں کے نام بتایئے؟

جواب : شکایت تبسم، قصہ غم، قول غمیں، تف آتشیں، حنین مغموم۔

سوال : قول غمیں نامی مثنوی میں کتنے اشعار ہیں؟

جواب : 440 (چار سو چالیس)

سوال : علامہ اقبال نے کون کون سی مثنویاں لکھیں؟

جواب : اسرار خودی، رموز بے خودی اور پس چہ باید کرد اے اقوام شرق۔

سوال : بتایئے مثنوی مولانا روم کے خالق کا عالمی دن پوری دنیا میں پہلی بار کب منایا گیا؟

جواب : 2008ء

سوال : حضرت سچل سرمست کی کم از کم آٹھ مثنویوں کے نام تو بتایئے

جواب : (1) مثنوی رہبر نامہ (2) مثنوی تار نامہ (3) مثنوی درد نامہ (4) مثنوی وحدت نامہ (5) مثنوی راز نامہ (6) مثنوی عشق نامہ (7) مثنوی گرانامہ (8) مثنوی وصیت نامہ

سوال : بتایئے اصطلاح میں اس مسلسل نظم کو کیا نام دیا جاتا ہے جس میں مسلسل ایک بحر چلتی ہے اور دونوں شعر ہم قافیہ وہم ردیف ہوں؟

جواب : مثنوی

سوال : بتایئے مولانا عبدالسلام ندوی نے اپنی کس کتاب میں مثنوی کے بارے میں فرمایا تھا؟
وہ صنف سخن ہے جس میں عشق ومحبت سے جذبات کی عکاسی اور مدح وستائش کی جاتی ہے۔ باغ و بہار دشت وجبل کے مناظر دکھائے جاتے ہیں نوحہ اور آہ وزاری کی جاتی ہے اور تاریخی واقعات بیان کیے جاتے ہیں۔

جواب : شعرالہند

سوال : ہست قرآن درزبان پہلوی کس مثنوی کو کہا جاتا ہے؟

جواب : مثنوی معنوی (مولانا روم)

سوال : اردو زبان کی پہلی مثنوی کسے کہا جاتا ہے؟

جواب : قطب مشتری (ڈاکٹر سید عبداللہ وجہی کی مثنوی)

سوال : خوب محمد نے کدم راؤ پدم راؤ کے بعد کس نام سے مثنوی لکھی؟

جواب : خوب ترنگ

سوال : اشرف نے نوسرباز کے نام سے مثنوی لکھی بتایئے شاہ میراں جی کے فرزند برہان الدین جانم نے کن ناموں سے مثنویاں تحریر کیں؟

جواب : (1) نسیم الکلام (2) منفعت الایمان (3) سکھ سہیلا (4) شاد نامہ

سوال : بتایئے غلام قادر شاہ نے کس نام سے مثنوی لکھی؟

جواب : رمزالعاشقیں

سوال : مولانا محمد حسین آزاد نے کس نام سے مثنویاں لکھیں؟

جواب : شب قدر اور حب کی داد

سوال : بتائیے (1) مثنوی علی نامہ (2) فتح نامہ اور (3) خاور نامہ کے مصنفین کے نام کیا کیا ہیں؟

جواب : علی الترتیب (1) نصرتی (2) نظام حسن شوقی (3) رستمی

سوال : کیا آپ ولی دیلوری کی مثنوی کا نام بتا سکتے ہیں

جواب : روضۃ الشہداء

سوال : ڈاکٹر ناظر حسن زیدی کے مطابق کس مثنوی کو اردو کا شیش محل کہتے ہیں؟

جواب : گلزار نسیم

سوال : زہر عشق اور بہار عشق کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : نواب مرزا شوق

سوال : داغ نے فریاد داغ کے نام سے مثنوی لکھی محسن کاکوردی کی کم از کم دو مثنویوں کے نام بتائیے؟

جواب : (1) چراغ کعبہ (2) صبح تجلی

سوال : نئی طرز ہے اور نئی ہے زبان نہیں ہے مثنوی ہے یہ بتائیے یہ شعر کس مثنوی سے لیا گیا ہے؟

جواب : مثنوی سحر البیان (از میر حسن)

سوال : شاہنامہ اسلام ایک طویل ترین مثنوی ہے خالق کا نام بتائیے؟

جواب : ابوالاثر حفیظ جالندھری

سوال : دردانہ اور صبح بنارس کس شاعر کی مثنویوں کا نام ہے؟

جواب : آزاد لکھنوی

سوال : مثنوی لالہ صحرا کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : رئیس امروہوی

سوال : اردو مثنویوں میں زہر عشق کا مقام نامی مثنوی کس نے رقم کی؟

جواب : پروفیسر اقبال گل

سوال : ڈاکٹر جمیل جالبی نے کب مثنوی کدم راؤ پدم راؤ پر تحقیقی کام کیا؟

جواب : 1973 میں

سوال : ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی کی مثنوی پس چہ باید کرد مع مسافر کب شائع ہوئی؟

جواب : 1999 میں

سوال : مثنوی اکرم قریشی ''شیشہ و تنقیدی جائزہ'' 1995 میں کس نے پیش کیا؟

جواب : خالد بہاولپوری

سوال : سراج الحسن عثمانی پیرزادہ نے کس نام سے مثنوی لکھی؟

جواب : مثنوی طلوع سحر

سوال : کم از کم پانچ اردو مثنویوں کے نام بتائیے؟

جواب : (1) من لگن (2) بوستان خیال (3) پھول بن (4) چندر بدن مہیار اور (5) قطب مشتری

سوال : قصہ ملکہ مصر اور قصہ فیروز شاہ مثنویوں کے خالق کا نام بتائیے؟

جواب : محمد علی عاجز

سوال : مثنوی داغ نگار اور مثنوی شجاع مہر میں سے کون سی مثنوی مرزا حاتم بیگ مہر کی ہے؟

جواب : دونوں مثنویاں مرزا حاتم بیگ مہر کی ہیں۔

سوال : اردو مثنوی میں مذہبی عقائد اور روایات شامل کرنے کی ابتداء کس شاعر نے کی؟

جواب : امین مینائی

سوال : خدا کی تعریف، اسلم کی بلی، ہوا چلی، برسات کا موسم اور ہماری گائے نامی مثنویاں کس نے لکھی ہیں؟

جواب : اسماعیل میرٹھی نے۔

سوال : مثنوی گلزار فقیر غلام محی الدین کی تصنیف ہے بتائیے انہوں نے اس کی ابتداء کس شعر سے کی؟

جواب : سنوں سادھو اک من کی بات جس میں پائی ذات صفات

سوال : گنج الاسرار مثنوی کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : حضرت نوشہ گنج بخش

سوال : بتائیے دکھنی مثنوی قطب مشتری کب شائع ہوئی؟

جواب : 1018ھ

سوال : خواجہ میر درد کے بھائی خواجہ میر اثر نے ''خواب و خیال'' کے نام سے جو مثنوی لکھی اس کے کوئی سے دو شعر بتائیے؟

جواب:
درد کوئی کسو کا کیا جانے
اس کا دل جانے یا خدا جانے
کیا کہوں؟ کچھ کہا نہیں جاتا
چپ رہوں تو رہا نہیں جاتا

سوال : رمز العاشقین کس کی مثنوی کا نام ہے؟

جواب : غلام قادر شاہ

سوال : جوبن نامہ اور اختلاف زماں کس کی مثنویاں ہیں؟

جواب : جعفر زٹلی

سوال : ڈاکٹر اعجاز حسین نے مذہب و شاعری میں مثنوی کی ابتداء کے بارے میں کیا نظریہ پیش کیا؟

جواب : یہ کہ مثنوی کی ابتداء ایران سے ہوئی۔

سوال : کم از کم تین ہندو شاعروں کے نام بتائیے جنہوں نے مثنویاں لکھیں؟

جواب : (1) چکبست (2) سرور (3) شاد

سوال : بتائیے مثنویاں کتنی قسموں کی ہو سکتی ہیں؟

جواب : چھ قسموں کی یعنی (1) اخلاقی مثنویاں (2) رزمیہ مثنویاں (3) عشقیہ مثنویاں (4) فلسفیانہ مثنویاں (5) مذہبی مثنویاں (6) صوفیانہ مثنویاں۔

سوال : چند عشقیہ مثنویوں کے نام بتائیے؟

جواب : (1) ہیر رانجھا (2) سسی پنوں (3) سوہنی مہینوال (4) لیلیٰ مجنوں (5) سیف الملوک (6) سسی مراد

سوال : مثنوی داستان امیر حمزہ کی نوعیت کیا ہے؟

جواب : یہ رزمیہ مثنوی ہے۔

سوال : پنجابی زبان میں چند ایسے شعراء کے نام بتائیے جنہوں نے مثنویاں تحریر کیں؟

جواب : مولوی احمد یار مرالوی، مولوی غلام رسول عالپوری، میاں محمد بخش، سید فضل شاہ اور مولوی عبدالستار۔

سوال : پنجابی زبان میں رزمیہ مثنویوں کو دوسرا کیا نام دیا گیا ہے؟

جواب : حماسہ، جنگ نامہ

سوال : اشرف بیابانی نے کس نام سے مثنوی لکھی؟

جواب : لازمی المبتدی

سوال : شاہ ابوالحسن کی کس مثنوی میں شاعر ، حکایتوں اور پہیلیوں کو شامل کر کے تصوف کے وجود کو کھیل ہی یا کھیل میں سمجھانے کی سعی دا گئی ہے؟

جواب : سک بطن

سوال : اشرف بیابانی کی مثنوی نوسرہار کا موضوع کیا ہے؟

جواب : واقعہ کربلا

سوال : مثنوی گنج شہیداں ایک ضخیم فارسی مثنوی ہے کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس میں کتنے ہزار ابیات شامل ہیں؟

جواب : 13800

سوال : مثنوی رمز العشق کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : شاہ غلام قادر۔ بٹالوی

سوال : مثنوی تائید الاسلام کے مصنف کا نام بتائیے نیز یہ بھی بتائیے کہ اس میں کتنی آیات شامل ہیں؟

جواب : محمد علی محمد.....153 ابیات

سوال : مثنوی دلبر واعظین کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : محمد علی محمد

سوال : سزائے حمد ہے وہ ذات باری
دو عالم میں ہے جس کا حکم جاری
ہر اک مخلوق مہ سے تا بہ ماہی
ہیں دیتے اس کی وحدت پر گواہی
بتائیے یہ الفاظ کس مثنوی میں شامل ہیں۔

جواب : تائید الاسلام میں

سوال : مثنوی جواب وخیال کی مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : میر اثیر

سوال : سیف الملوک کس کی مثنوی ہے؟

جواب : غواصی کی

سوال : مثنوی رضوان شاہ کا سن تصنیف کیا ہے۔

جواب : 1967ھ

سوال : پنچھی نامہ وجدی کی مشہور مثنوی ہے تحفہ عاشقاں کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : وجدی

سوال : محمد اسماعیل میرٹھی نے کس نام سے مثنوی تحریر کی ہے؟

جواب : مثنوی فکر کلیم

سوال : مثنوی من لگن کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : شیخ محمود بحری

سوال : مولانا الطاف حسین حالی نے مثنوی پر بحث کرتے ہوئے آٹھ اصول بتلائے ہیں ان میں کسی چار کا حوالہ دیجیے؟

جواب : (1) مثنوی میں بالخصوص ایسی مثنوی جس میں تاریخی واقعہ نظم کیا جائے، ربط کلام کا خاص لحاظ رکھا جائے۔

(2) قصے کو مبالغے سے حتی الوسع پاک رکھا جائے۔

(3) قصے کے واقعات کو ان کے مقتضائے حال کے مطابق نظم کیا جائے۔

(4) اس بات کا بھی لحاظ رکھا جائے کہ ایک بیاں دوسرے بیاں کی تکذیب نہ کرے۔

سوال : مثنوی سحرالبیان میں کس قسم کی داستان بیان کی گئی ہے؟

جواب : بے نظیر وبدر منیر کی عشقیہ داستان کو نظم کیا گیا ہے۔

سوال : مثنوی سحرالبیان کے دو اشعار بتائیے؟

جواب : نہیں مثنوی ہے یہ اک پھلجھڑی　　مسلسل ہے موتی کی گویا لڑی

نئی طرز ہے اور نئی ہے زبان　　نہیں مثنوی ہے یہ سحرالبیان

سوال : زہر عشق نامی مثنوی کس نے لکھی ہے؟

جواب : نواب مرزا شوق نے

سوال : نواب مرزا شوق کی دوسری مثنوی بہار عشق ہے بتائیے اس میں کتنے اشعار شامل ہیں۔

جواب : 800

سوال : شوق کی مثنویوں کے بارے میں ڈاکٹر ابواللیث صدیقی نے کیا کہا ہے؟

جواب : شوق کی مثنویوں میں اس عہد کی رنگین اختر نگر کی رنگین معاشرت کا صحیح اور مکمل نقشہ نظم ہوا ہے۔

سوال : مثنوی آبِ رواں سید شمیم رجز کی تصنیف ہے بتائیے مثنوی کا موضوع کیا ہے؟

جواب : قرآن حکیم کے منظوم مطالب ومفاہیم۔

☆☆☆

مرثیہ

سوال : مرثیہ کس لفظ سے مشتق ہے نیز اس کا مطلب کیا؟

جواب : رثا یا رثاء سے، کسی کی موت پر کرب وملال اور غم ورنج کا اظہار کرنا

سوال : اس پہلے مرثیہ گو شاعر کا نام بتائیے جس کی غزلیات وقصائد اور مثنویات میں مرثیے شامل ہیں۔

جواب : محمد علی قطب شاہ۔

سوال : نوسر بار نامی نظم کس شاعر نے لکھی؟

جواب : اشرف نے **1525** میں۔

سوال : اردو میں زیادہ تر مرثیے کن کے بارے میں کہے گئے ہیں؟۔

جواب : حضرت امام حسینؓ اور ان کے اصحاب کے بارے میں۔

سوال : میر ببر علی انیس اور مرزا سلامت علی دبیر میں کیا قدر مشترک ہے؟

جواب : دونوں مرثیہ گو شاعر ہیں۔

سوال : کیا آپ مرزا سلامت علی دبیر کے مرثیوں کی تعداد بتا سکتے ہیں؟

جواب : کم وبیش تین ہزار۔

سوال : کس مرثیہ گو شاعر کے دو بھائی اور تین بیٹے مرثیہ نگار تھے؟

جواب : میر انیس۔

سوال : اردو مرثیہ نگاری کا آغاز کس شہر سے ہوا؟

جواب : دکن سے۔

سوال : سربکف مرثیوں کا مجموعہ ہے شاعر کا نام بتائیے؟

جواب : صبا اکبرآبادی۔

سوال : بتائیے مرثیے کے ایک بند میں شعروں کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟

جواب : تین۔

سوال : مرزا دبیر نے ایک بے نقط مرثیہ بھی لکھا تھا بتائیے اس کا مطلع کیا تھا؟

جواب : ہم طالع ہما مراد ہم رسا ہوا

سوال : بے نقط مرثیے میں مرزا دبیر نے اپنا تخلص کیا لکھا؟

جواب : عطارد۔

سوال : لکھنؤ میں مرثیہ پڑھنے کے دو گروہ بن گئے ایک گروہ کو سلامت علی دبیر کی نسبت سے دبیرے کہا جاتا تھا بتائیے میر انیس کے گروہ کو کیا کہا جاتا تھا؟

جواب : انیسیے۔

سوال : کیا آپ میر انیس کی کلیات کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : کلیات مراثی۔

سوال : نمود صبح میر انیس کے ایک طویل مرثیے کا ٹکڑا ہے اس کا ایک شعر تو سنائیے؟

جواب : طے کر چکا جو منزل شب کاروان صبح ہونے لگا افق سے ہویدا نشان صبح

سوال : شاد عظیم آبادی نے مرثیے میں زبان و خیال کے اعتبار سے کس کی پیروی کی ہے؟

جواب : میر انیس۔

سوال : شاد عظیم آبادی مرثیے میں فریاد عظیم آبادی کے علاوہ کس سے اصلاح لیتے رہے؟

جواب : دبیر سے۔

سوال : مرثیے کے ابتدائی حصے کو شاعری کی اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : چہرہ۔

سوال : واقعہ کربلا سے متعلق فارسی مرثیے کا آغاز شاہ طہماسپ صفوی کے حکم سے سولھویں صدی عیسوی میں ہوا بتائیے پہلے فارسی مرثیہ گو کا نام کیا ہے؟

جواب : محتشم کاشی۔

سوال : قیصر بارہوی کو ان کی گولڈن جوبلی کے موقع پر لاہور میں مئی **1990**ء میں ایرانی ثقافتی مرکز کے ڈائریکٹر جنرل آقائے صادق گنجی نے کیا خطاب دیا؟

جواب : انیس وقت۔

سوال : نصیر الدین ہاشمی نے اردو کا سب سے قدیم مرثیہ گو کسے قرار دیا ہے؟

جواب : ملا وجہی کو۔

سوال : مرثیہ کی ذیلی اصناف کون کون سی ہیں؟

جواب : سلام، سوز اور نوحہ۔

سوال : دور آصفیہ کے چند مشہور مرثیہ گوؤں کے نام بتائیے؟

جواب : ہاشم علی۔ میر محمد قاسم اور امامی برہان پوری۔

سوال : مرثیہ کس اہم واقعہ کی یاد دلاتا ہے؟

جواب : واقعہ کربلا کی۔

سوال : موجودہ دور کے مشہور مرثیہ نگاروں کے نام بتائیے؟

جواب : آل رضا، شائق زیدی، مہر جالسی، صبا اکبر آبادی، ڈاکٹر صفدر حسین، نفیس فتح پوری، جوش ملیح آبادی، نجم آفندی، آغا سکندر مہدی، نسیم امروہوی، فضل لکھنوی، یاور عباس، محسن اعظم گڑھی، ثمر جائسی، امید فاضلی، خاور لودھی، شرف نوگانوی، رزم ردولوی، جمیل مظہری۔

سوال : **1944**ء میں سید آل رضا کے دو تبلیغی مرثیے شائع ہوئے کیا آپ ان کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : (1) شہادت سے پہلے (2) شہادت کے بعد۔

سوال : **1967**ء میں سید آل رضا کا ایک مرثیہ شائع ہوا جس میں بارہ افراد کے تبصرے بھی شامل تھے نام بتائیے؟

جواب : عظمت انساں۔

سوال : حسین اور انقلاب نامی مرثیہ کس نے لکھا ہے؟

جواب : جوش ملیح آبادی۔

سوال : بصیرت کس خاتون کے مرثیوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : تصویر فاطمہ۔

سوال : نسیم امروہوی کے دادا مرثیہ گو تھے نام بتائیے؟

جواب : شمیم امروہوی۔

سوال : **1938**ء میں نسیم امروہوی کا کون سا مرثیہ شائع ہوا؟

جواب : فلسفہ غم۔

سوال : قندیل صبر، ایثار و پیکار اور روح انقلاب کس کے مرثیے ہیں؟

جواب : ہلال نقوی۔

سوال : مرثیے کی ترکیب تو بتائیے؟

جواب : چہرہ، آمد، سراپا، رجز، جنگ، شہادت، خاتمہ دعا۔

سوال : مرثیے کے غزلیہ کو کیا اصطلاحی نام دیا جا سکتا ہے؟

جواب : سلام۔

سوال : سلام کے اشعار کی تعداد کم سے کم چار ہوتی ہے بتایئے زیادہ سے زیادہ کتنی ہوتی ہے؟
جواب : 27 (اردو مرثیے کی سرگزشت از ڈاکٹر اسد اریب۔
سوال : مرثیے کے ادایئے کا نام بتایئے؟
جواب : سوز خوانی۔
سوال : ایران میں مرثیہ خوانی کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب : روضہ خوانی۔
سوال : مشہور مرثیہ گو آغا سکندر مہدی 30 جون 1928ء کو پیدا ہوئے بتایئے ان کا انتقال کب ہوا؟
جواب : 1976ء میں بہاولپور میں۔
سوال : امید فاضلی نے کب مرثیہ کہنا شروع کیا؟
جواب : 1973ء میں۔
سوال : میر ضمیر نے مرثیہ میں کیا کیا نئی ایجادیں کیں؟
جواب : رزمیہ، سراپا، تلوار اور گھوڑوں وغیرہ کا اضافہ کیا۔
سوال : کیا یہ درست ہی کہ میر مستحسن خلیق اس قدر غریب تھا کہ وہ غزلیں بیچ کر زندگی کے دن گزارتا تھا؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : دہلی کے متعلق یہ پر درد مرثیہ کس نے لکھا ہے جس کا مطلع یہ ہے۔

نہیں حال دہلی سنانے کے قابل　　یہ قصہ ہے آنسو بہانے کے قابل

جواب : دہلی کے مشہور حکیم آغا جان عیش۔
سوال : اردو مرثیے کی سرگزشت (آغاز سے زمانہ حال تک) کے مصنف کا نام بتایئے؟
جواب : ڈاکٹر اسد اریب
سوال : شاہ قلی، افضل کاظم اور مرزا لطیف مرثیہ گو ہیں بتایئے ان کا تعلق کس علاقے سے ہے؟
جواب : گولکنڈہ۔
سوال : بتایئے مرثیے کو مسدس کی شکل کس نے دی؟
جواب : مرزا رفیع سودا نے۔
سوال : میر انیس کا یہ مشہور مرثیہ کس کے بارے میں ہے؟

یارب چمن نظم کو گلزار ارم کر

جواب : حضرت امام حسینؓ کے بارے میں ہے؟

سوال : سندھی شاعر سید ثابت علی شاہ کے مرثیوں میں کن باتوں کا ذکر ملتا ہے؟
جواب : وضاحت، تمثیل نگاری، سوز و گداز، واقعات کے بیان کی قوت۔
سوال : پشتو ادب کے چند مرثیہ گو شعراء کے نام بتایئے؟
جواب : ملا نعمت اللہ، نور اللہ شاہ، خدائے نظر، ملا ہوس، قنبر علی خان، ملا دوست علی، میران شاہ، سید ابو علی شاہ۔
سوال : سید ابو علی شاہ کے طویل مرثیے کا نام بتایئے؟
جواب : جنگ نامہ حسینؓ و کجابی سکینہ۔
سوال : قائم نقوی کا پہلا شعری مجموعہ کون سا ہے؟
جواب : بیلے رمزاں دے۔
سوال : مندرجہ ذیل شعری مجموعے کن شاعروں کے ہیں؟
(1) گھنگرو (2) تلخاب (3) لہو کی ہریالی (4) ذرا پھر سے کہنا (5) تنہائی۔ (6) شہر احساس۔ (7) درنگاہ سے (8) دھیان کی سیڑھیاں۔ (9) صدائیں۔ (10) گفتار (11) بادل، چاند ہوا اور میں۔ (12) پس الفاظ (13) مسافتیں (14) زرد آدمی (15) حرف پیادے (16) نیکیوں سے خالی شہر۔
جواب : (1) قتیل شفائی (2) ڈاکٹر خیال امروہوی (3) مظفر وارثی (4) امجد اسلام امجد۔ (5) زاہد ڈار (6) اکبر کاظمی (7) علی اکبر عباس (8) اعزاز احمد آذر (9) نثار اکبر آبادی (10) بشیر سیفی (11) سعد اللہ شاہ (12) اصغر یگانہ (13) سلیم شہزاد (14) عامر انصاری (15) اختر شیخ (16) جاوید شاہین۔
سوال : مشعل جاں محسن برلاس کی غزلوں کا مجموعہ ہے بتایئے اس میں کتنی غزلیں شامل ہیں؟
جواب : 64
سوال : 1914ء طفیل ہوشیار پوری سے کیا نسبت ہے؟
جواب : یہ ان کا سن پیدائش ہے۔
سوال : نفیس فاطمہ کی کتاب مرزا دبیر اور ان کی مرثیہ نگاری کب شائع ہوئی؟
جواب : 1989ء میں۔

سوال : بہاولپور میں سب سے پہلے مرثیہ کہنے کا اعزاز مسعود حسن شہاب دہلوی کو حاصل ہوا، بتایئے وہ کب پیدا ہوئے؟

جواب : 20 اکتوبر 1922ء کو دہلی میں۔

سوال : یہ بتایئے کہ ڈاکٹر صفدر حسین نے کون سا مقالہ لکھ کر پی ایچ ڈی کی ڈگری لی؟

جواب : لکھنؤ کی تہذیبی میراث۔

سوال : ڈاکٹر اسد اریب کے مرثیوں کی کون سی کتاب 1989ء میں طبع ہوئی؟

جواب : اردو مرثیہ کی سرگزشت۔

سوال : سید ناظر حسین ناظر سیتاپوری کے مرثیوں کی تعداد بتلایئے؟

جواب : چالیس۔

سوال : قاری یعقوب علی خاں کے کتنے بند پر مشتمل بے نقط مرثیہ ملتا ہے؟

جواب : پچاس۔

سوال : جوش ملیح آبادی کا خط ہلال نقوی کے کس مرثیہ میں شائع ہوا ہے؟

جواب : جدید مرثیہ کے تین معمار۔

سوال : مراثی یاور کس کے مرثیوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : یاور اعظمی۔

سوال : قمر جلالوی کے کس مجموعے میں مرثیے بھی شامل ہیں؟

جواب : غم جاوداں۔

سوال : نظیر اکبر آبادی نے جو مرثیے کہے وہ کس شکل میں ہیں؟

جواب : مخمس۔

سوال : نجم آفندی کا مرثیہ فتح مبین کب منظر عام پر آیا؟

جواب : 1940ء میں۔

سوال : سید آل رضا کا مرثیوں کا مجموعہ مراثی رضا کتنے مرثیوں پر مشتمل ہے؟

جواب : 20۔

سوال : بتایئے یہ مختصر مرثیہ کس نے لکھا ہے؟

اس تن بے پیرے دا کیہہ کریئے
تہ ایہہ سولاں تے ٹنگیاں راضی
تے نہ پھلاں دی سیج تے خوش اے

جواب : آصف شاہکار۔

سوال : واقعہ کربلا کے بعد پہلا مرثیہ عربی میں فرزوق نے لکھا بتایئے فارسی میں کس نے لکھا؟

جواب : شیخ سعدیؒ نے۔

سوال : مرثیہ گو شاعر فرزوق کا اصل نام کیا تھا؟

جواب : ابوفراس ہمام بن غالب تمیمی۔

سوال : خاقانی نے کن کھنڈرات پر کھڑے ہو کر مرثیہ کہا؟

جواب : مدائن۔

سوال : ایران کے بادشاہ شاہ طہماسپ صفوی کے ایما پر محتشم کاشی نے کس نام سے مرثیہ کہا؟

جواب ہفت بند۔

سوال : مرثیہ گو دکنی شاعروں کے نام بتایئے؟

جواب : ملا وجہی، غواصی، لطیف، کاظم، افضل اور ہاشمی۔

سوال : میر انیس اور میرزا دبیر کے بعد کن مرثیہ نگاروں نے شہرت پائی؟

جواب : مرزا عشق، میر محمد نواب مونس، انس، نفیس، مرزا تعشق ابو صاحب، عارف، جلیس، پیارے صاحب، رشید اور مرزا اوج۔

سوال : میر انیس کا یہ شعر کس واقع کی یاد دلاتا ہے؟

چھوٹی بہن جو لاشے سے آ کر لپٹ گئی　　اک حشر ہو گیا صف ماتم الٹ گئی

جواب : یہ اس واقعہ کی یاد ہے جب میدان کربلا میں حضرت اصغر کی لاش بی بی سکینہ نے دیکھی تو وہ بے ساختہ ان سے لپٹ گئیں۔

سوال : بتایئے کہ مرثیہ نگار ہر مرثیہ کو کن نکات کو ملحوظ رکھ کر لکھتا ہے؟

جواب : ہر مرثیہ میں مرثیہ نگار شمائل مبارکہ سے لے کر اخلاق حسنہ، اسلام کے آفاقی فلسفۂ حیات سے لے کر ہادی کونین ﷺ کی حیات طیبہ اور محاسن عظمیٰ کے نکات کو موتیوں کو باہم جوڑنے کی بھرپور سعی کرتا ہے۔

سوال : ممتاز مرثیہ نگار اور شاعر انیس کے مرثیہ کے کوئی سے دو شعر بتایئے؟

جواب : گیسو تھے وہ مفسر والیل اذا سجیٰ — رخ سے عیاں تھے معنی والشمس والضحیٰ

وہ ریش پاک اور رخ سردار انبیاء — گویا دھرا تھا رحل پہ قرآن کھلا ہوا

سوال : کیا آپ صباء اکبرآبادی کے مرثیوں کے مجموعے کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : خوناب

سوال : خوناب کتنے مراثی پر مشتمل ہے؟

جواب : پانچ......بشمول (1) ہجرت (2) لفظ (3) خاک (4) قلب مطمئن (5) منبر

سوال : صباء اکبرآبادی کے مرثیوں کے تین شعر بتایئے؟

جواب: لشکر کے قریب آ گئے جب شاہ خوش انجام
فرمایا کہ درپے ہو مرے کیوں یہ شام
سب جانتے ہیں پھیلا ہے گھر سے مرے اسلام
ہے سنت و قرآن کے مطابق مرا ہر کام
فرزند نبی کا ہوں جگر بند علی ہوں
جو شیر سے زہرا کے پلا ہے میں وہی ہوں

سوال : مرثیے کی تمہید و تعریف کو اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

جواب : چہرہ

سوال : مرثیوں کی کتاب تہذیب ماتم اور گلزار وفا کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : خلش پیرا صحابی

سوال : چہرے میں کس قسم کے مضمون ہوتے ہیں۔؟

جواب : منظر کشی، حمد و منقبت یا زندگی اور موت کے مضامین

سوال : سراپا مرثیے کے اجزائے ترکیبی میں سے ایک ترکیب ہے بتایئے سراپا میں مرثیہ نگار کس قسم کی تفصیل دیتا ہے۔؟

جواب : اس میں ہیرو کے قد کاٹھ، خدوخال، نین نقش، خوبصورتی جوانمردی اور شجاعت کی تفصیل دی جاتی ہے۔

سوال : برصغیر پاک و ہند کے کس علاقے سے اردو مرثیہ نگاری کا آغاز ہوا؟

جواب : دکن سے

سوال : بتایئے محمد قلی قطب شاہ، ضاحک، میر حسن درخشاں اور دلگیر میں سے کس شاعر نے دکن سے مرثیہ نگاری کا آغاز کیا؟

جواب : محمد قلی قطب شاہ

سوال : مصطفیٰ خاں یکرنگ کے مرثیے کا کوئی سا شعر بتایئے؟

جواب: اندھیر ہے جہاں میں کہ اب شاہیوں کے ہاتھ
ہے سر بریدہ شمع شبستان کربلا

سوال : مرثیہ نگار مرزا دبیر شاعری میں کس کے شاگرد تھے؟

جواب : ضمیر کے

سوال : بتایئے شہادت سے متعلق مرثیے کے اس شعر کے خالق کون ہیں؟

تڑپا جو شیر خوار تو حضرت نے آہ کی — معصوم ذبح ہو گیا گودی میں شاہ کی

جواب : میر انیس

سوال : اردو مرثیہ گوئی کس کی تصنیف ہے؟

جواب : پروفیسر حسین سحر

سوال : پروفیسر ڈاکٹر مظفر عباسی نے بھی ایک مشہور شاعر کی مرثیہ نگاری پر ایک کتاب تحریر کی ہے کتاب اور مرثیہ نگار کا نام بتایئے۔

جواب : انیس، انیس کی مرثیہ نگاری۔

سوال : ایران میں شاہ عباس صفوی کے عہد سے واقعات کربلا پر مرثیے لکھے جانے لگے ہیں کم از کم دو مرثیہ نگاروں کے نام بتایئے؟

جواب : محتشم کاشی، عقیل

سوال : مشہور فارسی شاعر فردوسی نے اپنی کس کتاب میں سہراب کی موت پر ایک مرثیہ کہا؟

جواب : شاہنامہ

سوال : امیر خسرو نے کس کی وفات پر دردانگیز مرثیے لکھے؟

جواب : شہزادہ محمد

سوال : فارسی زبان میں سب سے پہلے شہدائے کربلا کا مرثیہ کس نے لکھا؟

جواب : محتشم کاشی

سوال : سرِ نینوا کس کا مجموعہ مراثی ہے؟
جواب : امید فاضلی کا
سوال : امید فاضلی کو سرِ نینوا لکھنے پر کونسا ایوارڈ ملا؟
جواب : میر انیس ایوارڈ
سوال : مرثیے کی کتنی قسمیں ہیں؟
جواب : تین (1) شخصی مرثیہ (2) قومی مرثیہ اور (3) مذہبی مرثیہ
سوال : حیدر دے شیر نے سر دے کے دس دتا ساری دنیاں نوں
تو حیدرا مطلب جو جانن اوہ غیراں آگے جھکدے نہیں
بتائیے مرثیے کا یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟
جواب : حفیظ تائب
سوال : پنجابی زبان کے موجودہ مرثیہ نگاروں میں سے کم از کم پانچ کے نام بتائیے؟
جواب : (1) تنویر بخاری (2) سلیم کاشر (3) اقبال زخمی (4) قائم نقوی (5) یونس احقر
سوال : شمالی ہندوستان میں کس مشہور شاعر نے مرثیہ کو فنی درجہ دینے میں اہم کردار ادا کیا؟
جواب : سودا
سوال : مرثیہ نگار میر انیس 1801 اور 1805 کے مابین کہاں پیدا ہوئے؟
جواب : فیض آباد میں
سوال : قطعات تاریخ۔ مراثی و سلام کے مصنف کا نام بتائیے؟
جواب : اطہر ہاپوڑی
سوال : مرثیہ نگار خمار فاروقی کا اصل نام بتائیے؟
جواب : مسرور عالم
سوال : خمار فاروقی کا مجموعہ مراثی کس نام سے شائع کیا گیا ہے؟
جواب : آتش غم
سوال : مرثیوں کے مجموعہ عظمت بشر کے مصنف کا نام بتائیے
جواب : شاہد نقوی
سوال : طالب جوہری کے کس مجموعوں میں غزلیں، نظمیں، مرثیے اور قصیدے شامل ہیں؟
جواب : حرف نمو

سوال : عبدالرؤف عروج نے مرثیوں پر جو کتاب لکھی ہے اس کا نام بتائیے؟
جواب : لہو لہو اجالا
سوال : مرثیوں کا مجموعہ اربعہ عناصر کس شاعر کا مجموعہ ہے؟
جواب : آرزو لکھنوی
سوال : آل رضا سید کے تبلیغی مرثیے شہادت سے پہلے، شہادت کے بعد کب شائع ہوئے؟
جواب : 1944 میں
سوال : آل رضا سید کے مرثیوں میں کیا انفرادیت پائی جاتی ہے؟
جواب : ان کے مرثیوں میں قومی شجاعت، قربانی و ایثار کے جذبات کو ابھارنے کی کوشش کے ساتھ ذاتی مشاہدات و تجربات بھی جگہ پاتے ہیں۔
سوال : یہ بتائیے سربکف اور شہادت کس مشہور شاعر کے مجموعہ ہائے مراثی ہیں؟
جواب : صبا اکبرآبادی
سوال : نسیم امروہوی بہت بڑے مرثیہ نگار تھے وہ 24 اگست 1908 کو پیدا ہوئے بتائیے ان کا انتقال کب اور کہاں ہوا۔
جواب : 28 فروری 1987 کو کراچی میں۔
سوال : دسمبر 1930 میں نسیم امروہوی نے شمس العلماء سید سبط حسن کے دیئے ہوئے موضوع فضائل علی۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں کے حوالے سے ایک معرکتہ آلارا مرثیہ کہا بتائیے انہوں نے اس کے لکھنے میں کتنی آیات سے استفادہ کیا؟
جواب : 114
سوال : نسیم امروہوی کے مراثی کے جو مجموعے شائع ہو چکے ہیں ان کے نام بتائیے؟
جواب : (1) مراثی نسیم جلد اول (2) مراثی نسیم جلد دوم
سوال : بتائیے ڈاکٹر ہلال نقوی نے اپنا پہلا مرثیہ کب لکھا؟
جواب : 1970 میں
سوال : ڈاکٹر ہلال نقوی کا پہلا مرثیہ کس نام سے کتابی شکل میں شائع ہوا؟
جواب : مشعل و مقتل

سوال : کیا یہ درست ہے کہ ہلال نقوی کے مرثیہ کا تیسرا مصرعہ غیر مقید ہوتا ہے۔؟

جواب : جی ہاں

سوال : عظمت بشر کس کا مجموعہ مراثی ہے؟

جواب : شاہد نقوی

سوال : اردو مرثیہ کے لافانی نقوش کے مصنف کا نام بتایئے

جواب : پروفیسر مسیح الرحمان

سوال : ڈاکٹر مظفر حسن ملک نے مرثیہ کے بارے میں کون سی کتاب تحریر کی؟

جواب : اردو مرثیہ میں مرزا دبیر کا مقام۔

سوال : بتایئے مرثیے کے بارے میں یہ الفاظ کس دانشور نے کہے ہیں؟

مرثیہ سے وابستہ محرکات کا تجزیہ کیا جائے تو اس میں الم کی چبھن کی نئی حیثیت کا اندازہ لگانا دشوار نہیں رہتا۔

جواب : ڈاکٹر سید عبداللہ

سوال : بتایئے ڈاکٹر سید صفدر حسین نے اپنی کس کتاب میں یہ لکھا ہے کہ دنیا کا سب سے پہلا مرثیہ ہابیل کی موت پر حضرت آدم نے کہا تو مرثیہ کی رمز سمجھ میں آ جاتی ہے؟

جواب : مرثیہ بعد از انیس

سوال : یہ بتایئے کہ غزل کے پیرائے میں کس نے دہلی مرحوم کا مرثیہ لکھا؟

جواب : مولانا الطاف حسین حالی

سوال : دہلی مرحوم کا جو مرثیہ مولانا حالی نے لکھا اس کا مطلع کیا ہے؟

جواب : تذکرہ دہلی مرحوم کا ہے دوست نہ چھیڑ
نہ سنا جائے گا ہم سے یہ فسانہ ہرگز

سوال : بتایئے ایران کے شاہ طہماسپ نے اپنے کس درباری شاعر سے حضرت امام حسینؑ کا مرثیہ لکھنے کی فرمائش کی تھی؟

جواب : محتشم کاشی کو

سوال : دنیائے ادب میں ہفت بند کے نام سے کس کا مرثیہ مشہور ہے؟

جواب : محتشم کاشی کا

سوال : بتایئے حضرت امام حسینؓ کے بارے میں یہ اشعار کس نے لکھے تھے

شاہ است حسینؓ بادشاہ آست حسینؓ
دین است حسینؓ و دین پناہ است حسینؓ
سرداد ونداد است در دست یزید
حقا کہ بنائے لا الہ است حسینؓ

جواب : حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ

سوال : مرزا محمد رفیع سودا نے سید محمد تقی عرف میر گھاسی کے ساٹھ بندوں پر مشتمل مربع مرثیے پر تنقید کرتے ہوئے کون سا رسالہ لکھا.....؟

جواب : سبیل ہدایت۔

سوال : میر مہدی متین برہانپوری کا سولہ بندوں پر مشتمل مرثیہ سب سے پہلا مسدس ہے۔ مسدس کا نام بتایئے؟

جواب : رزم نگاران کربلا۔

سوال : سید انشاء اللہ خاں انشا نے اپنی کس کتاب میں لکھا ہے کہ میر مہدی متین برہانپوری ہر زبان میں مرثیہ کہتے تھے؟

جواب : دریائے لطافت۔

سوال : بقول مولانا حامد حسن قادری مرثیہ میں چہرہ سراپا ضمیر ہی کی ایجاد ہے ضمیر کا پورا نام بتایئے؟

جواب : سید مظفر حسین ضمیر

سوال : میر ببر علی انیس 1801 میں فیض آباد میں پیدا ہوئے بتایئے ان کا انتقال کہاں ہوا۔؟

جواب : لکھنو میں۔

سوال : میر انیس کے بڑے صاحبزادے بھی مرثیے کہتے تھے صاحبزادے کا نام بتایئے۔

جواب : میر خورشید علی

سوال : سید علی محمد شاد عظیم آبادی نے غزل، مثنوی، قصیدہ کے علاوہ تقریباً ساٹھ ہزار اشعار پر مشتمل کتنے مرثیے کہے۔؟

جواب : سو مرثیے۔

سوال : جوش ملیح آبادی نے 1918 میں کس عنوان کے تحت پہلا مرثیہ کہا۔؟

جواب : آوازہ حق۔

سوال : سید آل رضا نے اصل شہرت مرثیہ کے 156 بند لکھ کر حاصل کی۔ بتائیے یہ مرثیے کس عنوان کے تحت شائع ہوئے؟

جواب : عظمت انسان۔

سوال : حامد حسن قادری نے کس نام سے مرثیہ گوئی کی تاریخ لکھی۔؟

جواب : مختصر تاریخ مرثیہ گوئی۔

سوال : سید آل رضا کے شہرہ آفاق مرثیے عظمت انسان کے چند بند تو بتائیے؟

جواب : اسلام دین عظمت انساں ہے دوستو　　اسلام کہنہ نفس کا عرفاں ہے دوستو
اسلام، نظم غیب پہ ایماں ہے دوستو　　اسلام، صرف حکمت قرآں ہے دوستو

سوال : شہادت سے پہلے اور شہادت کے بعد کس کے مرثیے ہیں؟

جواب : سید آل رضا کے۔

سوال : لہو لہو شفق کس کے مرثیوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : اثر سلطان پوری۔

سوال : اردو مرثیہ کے پانچ سو سال نامی کتاب کس نے مرتب کی؟

جواب : عبدالرؤف عروج۔

سوال : لہو لہو اجالا (مراثی) کے مصنف کون ہیں؟

جواب : عبدالرؤف عروج۔

☆☆☆

نثری نظم

سوال : نثری نظم کیا ہے؟

جواب : یہ وزن اور آہنگ سے عاری ہے۔ اور نظم غزل، قصیدہ، مرثیہ رباعی یا پابند نظم کی دوسری اصناف اور آزاد نظم کی طرح اظہار وابلاغ کو قبول نہیں کرتی اس میں شاعر امیجز کے ذریعے اپنے جذبات واحساسات کا اظہار کرتا ہے۔

سوال : یورپ کے کن شاعروں نے نثری نظم کو پروان چڑھایا؟

جواب : مورس ڈیگرین (Maurice Deguerin) الفونس ریب (Aiphonese Rabbe) لوترمو (Lautr'anibt) ملارمے (Mallarme) اور بودلیر (baedlaire)۔

سوال : جوش ملیح آبادی کا کون سا شعری مجموعہ 1920ء میں کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : روح ادب۔

سوال : نثری نظم کا سب سے پہلا مجموعہ کس نام سے اور کس نے لکھا تھا؟

جواب : ''اپنے اور دوستوں کے لیے نظمیں'' از عبدالرشید۔

سوال : نثری نظموں کے چند مجموعوں اور ان کے شعرا کے نام بتائیے؟

جواب : بہتے ہوئے پھول (فاطمہ حسن) سورج پہ دستک (شائستہ حبیب، ملا مستوی کے درمیان (کشور ناہید) نیند کی مسافتیں (عذرا عباس) محبت اور مایوسی کی نظمیں (زاہد ڈار) کھڑکی بھر آسمان (اسد محمد خان)۔

سوال : موجودہ دور کے نثری نظمیں لکھنے والوں کے نام بتائیے؟

جواب : صلاح الدین محمود، انیس ناگی، تبسم کاشمیری، یحییٰ امجد، احمد ہمیش، ایوب خاور، مبارک احمد، محمد سلیم الرحمٰن، حفیظ صدیقی، عارف عبدالمتین، افتخار جالب، فاطمہ حسن، کشور ناہید، سعادت سعید، نسرین انجم بھٹی، ناہید شاہد، شائستہ حبیب، قمر جمیل رئیس فروغ، قمر تحسین، عباس اطہر اور اقبال کوثر، بلراج کومل اور ڈاکٹر محمد حسن۔

سوال : رابندر ناتھ ٹیگور کی کس کتاب میں نثری نظمیں ملتی ہیں؟

جواب : گیتان جلی میں۔

سوال : جوش ملیح آبادی کے اولین مجموعہ کلام 'روح ادب' کے آخر میں کتنی نثری نظمیں ہیں؟

جواب : 45۔

سوال : یہ مختصر نثری نظم کس کی ہے؟

وقت بہت تیز ہے
عمر بہت کم اور کام بہت زیادہ

جواب : مبارک احمد۔

سوال : نثری نظم کا انگریزی مترادف کیا ہے؟

جواب: **Prose Poem**

سوال : نثری نظم کی طوالت کتنی ہوتی ہے؟

جواب : عموماً آدھے صفحے سے تین چار صفحات تک۔

سوال : محمد فخر الحق نوری نے نثری نظم کے بارے میں جو کتاب لکھی ہے اس کا مقدمہ کس نے لکھا ہے؟

جواب : سید شبیہ الحسن حای۔

سوال : مغرب میں نثری نظم کا شعری تجربہ سب سے پہلے کس ملک میں ہوا؟

جواب : فرانس میں۔

سوال : (New Study of English Poetry) کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : نیو بولٹ۔

سوال : معروف شاعر ریاض مجید نے نثری نظم کے لیے کون سا لفظ استعمال کیا؟

جواب : نشم انہوں نے یہ لفظ نثر اور نظم سے بنایا۔

سوال : ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی نے نثری نظم کو کیا نام دیا ہے؟

جواب : نظم غیر مقفی۔

سوال : نثری نظم کا آغاز کس ملک سے ہوا؟

جواب : اٹلی سے ترییسے (1478-1550) نے 1515 میں ایک المیہ میں لکھی۔

سوال : ہنری ہاورڈ نے کس کے شاہکار کو نثری نظم میں ڈھالا؟

جواب : ورجل کے۔

سوال : صفدر میر کا کون سا ڈراما پنجابی کی نثری نظم کا عمدہ نمونہ ہے؟

جواب : ٹیلیے دا اسوار۔

سوال : سلیم الرحمان اور نجم حسین سید میں سے کون سا شاعر نثری نظم لکھتا ہے؟

جواب : دونوں۔

سوال : ولیم کانگریو (1670-1729) نے اپنی نثری نظم میں اپنا کون سا المیہ لکھا ہے؟

جواب : **(The Mourning Bride)**

سوال : پروین شاکر کے کس مجموعے میں نثری نظمیں شامل کی گئیں ہیں؟

جواب : انکار۔

سوال : یہ بتایئے کہ پروین شاکر کا یہ مجموعہ کلام کب منظر عام پر آیا؟

جواب : 1990ء میں۔

سوال : انگریزی میں آسکر وائلڈ کی نثری نظمیں مشہور ہوئیں بتایئے فرانسیسی میں کن شاعروں کی نثری نظمیں مشہور ہوئیں؟

جواب : بادلہ واں پو اور، سنیٹ جان پرس۔

سوال : فاطمہ حسن کے کن شعری مجموعوں میں ان کی نثری نظمیں بھی موجود ہیں؟

جواب : بہتے ہوئے پھول، دستک سے در کا فاصلہ۔

سوال : سارہ شگفتہ کی نثری نظموں کا مجموعہ ''آنکھیں'' ان کی المناک موت کے بعد کب شائع ہوا؟

جواب : جنوری 1985ء میں

سوال : نثری نظم کے نمایاں شاعر ''مبارک احمد'' کا تعلق پنجاب کے کس شہر سے تھا؟

جواب : گجرات

سوال : نادرا عنایت کی نثری نظموں کے مجموعہ کا نام بتایئے؟

جواب : ''دسمبر کی رات''

سوال : کیا یہ درست ہے کہ رخشندہ کوکب بنیادی طور پر نثری نظم کی شاعرہ ہیں؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : بتایئے نثری نظم کے بارے میں یہ کس نے کہا ہے کہ ''نثری نظم کو روایت پسند قاری یا ناقد صنف سخن تسلیم ہی نہیں کرتا وہ نثر میں شعریت تو مانتا ہے لیکن نثری شاعری اس کے لیے قابل قبول نہیں۔''

جواب : افسر ساجد

سوال : کیا نثری نظم آسان تر صنف شعر ہونے کے باوجود اپنا کوئی مقام پیدا کر سکی ہے؟

جواب : جی نہیں۔

☆☆☆

ہائیکو

سوال : ہائیکو شاعری کی ابتداء کا سہرا کس جاپانی شہنشاہ کے سر ہے؟

جواب : شہنشاہ ہوری کاوا (1107-1087)

سوال : جاپانی ہائیکو کے ارکان کی تعداد کتنی ہے؟

جواب : سترہ

سوال : اردو میں ہائیکو کو سب سے پہلے کس نے متعارف کرایا؟

جواب : ماہنامہ ''ساقی'' دہلی کے جاپان نمبر نے جو جنوری 1936ء میں شائع ہوا۔

سوال : ہائیکو سے مماثلت رکھنے والی جو اصناف پہلے سے موجود ہیں ان کے نام بتایئے؟

جواب : مثلث (جس کے تین مصرعوں میں سے پہلے دو مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں)

سوال : نئے شعراء کے ہاں ثلاثی کے نمونے ملتے ہیں بتایئے اس میں کون کون سا مصرعہ ہم قافیہ ہوتا ہے؟

جواب : پہلا اور تیسرا۔

سوال : نقاش کاظمی اور لیاقت علی عاصم، یاسر چغتائی نے جو ہائیکو لکھی ہیں ان کے نمونے بتایئے؟

جواب : دل اس پار گیا — تن آسانی میں
کچے گھڑے کی بار ہوئی یا — مچھلی مر بھی سکتی ہے
دریا پار گیا نقاش کاظمی — گہرے پانی میں (لیاقت علی صاصم)

دل یہ کہتا ہے
پربت کے اس پار بھی کوئی
تنہا رہتا ہے (یاسر چغتائی)

سوال : یہ بتایئے اردو میں ہائیکو کا تعارف براہ راست ہوا یا ر... کی مدد سے؟

جواب : انگریزی ترجمے کی مدد سے۔

سوال : روشنی کے پھول کس شاعر کی ہائیکو کا مجموعہ ہے؟

جواب : اختر شمار (یہ مجموعہ 1985ء میں چھپا)

سوال : منتخب ہائیکو نامی کتاب کی مرتب کا نام بتایئے؟

جواب : نسیم سحر۔

سوال : ہائیکو کو فروغ دینے کے لیے کن جرائد نے اہم کردار ادا کیا؟

جواب : اوراق لاہور (مدیر ڈاکٹر وزیر آغا) اردو ادب (راولپنڈی بشیر سیفی)

سوال : اردو ادب نامی جریدے کا ہائیکو نمبر کس نے مرتب کیا؟

جواب : بشیر سیفی۔

سوال : ہائیکو کے مشہور شعرا کے نام بتایئے؟

جواب : جمیل ملک، نصیر احمد ناصر، بشیر سیفی، خاور اعجاز، علی محمد قرشی، اختر شمار، محمد امین وغیرہ۔

سوال : ہائیکو پر کن حضرات نے مضامین لکھے ہیں؟

جواب : پروفیسر احمد علی، ڈاکٹر وزیر آغا، ڈاکٹر فرمان فتح پوری، ڈاکٹر جمیل جالبی، ڈاکٹر انور سدید، ڈاکٹر پرویز پروازی، امین راحت چغتائی، نریندر لوتھر، جمیل ملک، محمد امین، بشیر سیفی، خاور اعجاز اور علی محمد قرشی۔

سوال : اردو میں ہائیکو نگاری کے پہلے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : محمد امین۔

سوال : جاپانی ہائیکو کے تین بنیادی اصول کون کون سے ہیں؟

جواب : جمالیاتی رویہ۔ جمالیاتی تجربہ اور لمحہ ہائیکو۔

سوال : اردو ہائیکو کا آغاز ترجموں سے ہوا بتایئے اولین ترجمہ نگاروں میں کن کے نام شامل ہیں؟

جواب : عبدالعزیز خالد، ظفر اقبال، محمد امین اور ڈاکٹر پرویز پروازی۔

سوال : یہ جو بچے ہیں کل جواں ہوں گے — آرزو کا جواب آنے تک
کتنے دروازے کھٹکھائیں گے — بتایئے یہ ہائیکو کس نے لکھا؟

جواب : جمیل ملک نے۔

سوال : ہائیکو شاعری کی ایک صنف ہے بتایئے اس کا آغاز کس ملک سے ہوا؟

جواب : جاپان سے۔

سوال : تین مصرعوں کی مختصر نظم کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : ہائیکو۔

سوال : ہائیکو کے دیگر مشہور شاعروں کے نام بتایئے؟

جواب : نسیم سحر، مناظر عاشق ہرگانوی، ساحل احمد، اظہر ادیب، علی اکبر عباس، ضیاالحسن، حمیدہ شاہین زبیری، اکرم کلیم، قیوم طاہر، علی محمد فرشی، نصیر احمد ناصر، محمد اقبال نجمی، رضی الدین رضی، حیدر گردیزی، شاکر علی شاکر، خاور اعجاز، ایم یامین، اختر شمار، ادا جعفری، قدوس قدسی۔

سوال : اردو میں ہائیکو کی پہلی کتاب کس نے اور کب لکھی؟

جواب : محمد امین نے 1982ء میں۔

سوال : ہائیکو شاعری کا سب سے بڑا جاپانی شاعر کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب : باشو ماتساؤ (1644 - 1694ء)

سوال : جاپانی ہائیکو تین سطروں پر مشتمل ہوتی ہے بتایئے اس کے ارکان تہجی کون کون سے ہیں؟

جواب : پانچ، سات اور پانچ ارکان تہجی۔

سوال : ڈاکٹر رانا سعید اقبال سعدی کی ہائیکو کا مجموعہ شائع ہو چکا ہے بتایئے کس نام سے؟

جواب : تہی دامن۔

سوال : ہسپانوی زبان میں جاپانی ہائیکو کو کس نے متعارف کرایا؟

جواب : یورگا کیرارندرے۔

سوال : کرنل دلنواز کے ہائیکو کے پہلے مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب : تکونا سورج۔

سوال : ہائیکو کے مجموعے تشدید کے بھارتی مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : علیم صبا نویدی۔

سوال : جس نے لکھی زمین کی تاریخ
جس نے اوڑھی مسافروں کی تھکن
اسی برگد کو تم نے کاٹ دیا
بتایئے یہ کس کی ہائیکو ہے؟

جواب : جمیل ملک۔

سوال : ادا جعفری ابتدائی ہائیکو نگار شاعرات کے قافلے کی اہم رکن ہیں ان کی کوئی ایک ہائیکو لکھیے؟

جواب : کھینچ لیتی ہے دل کو
پہاڑوں کی پگڈنڈیوں پر سے آئی   بنفشہ کے پھولوں کی خوشبو

سوال : کیا یہ درست ہے کہ سیدہ حنا نے بھی ہائیکو میں طبع آزمائی کی ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : فاطمہ حسن نے غزل اور نظم کے علاوہ ہائیکو بھی کہے ہیں کوئی ایک ہائیکو بیان کریں؟

جواب : جنگل کٹتے کٹتے جاتے ہیں
گھر تو پھر بھی نہیں بن پاتے   آنگن ٹوٹتے جاتے ہیں

سوال : سہیل غازی پوری بھی ہائیکو لکھتے ہیں ان کی ہائیکو کے دو نمونے لکھیے؟

جواب : (1) جگنو جنگل کے
مشعل لے کر آئیں گے
آوازیں تو دے

(2) تتلی کی پوشاک
رنگوں کا مجموعہ ہے
ویسی ہی صد چاک

سوال : "اجلی آوازیں" کس شاعر کا ہائیکو کا مجموعہ ہے؟

جواب : جاذب قریشی

سوال : سہیل غازی پوری کا ہائیکو کا ایک مجموعہ شائع ہو چکا ہے، مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب : عکس جاں۔

سوال : پروفیسر محمد امین ہائیکو کی صنف لے کر کس ملک سے وطن واپس آئے؟

جواب : جاپان۔

سوال : پروفیسر محمد امین کی کتاب خزاں کا چاند میں کتنے ہائیکو شامل ہیں؟

جواب : 75

سوال : پروفیسر محمد امین کی ہائیکو کا نمونہ بتایئے؟
عشق کی مختصر کہانی
جواب : ابتداء میں بھی اشکباری تھی
انتہا میں بھی اشکباری ہے

سوال : ڈاکٹر سعید اقبال سعدی نے بھی ہائیکو لکھی ہے بتایئے ان کی ہائیکو کا مجموعہ کس نام سے طبع ہوا

جواب : تہی دامن۔

سوال : بتایئے یہ کس شاعر کی ہائیکو کا نمونہ ہے۔؟

زخم ہیں ایسے پھول
موسم کی سفاکی بھی
جن کے آگے دھول

جواب : امید فاضلی

سوال : کیا ہائیکو میں پوری بات کہی جا سکتی ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : امداد نظامی نے ہائیکو کا ایک مجموعہ بھی مرتب کیا ہے۔ مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب : سورج تھا سو ڈوب گیا۔

سوال : امداد نظامی کے ہائیکو کا ایک نمونہ تو بتایئے؟

جواب : شاعر کا دل ہوں
فطرت کی صناعی میں
میں بھی شامل ہوں

سوال : اجلی آوازیں کس شاعر کا ہائیکو کا مجموعہ ہے؟

جواب : جاذب قریشی۔

سوال : سہیل احمد صدیقی کی ہائیکو کے بارے میں کتاب کا نام بتایئے؟

جواب : ہائیکو۔

سوال : ہائیکو ایک مطالعہ کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر محمد امین۔

سوال : روشنی کے پھول کس معروف ادیب اور شاعر کی ہائیکو کے مجموعے کا نام ہے؟

جواب : ڈاکٹر اختر شمار

☆☆☆

ہجو

سوال : ہجو کو پہلی بار بطور فن کس نے پیش کیا؟

جواب : مرزا سودا نے۔

سوال : مولانا ظفر علی خاں نے کس عظیم شاعر کو سر کا خطاب ملنے پر ان کی ہجو لکھی؟

جواب : علامہ اقبال۔

سوال : ہجو سے کیا مراد ہے؟

جواب : کسی کے عیوب بیان کرنے کو ہجو کہا جاتا ہے؟

سوال : فرزدق کی ہجویات کن کے خلاف ہیں؟

جواب : جریر اور اخطل۔

سوال : اردو میں کن شاعروں نے ہجو نگاری کی ہے؟

جواب : شاکر، ناجی، میر، ضاحک، مرزا سودا، بقاء اللہ بقا اور انشاء اللہ خاں انشاء۔

سوال : بتایئے یہ ہجویہ شعر کس کا ہے

ریش کو شملے سے بن باندھے تیرے چھوڑوں ہوں میں
ہاتھ آیا ہے میرے مضمون عالی محتسب

جواب : مرزا سودا۔

سوال : ہجو اردو کی کس صنف کی ضد ہے؟

جواب : قصیدے کی۔

سوال : دبیر کا یہ نامکمل ہجویہ شعر مکمل کریں۔

ارزق یہاں برابر قاسم پہنچ گیا

جواب : وہ صرصر خزاں یہ گل باغ مجتبیٰ

سوال : عہد جدید میں کن شعرا نے اس صنف کو اپنایا۔

جواب : مولانا الطاف حسین حالی اور مولوی اسماعیل میرٹھی۔

☆☆☆

نثر پارے

آپ بیتی

سوال : آپ بیتی وردِ مسعود کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر مسعود حسین خاں (28 جنوری 1919ء) سابق وائس چانسلر جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی۔

سوال : کیا آپ اردو کے ممتاز نقاد کلیم الدین احمد کی آپ بیتی کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : اپنی تلاش میں۔

سوال : ''میری زندگی کے پچھتر سال'' کس کی خودنوشت ہے؟

جواب : اعجاز الحق قدوسی۔

سوال : کیا آپ ڈاکٹر عبادت بریلوی کی خودنوشت کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : یادِ عہدِ رفتہ۔

سوال : ہمہ یاراں دوزخ کس ممتاز ادیب کی آپ بیتی ہے؟

جواب : بریگیڈیر صدیق سالک۔

سوال : کاروانِ حیات حیدرآباد دکن کی ایک داستان بھی ہے اور آپ بیتی بھی، مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : نواب مشتاق احمد خاں

سوال : میر تقی میر نے اپنی آپ بیتی کس نام سے تحریر کی؟

جواب : ذکرِ میر۔

سوال : آپ بیتی میں جو مزہ ہے وہ جگ بیتی یا تاریخ میں کہاں۔ مورخ ہزار بے لاگ ہو اور تحقیق و تلاش میں سر مارے آپ بیتی لکھنے والے کو نہیں پہنچ سکتا بعض اوقات اس کے ایک بے ساختہ جملے سے وہ اسرار حل ہو جاتے ہیں جو مدتوں تاریخوں کی ورق گردانی کے بعد بھی میسر نہیں ہوتے۔ بتایئے یہ الفاظ کس مشہور ادیب کے ہیں؟

جواب : بابائے اردو مولوی عبدالحق۔

سوال : تحقیقی مقالہ شعرائے اردو کی آپ بیتی کے موضوع پر کراچی یونیورسٹی نے 1985ء میں کس معروف شاعر کو پی ایچ ڈی کی ڈگری دی؟

جواب : خورشید خاور۔

سوال : آتش چنار کس مشہور کشمیری سیاست دان کی آپ بیتی ہے؟

جواب : شیخ محمد عبداللہ (5 دسمبر 1905ء۔ 8 ستمبر 1982)

سوال : کس مشہور سیاست دان نے ''چشم دید'' کے عنوان سے اپنی آپ بیتی لکھی؟

جواب : سر فیروز خاں نون (7 مئی 1893ء 9 دسمبر 1970ء)

سوال : مشتاق احمد نے یادوں کی خرافات کے نام سے اپنی خودنوشت لکھی۔ جوش ملیح آبادی کی خودنوشت کا نام بتایئے؟

جواب : یادوں کی برات۔

سوال : یورپ میں روسو کی کون سی کتاب آپ بیتی کی صنف میں انقلابی کتاب کا درجہ رکھتی ہے؟

جواب : اعترافات۔

سوال : مغل بادشاہوں نے بھی آپ بیتیاں لکھیں کوئی سے دو کے نام بتایئے؟

جواب : تزک بابری، تزک جہانگیری۔

سوال : بتایئے آپ بیتی کسے کہتے ہیں؟

جواب : انسانی زندگی کے وہ لمحات جنہیں متعلقہ شخص خود احاطہ تحریر میں لاتا ہے۔

سوال : مین کیمپف کس کی سیاسی خودنوشت ہے؟

جواب : ہٹلر۔

سوال : ڈاکٹر اعجاز حسین نے اپنی آپ بیتی کس نام سے لکھی تھی؟

جواب : میری دنیا۔

سوال : آپ بیتی ناقابلِ فراموش کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : دیوان سنگھ مفتون

سوال : ہندوستان کی آزادی کے کس رہنما نے آپ بیتی کے نام سے اپنی خودنوشت لکھی؟

جواب : گاندھی جی نے۔

سوال : جناب احسان دانش کو آپ بیتی لکھنے پر گراں قدر انعام ملا تھا آپ بیتی کا نام بتایئے؟

جواب : جہانِ دانش۔

سوال : رسیدی ٹکٹ کس کی آپ بیتی ہے؟

جواب : امرتا پریتم کی۔

سوال : آزادی کے چراغ نامی آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟

جواب : مشکور حسین یاد۔

سوال : سینٹ آگسٹائن نے کس نام سے اپنی آپ بیتی لکھی ہے؟

جواب : اعترافات۔

سوال : ظفر حسین ایبک کی خودنوشت کا نام بتایئے؟

جواب : آپ بیتی

سوال : خون بہا کس مشہور پاکستانی کی آپ بیتی ہے؟

جواب : حکیم احمد شجاع۔

سوال : میر تقی میر کی آپ بیتی ذکر میر کس زبان میں ہے؟

جواب : فارسی میں۔

سوال : یہ بتایئے کہ مرزا محمد عسکری نے کس نام سے اپنی آپ بیتی لکھی؟

جواب : من کیستم۔

سوال : جہادِ زندگی کس کی آپ بیتی ہے؟

جواب : مولوی فیروز الدین کی۔

سوال : چودھری افضل حق کی آپ بیتی کا نام میرا افسانہ ہے۔ دیوان سنگھ مفتون کی آپ بیتی کا نام بتایئے؟

جواب : ناقابل فراموش۔

سوال : بھارت کے گورنر راجندر پرشاد نے اپنی آپ بیتی کس نام سے لکھی ہے؟

جواب : اپنی کہانی۔

سوال : کالا پانی کے نام سے کس نے اپنی آپ بیتی لکھی؟

جواب : مولانا محمد جعفر تھانیسری نے۔

سوال : ایک دل ہزار داستان کے نام سے آپ بیتی سامنے آئی ہے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : آغا محمد اشرف

سوال : بوئے گل نالہ دل دود چراغ محفل کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : آغا شورش کاشمیری۔

سوال : عبدالقادر خان نے کس نام سے اپنی آپ بیتی تحریر کی؟

جواب : علم و عمل۔

سوال : آپ بیتی کار جہاں دراز ہے کی مصنفہ کا نام بتایئے؟

جواب : قرۃ العین حیدر۔

سوال : شہاب نامہ کس کی آپ بیتی ہے نیز یہ کب شائع ہوئی؟

جواب : قدرت اللہ شہاب...... 1987ء میں۔

سوال : عمر رفتہ کے نام سے کس نے اپنی آپ بیتی لکھی؟

جواب : خان بہادر نقی محمد خاں نے۔

سوال : اپنی کہانی کس بھارتی سیاست دان کی آپ بیتی ہے؟

جواب : راجندر پرشاد۔

سوال : فیروز خاں نون کی آپ بیتی کا اردو نام چشم دید ہے اس کا انگریزی نام بھی بتایئے؟

جواب: **From Memory**

سوال : اعمالنامہ کس کی آپ بیتی ہے؟

جواب : سر رضا علی۔

سوال : جوش ملیح آبادی کی آپ بیتی یادوں کی بارات کب منظر عام پر آئی؟

جواب: 1966ء

سوال : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ہٹلر (جرمن کا ڈکٹیٹر) کی خودنوشت ’’میری کہانی‘‘ کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: **Meinkampf**

سوال : ہماری زندگی کس کی خودنوشت ہے؟

جواب : بیگم پاشا صوفی۔

سوال : توزک جہانگیری مغل بادشاہ جہانگیر کی خودنوشت ہے بتایئے انہوں نے اپنی حکومت کے کتنے برسوں کے حالات اس کتاب میں لکھے ہیں؟

جواب : 17 برس۔

سوال : مغل بادشاہ ظہیر الدین بابر کی خودنوشت کا نام بتایئے؟

جواب : توزک بابری۔

سوال : فرینڈز ناٹ ماسٹر پاکستان کے کس صدر کی خودنوشت ہے؟

جواب : صدر ایوب خان کی۔

سوال :عالمی ادیبوں کی خودنوشت کے کس مجموعے میں آرتھر نے دوسری جنگ عظیم کا ذکر کیا ہے؟

جواب: God's That failed

سوال :میجر جنرل ریٹائرڈ محمد امراؤ خاں کی کس آپ بیتی میں پاکستان کے کس حصے کا پس منظر بیان کیا گیا ہے؟

جواب: چشم کشا.....مشرقی پاکستان کی علیحدگی کا پس منظر۔

سوال :مندرجہ ذیل آپ بیتیوں کے مصنفین کے نام بتایئے؟

(1) میری کہانی میری زبانی۔ (2) اعمال نامہ (3) نا قابل فراموش۔ (4) سرگزشت (5) نقش حیات (6) آشفتہ بیانی میری (7) گردراہ (8) مٹی کا دیا (9) جہان دانش۔

جواب: (1) سید ہمایوں مرزا (2) سرسید رضا علی (3) دیوان سنگھ مفتون (4) عبدالمجید سالک (ب) زیڈ اے بخاری (5) حسین احمد مدنی (6) رشید احمد صدیقی (7) اختر حسین رائے پوری۔ (8) میرزا ادیب (9) احسان دانش۔

سوال :نراوی چودھری نے ایک آپ بیتی لکھی ہے نام بتایئے؟

جواب: Autobiography of unknown India

سوال :مردودیدہ کس ادیب کی آپ بیتی ہے؟

جواب: مولانا حسرت موہانی۔

سوال :زندگی کی شاہراہ پر روس کے کس ادیب کی خودنوشت ہے؟

جواب: میکسم گورکی۔

سوال :بچپن، لڑکپن، جوانی کس روسی ادیب کی آپ بیتی ہے؟

جواب: لیوٹالسٹائی۔

سوال :یادوں کی برات کس کی آپ بیتی ہے؟

جواب: جوش ملیح آبادی۔

سوال :مولانا محمد جعفر تھانسیری نے بھی اپنی آپ بیتی لکھی ہے بتایئے اس کا نام کیا ہے؟

جواب: کالا پانی۔

سوال :مشاہدات کابل ویاغستان کس کی آپ بیتی ہے؟

جواب: مولوی محمد علی قصوری۔

سوال :خون بہا کس کی آپ بیتی ہے؟

جواب: حکیم احمد شجاع

سوال :ہوش بلگرامی نے کس نام سے اپنی آپ بیتی لکھی؟

جواب: مشاہدات۔

سوال :اوراق گم شدہ مولانا شوکت علی کی خودنوشت ہے بتایئے اس میں مولانا نے کس کی وصیت کا ذکر کیا ہے کہ انہیں بلاقی صاحب کے مزار کے پاس مراد آباد میں دفن کرنا؟

جواب: اپنی والدہ بی اماں کا۔

سوال : In Search of Identity مصر کے ایک صدر کی آپ بیتی ہے بتایئے کس کی؟

جواب: انوار السادات کی۔

سوال : Heir Apparent ہیر اپیرنٹ یوراج کرن سنگھ کی آپ بیتی ہے۔ بتایئے اس میں راج کرن نے اپنی تاریخ پیدائش کیا لکھی ہے؟

جواب: 9 مارچ 1931ء

سوال :اس آپ بیتی کا نام بتایئے جو دنیا میں سب سے زیادہ تعداد میں بکی ہے؟

جواب: ٹینس کی عالمی چیمپئن مارٹینا نیوراتیلووا۔

سوال :کیا آپ سید ابوالحسن علی ندوی کی آپ بیتی کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: کاروان زندگی۔

سوال :ہنگاموں میں زندگی کس کی آپ بیتی ہے؟

جواب: مشتاق احمد وجدی (سابق آڈیٹر جنرل پاکستان)

سوال :جہانگیر نے توزک جہانگیری کن دو افراد کی مدد سے مکمل کی تھی؟

جواب: معتمد خاں اور محمد ہادی۔

سوال :تواریخ۔ یادگار صوبیدار بنگال کس صوبیدار کی آپ بیتی ہے؟

جواب: سیتارام صوبیدار کی۔

سوال :شہنشاہ جہانگیر کی پہلی آپ بیتی کا نام توزک جہانگیری ہے دوسری کا نام بتایئے؟

جواب: اقبال نامہ۔

سوال : میری آواز طارق وحید بٹ کی آپ بیتی ہے جو 1990ء میں شائع ہوئی بتایئے۔ امیر محمد عبداللہ خاں روکڑی کی ''خودنوشت میں'' اور ''میرا پاکستان'' کب شائع ہوئی۔

جواب: 1990ء میں

سوال : حجاب امتیاز علی نے کس نام سے اپنی آپ بیتی لکھی؟

جواب: لیل ونہار ذاتی ڈائری۔

سوال : (1) عشرت فانی (2) ضمیر حاضر ضمیر غائب (3) کھوئے ہوؤں کی جستجو (4) مرد ابریشم نامی آپ بیتیوں کے مصنفین کے نام بتایئے؟

جواب: (1) عشرت رحمانی (2) ضمیر جعفری (3) شہرت بخاری (4) بانو قدسیہ

سوال : آزادی ہند کس کی خودنوشت ہے؟

جواب: مولانا ابوالکلام آزاد۔

سوال : 1989ء میں مسعود حسن خاں کی آپ بیتی کس نام سے چھپی؟

جواب: ورود مسعود۔

سوال : آپ بیتی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: یہ اردو ادب کی ایک اہم صنف ہے۔ اس کی ذریعے قارئین کو نہ صرف کسی شخصیت کے اندر جھانکنے کا موقع ملتا ہے بلکہ ایک عہد کے حالات کا ایسا مرقع دیکھنے کو ملتا ہے جو عام تاریخ کی کتابیں پیش نہیں کرتیں۔

سوال : کیا آپ جانتے ہیں کہ سرعلی رضا کی آپ بیتی کا نام کیا ہے؟

جواب: اعمال نامہ

سوال : خواب باقی ہیں کس ادیب کی مشہور تصنیف ہے؟

جواب: آل احمد سرور

سوال : شہاب نامہ قدرت اللہ شہاب کی آپ بیتی ہے بتایئے تحدیث نعمت کس کی آپ بیتی ہے؟

جواب: سرظفر اللہ خاں کی

سوال : پیر پگاڑا کی یادداشتوں پر مشتمل کتاب پیر پگاڑا کی کہانی کس مشہور صحافی نے مرتب کی؟

جواب: اظہر سہیل

سوال : بتایئے پون صدی کا قصہ کس سینئر اخبار نویس کی آپ بیتی ہے؟

جواب: ارشاد احمد حقانی

سوال : ہمسفر بیگم اختر حسین رائے پوری کی آپ بیتی ہے یہ بتایئے کشور ناہید کی آپ بیتی کا نام کیا ہے؟

جواب: بری عورت کی کتھا۔

سوال : چترال کے شہزادہ فخر الملک فخر نے بھی اپنی خودنوشت لکھی ہے نام بتایئے؟

جواب: طاق نسیاں (یہ کتاب ان کی 1935 سے 2005 تک) پھیلی ہوئی زندگی کا بیان ہے؟

سوال : جو رہی سو بے خبری رہی'' کس معروف شاعرہ کی آپ بیتی ہے؟

جواب: ادا جعفری

سوال : پاکستان کے سینئر سیاست دان جاوید ہاشمی نے کس نام سے اپنی آپ بیتی لکھی؟

جواب: ہاں میں باغی ہوں۔

سوال : ''اپنا گریباں چاک'' کس کی آپ بیتی ہے؟

جواب: ڈاکٹر جاوید اقبال کی

سوال : کیا آپ جانتے ہیں کہ چاہ یوسف سے صدا کس کی یادداشتوں کا مجموعہ ہے؟

جواب: وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی۔ اڈیالہ جیل میں انہوں نے یہ کتاب تحریر کی۔

سوال : سابق صدر پاکستان جنرل پرویز مشرف نے بھی اپنی یادداشتوں پر مشتمل کتاب لکھی بتایئے کتاب کا نام کیا ہے۔

جواب: سب سے پہلے پاکستان (اردو)

سوال : پاکستان کے معروف ناشر جناب ملک مقبول احمد نے بھی اپنی خودنوشت لکھی ہے کتاب کا نام بتایئے۔؟

جواب: سفر جاری ہے۔

سوال : مصر کے ممتاز شاعر ڈاکٹر نجیب الکیلانی نے اپنی خودنوشت تحریر کی بتایئے کس نام سے؟

جواب: لمحات من حیاتی (میری زندگی کے چند لمحے)

سوال : معروف سیاست دان اور مسلم لیگ ن کے صدر شہباز شریف نے کس نام سے اپنی آپ بیتی لکھی۔؟

جواب: عزم وہمت کی داستان

سوال: یہ بتائیے کہ عین س مسلم نے اپنی خودنوشت کس نام سے لکھی ہے؟

جواب: لمحہ بہ لمحہ

سوال: ایام رفتہ کس کی آپ بیتی ہے؟

جواب: ایرکموڈور انعام الحق۔

سوال: کھوئے ہوؤں کی جستجو نامی آپ بیتی کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب: شہرت بخاری

سوال: آپ بیتی جہاد زندگی کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب: مولوی فیروزدین

سوال: مشکور حسین یاد نے کس نام سے آپ بیتی لکھی ہے؟

جواب: ''آزادی کے چراغ''

سوال: میرزا ادیب نے بھی اپنی آپ بیتی لکھی ہے بتائیے کس نام سے؟

جواب: مٹی کا دیا۔

سوال: ''آتش چنار'' کے نام سے مقبوضہ کشمیر کے ایک سیاسی رہنما نے آپ بیتی تحریر کی ہے۔ سیاست دان کا نام بتائیے؟

جواب: شیخ محمد عبداللہ۔

سوال: نامور بیوروکریٹ قدرت اللہ شہاب نے شہاب نامہ کے نام سے اپنی آپ بیتی لکھی ہے بتائیے یہ کب زیور طبع سے آراستہ ہوئی؟

جواب: 1987 میں (پہلی بار)

سوال: گرد راہ کس کی آپ بیتی ہے؟

جواب: نیاز فتح پوری

سوال: ہمہ یاراں دوزخ بریگیڈیر صدیق سالک کی آپ بیتی ہے ''اوراق گمشدہ'' کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب: مولانا شوکت علی

سوال: سیاسی دینی طارق وحید بٹ نے بھی اپنی آپ بیتی لکھی ہے بتائیے کس نام سے؟

جواب: میری آواز۔

سوال: امریکا کے صدر بارک اوباما نے اپنی آپ بیتی میں اپنی بیٹیوں کی بارے میں کیا کہا ہے؟

جواب: میں اپنی بیٹیوں کی شخصیت میں ہر روز اپنی ماں کو دیکھتا ہوں۔

سوال: نامور شخصیات کی آپ بیتیاں کے نام سے کس مشہور صحافی اور ادیب نے کتاب مرتب کی؟

جواب: شاہد نذیر چودھری

سوال: شیخ رشید احمد نے اپنی آپ بیتی کس نام سے لکھی؟

جواب: فرزند پاکستان (اشاعت اول اگست 1995)

سوال: شیخ رشید نے اپنی آپ بیتی کی ابتدا کس عنوان کے تحت کی؟

جواب: اسلامی جمہوریہ پاکستان کا پہلا دن۔

سوال: جنرل محمد اکبر خاں (1895-1984) نے کس نام سے اپنی آپ بیتی لکھی؟

جواب: میری آخری منزل۔

سوال: منزلیں گرد کے مانند کس کی خودنوشت ہے؟

جواب: خلیق ابراہیم خلیق۔

سوال: آپ بیتی میں کسی کی بیٹی نہیں کس کی تصنیف ہے؟

جواب: عنایت اللہ

سوال: ON THE LINE OF FIRE کس کی تصنیف ہے؟

جواب: سابق صدر پرویز مشرف کی یہ کتاب 2006 میں منظر عام پر آئی۔

☆☆☆

ادبی انعامات

سوال : بتایئے مندرجہ ذیل انعامی کتب کن ادیبوں اور شاعروں نے لکھیں؟

(1) اقبال اور ہمارے فکری رویے (2) ناتمام (3) غالب اور انقلاب ستاون (4) آپ بیتی رشید احمد صدیقی (5) غزل دریا (شاعری) (6) ارمغان حجاز منظوم پنجابی ترجمہ (7) اصناف ادب (8) چپ چپیتی شام (شاعری) (9) بستی (10) چراغِ طاقِ جہاں (11) راجہ گدھ (12) روزنِ دیوار سے (13) کھویا ہوا افق (14) پاکستان منزل بہ منزل (15) اداس نسلیں۔

جواب : (1) ڈاکٹر سلیم اختر (2) محسن احسان (3) ڈاکٹر سید معین الرحمان (4) ڈاکٹر سید معین الرحمان (5) محشر بدایونی (6) عبدالغفور اظہر (7) ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی (8) راشد حسن رانا (9) انتظار حسین۔ (10) تاج سعید (11) بانو قدسیہ (12) عطاء الحق قاسمی (13) محمد خالد اختر (14) محمد علی چراغ (15) عبداللہ حسین۔

سوال : مولانا عبدالمجید سالک کو ان کی کس کتاب پر یونیسکو نے 480 ڈالر کا انعام دیا؟

جواب : ہندوستان میں اسلامی تمدن۔

سوال : عبیداللہ علیم کو کس سن میں ان کی کتاب چاند چہرہ ستارہ، آنکھیں پر آدم جی ادبی انعام ملا؟

جواب : 1974ء میں۔

سوال : کس سندھی ادیب کو 1980ء میں سیرت مصطفی لکھنے پر صدارتی انعام ملا؟

جواب : مولوی محمد عظیم شیدا سولنگی۔

سوال : اردو میں کس نے ہادی عالم کے نام سے حضور ﷺ کی بے نقط سیرت لکھ کر صدارتی انعام حاصل کیا؟

جواب : محمد ولی رازی۔

سوال : کیف بنارسی کو ان کے کس مجموعے پر ینگ کلچرل ویلفیئر سوسائٹی نے قائد اعظم ایوارڈ دیا؟

جواب : چراغِ آشیاں

سوال : جمیلہ ہاشمی (متوفیہ 1988ء) کو ان کے ناول تلاش بہاراں پر کون سا انعام ملا؟

جواب : آدم جی ایوارڈ۔

سوال : صوفی غلام مصطفی تبسم کو ان کی ادبی خدمات کے صلے میں کون سا اعزاز دیا گیا؟

جواب : نشانِ سپاس۔

سوال : ناصر کاظمی کو ان کی کس تصنیف پر آدم جی ادبی انعام ملا تھا؟

جواب : دیوان۔

سوال : ایک چادر میلی سی کو ساہتیہ اکیڈمی نے انعام سے نوازا تھا مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : راجندر سنگھ بیدی۔

سوال : امریکی ادبی انعام پلٹرز کا آغاز کب ہوا تھا؟

جواب : 1917ء میں۔

سوال : ساحر لدھیانوی کو ان کی کس تصنیف پر لینن انعام دیا گیا تھا؟

جواب : متاعِ غیر۔

سوال : Rabbit is Rich پر ایک امریکی جان اپڈائیک کو پولٹرز انعام ملا بتایئے کب؟

جواب : 1982ء

سوال : 1987ء کا نقوش ادبی ایوارڈ کن شخصیات کو دیا گیا؟

جواب : نثار فاروقی، اعجاز حسین بٹالوی، آغا بابر، حمایت علی شاعر، جمیل ملک۔

سوال : پہلا نقوش ادبی ایوارڈ کس کو دیا گیا تھا؟

جواب : ڈاکٹر وحید قریشی کو۔

سوال : آسٹریلیا کے کس ناول نگار کو 1982ء میں برطانیہ کا بوکر (Booker) انعام ملا۔

جواب : ٹامس کینلے (Thomas Keneally) ان کی کتاب شینڈلرز آرک پر۔

سوال : جونی چیروتانی زاکی کو کس سن میں جاپان کا سب سے بڑا ادبی انعام امپریل پرائز ان لٹریچر ملا؟

جواب : 1949ء میں۔

سوال : اقبال کی حب الوطنی نامی کتاب لکھنے پر بنگلور یونیورسٹی کے ایک طالب علم کو 1985ء کے لیے ادب کا سروجنی نائیڈو ایوارڈ دیا گیا طالب علم کا نام بتایئے؟

جواب : مسٹر محمد ابراہیم۔

سوال : 1982ء کا بنکم چندر میموریل پرائز مسٹر گور کشوری گھوش کو دیا گیا بتایئے ان کے کس ناول پر؟

جواب : Prem Nei انعامی رقم دس ہزار روپے۔

سوال : بتایئے ازبک اکیڈمی نے محمود درویش کو بوعلی سینا ایوارڈ کس سن میں دیا؟

جواب : 1982ء میں

سوال : بھارت میں 1986ء کا غالب ایوارڈ کن ادیبوں اور شاعروں کو ملا؟
جواب : آنند نرائن ملا، جگن ناتھ آزاد (شاعر) پروفیسر نورالحسن ہاشمی (عالم) اسلوب احمد انصاری (ادیب) ابراہیم یوسف ڈراما نگار، احمد جمال پاشا (مزاح نگار)
سوال : مسز جیلانی بانو کو ان کی تخلیق پرایا گھر کے لیے سوویت لینڈ نہرو ایوارڈ دیا گیا بتایئے اس ایوارڈ کے تحت سات ہزار پانچ سو بمطابق 1986ء روپے کی انعامی رقم کے علاوہ اور کون سی مراعات دی جاتی ہیں؟
جواب : سوویت یونین کے دورے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔
سوال : آل انڈیا میر اکیڈیمی لکھنؤ نے 1983ء میں پروفیسر جگن ناتھ آزاد کو کون سا ایوارڈ دیا تھا؟
جواب : افتخار میر ایوارڈ۔
سوال : جب امرتسر جل رہا تھا، ایک ادبی کتاب ہے بتایئے اس کے مصنف کون ہیں؟
جواب : خواجہ افتخار؟
سوال : 1988ء کا آل انڈیا قومی اردو انعام منجانب مہاراشٹر اسٹیٹ اردو اکیڈیمی ادیبوں کو دیا؟ ان میں سے تین کے نام بتایئے؟
جواب : اوپندر ناتھ اشک (اردو) گیارہ ہزار روپے، شفیق فاطمہ، شعریٰ قیصر الجعفری (دشت بے تمنا، شاعری)
سوال : ادبی خدمات کے صلے میں راجندر سنگھ بیدی کو بھارتی حکومت نے کون سا انعام دیا تھا؟
جواب : پدم شری ایوارڈ
سوال : ابوالمنصور میموریل لٹریری ایوارڈ کا تعلق جنوبی ایشیا کے کس ملک سے ہے؟
جواب : بنگلہ دیش۔
سوال : مولانا صلاح الدین احمد کو ان کی ادبی خدمات کے صلے میں کب صدارتی انعام ملا؟
جواب : 23 مارچ 1965ء کو۔
سوال : اردو افسانے کا پہلا آدم جی انعام یافتہ مجموعہ کس کا ہے نیز اس کا نام کیا ہے؟
جواب : عرش صدیقی ...... باہر کفن کے پاؤں۔
سوال : بتایئے 1983ء میں پہلا علامہ اقبال ہجری ایوارڈ محسن احسان کو ان کی کس کتاب پر دیا گیا؟
جواب : ناتمام پر۔

سوال : سات سمندر پار اور دھنک پر قدم میں سے کس تصنیف پر بیگم اختر ریاض الدین کو آدم جی ادبی انعام ملا؟
جواب : دھنک پر قدم۔
سوال : مشتاق احمد یوسفی کو ان کے مزاحیہ مضامین کے دوسرے مجموعے پر آدم جی ادبی انعام ملا کتاب کا نام بتایئے؟
جواب : خاکم بدہن۔
سوال : بتایئے مشہور شاعرہ بسمل صابری کو کس سن میں فرید اکیڈمی ساہی وال سے بہترین شاعرہ کا اکیڈیمی ایوارڈ ملا؟
جواب : 1981ء میں۔
سوال : گجراتی زبان کے اس مصنف کا نام بتایئے جسے ناول مان دینی بھوائی لکھنے پر 1985ء کا بھارتیہ گیان پیٹھ انعام ملا؟
جواب : پنا لال پٹیل۔
سوال : حسن اکبر کمال کو شاعری پر کس سن میں آدم جی ادبی انعام دیا گیا؟
جواب : 1980ء میں۔
سوال : جرمنی کی اس پہلی ادیبہ کا نام بتایئے جس نے 23 مارچ 1983ء کو پاکستان کا اعزاز (ہلال امتیاز) پانے کا اعزاز حاصل کیا؟
جواب : این میری شمل۔
سوال : امریکا کے صدر جان ایف کینیڈی کی اس کتاب کا نام بتایئے جس پر انہیں پلٹزر انعام ملا؟
جواب : پروفائلز ان کیریج۔
سوال : کیفی اعظمی کو کس سن میں افرو ایشین رائٹرز ایسوسی ایشن کی جانب سے لوٹس ایوارڈ ملا؟
جواب : 1984ء میں۔
سوال : محمد علی صدیقی کو 1976ء میں اپنی تخلیق توازن پر کون سا انعام ملا؟
جواب : آدم جی ادبی انعام؟
سوال : رفعت سروش کو ان کی کس طویل نظم پر نہرو ایوارڈ ملا؟
جواب : White Night

سوال : بتایئے سب سے پہلے کس شاعر کو آدم جی ادبی انعام دیا گیا؟

جواب : جعفر طاہر کو ہفت کشور لکھنے پر (1962ء میں)

سوال : خدا کی بستی پر شوکت صدیقی کو کس ادارے کی جانب سے پہلے انعام ملا؟

جواب : آدم جی ادبی ایوارڈ۔

سوال : جمیلہ ہاشمی کی کتاب تلاش بہاراں کو کون سا ادبی انعام دیا گیا؟

جواب : آدم جی ادبی ایوارڈ (1961ء میں)

سوال : وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان نے شعری مجموعہ ''طلوع'' پر سال 1997ء کا ادبی انعام کس شاعرہ کو دیا؟

جواب : منصورہ احمد (احمد ندیم قاسمی کی منہ بولی بیٹی)

سوال : ''تلاش بہاراں'' پر 1961ء میں کس مصنفہ کو آدم جی انعام ملا؟

جواب : جمیلہ ہاشمی۔

سوال : بتایئے احمد فراز کو ستارہ امتیاز برائے ادب حکومت پاکستان نے کب دیا؟

جواب : 1994ء میں

سوال : کیا یہ درست ہے کہ گوپی چند نارنگ کو ہندوستان کا سب سے بڑا ایوارڈ ''پدم بھوشن'' مل چکا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : بتایئے بیگم اختر ریاض کو اپنے کس سفرنامہ پر آدم جی ایوارڈ دیا گیا؟

جواب : ''دھنک پر قدم''

سوال : بتایئے مراکش کی حکومت نے اپنا سب سے بڑا اعزاز کس پاکستانی ادیبہ کو دیا؟

جواب : بیگم شائستہ اکرام اللہ۔

سوال : ''کوہاٹ کا ذہنی ارتقا'' پر احمد پراچہ کو پاکستان رائٹرز گلڈ کا ادبی ایوارڈ کب دیا گیا؟

جواب : 85-1984۔

سوال : بتایئے اکادمی ادبیات پاکستان کی طرف سے 2004ء میں کس بہترین نثری کتاب کو ایوارڈ دیا گیا؟

جواب : جدید سندھی ادب۔ میلانات، رجحانات اور امکانات

سوال : بتایئے مشہور شاعر خورشید رضوی کو کب حکومت پاکستان نے ان کی ادبی خدمات کے صلے میں ستارہ امتیاز سے نوازا؟

جواب : 23 مارچ 2009ء کو

سوال : بتایئے معروف شعرا و ادبا ڈاکٹر انور سدید، یاسمین حمید، اسلم انصاری اور ڈاکٹر توصیف تبسم کو کب ان کی گرانقدر ادبی خدمات پر تمغہ امتیاز دیا گیا۔؟

جواب : 23 مارچ 2009ء کو

سوال : بتایئے پاکستان میں حکومت کی طرف سے پہلی مرتبہ ''نشان امتیاز'' کس مشہور شاعر کو ان کی وفات کے 16 برس بعد 23 مارچ 2009ء کو دیا گیا؟

جواب : حبیب جالب

سوال : کیا یہ درست ہے کہ اکادمی ادبیات پاکستان نے 2009ء میں بیس بیس لاکھ روپے کے دو بین الاقوامی انعامات کا اعلان کیا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : قلم قبیلہ تنظیم کی جانب سے منتخب ادبی تخلیق پر کونسا انعام دیا جاتا ہے؟

جواب : ڈاکٹر محمود حسین گولڈ میڈل۔

سوال : پاکستان رائٹرز گلڈ نے تاج بلوچ کے پہلے شعری مجموعے پر انعام سے نوازا کتاب کا نام بتایئے؟

جواب : درد صحرا۔

سوال : بتایئے احسان دانش کو حکومت پاکستان نے کونسا اعزاز دیا؟

جواب : ستارہ امتیاز۔

سوال : رضوان صدیقی کو ان کی کس کتاب پر صدارتی ایوارڈ ملا؟

جواب : ایک گاؤں کی کہانی۔

سوال : یہ بتایئے پاکستان کا سب سے بڑا ادبی ایوارڈ کونسا ہے؟

جواب : کمال فن ایوارڈ۔

سوال : یہ بتایئے کہ کمال فن ایوارڈ کی مالیت کتنی ہے؟

جواب : پانچ لاکھ روپے

سوال :اس انعام کی ابتداء نامور شاعر احمد ندیم قاسمی سے کی گئی تھی بتایئے یہ پہلا انعام انہیں کب ملا؟

جواب :1997

سوال :1998 کا کمال فن ایوارڈ جناب انتظار حسین کو دیا گیا بتایئے 1999 کا ایوارڈ کسے ملا۔؟

جواب :مشتاق احمد یوسفی کو۔

سوال :یہ بتایئے 2000 کا کمال فن ایوارڈ کس نامور ادبی شخصیت نے حاصل کیا؟

جواب :احمد فراز۔

سوال :2001 میں کمال فن ایوارڈ شوکت صدیقی کو ملا بتایئے 2002 میں یہ ایوارڈ کسے دیا گیا؟

جواب :منیر نیازی کو۔

سوال :2003 میں ایک معروف خاتون شاعرہ نے یہ ایوارڈ حاصل کیا۔ کیا آپ ان کا نام بتا سکتے ہیں

جواب :ادا جعفری

سوال :بتایئے 2004 کا کمال فن ایوارڈ کس سندھی ادیب نے حاصل کیا؟

جواب :سوبھو گیان چندانی

سوال :2005 کا کمال فن ایوارڈ ممتاز محقق، مورخ اور معلم ڈاکٹر نبی بخش بلوچ کو ملا بتایئے 2006 کا ایوارڈ کس ادبی شخصیت کو ملا؟

جواب :جمیل الدین عالی کو

☆☆☆

ادبی ادارے / ادبی تنظیمیں

سوال :بتایئے اکادمی ادبیات کا مرکزی دفتر کس شہر میں واقع ہی؟

جواب :اسلام آباد۔

سوال :پاکستان رائٹرز گلڈ کا دفتر لاہور کس تاریخی عمارت کے عقب میں واقع ہے؟

جواب :پنجاب اسمبلی۔

سوال :بتایئے 1989-90 میں اکادمی ادبیات پاکستان کا چیئر میں کون تھا؟

جواب :احمد فراز۔

سوال :بتایئے اردو سائنس بورڈ کس نام سے 1962ء میں قائم کیا گیا؟

جواب :مرکزی اردو بورڈ۔

سوال :بتایئے مشہور دانشور فخر زمان کب دوسری مرتبہ اکادمی ادبیات پاکستان کے چیئر مین کے عہدے پر فائز ہوئے؟

جواب :2009ء میں

سوال :قلم قبیلہ کوئٹہ ملک کی مشہور ادبی تنظیم ہے بتایئے اس کی بنیاد کب اور کس نے رکھی تھی؟

جواب :ستمبر 1979ء میں بیگم ثاقبہ رحیم الدین

سوال :قلم قبیلہ۔ ایک ادارہ ایک تحریک نامی کتاب کس نے لکھی ہے؟

جواب :عرفان احمد بیگ۔

سوال :حبیب جالب میموریل فاؤنڈیشن کے سرپرست اعلیٰ کون ہیں؟

جواب :ناصر جالب (بیٹے)

سوال :ممتاز کالم نگار اور استاد توفیق بٹ نے کس نام سے ادبی تنظیم کی داغ بیل ڈالی؟

جواب :ہم سخن ساتھی۔

سوال :''ہم قلم'' کے نام سے تجمل حسین انجم نے 1998ء میں لاہور میں ادبی وفکری تنظیم قائم کی اس کے پہلے صدر کونسے مشہور شاعر منتخب ہوئے؟

جواب :نذیر قیصر۔

سوال : بتایئے 1950ء کے لگ بھگ لاہور میں کن دو بڑی ادبی تنظیموں کی سرگرمیاں عروج پر تھیں؟

جواب : حلقہ ارباب ذوق، انجمن ترقی پسند مصنفین۔

سوال : بتایئے 1948ء میں انجمن ترقی پسند مصنفین نے لاہور کے کس باغ کے اوپن تھیٹر میں عالمی کونشن منعقد کر کے ادبی حلقوں میں دھوم مچادی؟

جواب : باغ جناح۔

سوال : انجمن ترقی اردو کی ابتداء 1902ء کے آواخر اور 1903ء کے اوائل میں مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے ایک ذیلی ادارے کی حیثیت کس شہر میں ہوئی؟

جواب : علی گڑھ

سوال : مولانا شبلی نعمانی کے بعد انجمن ترقی اردو کی سیکرٹری شپ کس نے حاصل کی۔

جواب : مولوی عبدالحق

سوال : بابائے اردو مولوی عبدالحق پہلے ادارے کو اورنگ آباد (دکن) لے گئے پھر بالآخر کہاں لے کر گئے؟

جواب : دہلی میں

سوال : مولوی عبدالحق نے دہلی سے کونسا سہ ماہی رسالہ جاری کیا۔؟

جواب : سہ ماہی اردو

☆☆☆

ادبی تحریکیں

سوال : ترقی پسند تحریک کی رہنما سجاد ظہیر کی اہلیہ ناول نگار تھیں نام بتایئے؟

جواب : رضیہ سجاد ظہیر۔

سوال : ترقی پسند تحریک کی پہلی کانفرنس 15 اپریل 1936ء کو لکھنو میں کس کی زیر صدارت منعقد ہوئی تھی؟

جواب : منشی پریم چند۔

سوال : ترقی پسند تحریک کا منشور مرتب کرنے میں نمایاں کردار کس نے ادا کیا؟

جواب : ڈاکٹر ایم ڈی تاثیر (محمد دین تاثیر)

سوال : بتایئے ترقی پسند تحریک کا پاکستانی صحافت میں کردار" کے موضوع پر کس نے 2000ء میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی؟

جواب : ڈاکٹر احسن اختر ناز۔

☆☆☆

ادبی رسائل وجرائد

سوال : اردو زبان کا اولین بین الاقوامی ہفت روزہ اردو مورچہ ہے بتایئے یہ بھارت کے کس شہر سے شائع ہوتا ہے؟

جواب : نئی دہلی (سال اشاعت 1988ء)

سوال : قاضی احمد میاں اختر جونا گڑھی نے جونا گڑھ سے ایک ادبی رسالہ جاری کیا تھا؟ رسالے کا نام بتایئے؟

جواب : شہاب۔

سوال : لاہور کا ادبی جریدہ فنون کس کی ادارت میں شائع ہوتا ہے؟

جواب : احمد ندیم قاسمی۔

سوال : ماہنامہ اردوئے معلیٰ کس نے جاری کیا تھا؟

جواب : مولانا حسرت موہانی نے۔

سوال : کیا آپ اردو کے پہلے ماہنامہ کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : خیر خواہ ہند۔

سوال : پنڈت رتن ناتھ سرشار لکھنؤ کے کس جریدے کے مدیر تھے؟

جواب : اودھ اخبار۔

سوال : مولانا عبدالحلیم شرر نے 1887ء میں اپنا کون سا مشہور رسالہ نکالا؟

جواب : دلگداز۔

سوال : 1877ء میں اردو کا مشہور مزاحیہ ہفتہ وار اودھ پنچ نکلا بتایئے اس کے پہلے مدیر کون تھے؟

جواب : سجاد حسین۔

سوال : سر عبدالقادر نے لاہور سے کون سا رسالہ جاری کیا؟

جواب : مخزن۔

سوال : مشہور جریدہ زمانہ کہاں سے شائع ہوتا تھا؟

جواب : کان پور سے۔

سوال : علامہ نیاز فتح پوری نے 1922ء میں کس ماہنامے کا اجراء کیا؟

جواب : نگار کا۔

سوال : فنون، اوراق، نقوش، نگار نامی ادبی جرائد کن شہروں سے نکلتے ہیں؟

جواب : علی الترتیب لاہور، سرگودھا، لاہور اور کراچی سے۔

سوال : ادبی جریدہ ماہ نو کب سے شائع ہو رہا ہے؟

جواب : 1948ء سے۔

سوال : ادب لطیف اور سویرا میں سے کون سا رسالہ ادبی ہے؟

جواب : دونوں ادبی جرائد ہیں۔

سوال : ماہنامہ شام وسحر لاہور سے کب سے جاری ہے؟

جواب : 1974ء سے۔

سوال : نتیجہ سخن بنگال کا سب سے پہلا ماہنامہ اور ادبی رسالہ تھا بتایئے اس جریدے نے 1941ء میں کس مشہور بنگالی دانشور کے بارے میں نمبر شائع کیا؟

جواب : رابندر ناتھ ٹیگور۔

سوال : ''شمس'' علامہ وحشت کلکتوی کے استاد کی یاد میں شائع ہونا شروع ہوا استاد کا نام بتایئے؟

جواب : ابوالقاسم شمس فرید پوری۔

سوال : فاران بھی ایک ادبی رسالہ ہے بتایئے اسے کس نے جاری کیا تھا؟

جواب : مولانا ماہر القادری نے۔

سوال : ادبی ماہنامہ علامت لاہور سے کب نکلنا شروع ہوا؟

جواب : 1989ء میں۔

سوال : علامہ نیاز فتح پوری کا رسالہ نگار کب اور کہاں سے شائع ہونا شروع ہوا؟

جواب : فروری 1922ء میں بھوپال سے۔

سوال : کس جسٹس کے انتقال کی یاد میں میاں بشیر احمد نے رسالہ جاری کرنے کا فیصلہ کیا؟

جواب : جسٹس شاہ دین (1918ء میں)

سوال : علامہ اقبال نے میاں بشیر احمد کو ادبی رسالہ نکالنے کی بجائے کس کی تصانیف کو اردو میں منتقل کرنے کے لیے کہا؟

جواب : گارساں دتاسی۔

سوال : بتایئے البلاغ کا اجراء کس نے کیا؟

جواب : خواجہ احمد دین نے امرتسر سے۔

سوال : رابندر ناتھ ٹیگور نے 1885ء میں ایک ادبی رسالے کی ادارت کے فرائض انجام دیے۔ رسالے کا نام بتایئے؟

جواب : بنگالی ادبی سادھن۔

سوال : سید عابد علی عابد (17 ستمبر 1906ء۔ 20 جنوری 1970) نے مولانا تاجور نجیب آبادی کے کن دو رسائل کی ادارت کے فرائض انجام دیئے؟

جواب : ادبی دنیا..... شاہکار۔

سوال : صہبا لکھنوی کس ادبی جریدے کے مدیر تھے؟

جواب : افکار۔

سوال : جون 1990ء میں کراچی سے ایک ادبی جریدے کا اجراء ہوا بتایئے کس نام سے؟

جواب : تشکیل (مدیر احمد ہمیش)

سوال : فتح پورہ (بھارت) سے عکس نو ادبی ڈائجسٹ شائع ہوتا ہے بتایئے یہ کس کی ادارت میں شائع ہوتا تھا؟

جواب : ظفر اقبال (شاعر 1985ء میں)

سوال : ''شاعر'' نامی ادبی رسالہ پاکستان سے نکلتا ہے یا بھارت سی؟

جواب : بھارت سے (بمبئی)

سوال : ادبی جریدہ تحریک کس سن میں گوپال متل نے جاری کیا؟

جواب : 1950ء میں۔

سوال : ادبی پرچے تجدید کی مدیر کا نام بتایئے؟

جواب : عذرا اصغر۔

سوال : ماہنامہ ایوان اردو دہلی کے کس کے زیر انتظام شائع ہوتا ہے؟

جواب : اردو اکادمی دہلی۔

سوال : ادبی رسالہ اردو پنچ راولپنڈی سے شائع ہوتا ہے بتایئے شگوفہ کہاں سے چھپتا ہے؟

جواب : حیدر آباد سے۔

سوال : 1989ء میں کراچی سے شائع ہونے والا ادبی رسالہ اقدار کس کی ادارت میں طبع ہوا؟

جواب : ممتاز شاعر شبنم رومانی۔

سوال : فن اور شخصیت بمبئی سے جاری ہونے والا ادبی مجلّہ ہے بتایئے یہ اب تک کون کون سے نمبر شائع کر چکا ہے؟

جواب : مہندر ناتھ نمبر، جاں نثار اختر نمبر، کملیشور نمبر، غزل نمبر، آپ بیتی نمبر، فیض احمد فیض نمبر، قتیل شفائی نمبر، نرگس دت نمبر، ساحر لدھیانوی نمبر، خواجہ احمد عباس نمبر، فکر تونسوی نمبر، خدیجہ مستور نمبر، احمد ندیم قاسمی نمبر، ڈاکٹر وزیر آغا نمبر، انتظار حسین نمبر، احمد فراز نمبر اور گیس بہاری طرز نمبر۔

سوال : ادبی جریدے ''اودھ اخبار'' کہاں سے شائع ہوتا تھا؟

جواب : احمد آباد سے۔

سوال : بتایئے اودھ اخبار کے ایڈیٹر کون تھے؟

جواب : پنڈت رتن ناتھ سرشار۔

سوال : ادبی جریدہ قرطاس کہاں سے اور کس کی سرپرستی اور کن کی ادارت میں شائع ہوتا ہے؟

جواب : گوجرانوالہ۔ سرپرست جان کاشمیری۔ چیف ایڈیٹر مکنون احمد جان۔ ایڈیٹر فیض الحسن ناصر

سوال : ادبی جریدہ قرطاس ماہانہ شائع ہوتا اور یہ تین ماں کے بعد

جواب : تین ماہ کے بعد

سوال : وزارت اطلاعات ونشریات کا ادبی جریدہ ماہنامہ ماہ نو کہاں سے شائع ہوتا ہے؟

جواب : لاہور سے۔

سوال : ترقی پسند ادب کا ترجمان احساس کہاں سی شائع ہوتا ہے؟

جواب : پشاور شہر سے۔

سوال : بازیافت اورینٹل کالج لاہور کا تحقیقی وتنقیدی مجلّہ ہے بتایئے اس کا شمارہ نمبر 14 کتنے ماہ پر محیط ہے؟

جواب : چھ ماہ جنوری 2009ء تا جون 2009ء

سوال : گورنمنٹ اسلامیہ کالج لاہور کا ادبی مجلّہ کس نام سے شائع ہوتا ہے اور اس کے موجودہ مدیر اعلیٰ کون ہیں؟

جواب : فاران..... پروفیسر سیف اللہ خالد۔

سوال : یہ بتایئے سہ ماہی نقاط قاسم یعقوب کی ادارت میں کس شہر سے شائع ہوتا ہے؟

جواب : فیصل آباد سے۔

سوال : اکادمی ادبیات پاکستان سہ ماہی ادبی رسالہ شائع کرتی ہے رسالے کا نام بتایئے؟

جواب : ادبیات۔

سوال : کتابی سلسلہ رنگ ادب کس شاعر کی ادارت میں کراچی سے شائع ہوتا ہے؟

جواب : شاعر علی شاعر۔

سوال : کتابی سلسلہ پہچان میر پور خاص سے شائع ہوتا ہے بتایئے اس کے مدیر کون ہیں؟

جواب : کرن سنگھ.....نوید سروش۔

سوال : ماہنامہ ماروالاہور کے چیف ایڈیٹر خالد شریف ہیں بتایئے اس کے مدیر کا نام کیا ہے؟

جواب : عدنان خالد۔

سوال : سہ ماہی سانجھاں لاہور سے کس کی ادارت میں شائع ہوتا ہے؟

جواب : تنویر ظہور یہ گزشتہ 22 سال سے جاری ہے۔

سوال : سہ ماہی شاعری سہیل غازی پوری کی ادارت میں کہاں سے شائع ہو رہا ہے؟

جواب : کراچی سے۔

سوال : سہ ماہی فکر نو لاہور کی مدیر اعلیٰ بلقیس قمر سبزواری ہیں مدیر کا نام بتایئے؟

جواب : سید عامر زیدی۔

سوال : ماہنامہ شام وسحر کہاں سے شائع ہو رہا ہے؟

جواب : لاہور سے۔

سوال : ماہنامہ ادب لطیف لاہور سے شائع ہوتا ہے بتایئے ماہنامہ دستک کہاں سے شائع ہو رہا ہے؟

جواب : مری سے۔

سوال : ماہنامہ تخلیق ایک ادبی جریدہ ہے یہ لاہور سے شائع ہوتا ہی بتایئے اس کے بانی ایڈیٹر کا نام کیا ہے؟

جواب : اظہر جاوید

سوال : عبدالحلیم شرر نے گداز رسالہ کب جاری کیا؟

جواب : 1877ء میں۔

سوال : ماہنامہ حجرہ صابری،، صوفیانہ فکر اور شعری ادراک کا مرقع اور اپنی نوعیت کا اولین ادبی جریدہ ہے بتایئے یہ کہاں سے شائع ہوتا ہے؟

جواب : فیصل آباد سے۔

سوال : ثمینہ راجہ اہل قلم خواتین میں بطور ایک شاعرہ منفرد شناخت رکھتی ہیں بتایئے انہوں نے کن دو ادبی مجلوں کے ذریعے اپنی ادارتی صلاحیتوں کا لوہا منوایا؟

جواب : ''آثار'' اور ''کتاب''

سوال : کراچی کے کسی ایسے مشہور ادبی جریدے کا نام بتایئے جو عرصہ دراز سے شائع ہو رہا ہے؟

جواب : سیپ

سوال : لیہ سے ادبی اخبار تعمیر ادب کس کی ادارت میں شائع ہوتا ہے؟

جواب : عبداللہ نظامی۔

سوال : اورنٹیل کالج لاہور کے ادبی مجلے کا نام بتایئے؟

جواب : لفظ۔

سوال : گورنمنٹ کالج لاہور کا تحقیقی مجلہ کس نام سے شائع ہو رہا ہے؟

جواب : تحقیق نامہ

سوال : یہ بتایئے قلم قبیلہ تنظیم کی جانب سے کونسا سہ ماہی رسالہ شائع کیا جا رہا ہے؟

جواب : قلم قبیلہ۔

سوال : سہ ماہی سورج انٹرنیشنل ایک ادبی جریدہ ہے بتایئے یہ کہاں سے جاری ہوتا ہے اور اس کے مدیر کون ہیں؟

جواب : لاہور سے تسلیم احمد تصور

سوال : مجلس ترقی ادب نے بھی ایک ادبی جریدے کا اجراء کر رکھا ہے جریدے کا نام بتایئے؟

جواب : سہ ماہی صحیفہ

سوال : 1974 سے 2006 تک ایک ممتاز شاعر اور ادیب مجلس ترقی ادب کے ناظم اور سہ ماہی جریدے صحیفہ کے مدیر تھے۔نام بتایئے؟

جواب : احمد ندیم قاسمی۔

سوال : یہ بتایئے سہ ماہی بادبان کراچی سے کس کی ادارت میں شائع ہو رہا ہے؟

جواب : ناصر بغدادی کی ادارت میں۔

سوال : یہ بتایئے جی سی یونیورسٹی لاہور کا ادبی مجلہ کب سے شائع ہو رہا ہے؟

جواب : 1910ء سے

سوال : ایس ایم ذوالفقار الدین 1010-1912 اس کے اردو سیکشن کے مدیر رہے بتایئے 1912 تا 1913 کون اس کے مدیر رہے؟

جواب : شری کرشن کپور۔

سوال : یہ بتائیے کہ ناصر زیدی کتنے برس ماہنامہ ادبِ لطیف لاہور کی ادارت کرتے رہے؟

جواب : پندرہ برس۔

سوال : ناصر زیدی کے افسانوں کے انتخاب کن سنین میں شائع ہوئے؟

جواب : (1) 1967 کے منتخب افسانے (2) 1968 کے منتخب افسانہ (3) 1969 کے منتخب افسانے (4) 1970 کے بہترین افسانے۔

سوال : پنجابی ماہنامہ ترنجن کس انسٹی ٹیوٹ کے زیر اہتمام لاہور سے شائع ہوتا ہے؟

جواب : پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف لینگویج آرٹ اینڈ کلچر لاہور۔

سوال : انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر میر پور کیمپس کے تحقیقی مجلے کا نام کیا ہے؟

جواب : الحقق

سوال : یہ بتائیے الحقق کتنی زبانوں میں شائع ہوتا ہے؟

جواب : اردو۔عربی اور انگریزی میں۔

سوال : بورے والا سے جاوید حیدر جوئیہ کے زیر ادارت ایک علمی و ادبی جریدہ شائع ہوتا ہے۔ جریدے کا نام بتائیے۔

جواب : حریم ادب

سوال : ماہنامہ عوامی منشور کس کی ادارت میں کراچی سے شائع ہو رہا ہے؟

جواب : طفیل عباس۔

☆☆☆

اصطلاحات

سوال : انشائے لطیف سے کیا مراد ہے؟

جواب : ایسی تحریریں جن میں بیک وقت رومانیت اور جمالیات موجود ہوں۔

سوال : مخضرم شعراء کن شعرا کو کہا جاتا ہے؟

جواب : وہ شعرا جنہوں نے زمانہ جاہلیت اور قبول اسلام کے بعد بھی شعر کہے یعنی دونوں زمانے پانے والے شعرا۔

سوال : طویل نظم جس میں ہر شعر کے مختلف قافیے اور شعر کے دونوں مصرے ہم قافیہ ہوں اسے اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : مثنوی۔

سوال : تصوف کسے کہتے ہیں؟

جواب : عشق حقیقی کی واردات وکیفیات کے بیان کو اصطلاح میں تصوف کہا جاتا ہے۔

سوال : بتائیے مرثیے کے ابتدائی حصے کو شاعری کی اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : چہرہ۔

جواب : اردو شاعری کی وہ قسم جس میں کم سے کم شعروں کی تعداد دو ہوتی ہے زیادہ کی حد مقرر نہیں۔

سوال : نیم بسمل کسے کہا جاتا ہے؟

جواب : ذبح کیا ہوا وہ جانور جو ابھی مرا نہ ہو۔

سوال : استعارہ کسے کہتے ہیں؟

جواب : حقیقی اور مجازی معنی کے درمیان تشبیہہ کا تعلق قائم کرنا۔

سوال : غزل کا لغوی مطلب کیا ہے؟

جواب : عورتوں سے یا عورتوں سے متعلق بات چیت کرنا۔

سوال : کسی دوسرے شاعر کے مصرع پر مصرعہ یا بند لگانے کو شاعری میں کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : تضمین۔

سوال : ریختہ کسے کہا جاتا ہے؟

جواب : ملا جلا گرا پڑا اور گچ کی طرح مضبوط کو۔

سوال : واسوخت سے کیا مراد ہے؟

جواب : یہ نظم کی وہ قسم ہے جس میں عاشق اپنے معشوق کی بے وفائی ظلم وستم، رقیب کے ساتھ محبت اور جدائی کی تکلیف ومصیبت کی شکائتیں کرتا ہے۔

سوال : سپاسنامہ کس تحریر کو کہا جاتا ہے؟

جواب : اس میں کسی معزز مہمان کی آمد کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے اس کے علاوہ اس میں مختلف النوع باتیں بھی درج ہوتی ہیں جن کی جانب توجہ مبذول کرانے کے لیے معزز مہمان کے سامنے پڑھا جاتا ہے۔

سوال : اشعار کے اس مجموعے کو جس کے آخر میں تمام مصرعوں میں قافیہ ہو اور پہلے مصرے میں قافیہ نہ ہو اس کے اشعار دو سے کم نہیں ہوتے زیادہ کی حد مقرر نہیں کیا کہتے ہیں؟

جواب : قطعہ۔

سوال : ادب سے کیا مراد ہے؟

جواب : ادب دراصل کسی قوم کے اجتماعی احساسات، جذبات اور اس کی زندگی اور جدو جہد کی داخلی تاریخ کا نام ہے اسے قوموں کی زندگی میں بڑی اہمیت حاصل ہے۔

☆☆☆

اصل نام (پاکستانی ادیبوں اور شاعروں کے)

(حصہ اول)

قلمی نام	اصل نام	قلمی نام	اصل نام
آثم فردوسی	میاں عبدالحمید	احمد راہی	غلام احمد
آثم میرزا	میرزا محمد طفیل بیگ	احمد ندیم قاسمی	احمد شاہ
آذر سرحدی	وزیر محمد خاں	اختر الحامدی	سید محمد مرغوب
آذر نایاب بدایونی	غلام حامد حیدر	اختر امان	امان اللہ ملک
آرزو اکبرآبادی	عبدالرحمٰن	اختر انصاری اکبرآبادی	محمد ایوب انصاری
آرزو لکھنوی	سید انور حسین	اختر راہی	سفیر اختر
آزاد جمال دینی	واحد بخش	اختر شیرانی	محمد داؤد خان
آسی خانپوری	میاں نیاز احمد	اختر کاشمیری	محمد طفیل
آسی خیالی	امان اللہ خاں	اختر مونکا	غلام احمد
آصف شاہکار	اعجاز حسین	اختر ہاشمی	محمد جلیل
آغا بابر	سجاد حسین	اختر وارثی	عبدالعزیز
آغاز برنی	شمعون عالم خاں	اختر ہوشیارپوری	عبدالسلام
آرن علوی	ویرونیکا آرن حیدر علوی	ادا جعفری	عزیز جہاں
آئی آئی قاضی	امداد امام علی قاضی	ادیب سہیل	سید محمد ظہور الحق
ابن انشاء	شیر محمد خان	ارشد جالندھری	غلام رسول
ابن حنیف	مرزا ظریف بیگ	ارشد میر	ارشد حسین
ابن صفی	اسرار احمد	ارمان سرحدی	امان اللہ خاں
اثر افغانی	عبدالحلیم قاضی	ارمان عثمانی	عبدالرشید
اثر جلیلی	سید عبدالاحد	اسلم راہی	محمد اسلم ملک
اثر صہبائی	عبدالسمیع پال	اسیر عابد	غلام رسول

اثر لدھیانوی	شیخ محمد فضل حق	افسر صدیقی امروہوی	حاجی منظور احمد صدیقی
اجمل وجیہہ	محمد اجمل خان	افسر ماہ پوری	ظہیر عالم صدیقی
احسن زیدی	مہدی احسن زیدی	افضل منہاس	وزیر احمد
احمد پراچہ	محمد یعقوب	انجم اعظمی	مشتاق احمد
انجم رضوانی	قاضی احمد دین	تاثیر وجدان	عبدالحق
انجم رومانی	فضل دین	تاج قائم خانی	گلاب خاں
انجم فوقی بدایونی	ظہور محمد	تاجور نجیب آبادی	احسان اللہ خاں
انجم وزیر آبادی	محمد جان	تبسم رضوانی	حبیب اللہ
انجم یوسف زئی	مصطفیٰ علی خان	تبسم کاشمیری	ڈاکٹر محمد صالحین
انصر لدھیانوی	محمد رمضان	تحسین فراقی	منظور اختر
انور سدید	محمد انوار الدین	تنویر بخاری	فقیر محمد
انیس ناگی	یعقوب علی	تنویر سپرا	محمد حیات
ایاز شیخ	شیخ مبارک علی	ثاقب حزیں	محمد غلام مصطفیٰ
باقی صدیقی	سائیں محمد افضل	ثاقب زیروی	محمد صدیق
ایاغ عیسیٰ خیلوی	محمد امیر اسلام	ثمر جالندھری	محمد شریف
بردو سندھی	محمد رمضان لاشاری	جاذب قریشی	محمد صابر
برگ یوسفی	شفیع اللہ خاں	جام نوائی بدایونی	ظفریاب حسین
بسمل آغائی	حاجی عبدالرحمٰن	جانباز جتوئی	غلام رسول خان
بصر ایازی	محمد حفیظ	جان کاشمیری	محمد نصیر
بہار کوٹی	محمود الحسن خان	جاوید سوز	فتح محمد
بہزاد لکھنوی	سردار حسن خاں	جبار توقیر	عبدالجبار خاں
بیدار سرمدی	محمد بخت	جعفر بلوچ	غلام جعفر
پرتو روہیلہ	مختار علی خاں	جلیل حشمی	جلیل الرحمٰن
پریشان خٹک	محمد غمی جاں	جلیل قدوائی	جلیل احمد
پطرس بخاری	سید احمد شاہ	جمال پانی پتی	گلزار احمد

پیام شاہ جہانپوری	محمد یمین خاں	جمیل جالبی	محمد جمیل خان
پھل آگروی	سید عبدالحمید	جوش ملیح آبادی	شبیر حسن خان
تابش الوری	سردار علی سید	جوگی جہلمی	اللہ دتہ
تابش دہلوی	مسعود الحسن	جوہر پراچہ	عبدالستار
تابش صدیقی	جماعت علی	حافظ امرتسری	محمد شریف
حافظ بصیر پوری	محمد منظور حسین	روحی کنجاہی	امر الٰہی
حافظ لدھیانوی	سراج الحق	روشن نگینوی	سلطان احمد
حبیب جالب	حبیب احمد	رئیس امروہوی	سید محمد مہدی
حزیں صدیقی	عفیف الدین	زہیر کنجاہی	محمد صادق
حزیں کاشمیری	معین الدین	زیبا ناروی	صیفر حسن
حزیں لدھیانوی	علی حسین	ساقی گجراتی	مختار احمد
حسرت امرتسری	محمد یونس	سجاد حارث	ادریس احمد خاں
حسن عسکری	محمد حسن	سحر انصاری	انور مقبول
حسین سحر	خادم حسین	سحر صدیقی	محمد فاروق
حسین شاد	محمد حسین	سرور اکبر آبادی	سید نور محمد
حکیم ناصر	شیر محمد	سرور بارہ بنکوی	سید سعید الرحمٰن
خاطر غزنوی	محمد ابراہیم بیگ	سرور بجنوری	محمد یونس
خالد بزمی	محمد یونس	سلطانہ مہر	فاطمہ
خضر تمیمی	مولا بخش	سہیل بخاری	محمد نقوی
خلش ہمدانی	احمد الطاف	سیدہ حنا	سیدہ سکینہ اختر
خلیق قریشی	غلام رسول	سیماب اکبر آبادی	عاشق حسین
خیال مینائی	نبی حسن	شاعر لکھنوی	حسین پاشا
دلشاد کلانچوی	عطا محمد	شبلی ایم کام	عبدالرحمٰن
ذوقی مظفر نگری	محمود الحسن	شبنم رومانی	عظیم محمد بیگ چغتائی
راجا رسالو	محمد صادق	شرر نعمانی	فراست علی خان

راز کاشمیری	عبدالمنان	شکیب جلالی	حسن رضوی
راز مرادآبادی	ساجد علی خان	شمیم بلتستانی	فدا حسین
راسخ عرفانی	عبدالواحد	شمیم بھیروی	خواجہ عبداللطیف
راشد ن م	نذر محمد	شورش کاشمیری	عبدالکریم
راغب مرادآبادی	سید اصغر حسین	شورش ملک	خان ملک
رفعت ہاشمی	فدا حسین	شوکت تھانوی	محمد عمر
شہاب دہلوی	مسعود حسن	غافل کرنالی	محمد یسٰین
شہرت بخاری	محمد انور	فارغ بخاری	احمد شاہ
شہزاد منظر	ابراہیم عارف	فاطمہ حسن	سیدہ انیس فاطمہ
صابر آفاقی	چودھری احمد دین	فرمان فتح پوری	سید دلدار علی
صائم چشتی	محمد ابراہیم	فلک پیما	عبدالعزیز
صبا اکبرآبادی	محمد امیر	قابل اجمیری	عبدالرحیم
صحرائی گورداسپوری	عبدالرحیم	قتیل شفائی	اورنگ زیب
		قدر آفاقی	بشیر احمد
صہبا اختر	اختر علی رحمت	قمر اجنالوی	عبدالستار
طالب المولیٰ	محمد زمان	قمر جلالوی	محمد حسین
طالب ہاشمی	محمد یونس	کامل القادری	شاہ محمد
طاہر تونسوی	حفیظ الرحمٰن	کاوش بٹ	غلام رسول
طرب احمد صدیقی	محمد امین	کشفی الاسدی	فقیر اللہ بخش
ظہور نظر	ظہیر احمد	کلیم عثمانی	احتشام الحق
ظہوری قصوری	محمد علی	کوثر نیازی	محمد حیات خاں نیازی
عاصی کرنالی	شریف احمد	کیفی جام پوری	محمد دلشاد
عارف بٹالوی	گلزار احمد	گوہر ملسیانی	طفیل محمد
عرش صدیقی	ارشاد الرحمٰن	گوہر ہوشیارپوری	محمد اشرف
عائشہ تسلیم	تسلیم اختر	لطیف ساحل	محمد خالد

عشرت رحمانی	امتیاز علی خاں	حاجی لق لق	عطا محمد چشتی
عطا شاد	محمد اسحاق	ماجد صدیقی	عاشق حسین
عطش درانی	عطاء اللہ خاں	ماہر القادری	منظور حسین
عقیل روبی	غلام حسین سوز	مجنوں گورکھپوری	احمد صدیق
عنبر چغتائی	محمد طاہر	محسن بھوپالی	عبدالرحمٰن
عندلیب شادانی	وجاہت حسین	محسن نقوی	غلام عباس
عین الحق فرید کوٹی	فضل الٰہی	محشر بدایونی	فاروق احمد
محشر رسول نگری	نثار احمد	وفا راشدی	عبدالستار
مشفق خواجہ	عبدالحی	وفا صدیقی	وصی احمد
ملا واحدی	سید محمد ارتضےٰ	وقار انبالوی	ناظم علی
ممتاز منگلوری	اورنگ زیب	بلال جعفری	سید اشرف علی
منصور تابش	منظور احمد	ہوش ترمذی	سید سبط حسن
منو بھائی	منیر احمد	یزدانی جالندھری	عبدالرشید
میرزا ادیب	دلاور علی بیگ	میکش	مرتضیٰ احمد خان
نادر جاجوی	امانت علی	نادم عصری	اللہ داد
نازش حیدری	محمد خورشید حسن	نازش کاشمیری	محمود صادق
نثار بزمی	قلندر بخش	نجمی نگینوی	صاحب عالم
نجیب احمد	محمد طفیل	ندیم باری	فقیر محمد
ندیم نیازی	محمد عبداللہ خاں	نسیم امروہوی	سید قائم رضا
نسیم حجازی	محمد شریف	نسیم سید	محمد سمیع
نشتر جالندھری	محمد عبدالحکیم	نظیر لدھیانوی	اصغر حسین خان
نعیم صدیقی	فضل الرحمٰن	نگار زریں شاہد	پروین ملک
نیر واسطی	علی احمد	وزیری پانی پتی	محمد سبط نبی

☆☆☆

ہندوستانی اور دیگر ممالک کے شاعروں اور ادیبوں کے اصل نام

قلمی نام	اصل نام	قلمی نام	اصل نام
آتش	خواجہ حیدر علی	ذوق	محمد ابراہیم
آزاد	محمد حسین	راسخ	شیخ غلام علی
آزاد انصاری	الطاف احمد	داغ	نواب مرزا خان
آغا شاعر دہلوی	آغا مظفر بیگ قزلباش	دبیر	مرزا سلامت علی
ابوالکلام آزاد	محی الدین احمد	سرشار	پنڈت رتن ناتھ
احسن مارہروی	سید شاہ علی احسن	ساحر لدھیانوی	عبدالحئی
اصغر گونڈوی	اصغر حسین	سودا	مرزا محمد رفیع
افسوس	میر شیر علی	شرر نعمانی	فراست علی
امانت لکھنوی	سید آغا حسن	شیفتہ	نواب محمد مصطفیٰ خاں
اکبر الٰہ آبادی	سید اکبر حسین	فراق گورکھپوری	رگھوپتی سہائے
امیر مینائی	امیر احمد	فانی بدایونی	شوکت علی
انیس	میر ببر علی	مصحفی	غلام ہمدانی
بے خود دہلوی	سید وحید الدین	میراجی	ثناءاللہ ڈار
بے دل	مرزا عبدالقادر	مجاز لکھنوی	اسرار الحق
پریم چند	دھنپت رائے	ناسخ	شیخ امام بخش
جذبی	معین احسن	نظیر اکبرآبادی	شیخ محمد ولی
تاباں	غلام ربانی	نظم طباطبائی	سید حیدر علی
جوش ملسیانی	پنڈت لبھو رام	مرزا غالب	اسداللہ خان
جرات	یحییٰ امان	نسیم	پنڈت دیا شنکر کول
جگر مرادآبادی	علی سکندر	یاس یگانہ چنگیزی	مرزا واجد حسین
حالی	مولانا الطاف حسین	ولی دکنی	شمس الدین محمد ولی
چکبست	پنڈت برج نرائن	ولی ویلوری	میر فیض علی

قلمی نام	اصل نام	قلمی نام	اصل نام
حسرت موہانی	فضل الحسن	وامق جونپوری	احمد مجتبیٰ
درد	خواجہ میر	محروم	تلوک چند
امام غزالی	ابو حامد محمد بن غزالی	شیخ سعدی	شرف الدین / مصلح الدین
بلھے شاہ	سید عبداللہ	سچل سرمست	عبدالوہاب
خواجہ غلام فرید	خورشید عالم	امیر خسرو	ابوالحسن یمین الدین
عمر خیام	غیاث الدین ابوالفتح	اشرف صبوحی	ولی اشرف
گرامی	غلام قادر		

(حصہ دوم)

اختر نثار	ڈاکٹر محمد اعظم خاں	سعادت سعید	سعادت حسن
ادل سومرو	عبدالکریم محمد صالح	سرو سہارنپوری	سید محمود احمد
اصغر ندیم سید	غلام اصغر شاہ	شارق بلیادی	شمس الدین
اعتبار ساجد	سید اعتبار حسین	شاکر کنڈان	عطا رسول
انجم نیازی	شیر خاں	شوکت مغل	شوکت حسین
بردا پشاوری	میاں بردے خاں	طارق سلطانپوری	محمد عبدالقیوم
توصیف تبسم	محمد احمد	ظاہر تشنہ	محمد علی خان
ثاقب اکبر	تقی علی	عارف ثاقب	عارف محمود
ثاقب عرفانی	عبدالغنی	عاصم صحرائی	عباس علی
جان کشمیری	محمد نصیر بٹ	عذرا وحید	نفیس جہاں
جمیل عظیم آبادی	محمد جمیل احسن	جون ایلیا	سید جون اصغر
حسرت کاسگنجوی	ڈاکٹر عبدالحق خاں	عزیز جبران انصاری	عبدالستار
حمید آفریدی	حاجی حمید گل	علی کمیل قزلباش	غلام حسین
حیران خٹک	دلاور خان	حکیم شہزاد	فقیر محمد
خاور چودھری	غلام رسول	خاور نقوی	اختر عباس نقوی
کے کے عزیز	خورشید کمال عزیز	خیال آفاقی	عقیل احمد آفاقی
گفتار خیالی	غلام حسین	خیال مہدوی	ڈاکٹر سید علی مہدی نقوی

مختار حق	محمد عالم	ذوق براہوی	ایثار حسین
ناصر رانا	ناصر محمود احمد خاں	راز جتوئی	مرید حسین
نذر سجاد حیدری	نذر زہرا	راشد علیزئی	دوست محمد خاں
رشیدہ عثمانی	عبدالرشید	نوشی گیلانی	نشاط مسعود گیلانی
رشیدہ سلیم سیمیں	رشیدہ سلطانہ	ویر سپاہی	تنویر زماں
رضوان صدیقی	منظور احمد	یاسمین بسمل	محمد یاسین
ساجد سرحدی	خادم حسین	ساغر ادیب	محمد اختر
ساغر نظامی	سردار محمد صدیار خاں	سرفراز شاہد	سرفراز محمود شاہد
سجاد مرزا	عبدالحمید		

☆☆☆

افسانہ

سوال :انعام الرحمٰن سحری کے افسانوں کا مجموعہ دردی کے اندر آدی 1982ء میں چھپا بتایئے اس میں کتنے افسانے ہیں؟

جواب :16۔

سوال :جدید مختصر افسانہ کا سب سے پہلا اور بڑا استاد کسے مانا گیا ہے؟

جواب :ایڈگر ایلن پو(1809-1849ء)

سوال : مختصر افسانہ ادب کی ایک مخصوص صنف کی حیثیت سے کس کے مضمون سے روشناس ہوا؟

جواب :برانڈز میتھیوز کے مضامین The Philosophy of short story محررہ 1885ء

سوال :اردو ادب میں کس کو مختصر افسانہ کا بانی کہا جاتا ہے؟

جواب :منشی پریم چند کو۔

سوال :پشتو کا پہلا افسانہ کندہ جیسی ہے اس کا سن تصنیف کیا ہے؟

جواب :1917ء اسے سید راحت اللہ راحت زاخیلی نے لکھا۔

سوال :غلام عباس نے افسانہ آنندی کب لکھا؟

جواب : 1932ء میں۔

سوال :ممتاز افسانہ نگار ممتاز مفتی کا پہلا افسانہ 1936ء میں ادبی دنیا لاہور میں کس نام سے چھپا؟

جواب :جھکی جھکی آنکھیں۔

سوال :منشی پریم چند کے اس افسانے کا نام بتایئے جس میں صرف 24 گھنٹے کے واقعات لکھے گئے ہیں۔؟

جواب : کفن

سوال :غلام الثقلین نقوی کے کم از کم چار افسانوں کے نام بتایئے؟

جواب :بندگلی، شفق کے سائے، نغمہ اور آگ، لمحے کی دیوار

سوال :قسطوں میں موت کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

جواب :مظفر محمد علی۔

سوال :افسانہ آدم خان درخانئ کو پاکستان کے کس علاقے میں شہرت حاصل ہے؟

جواب :صوبہ سرحد۔

سوال :عرب میں لیلیٰ مجنوں اور ایران میں شیریں فرہاد کو بڑی شہرت حاصل ہے بتائیے مومل رانو کو کس علاقے میں شہرت حاصل ہے؟

جواب :سندھ میں۔

سوال :ایک چادر میلی سی کس کا افسانہ ہے؟

جواب :راجندر سنگھ بیدی کا

سوال :بتائیے بیدی نامہ کے مصنف کون ہیں؟

جواب :شمس الحق عثمانی۔

سوال :سمٹتے دائرے نورالحسنین کے افسانوں کو مجموعہ ہے بتائیے اس میں کتنے افسانے شامل ہیں؟

جواب :14۔

سوال :ایک دوپہر کی کہانی کس نے لکھا ہی؟

جواب :ڈاکٹر انور سجاد نے۔

سوال :بے سمت مسافر رضیہ فصیح احمد کے پانچ افسانوں کا مجموعہ ہے بتائیے اس مجموعے کے پہلے افسانے کے نام کیا ہے؟

جواب :ڈائن

سوال :اپنا اپنا جہنم کی مصنفہ جمیلہ ہاشمی ہیں بتائیے افسانوں کے اس مجموعے کو مصنفہ نے کس کے نام معنون کیا ہے؟

جواب :قرۃ العین حیدر۔

سوال :مسعود مفتی نے مشرقی پاکستان (اب بنگلہ دیش) کے آخری دنوں کے متعلق افسانے لکھے ہیں۔بتائیے کس نام سے؟

جواب :ریزے۔ہم نفس،چہرے۔

سوال :اسلم گورا کے افسانوں کے دو مجموعوں کے نام بتائیے؟

جواب :خشک سمندر کی تھکان......سفر آخر سفر ہے۔

سوال :بھارت کی مسلمان افسانہ نگار محترمہ جیلانی بانو کے فن پر کس یونیورسٹی نے زرینہ نسرین کو پی ایچ ڈی کی ڈگری دینے کا اعلان کیا؟

جواب :گلبرگہ یونیورسٹی کرناٹک۔

سوال :روسی زبان کے اس سکالر کا نام بتائیے جنہوں نے ڈاکٹریٹ کے لیے جیلانی بانو کے فن پر تحقیق کی؟

جواب :ولادو سوکولوف۔

سوال :''بے چراغ بستی'' کس مشہور افسانہ نگار کا مجموعہ ہے؟

جواب :منصور قیصر۔

سوال :اردو افسانے میں پریم چند ایک معتبر نام ہے بتائیے وہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب :21 جولائی 1880ء کو بنارس کے نواحی قصبے میں۔

سوال :بتائیے پریم چند کے والد نے ان کا کیا نام رکھا؟

جواب :دھپت رائے۔

سوال :پریم چند کے افسانوں کا مجموعہ پچیسی کے نام سے کب شائع ہوا؟

جواب :1901ء میں۔

سوال :پریم چند کے افسانوں کے مجموعوں کے نام بتائیے؟

جواب :سوز وطن، پریم پچیسی، پریم چالیسی، خواب وخیال، واردات اور کفن۔

سوال :رابندر ناتھ ٹیگور کے افسانوں کا پہلا مجموعہ کب شائع ہوا؟

جواب :1891ء میں۔

سوال :ماں جی اور نفسانے قدرت اللہ شہاب کے افسانوں کے مجموعے ہیں بتائیے درانتی کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

جواب :حاجی لق لق

سوال :''سیاہ آنکھ میں تصویر'' مستنصر حسین تارڑ کے افسانوں کا مجموعہ ہے بتائیے کتنے افسانوں کا؟

جواب :14۔

سوال :آتش زیر پا بانو قدسیہ کے افسانوں کا مجموعہ ہے بتائیے اس کا تعلق کس شعبے سے ہے؟

جواب :انسانی نفسیات سے۔

سوال :جب دیواریں گریہ کرتی ہیں'' الطاف فاطمہ کے افسانوں کا مجموعہ ہے بتائیے اس میں کتنے افسانے شامل ہیں کم از کم تین کے نام بھی بتائیے؟

جواب :دس......مچھلی، چرواہا۔ مشت غبار۔

سوال :یونس جاوید کے افسانوں کے مجموعے،''آوازیں'' میں کتنے افسانے شامل ہیں۔

جواب :پندرہ۔

سوال :نفیر اعظم کے افسانوں کے پہلے مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب :آشنا اور نا آشنا۔

سوال :بھاگے ہے بیاباں مجھ سے کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

جواب :رشید امجد۔

سوال :آنکھیں اور پاؤں بھارت کے ایک ادیب اور شاعر کے افسانوں کا مجموعہ ہے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :بلراج کومل۔

سوال :اردو مختصر افسانہ (فنی و تکنیکی مطالعہ 1947ء کے بعد) کی مصنفہ کا نام بتایئے؟

جواب :ڈاکٹر نگہت ریحانہ خان (مطبوعہ 1988ء)

سوال :مختصر افسانہ کی ابتدا انیسویں صدی میں کہاں سے ہوئی؟

جواب :امریکا سے۔

سوال :مختصر افسانہ نویسی کے فن کی بنیاد کس نے اور کب رکھی؟

جواب :1819ء میں واشنگٹن ارونگ کی اسکیچ بک نے۔

سوال :کیا آپ مختصر افسانہ کی تاریخ میں دوسرا اہم نام بتا سکتے ہیں؟

جواب :نتھیل ہاتھارن (1804-1864ء)

سوال :تنہا برگد کا دکھ کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

جواب :عذرا اصغر۔

سوال :مشہور شاعر روحی کنجاہی نے اڑسٹھ سالہ اردو ادب سے کتنے افسانے منتخب کر کے ''بے مثال افسانے'' کا مجموعہ مرتب کیا؟

جواب :پچاس۔

سوال :کھنڈر شہروی کوک کس کے پنجابی افسانوں کا مجموعہ ہے؟

جواب :وسیم گوہر۔

سوال :پریم چند کے افسانے ''نمک کا داروغہ'' کا کردار کس نے ادا کیا؟

جواب :بنسی دھر۔

سوال :افسانہ نگار، صحافی اور ناول نگار خواجہ احمد عباس کا انتقال کب ہوا؟

جواب : یکم جون 1987ء کو۔

سوال :احمد ندیم قاسمی کا پہلا افسانہ بت تراش اختر شیرانی کے رسالے میں شائع ہوا رسالے کا نام بتایئے؟

جواب :رومان۔

سوال :پشتو افسانے کی خاتون اول کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب :زیتون بانو۔

سوال :زیتون بانو کے پشتو افسانہ نگاروں میں کس خاتون کا نام آتا ہے؟

جواب :مبارک سلطان شمیم کا۔

سوال ہفت پیکر حفیظ جالندھری کا ایک مجموعہ ہے بتایئے اس کا تعلق کس صنف سے ہے؟

جواب :افسانوں سے۔

سوال :''بے مثال افسانے'' روحی کنجاہی کے افسانوں کا مجموعہ ہے۔ بتایئے یہ انتخاب کتنے برسوں پر محیط ہے؟

جواب :1901ء تا 1988ء

سوال :کھنڈر شہروی کوک وسیم گوہر کے افسانوں کا مجموعہ ہے بتایئے کتنے افسانوں کا؟

جواب :بیس۔

سوال :منیر احمد شیخ کے افسانوں کا پہلا مجموعہ لمحے کی بات 1970ء میں شائع ہوا بتایئے ان کے افسانوں کا آخری مجموعہ بہتے پانی میں عکس کب شائع ہوا؟

جواب :1986ء

سوال :سنگ زیست کس افسانہ نگار کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

جواب :سائرہ ہاشمی۔

سوال :افسانے کے تین بنیادی اجزا کون کون سے ہیں؟

جواب :خیال، ہیئت اور اسلوب۔

سوال :کیا آپ اردو کے پہلے افسانے اور مصنف کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب :سوز وطن، منشی پریم چند۔

سوال :سعادت حسن منٹو نے اپنے افسانے آخری سیلوٹ اور ٹیٹوال کا کتا کس جنگ کے پس منظر میں لکھے تھے؟

جواب :کشمیر کی جنگ آزادی کے پس منظر میں۔

سوال : بلونت سنگھ کے افسانوں کے پہلے مجموعے کا نام بتایئے؟
جواب : جگا۔
سوال : اپنے دکھ مجھے دے دو، لمبی لڑکی، لاجونتی، گرھن، دانہ ودام، کوکھ جلی کس کے افسانوں کے مجموعے ہیں؟
جواب : راجندر سنگھ بیدی۔
سوال : مسعود اشعر کے افسانوں کی کتاب ''آنکھوں پر دونوں ہاتھ'' کب شائع ہوئی؟
جواب : 1974ء میں۔
سوال : یہ بتایئے کہ حسن عسکری نے ستمبر 1939ء سے ستمبر 1947ء تک کتنے افسانے لکھے؟
جواب : گیارہ۔
سوال : حسن عسکری نے گٹھلیوں کے دام کس ادب سے متاثر ہو کر لکھا؟
جواب : فرانسیسی ادب سے۔
سوال : افسانہ نگار اور شاعر منیر احمد شیخ کا انتقال کب ہوا؟
جواب : مئی 1990ء میں۔
سوال : ممتاز مفتی کا ایک افسانوں کا مجموعہ بے نقط ہے مجموعے کا نام بتایئے؟
جواب : گہما گہمی (1944ء)
سوال : کالیاں اٹاں، کالے روڑ انور علی کی کہانیوں کا مجموعہ ہے بتایئے میڈے افسانے کا مصنف کون ہے؟
جواب : سجاد حیدر پرویز۔
سوال : افسانہ نگار اوپندر ناتھ اشک کس مشہور افسانہ نگار کے ہم عصر ہیں؟
جواب : منشی پریم چند۔
سوال : دنیا میں سب سے زیادہ طویل مدت تک اردو میں افسانہ اور ناول نویسی اوپندر ناتھ اشک کے حصے میں آئی بتایئے انہوں نے کب سے لکھنا شروع کیا؟
جواب : 1926ء سے (16 سال کی عمر میں)
سوال : مرزا حامد بیگ کے پہلے افسانوی مجموعے کا نام بتایئے؟
جواب : گمشدہ کلمات۔
سوال : ''زرد پتوں کے بن'' کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : اختر جمال۔
سوال : سرائیکی زبان میں افسانوں کا سب سے پہلا مجموعہ کس نام سے لکھا گیا تھا؟
جواب : اچی دھرتی جھکا آسمان۔
سوال : طاہر نقوی کے افسانے کے دوسرے مجموعے کا نام بتایئے نیز یہ بھی بتایئے کہ اس میں افسانوں کی تعداد کتنی ہے؟
جواب : جس کے بعد پہلی بارش...... 25۔
سوال : طاہر نقوی کو ان کے افسانوں کے پہلے مجموعے پر کون سا انعام ملا؟
جواب : آدم جی ادبی ایوارڈ۔
سوال : محمد سعید شیخ کے افسانوں کے پہلے مجموعے کا نام تلافی تھا دوسرے کا نام آپ بتایئے؟
جواب : تسخیر۔
سوال : جزیرے کس مشہور افسانہ نگار کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟
جواب : محمد حسن عسکری۔
سوال : شکیلہ رفیق کے افسانوں کا مجموعہ خوشبو کے جزیرے کب چھپا اور اس میں کتنے افسانے شامل ہیں؟
جواب : 1989ء...... 13 افسانے۔
سوال : علامہ راشد الخیری نے سارس کی تارک وطنی کب لکھا؟
جواب : 1909ء میں۔
سوال : پنڈت جی بھرے جلسے میں مسلمانوں کے خلاف زہر اگلتے اور للکارتے مسلمانوں کی شدھی کا اعلان کرتے ہیں بتایئے علامہ راشد الخیری کی یہ تحریر کس افسانے سے ماخوذ ہے؟
جواب : افراط وتفریط۔
سوال : افسانہ اور ناول نگار رای بائیر کب اور کہاں پیدا ہوا۔
جواب : 1946ء......سوئٹزرلینڈ۔
سوال : فسادات 1947ء کے سلسلے میں جو افسانے لکھے گئے ان کے اور ان کے مصنفین کے نام بتایئے؟
جواب : ٹوبہ ٹیک سنگھ اور کھول دو (سعادت حسن منٹو) یا خدا قدرت اللہ شہاب۔ پرمیشر سنگھ (احمد ندیم قاسمی)، ثمینہ (ممتاز مفتی) دس نمبری (خدیجہ مستور) اور مینوں لے چلے بابلا، کالی رات (عزیز احمد)، کہو، آغا بابر بن لکھی، رزمیہ (انتظار حسین) گڈریا (اشفاق احمد)

سوال :اردو کے شاہکار افسانے کے مرتب کا نام بتایئے؟

جواب :خالد شریف۔

سوال :1965ء کی پاک بھارت جنگ کے حوالے سے بھی افسانے لکھے گئے افسانوں کے نام بتایئے؟

جواب :ٹھنڈا میٹھا پانی (خدیجہ مستور) نغمہ اور آگ، جلی مٹی غلام الثقلین نقوی، پار بتی (فرخندہ لودھی) ایک رات (صادق حسین)۔

سوال :1971ء کی پاک بھارت جنگ کے حوالے سے کون کون سے افسانے لکھے گئے؟

جواب :شہر افسوس، دوسری دیوار، انتظار حسین، دکھ جو مٹی نے دیئے (مسعود اشعر) اب جاگتے رہنا (اے حمید) کالی ماتا کی پجارن (غلام الثقلین نقوی)

سوال :جاگیردارانہ نظام کی خرابیوں کے حوالے سے لکھے گئے افسانوں کے نام بتایئے؟

جواب :انصاف (ابوالفضل صدیقی) نواب صاحب کا بنگلہ (غلام عباس) لارنس آف تھیلیسیا (احمد ندیم قاسمی)

سوال : کیا آپ پاکستان کے دس تجریدی افسانہ نگاروں کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب :مظہر السلام، شمس نعمان، نجم الحسن رضوی، منصور قیصر، احمد جاوید، احمد داؤد، رخسانہ صولت، تقی حسین خسرو، اعجاز راہی اور مرزا حامد بیگ۔

سوال :1970ء سے 1980ء کے درمیان جن افسانہ نگاروں نے شہرت حاصل کی ان کے نام بتایئے؟

جواب :اسد محمد خان، سائرہ ہاشمی، قمر عباس ندیم، مستنصر حسین تارڑ، علی حیدر ملک، فریدہ حفیظ، نگہت مرزا، زاہدہ حنا، آفسر آذر، رحمان شاہ عزیز، لطیف کاشمیری، اور مسرت لغاری۔

سوال :چند مشہور پرانے افسانہ نگاروں کے نام بتایئے؟

جواب :احمد ندیم قاسمی، اشفاق احمد، بانو قدسیہ، انتظار حسین، انور سجاد، مسعود مفتی، ممتاز مفتی وغیرہ۔

سوال :بھارت کے مشہور افسانہ نگار راجندر سنگھ بیدی کا انتقال کب ہوا؟

جواب :11 نومبر 1984ء کو۔

سوال :راجندر سنگھ بیدی کے افسانوں کے مجموعوں کے نام بتایئے؟

جواب :دانہ و دام، اپنے دکھ مجھے دے دو، ہاتھ ہمارے قلم ہوئے، ایک چادر میلی سی (1962)

سوال :اردو کے اس افسانہ نگار کا نام بتایئے جس نے ترکی کے افسانوں کو اردو کے قالب میں ڈھالا؟

جواب :سید سجاد حیدر یلدرم

سوال :سوز وطن پریم چند کے افسانوں کا مجموعہ ہے یا نظموں کا؟

جواب :افسانوں کا۔

سوال :مرزا قلیچ بیگ کا کون سا افسانہ سندھی افسانوں کا حرف آغاز مانا جاتا ہے؟

جواب :شریف بیگم۔

سوال :یہ قول سندھ کے کس افسانہ نگار کا ہے؟

میری ہر کہانی سندھ کی کہانی ہے۔

جواب :حمید سندھی۔

سوال :ناگفتہ بہ اور البم اور سائے کس کے افسانوں کے مجموعے ہیں؟

جواب :ڈاکٹر صلاح الدین اکبر۔

سوال :قاسم کی مہندی سید قاسم محمود کے افسانوں کا پہلا مجموعہ ہے یا دوسرا؟

جواب :دوسرا۔

سوال :''ایک محبت سو افسانے'' اشفاق احمد کے افسانوں کا مجموعہ ہے بتایئے اس میں کتنے افسانے شامل ہیں اور ان کے نام کیا ہیں؟

جواب :13 (توبہ، فہیم، رات بیت رہی ہے، تلاشی، سنگ دل، مسکن، شب خون، توتا کہانی، عجیب بادشاہ، بندرابن کی کنج گلی میں، بابا، پناہیں، امی۔

سوال : گھوڑوں کے شہر میں اکیلا آدمی، مظہر الاسلام کے افسانوں کا مجموعہ ہے بتایئے انہوں نے اسے کس کے نام منسوب کیا ہے؟

جواب :آصف محمود کے نام۔

سوال :انتظار حسین نے بہت اچھے علامتی افسانے لکھے ہیں مظہر الاسلام نے علامتی افسانے کو اور آگے بڑھا کر ایک ایسا تجربہ کیا ہے جو نیا بھی ہے اور دلچسپ بھی بتایئے یہ الفاظ کس کے ہیں؟

جواب :ڈاکٹر جمیل جالبی۔

سوال :رضیہ فصیح احمد کے افسانوں کا مجموعہ نقاب پوش 1990ء میں طبع ہوا بتایئے اس میں کتنے افسانے ہیں؟

جواب :27۔

سوال :افسانوں کے ان مجموعوں اوران کے مصنفین کے نام بتایئے جن کے عنوان انسانی جسم کے اعضاء سے متعلق ہوں؟

جواب :(1) دو ہاتھ (عصمت چغتائی)

(2) غیر مرئی ہاتھ (کریم بخش نظامانی)

(3) ننگے پاؤں (آمنہ نازلی)

(4) پتھر کا دل (سراج الدین احمد)

(5) دانت کا دستہ (بانو قدسیہ)

(6) دھڑکتے دل (اختر شیرانی)

(7) آنکھ مچولی (رضیہ فصیح احمد)

(8) کوکھ جلی (راجندر سنگھ بیدی)

(9) لب گویا (آغا بابر)

(10) چاک گریباں (آغا بابر)

(11) ٹوٹے ہوئے دل (محمد جمیل احمد)

سوال :افسانوں کے کسی ایک مجموعے اور بریکٹ میں اس کے مصنف کا نام بھی بتایئے جس کا عنوان پھلوں سے متعلق ہے؟

جواب :ادھ کھایا امرود (فضل الرحمان)

سوال :افسانوں کے چند مصنفین اوران کے افسانوں کے عنوانات کے نام بتایئے؟

جواب :افکار و پریشاں (سردار محمد عزیز) اٹھارہ دن اٹھارہ راتیں (ریاض جاوید) بسر کے پھول (مائل ملیح آبادی)، کھویا ہوا افق (محمد خالد اختر)

سوال :رگ سنگ مسعود مفتی کے کتنے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

جواب :بارہ۔

سوال :خوشیوں کا باغ انور سجاد کا ناول ہے بتایئے ان کی کتاب آج کا موضوع کیا ہے؟

جواب :افسانہ (یہ ان کے افسانوں کا مجموعہ ہے)

سوال :میرزا ریاض کے افسانوں کے دوسرے مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب :بے آب سمندر۔

سوال :پشتو کے افسانوی ادب میں زیتون بانو کو خاتون اوّل کا درجہ حاصل ہے یہ بتایئے کہ انہوں نے اردو کا پہلا افسانوں کا مجموعہ کس نام سے اور کب لکھا گیا؟

جواب :وقت کی دہلیز پر......1983ء

سوال :اردو افسانہ اور افسانہ نگار کس کی تصنیف ہے؟

جواب :ڈاکٹر فرمان فتح پوری۔

سوال :مصری افسانہ نگار نجیب محفوظ کے افسانوں کے مجموعوں کے نام بتایئے؟

جواب :خمارۃ القط الاسود (2) تحت المشمہ ،حکایت بلا بدایۃ ولا نھایۃ۔

سوال :افسانہ نگار جلال آل احمد کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب :ایران۔

سوال :زاہدہ حنا کا افسانوں کا پہلا مجموعہ 1983ء میں منظر عام پر آیا مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب :قیدی سانس لیتا ہے۔

سوال :شہزاد منظر کی کتاب ''علامتی افسانے کے ابلاغ کا مسئلہ'' مئی 1990ء میں منظر عام پر آیا بتایئے ان کی دیگر تصانیف کے نام کیا کیا ہیں؟

جواب :(1) جدید اردو افسانہ (افسانہ نگاروں پر مضامین) (2) اندھیری رات کا تنہا مسافر (ناول) (3) ردعمل مختلف ادبی و نظمی مسائل و مباحث پر مضامین۔

سوال :افسانچوں کے مجموعہ کتھانگر کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :جوگندر ناتھ۔

سوال :روس کے ممتاز افسانہ نگار کونستانستائن فیدین 1892ء میں پیدا ہوئے بتایئے ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب :1977ء میں۔

سوال :''بے مثال افسانے'' کے مرتب روحی کنجاہی ہیں بتایئے انہوں نے اٹھاسی سالہ افسانوی ادب سے کتنی نمائندہ تخلیقات کو اس کتاب میں شامل کیا ہے؟

جواب :50 (پچاس)

سوال :تماشا ہو چکا اور وہ کافی ہوگئی کس ادیبہ کے افسانوی مجموعے ہیں؟

جواب :سائرہ ہاشمی۔

سوال :اداس کرنیں، چنار کی چھاؤں اور کونپلیں کس ادیب کے افسانوں کے مجموعے ہیں؟

جواب :لطیف کاشمیری۔

سوال :معتوب شہر کس ادیب کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟
جواب :مشتاق قمر۔
سوال :ڈاکٹر آغا سہیل کے افسانوں کے مجموعوں کے نام بتایئے؟
جواب :(1) بدلتا ہے رنگ آسمان (2) شہر ناپرساں (3) تل برابر آسمان۔
سوال :بتایئے مغرب میں افسانہ کی صنف کس اہم صنف کے ارتقاء کی بعد وجود میں آئی؟
جواب :ناول
سوال :حجاب امتیاز علی کے افسانوں کے دو مجموعوں کے نام بتایئے؟
جواب :تصویر بتاں اور کالی حویلی
سوال : کیا یہ درست ہے کہ دور جدید میں ترقی پسند تحریک بھی اردو افسانے کی عروج کا باعث بنی؟
جواب :جی ہاں
سوال :افسانے میں علامت کی ترویج کا ایک سبب مارشل لاء ہے بتایئے یہ پاکستان میں پہلی بار کب لگایا گیا؟
جواب :1958ء میں
سوال :عذرا اصغر کے افسانوں کے چار مجموعوں کے نام بتایئے؟
جواب :پت جھڑ کا آخری پتہ (اپریل 1980ء)۔ بیسویں صدی کی لڑکی (1980ء) تنہا برگد کا دکھ (1990ء) گدلا سمندر (1997ء)۔
سوال :پتھر کی نسل اور جھوٹی کہانیاں دو افسانوی مجموعے ہیں بتایئے ان کے خالق کون ہیں؟
جواب :سیدہ حنا
سوال :بتایئے سیاسی جبریت کے دور میں سعیدہ گزدر کے کس افسانوی مجموعہ پر پابندی عائد کی گئی؟
جواب :آگ گلستان بنی (1980ء)
سوال :حفیظ جالندھری کے افسانوں کا مجموعہ کس نام سے چھپا؟
جواب ہفت پیکر
سوال :بتایئے ڈاکٹر گوپی چند نارنگ نے کس ہندوستانی افسانہ نویس کے فن کے بارے میں کہا تھا کہ ''لمبی لڑکی'' میں گیتا کے سترہویں آدھیائے اور اس کے مہاتما کا تصور ملتا ہے۔
جواب :راجندر سنگھ بیدی

سوال : کیا یہ درست ہے کہ راجندر سنگھ بیدی لاہور چھاونی کے نواحی علاقے ''بیدیاں'' میں پیدا ہوئے تھے؟
جواب :جی ہاں۔
سوال :ہندوستان کی نئی نسل کے نمائندہ افسانہ نگار سلام بن رزاق کے کس دوسرے افسانوی مجموعہ کا نام بتایئے؟
جواب :معتبر
سوال :بتایئے سلام بن رزاق کے اسلوب پر میراٹھی کے کس مشہور ادیب کا اثر جھلکتا ہے؟
جواب :جی ایس کلکرانی۔
سوال :ترقی پسند افسانے میں عورت کا تصور بتایئے یہ کتاب کس ہندوستانی خاتون ادیب کی ہے؟
جواب :محترمہ خورشید زہرا عابدی۔
سوال :میکسم گورکی کے افسانوں کا مجموعہ 1907ء میں کس نام سے شائع ہو؟
جواب :پیلے بھوتوں کا شہر
سوال :میکسم گورکی کا اصلی نام کیا تھا؟
جواب :الیکسی موخ پیشکوف
سوال :بتایئے بین الاقوامی شہرت یافتہ ادیب میکسم گورکی کے پہلا افسانے کا نام بتایئے اور یہ کس روزنامہ میں چھپا؟
جواب :ماکار شدرا۔ روزنامہ قفقاز
سوال :بلونت سنگھ کی افسانہ نگاری کی ابتدا کب ہوئی؟
جواب :دوسری عالمی جنگ کے خاتمے کے بعد۔
سوال : کیا یہ درست ہے کہ بلونت سنگھ کی بیشتر افسانوں کے کردار سکھ ہیں؟
جواب :جی ہاں۔
سوال :آغا بابر کے افسانوں کے مجموعوں میں کونسی دو چیزیں ملتی ہیں؟
جواب :آغا بابر کے افسانوں میں دو چیزیں ملتی ہیں ایک خلوص فن اور دوسری وہ دھیمی فنکارانہ منصوبہ بندی جو دلوں کو رام کر لیتی ہے''
سوال :بتایئے آغا بابر کے افسانوں کا مجموعہ کس نام سے چھپ چکا ہے؟
جواب : کہانی بولتی ہے۔

سوال :بتایئے ابدال بیلا کے افسانوی مجموعے ''انھونیاں'' میں کل کتنے افسانے شامل ہیں؟

جواب :دس۔

سوال :1948ء میں رسالہ عصمت میں رضیہ فصیح احمد کا پہلا افسانہ کس نام سے طبع ہوا تھا؟

جواب :ناتمام تصویر۔

سوال :الطاف فاطمہ کا نام ادب کی دنیا میں کسی تعارف کا محتاج نہیں بتایئے ان کے افسانوں کا مجموعے ''تارعنکبوت میں کل کتنے افسانے شامل اشاعت ہیں؟

جواب :12 افسانے۔

سوال :بتایئے یہ افسانوی مجموعے کس مشہور ادیب اور دانشور کے ہیں؟

(1) گڑیا گھر (2) چپ (3) اسمارائیں (4) روغنی پتلے (5) سمے کا بندھن (6) کہی نہ جائے۔

جواب :ممتاز مفتی

سوال :بتایئے ممتاز مفتی کے بارے میں یہ کس نے کہا تھا کہ ممتاز مفتی کے افسانے شعور اور لاشعور کی گتھیوں کو سلجھاتے ہوئے کبھی کبھی جذب وسلوک کی دہلیز کو چھو لیتے ہیں۔؟

جواب :قدرت اللہ شہاب۔

سوال :رشید امجد کا افسانوی مجموعہ کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : گمشدہ آواز کی دستک۔

سوال :سائرہ ہاشمی کے افسانوی مجموعہ کے نام بتایئے؟

جواب :(1) اور وہ ان ہونی (2) تماشا ہو چکا۔

سوال :بتایئے ان درج ذیل افسانوی مجموعہ کے خالق کون ہیں؟

(1) آوازیں (2) تیز ہوا کا شور (3) کو کہانے (4) گردش (5) ایک خواب سفر میں ہے (6) ہم نفس

جواب : علی الترتیب (1) یونس جاوید (2) یونس جاوید (3) کوکب خواجہ (4) انیس ناگی (5) شوکت افضل (6) مسعود مفتی۔

سوال :بتایئے پریم چند کے بارے میں یہ کس دانشور اور مفکر نے کہا تھا کہ ''پریم چند کا اردو افسانے میں وہی مقام ہے جو شاعری میں حالی کا۔''

جواب :مولوی عبدالحق

سوال :ناقابل فراموش افسانے کا مجموعہ ناصر زیدی نے مرتب کیا بتایئے اس میں انہوں نے ٹھنڈا گوشت کے عنوان سے جو پہلا افسانہ شامل کیا ہے اس کے مصنف کون ہیں؟

جواب :سعادت حسن منٹو

سوال :زرد کتا کس کا افسانہ ہے؟

جواب :انتظار حسین کا۔

سوال :بتایئے خاں فضل الرحمٰن خاں کا پہلا افسانہ گھی شکر لاہور کے کس ادبی جریدے میں شائع ہوا؟

جواب :سویرا۔

سوال :بارش آ گئی اور زرد گلاب کس کے افسانے ہیں؟

جواب :اے حمید۔

سوال :اشفاق احمد کا کونسا افسانہ اردو ادب کا شاہکار افسانہ مانا جاتا ہے؟

جواب : گڈریا۔

سوال :احمد ہمیش کے افسانوں کا کونسا مجموعہ 1966 میں بھارت سے شائع ہوا؟

جواب : مکھی۔

سوال :بتایئے مولانا صلاح الدین احمد نے کس مشہور افسانہ نویس کو ''پنجاب نگار'' کا خطاب دیا تھا؟

جواب :بلونت سنگھ۔

سوال :روشنی کے مینار جیلانی بانو کے افسانوں کا مجموعہ ہے کاغذی ہے پیرہن کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے۔

جواب :عصمت چغتائی۔

سوال :انتظار حسین کے افسانوی مجموعہ کنکری میں کتنے افسانے شامل ہیں؟

جواب :چودہ۔

سوال :ڈاکٹر خالدہ شفیع کے افسانوں کا پہلا مجموعہ ''بدلتے رنگ شگوفوں کے نام'' سے شائع ہوا بتایئے ان کا دوسرا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا؟

جواب :آدھی چاندنی۔

سوال :رضیہ فصیح احمد کے افسانوں کا مجموعہ ''بے سمت مسافر 1978 میں شائع ہوا بتایئے بارش کا آخری قطرہ کب شائع ہوا؟

جواب :1984ء میں۔

سوال : ''کھویا ہوا آدمی'' سلطان جمیل نسیم کے افسانوں کا مجموعہ ہے بتایئے اس میں کتنے افسانے شامل ہیں؟
جواب : 26۔
سوال : سایہ سایہ دھوپ، ایک شام کا قصہ، میں آئینہ ہوں کس کے افسانوں کے مجموعے ہیں؟
جواب : سلطان جمیل نسیم۔
سوال : سلطانہ مہر کے افسانوں کے دو مجموعوں کے نام بتایئے؟
جواب : (1) بند سیپیاں (2) دھوپ اور سائبان
سوال : ''انہونیاں'' ابدال بیلا کا افسانوں کا مجموعہ ہے بتایئے اس مجموعے میں کتنے افسانے شامل ہیں۔؟
جواب : دس۔
سوال : تارِ عنکبوت'' میں الطاف فاطمہ کے کتنے افسانے شامل ہیں؟
جواب : چودہ۔
سوال : کہانی بولتی ہے آغا بابر کے افسانوں کا مجموعہ ہے بتایئے کس ممتاز ادیب نے آغا بابر کے بارے میں کہا ہے:۔
آغا بابر کے افسانوں میں دو چیزیں مجھے ہمیشہ متاثر کرتی ہیں ایک خلوص فن اور دوسری وہ دیمی فنکارانہ منصوبہ بندی جو دلوں کو رام کر لیتی ہیں
جواب : ڈاکٹر جمیل جالبی
سوال : زیرلبی کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟
جواب : ابدال بیلا۔
سوال : یہ بتایئے چپ ممتاز مفتی کے افسانوں کا دوسرا مجموعہ ہے یا کہ تیسرا؟
جواب : تیسرا۔
سوال : اور گڑیا گھر ممتاز مفتی کے افسانوں کا مجموعہ ہے بتایئے ان سب میں قدر مشترک کیا ہے؟
جواب : دولت، اقتدار، اختیار، رسوم اور تہذیب۔
سوال : سائرہ ہاشمی کے افسانوں کے مجموعے ''تماشا ہو چکا'' میں کیا ظاہر کیا گیا ہے؟
جواب : دکھ، تکلیف، احساسات اور جذبات۔
سوال : آوازیں، تیز ہوا کا شور کس کے افسانوں کے مجموعے ہیں؟
جواب : یونس جاوید۔

سوال : ''اک خواب سفر میں ہے'' شوکت افضل کے افسانوں کا مجموعہ ہے بتایئے رنگ پچکاری کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟
جواب : ابدال بیلا۔
سوال : گردش کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟
جواب : انیس ناگی۔
سوال : سمے کا بندھن، روغنی پتلے، کہی نہ جائے اور اسارائیں کس کے افسانوں کے مجموعے ہیں؟
جواب : ممتاز مفتی۔
سوال : ''اور وہ کالی ہوگئی کی مصنفہ کا نام بتایئے؟
جواب : سائرہ ہاشمی۔
سوال : یہ بتایئے کہ ممتاز افسانہ نگار رشید احمد نے افسانہ نگار طارق محمود کے بارے میں کیا کہا ہے؟
جواب : طارق محمود کا افسانوی لہجہ، انداز اور اسلوب نئی تناظر و تنوع انفرادی چھاپ لیے ہوئے ہے؟
سوال : آخری جال، بند دروازہ اور سہ حدہ کس کے افسانوں کے مجموعے ہیں؟
جواب : طارق محمود کے۔
سوال : رہائی کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے۔؟
جواب : ڈاکٹر حسن منظر۔
سوال : ''افسانے جو مشہور ہوئے'' ارشد ملک نے مرتب کیے بتایئے امرتا پریتم کے افسانے کس نے ترتیب دیے؟
جواب : شہزاد حسین نے۔
سوال : بلونت سنگھ کے منتخب افسانے تجمل حسین نے مرتب کیے، بتایئے سرائیکی کے شاہکار افسانے کس نے مرتب کیے۔
جواب : امراؤ طارق نے۔
سوال : ست رنگے پرندے کے تعاقب میں کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟
جواب : ڈاکٹر رشید احمد
سوال : لحاف عصمت چغتائی کے افسانوں کا مجموعہ ہے یہ بتایئے مٹی اور پاؤں کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟
جواب : فرخندہ شمیم۔

سوال :''تین چور'' اردو کے کس عظیم افسانہ نگار کا افسانہ ہے؟

جواب :بلونت سنگھ۔

سوال :ڈاکٹر رشید جہاں نے 1947 میں رونما ہونے والی بربریت انسان سوزں، اور اجتماعی جنوں کے واقعات کو کیا نام دیا ہے۔

جواب :''وبا''

سوال :نفسیاتی حوالوں سے مذہبی تصورات کی آئینہ داری کرنے والے چند نمائندہ افسانوں اور ان کے لکھاریوں کے نام بھی بتائیے۔

جواب :(1) سنیاس، قطبی ستارہ اور دست اکاں بانو قدسیہ (2) بایاں ہاتھ خالدہ حسین (3) ایک ہاتھ کا آدمی انجم عثمانی۔

سوال :''بھنور'' کس مشہور ادیب کا افسانہ ہے؟


جواب :غلام عباس

سوال :اشفاق احمد نے اپنے کس افسانے میں تصوف سے وابستہ صوفیا کے احوال کا نقشہ کھینچا ہے۔؟

جواب :''بیا جاناں''

سوال :ہندوستانی افسانہ نگار انجم عثمانی کا افسانہ ایک ہاتھ کا آدمی خالدہ حسین کے کس افسانے کی معنوی توسیع ہے؟

جواب :بایاں ہاتھ۔



اقوال زریں (ادیبوں اور شاعروں کے)

سوال :بتائیے یہ اقوال کن ادیبوں کے ہیں؟

(1) تمام اچھی چیزوں کی طرح یہ دونوں (آرٹ اور سائنس) ساری دنیا کی میراث ہیں۔

(2) اگر ہم نے لکھنے کا پیشہ اختیار کرلیا ہے تو ہم میں سے ہر شخص ادب کے سامنے جواب دہ ہے۔

(3) چونکہ میں سوچتا ہوں لہٰذا میں ہوں۔

(4) ہمارے پاس کہنے کے لیے کچھ بھی نہیں ہے کیوں کہ ہمیں کوئی بات بھی ایسی نظر نہیں آتی جس پر ہم سوچ سکیں۔ ایسی دھوکے بازی نسل آج تک پیدا نہیں ہوئی جیسی ہماری ہے۔

(5) ہمارا ادب مذہب کا بدل ہے اور اسی طرح ہمارا مذہب ادب کا۔

(6) جب کسی دور میں طوفان برق وباراں آنے لگتے ہیں تو مجھ جیسے افراد ظاہر ہوتے ہیں۔

(7) بچہ آدمی کا باپ ہوتا ہے۔

(8) بزدل آدمی اپنی موت سے پہلے کئی مرتبہ مرتے ہیں لیکن بہادر آدمی ایک ہی دفعہ موت کا مزا چکھتے ہیں۔

(9) آدمی کو دیکھو جس کا باطن ایمان حق سے بھرا ہوا ہو لیکن اس کا کسی کو خوف نہیں رہتا مگر کھوکھلے ضمیر والے ہمیشہ گردش ایام کے بوٹوں سے ٹھکرائے جاتے ہیں۔

(10) انسان کو بلندی پر لے جانا مشکل ہے گرادینا دشوار نہیں؟

(11) مجھے اس آزاد انسان کی زندگی پر رشک آتا ہے جو دولت اور زمین کے بغیر خوش رہتا ہے۔

(12) اگر چڑیاں متحد ہوجائیں تو شیر کی کھال کھینچ سکتی ہیں؟

(13) پختہ ارادہ ہمیشہ کامیابی کی ضمانت ہوتا ہے۔

(14) عقل سے زیادہ دستگیر اور مہربان تو کوئی استاد نہیں۔

(15) ایمان کی بنیاد تین چیزوں پر ہے یعنی کم کھانا، کم سونا اور کم بولنا۔

(16) آپ کے لہجے کی شیرینی اور نرمی لوہے کو پگھلا سکتی ہے جب کہ سخت گفتگو جلدی بے اثر ہوجاتی ہے اور تلخ تاثر چھوڑ جاتی ہے۔

(17) خاموشی اختیار کرکے دوسروں کی نگاہ میں احمق بننا، پھر خاموشی توڑ کر احمقی کا ثبوت دینے سے بہتر ہے۔

(18) انسان کی سب سے بڑی عقل مندی عبرت پذیری ہے مگر سب سے بڑی غفلت اور اغماض ہے۔

(19) تجربے سے معلوم ہوا کہ لوگ اخلاص اور دیانت کے بہت دشمن ہیں۔

(20) سکھ اور عسرت ایسے عطر ہیں جنہیں جتنا زیادہ آپ دوسروں پر چھڑکیں گے اتنی ہی زیادہ خوشبو آپ کے اندر آئے گی۔

(21) ادب کی راہ ہمیشہ صاف اور سیدھی نہیں ہوتی اس میں بہت پیچ وخم ہوتے ہیں اس لیے اس کے جانچنے کے لیے ہر کونے کھدرے پر نظر دوڑانی چاہیے؟

(22) دنیا میں انہی لوگوں کی عزت ہوتی ہے جنہوں نے اپنے استاد کا احترام کیا۔

(23) شہرت قربانی سے ملتی ہے دھوکہ دہی سے نہیں۔

(24) تین چیزوں کا احترام کرو، استاد، والدین اور قانون۔

(25) امید باعمل انسان کی کنیز ہے۔

(26) محبت مرد کی زندگی کا واقعہ اور عورت کی کل کائنات ہے۔

(27) محبت ایسی شیرینی ہے جس کو چکھ لینے کے بعد دیر تک زبان پر اس کا ذائقہ برقرار رہتا ہے۔

(28) دوست کی ناکامی پر مغموم ہونا اتنا دشوار نہیں جتنا اس کی کامیابی پر مسرور ہونا مشکل ہے۔

(29) موجودہ نظام میں اپنے پڑوسی کی جیب خالی کیے بغیر کوئی شخص اپنی جیب نہیں بھر سکتا۔

(30) اعتماد اس پرندے کی طرح ہے جو صبح کاذب میں ہی روشنی کے احساس سے چہچہانے لگتا ہے۔

(31) میں قوت ارادی مضبوط رکھنے والے کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

(32) سخاوت یہ ہے کہ اپنی استطاعت سے زیادہ دو اور استغنا یہ ہے کہ اپنی ضرورت سے کم لو۔

(33) ایک غیرت مند انسان کے دنیا میں دو ہی کام ہیں یا تو وہ کامران ہوتا یا اپنا سر قربان کرتا ہے۔

(34) صرف اسلام ایک ایسا دین ہے جو زندگی کے ہر پہلو میں مدد کرتا ہے۔

(35) بخیل آدمی کی دولت اس وقت زمین سے باہر آتی ہے جب وہ خود زمین کے نیچے چلا جاتا ہے۔

(36) جو ایک بار اعتماد شکنی کر چکا ہو پھر اس پر کبھی اعتماد نہ کرو۔

(37) جو میرا پیسہ چراتا ہے وہ میری سب سے حقیر چیز لے جاتا ہے۔

(38) حاسد دشمن پر پتھر پھینکتا ہے مگر وہ واپسی پر اسی کو لگتا ہے اور دشمن بنتا ہے۔

(39) اس شخص سے بچو جو باعزت ہو کر مجلس میں بیٹھے اور بے عزت ہو کر اٹھے۔

(40) اچھی خیالات بے باک بچوں کی طرح اچانک اور یکایک سامنے آ کھڑے ہوتے ہیں اور چلا چلا کر کہتے ہیں کہ ہم یہاں ہیں، ہم یہاں ہیں۔

(41) ہمارا سب سے بڑا ہتھیار محبت کا زہر ہے خلق مشین گن ہے اور یہی وہ ہتھیار ہے جن کا وار کبھی خالی نہیں جاتا۔

(42) علم عمل سے حاصل ہوتا ہے اور نظریاتی علم جو عمل کے ذریعے حاصل ہوتا ہے اسے دوبارہ عمل میں آنا چاہیے۔

(43) قوت ہی حق ہے اور کسی قوم کے لیے اس کی اپنی طاقت کے سوا اس کے حق کی حفاظت کا کوئی ذریعہ نہیں۔

(44) جو مصیبت کا بوجھ اٹھائے وہی کامیاب زندگی کا مالک ہوگا۔

(45) جب تک آدمی اپنی نفس سے برنہ آئے دوسرے کا ذمہ نہ اٹھائے۔

(46) تکلف کی زیادتی محبت کی کمی کا باعث بن جاتی ہے۔

(47) ہماری شریعت میں دل آزاری سے زیادہ کوئی گناہ نہیں۔

(48) انسان کے ظاہر ہی سے باطن کا اندازہ ہوتا ہے۔

(49) جب ہم کام کرنا چاہتے ہیں تو طاقت خود ہی آجاتی ہے۔

(50) نصیحت ہی سچی خیر سگالی و خیر خواہی ہے ہم اس پر کان نہیں دھرتے ہیں اور خوشامد پن دھوکہ ہے لیکن ہم قبول کرتے ہیں۔

(51) انسان کا ضمیر ایک پرسکون آب جو سے کہیں زیادہ ایک متلاطم سمندر کی مثال ہے۔

(52) آپ کا ضمیر کسی نہ کسی ایسے نصب العین سے وابستہ ہو جو آپ کی قوت فیصلہ کی رہنمائی کر سکے۔

(53) ہم سب ایک ہی منزل مقصود کے مسافر ہیں اتفاقاً گزرگاہ دنیا میں یک جا ہو گئے ہیں۔

(54) انسان ایک درخت کی طرح ہے جو دھرتی کے بدن سے اپنے لیے غذا کشید کرتا ہے۔

(55) جو کچھ کرنا ہے خود کرو باپ دادا کی ہڈیوں کے واسطے سے بھیک نہ مانگتے پھرو۔

(56) انسان کا جتنا عہدہ بڑھتا جاتا ہے اسی طرح اس کی فرصت کا وقت بھی کم ہوتا جاتا ہے۔

(57) انسان کی زندگی مختلف اثرات کا مجموعہ ہے پہلا اثر ہر شخص پر اس کے ماں باپ کا ہوتا ہے پھر ان حالات کا جو اس کے گرد و پیش میں پھر استاد کا جس سے پڑھنا لکھنا یا کوئی ہنر سیکھے۔

(58) زندگی نام ہے اپنے کمالات کے اظہار کا اگر تمہارے اندر یہ قوت موجود نہیں تو تم زندہ نہیں ہو۔

(59) جو آدمی ارادہ کر سکتا ہے اس کے لیے کچھ بھی ناممکن نہیں۔

(60) کسی انسان کی زندگی کے حالات کو بھی اگر ایمانداری کے ساتھ لکھا جائے ایک نظم کی مانند ہیں۔

(61) استاد کی عزت کرو یہ وہ ہستی ہے جو تمہیں اندھیرے سے نکال کر روشنی کی راہ دکھاتی ہے۔

(62) اگر آدمیت مطلوب ہے یعنی اگر آدمی بننا چاہتے ہو تو بنی آدم کا احترام کرو۔

(63) بیماری سے مرجاؤ لیکن احسان کی دوا نہ کھاؤ۔

(64) دانائی ابتدا ہی سے تمثالوں کی زبان استعمال کرتی ہے۔

(65) خدا کی دنیا اور انسان کی دنیا میں کوئی نسبت نہیں۔ خدا کی دنیا میں آئے دن ویسی صورتیں پیش آتی رہتی ہیں جنہیں انسان کی دنیا گوارا نہیں کر سکتی اور جو انسان کے فہم سے بعید ہے۔

(66) فتنہ انگیز سچائی سے مصلحت آمیز جھوٹ بہتر ہے۔

(67) دوست ہی نہیں اگر کوئی دشمن بھی اچھا کام کرے تو اس کی تعریف کریں۔

(68) جو زیادہ پیسے والا ہے وہی محتاج ہے۔

(69) سب سے زیادہ اسی کو ملتا ہے جو مطمئن ہے۔

(70) ہم غرور کے جام سے مست ہیں اور اس کا نام ہم نے ہوشیاری رکھ لیا ہے؟

(71) دو آدمیوں کا پیٹ کبھی نہیں بھرتا طالب علم اور طالب مال۔

(72) شیر کا بچہ یقیناً شیر ہی بنے گا خواہ تربیت اس کی نہیں ہوئی ہو۔

(73) آپ خود کو دیانتدار بنانے کے بعد یقین کر لیں کہ دنیا میں ایک بے ایمان کی کمی ہوگئی ہے۔

(74) سب سے زیادہ سکھی سماج وہ ہے جس میں ہر شخص ایک دوسرے کے لیے دلی احترام کا جذبہ رکھتا ہے۔

(75) توکل کے آشیانہ پر تو پہنچنا ممکن ہے لیکن آخرت کی سرداری کے آسمان پر عروج کرنا بڑا مشکل کام ہے۔

(76) سخت کلامی سے ابریشم جیسے نرم دل بھی سخت ہو جاتے ہیں۔

(77) حق پر چلنے والے کا پاؤں شیطان کے سینے پر ہوتا ہے۔

(78) قدرت جانوروں تک کو اپنے دوست پہچاننے کی سوجھ بوجھ دیتی رہتی ہے۔

(79) عورت ایک خدائی تحفہ ہے۔ جو جنت کے کھو جانے کی کمی پوری کرنے کے لیے دیا گیا ہے۔

(80) جو شخص اپنی عظمت کے گیت گائے وہ ہرگز عظیم نہیں ہو سکتا۔

(81) قوم کے ہر فرد میں ہمت، طاقت، چستی، ولولہ، حوصلہ بھر دو تو زوال پذیر قوم بھی زندہ رہ سکتی ہے۔

(82) جب ہم عقیدہ پرستی پر تنقید کریں تو اس کے ساتھ ہی ساتھ ہمیں ترمیم پسندی پر بھی تنقید کرنا چاہیے۔

(83) اس علم کو تلاش کرو جو موت کے وقت اور آخرت میں تمہارے کام آ سکے۔

(84) گستاخ دشمن بہتر ہے جو اپنی تیز نظروں سے میری خامیاں دکھائے۔

(85) محبت مرض سے صحت بخشتی ہے اور قہر رحمت میں بدل جاتا ہے۔

(86) دلوں کو فتح کرنے والوں کے لیے تلواروں کی نہیں بلکہ عمل کی ضرورت ہوتی ہے۔

(87) جانور کھانے پینے سے موٹا ہوتا ہے آدمی کانوں کے ذریعے یعنی اپنی خوشامد سن کر موٹا ہوتا ہے۔

(88) ایک لنگڑے کے لیے یہ حکمت کا فیصلہ ہے کہ اپنی لاٹھی دشمن کے سر پر دے کر نہ مارے۔

(89) مسرت تمام خوبیوں کی ماں ہے۔

(90) موت سب کے لیے اٹل ہے لیکن یہ اپنی اہمیت کے لحاظ سے مختلف ہو سکتی ہے۔

(91) تشکک، وسوسے، عدم تکمیلیت کا احساس، تخیل کا فقدان اور ریاکاری تقریباً ہر ملک کے منور طبقے کی خصوصیات ہوتی ہیں۔

(92) اہم آدمی کی حیثیت سے زندگی گزارنا ایک کل وقتی کام ہے۔

(93) موت وہ سونے کی چابی ہے جو جاودان نامی محل کا دروازہ کھول دیتی ہے۔

(94) جو شخص صرف عقل مند ہی ہے وہ قابل رحم حالت میں زندگی بسر کرتا ہے۔

(95) کلام میں نرمی اختیار کرو لہجے کا اثر الفاظ سے زیادہ ہوتا ہے۔

(96) انسان جب حیوان بنتا ہے تو حیوانوں سے بدتر ثابت ہوتا ہے۔

(97) اتحاد میں فتح ہے اور نفاق میں شکست۔

(98) دنیا کی ان قوموں سے اتحاد کرو جو ہمیں برابر کا سمجھیں۔

(99) ترقی کا راز لگاتار عمل اور تکرار عمل میں پوشیدہ ہے۔

(100) توکل کے معنی یہ نہیں کہ روزی کی جستجو نہ کرو جو اپنی روزی آپ پیدا نہ کرے وہ جاہل ہے۔

(101) اپنے کام سے کام رکھو، دوسروں کے معاملات میں دخل دینا ایسا ہے جیسے کوئی غیر کی زمین میں گھر بنائے۔

(102) ہماری زندگی کا تین چوتھائی حصہ عمل سے عبارت ہے اور یہی ہماری زندگی کا مرکز ہے۔

(103) بزدلی اصل میں یہ ہے کہ آپ حق کے لیے آواز نہ اٹھا سکیں۔

(104) عورت سے بے نیاز ہو کر زندگی بسر کرنے کا عزم ایک سنگین جرم ہے جسے فطرت کبھی معاف نہیں کرے گی۔

(105) موت سے کس کو مفر نہیں...... لیکن جو لوگ ملی مقاصد کی تائید وحصول میں تادم آخر کام کرتے رہتے ہیں وہ کتنی ہی طویل عمر کیوں نہ پائیں ان کی وفات قبل از وقت اور تکلیف دہ محسوس ہوتی ہے۔

(106) کوئی لمحہ ایسا نہیں گزرا جب میرا خدا میرے ساتھ نہ ہو میں ہر لمحہ خدا کا جلوہ دیکھتی ہوں۔

(107) مسلمان اگر اپنے اس دینی مرکز کی طرف رجوع کرلیں جوان کی شریعت کا مبدا ہے اور جس سے خدا کا مقدس قرآن مجید مراد ہے تو ان کو بخوبی علم ہو جائے گا کہ سفر کیسی نادر اور عمدہ چیز ہے۔

(108) وعظ گوئی سے پرہیز کرد جب تک تم پورے عامل نہ بن جاؤ۔

(109) تاریخ افکار سے پیدا ہوتی، کردار سے پرورش پاتی اور پھر شاہراہ زندگی پر اپنے نقوش چھوڑ کر انسانوں کے حافظے کی سرگزشت بن جاتی ہے۔

(110) زندگی میں مایوسی سے بڑھ کر اور کوئی مصیبت نہیں، اس سے بچو۔

(111) دنیا عقل مند کی موت اور جاہل کی زندگی پر ہمیشہ آنسو بہاتی ہے۔

(112) علم، مال، منصب اور اقتدار جب بدطینت لوگوں کے ہاتھ میں آجائے تو فتنہ وفساد پیدا ہو جاتا ہے مومنوں پر اسی لیے جہاد فرض کیا گیا ہے کہ وہ پاگلوں کے ہاتھ سے برچھیاں چھین لیں۔

(113) سات سو علماء سے دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ عقل مند وہ ہے جو دنیا کو دوست نہ رکھے۔ دانا وہ ہے جسے دنیا فریب نہ دے سکے۔ دولت مند وہ ہے جو اللہ کی تقسیم پر راضی ہو جائے۔ درویش وہ ہے جس کو مال میں زیادتی کی خواہش نہ ہو اور بخیل وہ جو خدا کے مال کا حق ادا نہ کرے۔

(114) جس مجلس میں ذکر خدا ہو اُس مجلس میں بیٹھ جا کہ اس رحمت میں تجھ کو بھی حصہ مل جائے اور جس مجلس میں تو غفلت دیکھے اس سے دور بھاگ۔ ایسا نہ ہو کہ تو بھی گرفتار عقوبت ہو جائے۔

(115) حقیقی خوبصورتی کا سرچشمہ دل ہے اگر یہ سیاہ ہے تو چمکتی آنکھیں کچھ کام نہیں دیتیں۔

(116) دنیا کو بیماریوں، سیلابوں، آندھیوں اور زلزلوں نے اتنا نقصان نہیں پہنچایا جتنا کہ غلط مشوروں نے۔

(117) اس دنیا میں سب سے مہنگی اور قیمتی چیز آزادی ہے جس کی انسان نے ہر موڑ پر پوری قیمت ادا کی ہے۔

(118) عقل مند اس وقت تک نہیں بولتا جب تک خاموشی نہیں ہو جاتی۔

(119) انسانوں کی بے غرض خدمت کرنا انسانیت کی معراج ہے۔

(120) علم کی طلب میں شرم مناسب نہیں کہ جہالت شرم سے بدتر ہے۔

جواب :(1) گوئٹے (2) ژال سارتر (3) دیکارت۔ (4) مارسل پروست۔ (5) ٹی ایس ایلیٹ۔ (6) کیرک گارڈ (7) ورڈز ورتھ۔ (8) شیکسپیر۔ (9) خواجہ حسن نظامی۔ (10) جلال الدین رومی۔ (11) خوشحال خاں خٹک۔ (12) شیخ سعدی۔ (13) رابندر ناتھ ٹیگور۔ (14) امیر خسرو (15) امام غزالی (16) ڈیل کارنیگی (17) آسکر وائلڈ (18) ابو الکلام آزاد (19) علامہ ڈاکٹر محمد اقبال

(20) ایمرسن (21) مولوی عبدالحق (22) برنارڈ شا (23) پریم چند (24) شیکسپیر (25) گوئٹے (26) بائرن (27) شیکسپیر (28) اسکر وائلڈ (29) ٹالسٹائی (30) ٹیگور (31) ٹینی سن (32) خلیل جبران (33) خوشحال خاں خٹک (34) مولانا جلال الدین رومی (35) شیخ سعدیؒ (36) شیکسپیر (37) شیکسپیر (38) حضرت امام غزالیؒ (39) فردوسی (40) گوئٹے (41) علامہ عنایت اللہ خاں المشرقی (42) ماؤزے تنگ (43) مولانا ابوالاعلیٰ مودودیؒ (44) ملٹن (45) امام غزالی (46) امام غزالی (47) شیخ سعدی (48) شیخ سعدی (49) پریم چند (50) شیکسپیر (51) پروفیسر حمید احمد خاں (52) پروفیسر حمید احمد خاں (53) مولانا محمد حسین آزاد (54) ڈاکٹر وزیر آغا (55) ڈپٹی نذیر احمد (56) ڈپٹی نذیر احمد (57) سر شیخ عبدالقادر (58) علامہ ڈاکٹر محمد اقبال (59) ایمرسن (60) ٹامس کارلائل (61) مولوی عبدالحق (62) علامہ اقبال (63) خوشحال خاں خٹک (64) Yeats (65) منشی پریم چند (66) مولانا جلال الدین رومی (67) حکیم محمد سعید دہلوی (68) شیخ سعدی (69) شیکسپیر (70) حافظ شیرازی (71) امام غزالی۔ (72) فردوسی (73) کارلائل (74) گوئٹے (75) حافظ شیرازی (76) امام غزالی (77) فردوسی (78) کارلائل (79) گوئٹے (80) علامہ مشرقی (81) ماؤزے تنگ (82) مولانا جلال الدین رومی (83) امام غزالی (84) شیخ سعدیؒ (85) علامہ ڈاکٹر محمد اقبال (86) شیکسپیر (87) مولانا جلال الدین رومی (88) جبران خلیل جبران (89) گوئٹے (90) ماؤزے تنگ (91) ای ایم فاسٹر (92) ای ایم فاسٹر (93) ملٹن (94) والٹیر (95) امام غزالی (96) رابندر ناتھ ٹیگور (97) شیخ سعدیؒ (98) سر سید احمد خاں (99) علامہ عنایت اللہ المشرقی (100) امام غزالیؒ۔ (101) مولانا روم (102) میتھیو آرنلڈ (103) چینی مفکر کنفیوشس (104) ہٹلر (105) پروفیسر رشید احمد صدیقی (106) حضرت رابعہ بصریؒ (107) مولانا عبدالحلیم شرر (108) امام غزالیؒ (109) شورش کاشمیری (110) برنارڈ شا (111) افلاطون۔ (112) مولانا روم (113) حضرت شقیق بلخیؒ (114) حکیم لقمان (115) بوعلی سینا (116) والٹیر (117) کرشن چندر (118) شیخ سعدیؒ (119) مولانا محمد علی جوہر (120) افلاطون

☆☆☆

انشائیہ

سوال :انشائیہ نگاری میں اولیت کا اعزاز کس کو حاصل ہوا؟
جواب :سرسید احمد خاں۔
سوال :مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ کس کا انشائیہ ہے؟
جواب :سید سجاد حیدر یلدرم۔
سوال : کیا میر ناصر بھی انشائیہ نگار تھے؟
جواب :جی ہاں۔
سوال :''اردو میں انشائیہ نگاری'' کے مصنف ڈاکٹر بشیر سیفی ہیں بتایئے اس کتاب میں انہوں نے انگریزی انشائیہ کا پیش رو کس کو بتایا ہے؟
جواب :فرانسیسی مفکر مانٹین (Montaigne)
سوال :سید صفی مرتضیٰ کی مرتب کردہ کتاب اردو انشائیہ کا تعارف کس نے لکھا ہے؟
جواب :احتشام حسین نے۔
سوال :ڈاکٹر وحید قریشی اپنی ایک کتاب کے دیباچے میں انشائیے کے بارے میں لکھتے ہیں کہ ذہن کو یک لخت ایک نئی دنیا میں لا ڈالنا اس ادب پارے کا کام ہے اس سے زندگی کو نئے زاویے سے دیکھنے کا شعور پیدا ہوتا ہے اور روزمرہ زندگی کے پامال گوشے نئی معنویت اختیار کرتے ہیں بتایئے ان کی کتاب کا نام کیا ہے؟
جواب :اردو کا بہترین انشائی ادب۔
سوال :بیکن نے کس کے تتبع میں انشائیہ نگاری کا آغاز کیا؟
جواب :مانٹین (Montaigne)
سوال : کیا آپ انگریزی کے پہلے کامیاب انشائیہ نگار کا نام بتا سکتے ہیں؟
جواب :ابراہیم کاؤلی۔
سوال :انگریزی انشائیہ کے موجودہ دور کے انشائیہ نگاروں کے نام بتایئے؟
جواب :جی کے چسٹرٹن، اے جی گارڈنر، رابرٹ لنڈ، ورجینا وولف۔
سوال : کیا آپ کسی ایک انشائی مجموعے کا نام بتا سکتے ہیں؟
جواب :ستم ظریفی۔

سوال :انشائیہ کو فروغ دینے کے لیے لودھراں اور اسلامی یونیورسٹی بہاولپور میں کب کانفرنسیں منعقد ہوئیں۔
جواب :1988ء میں۔
سوال :ایک انشائیہ نگار نے مچھر کے دفاع میں ''ایک انشائیہ لکھا ہے۔ انشائیہ نگار کا نام بتایئے؟
جواب :ڈاکٹر انور سدید۔
سوال :انشائیہ اردو ادب میں کے مصنف کا نام بتایئے؟
جواب :ڈاکٹر انور سدید
سوال :صنف انشائیہ اور اردو انشایئے کے مصنف کا نام بتایئے؟
جواب :ڈاکٹر سید محمد حسنین۔
سوال :ڈاکٹر اختر اورینوی نے اکبر قاصد کی کس کتاب کے پیش لفظ میں انشائیہ کی اصطلاح استعمال کی ہے؟
جواب :ترنگ میں۔
سوال :''خیال پارے'' کس انشاء پرداز کا پہلا انشائی مجموعہ ہے؟
جواب :ڈاکٹر وزیر آغا۔ (اشاعت 1961ء)
سوال :انشایئے کے بارے میں یہ الفاظ کس انگریزی ادیب کے ہیں؟
سچے انشائیہ کی بنیادی صفت یہ ہے کہ مصنف کا ذہن اور کردار اس کی تحریر کے مواد سے ظاہر ہو۔
جواب :ڈبلیو ایچ ہڈسن۔
سوال :بتایئے انشائیہ کو ذاتی تصویر (Self Portrait) کا خطاب کس فرانسیسی مفکر نے دیا؟
جواب :مونٹین (Montaigne)
سوال :انشائیہ کی خصوصیات بتایئے؟
جواب :اختصار، بے ربطی، اظہار شخصیت، انبساطی مقصد۔
سوال :مرے (Murray) کے نقطہ نظر سے انشائیہ کی دوسری خصوصیت بتایئے؟
جواب :بے ربطی۔
سوال : کیا انشائیہ میں نظموں کی طرح فطرت کی منظر نگاری کی جا سکتی ہے؟
جواب :جی ہاں۔

سوال :انگریزی کے مشہور انشائیہ نگاروں کے نام بتایئے؟

جواب :مانٹین (Montaigne)، بیکن برون، ڈرائیڈن، ہڈسن، جان سن (Johnson)، گولڈ اسمتھ (Gold Smith)، چارلس لیمب، کارلائل، میکالے، رسکن، چسٹرٹن، کارڈنر۔

سوال : کیا اردو میں آزاد، حالی، شرر، مہدی افادی، سجاد انصاری اور حسن نظامی نے انشایئے لکھے؟

جواب :جی ہاں۔

سوال : کیا بیکن کے انشائیوں میں فلسفیانہ خیالات پائے جاتے ہیں؟

جواب :جی ہاں۔

سوال :بتایئے On The ignorance of the learned کس کا مشہور انشائیہ ہے۔

جواب :ہیزلٹ۔

سوال :سجاد حیدر یلدرم کے کسی مشہور انشایئے کا نام بتایئے؟

جواب :''کراچی سے بصرہ تک''۔

سوال :دیا سلائی، آسمان کی آوازیں، سیم لا، گلاب تمہارا، کس کے انشایئے ہیں؟

جواب :خواجہ حسن نظامی۔

سوال :مرزا فرحت اللہ بیگ کے دو انشائیوں کے نام بتایئے؟

جواب :نذیر احمد کی کہانی، ایک وصیت کی تعمیل۔

سوال :''انشائیہ کی بنیاد'' کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :ڈاکٹر سلیم اختر۔

سوال :انشائیہ وہ صنف نثر ہے کہ جس میں مصنف اپنے ذاتی تاثرات اور انفرادی تجربات بے تکلفی اور اختصار کے ساتھ پیش کرتا ہے اس صنف میں لکھنے والا موضوع کے حوالے سے ذہن میں آنے والی دیگر باتوں کا ذکر بھی کرسکتا ہے تاہم موضوع سے انحراف نہیں کرتا نیز انشائیہ نگار موضوع کی چھپے ہوئے گوشوں پر روشنی ڈال کر قاری کو پرتحیر مسرت بہم پہنچاتا ہے۔ بتایئے یہ الفاظ کس کے ہیں؟

جواب :ڈاکٹر بشیر سیفی کے۔

سوال :نربھے رام جوہر نے کس کو انشایئے کا بانی قرار دیا ہے؟

جواب :سرسید احمد خاں کو۔

سوال :دسمبر 1988ء میں آئینہ بنے ہے پیراہن نامی انشائیوں کا مجموعہ شائع ہوا مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :شہزاد قیصر۔

سوال :ڈاکٹر وزیر آغا کے انشائیوں کا مجموعہ ''سمندر اگر میرے اندر گرے'' کب شائع ہوا؟

جواب :1989ء میں۔

سوال : سلیم آغا قزلباش نے مغربی انشائیوں کے تراجم کے نام سے ایک مجموعہ لکھا مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب :مغرب کے انشایئے۔

سوال : ہتھیلی، بارش واقفیت، احتجاج، مصروفیت اور حاضری کس کے انشایئے ہیں؟

جواب :اظہر سلیم مجوکہ۔

سوال :اکبر حمیدی نے 1989ء میں چار انشایئے لکھے کیا آپ ان کے نام بتاسکتے ہیں؟

جواب :ہیرو، باغی، پتنگ اور سفر۔

سوال : سلیم آغا قزلباش کے چند انشائیوں کے نام بتایئے؟

جواب :جملہ معترضہ، سورج، جاپان کا بھوت۔

سوال :انڈر لائن بھارت کے کس انشائیہ نگار کا انشائیہ ہے؟

جواب :محمد اسد اللہ۔

سوال :''صاف چھپتے بھی نہیں'' کس کے انشائیوں کا مجموعہ ہے؟

جواب :شہزاد قیصر۔

سوال :محمد یونس بٹ کے انشائیوں کے پہلے مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب :چاہ خنداں۔

سوال :آمنا سامنا کس انشائیہ نگار کے انشائیوں کا دوسرا مجموعہ ہے؟

جواب :سلیم آغا قزلباش۔

سوال : کیا آپ سلیم آغا قزلباش کے پہلے مجموعے کا نام بتاسکتے ہیں؟

جواب :سرگوشیاں۔

سوال :امریکی ادیب کے ایک انشائیہ کو ایم اسلم نے اردو میں منتقل کیا بتایئے ادیب کا نام کیا تھا؟

جواب :مارک ٹوئن......انشائیہ مرزا مینڈ کی۔

سوال :پینڈا ناصر رانا کے پنجابی انشائیوں کا مجموعہ ہے بتایئے اس میں کتنے انشایئے شامل ہیں؟

جواب :تیرہ۔

سوال :ارشد میر کے پہلے انشائیوں کے مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب :چونبڑاں

سوال :انشایئے سے کیا مراد ہے؟

جواب :اردو نثر کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا جس کی مصنف اپنے زاویہ خیال سے معاشرے کی عکاسی کرتا ہے۔

سوال :"انشائیہ اردو ادب میں" انور سدید کی تصنیف ہے بتایئے "ذکر اس پری کاوش کا" کے مصنف کون ہیں؟

جواب :انور سدید۔

سوال : کیا آپ پاکستان میں اردو کے مشہور انشائیہ نگاروں کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب :جی ہاں۔ڈاکٹر وزیر آغا انور سدید،نظیر صدیقی،مشکور حسین یاد۔

سوال :یہ کس انشائیہ نگار کے انشائیوں کے مجموعے ہیں؟

کلیرنس سیل (2) آئینہ بجتے ہے پیراہن۔

جواب :شہزاد قیصر۔

سوال :انگریزی انشائیوں کے تین مصنفین کے نام بتایئے؟

جواب :ہاؤسٹن پیٹرسن،ولیم ہیزلٹ،الیف ایچ پریچرڈ۔

سوال :ڈبلیو ایچ ہڈسن کے مطابق انشائیہ کی تعریف کیا ہے؟

جواب :سچے انشایئے کی بنیادی صفت یہ ہے کہ مصنف کا ذہن اور کردار اس کی تحریر کے موڈ سے ظاہر ہو۔

سوال :1958ء میں ڈاکٹر سید محمد حسنین کی کتاب کس نام سے منظر عام پر آئی؟

جواب :صنف انشائیہ اور انشایئے۔

سوال :1961ء میں ڈاکٹر وزیر آغا کے انشائیوں کا پہلا مجموعہ کس نام سے طبع ہوا؟

جواب :خیال پارے۔

سوال :انگریز انشائیہ نگار رچرڈ سٹیل اور جوزف ایڈیسن میں کیا قدر مشترک ہے؟

جواب :دونوں 1972ء میں فوت ہوئے۔دونوں انشائیہ نگار تھے۔

سوال :جوناتھن،سوفٹ کے انشائیوں میں کون سا عنصر نمایاں ہے؟

جواب :آزادہ روی کا۔

سوال :ہیزلٹ کے انشائیوں کے نام بتایئے؟

جواب :مصنفوں کی گفتگو پر،پرانی کتابیں پڑھنا،ہندوستان کا مداری۔

سوال :شاخ زیتون کس کے انشائیوں کا مجموعہ ہے؟

جواب :جمیل آذر۔

سوال :سرسید احمد خاں نے اپنے کس رسالے میں انشایئے لکھے؟

جواب :تہذیب الاخلاق میں۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ انشایئے کے ابتدائی نقوش خطوط غالب میں بھی ملتے ہیں۔

جواب :جی ہاں۔

سوال :انشایئے کو انگریزی میں کیا کہا جاتا ہے؟

جواب :(Light Essay)

سوال :اردو کے بہترین انشایئے جمیل آذر نے مرتب کیے بتایئے یہ پہلی بار کب اور کہاں سے شائع ہوئے؟

جواب :1976 میں سرگودھا سے۔

سوال :انشائیہ ڈاکٹر آدم شیخ کی انشائیوں پر مشتمل مجموعہ ہے۔بتایئے یہ ممبئی سے پہلی بار کب شائع ہوا؟

جواب :1965 میں

سوال :انشائے بے خبر،انشائے سرور،انشایئے لطیف اور انشائے ماجد کے مرتبین کے نام بتایئے؟

جواب :علی الترتیب:مولانا غلام غوث بے خبر،رجب علی بیگ سرور،لطیف الدین احمد،عبدالماجد دریا آبادی

سوال :"صنف انشائیہ اور انشایئے کے مرتب کون ہیں؟

جواب :ڈاکٹر سید محمد حسنین

سوال :اردو انشاء پردازی کے عنوان سے دو انشاء پردازوں نے کتاب مرتب کی ہے نام بتایئے۔

جواب :عبداللہ قریشی اور مولوی سید امیر حسن۔

سوال :ممکنات انشائیہ کے مرتب کون ہیں؟

جواب :مشکور حسین یاد۔

سوال :اگر شیطان مرجائے کس کا انشائیہ ہے؟

جواب :عطاءاللہ سجاد کا۔

سوال :اپنا گریباں چاک پروفیسر ظفر عمر زبیری کا انشائیہ ہے بتایئے اس میں انہوں نے علامہ اقبال کے کونسے شعر کا حوالہ دیا ہے؟

جواب :فارغ تو نہ بیٹھے گا محشر میں جنوں میرا   یا اپنا گریباں چاک یا دامن یزداں چاک

سوال :ایونگ واک محمد فیروز شاہ کا لکھا ہوا انشائیہ ہے بتایئے اس انشایئے میں انہوں نے مشہور شاعر جمال احسانی کے بارے میں کیا کہا ہے؟

جواب :جمال احسانی شاعر نہ ہوتا تو ڈاکٹر ہوتا تو اس کا ہمسفر میڈیکل ریپ ہوتا تو یہ جدائی کبھی نہ پڑتی۔

سوال : تقسیم ہند کے فوراً بعد کن ادیبوں کے ایسے مضامین سامنے آئے جن میں سے بعض انشائیہ کے اولین نمونے تھے۔

جواب : نصیر آغا، داؤد رہبر، جاوید صدیقی، ممتاز مفتی اور امجد حسین۔

سوال : اردو انشائیہ نگاروں کی پہلی کھیپ کے انشائیہ نگار کون کون تھے؟

جواب : مشکور حسین یاد۔ مشتاق قمر۔ جمیل آذر اور غلام جیلانی اصغر۔

سوال : انور سدید، شہزاد احمد، کامل القادری۔ تقی حسین خسرو، احمد جمال پاشا، اکبر حمیدی اور سلیم آغا قزلباش نے جو انشائیے لکھے وہ کس معیار پر پورے اترتے تھے؟

جواب :- Light Essay

سوال : ان ادیبوں کے نام بتائیے جنہوں نے بعد از اں انشائی ادب کو فروغ دیا۔

جواب : (1) رام لعل نابھوی (2) محمد اسد اللہ (3) حیدر قریشی (4) عبدالقیوم (5) حامد برکی (6) انجم نیازی (7) بشیر سیفی (8) جان کاشمیری (9) شمیم ترمزی (10) رشید گوریجہ (11) محمد یونس بٹ (12) مشتاق احمد (13) ناصر عباس نیر (14) ڈاکٹر نعیم احمد (15) منور عثانی (16) بصیر رضاء (17) جاوید اصغر (18) مختار پارس (19) صفدر رضا صفی (20) جاوید حیدر جوئیہ (21) رعنا صدیقی (22) اظہر ادیب (23) راجا ریاض الرحمٰن (24) محمد عامر رانا (25) عذرا اصغر (26) شفیع بلوچ (27) پروین طارق (28) شفیع ہمدم (29) تحسین گیلانی (30) یٰسین یونس۔

سوال : تتلی کے تعاقب میں اکبر حمیدی کے انشائیوں کا مجموعہ ہے یہ 1990 میں شائع ہوا بتائیے ان کے انشائیوں کا مجموعہ پہاڑ مجھے بلاتا ہے کب شائع ہوا؟

جواب : 2003 میں۔

سوال : چراغ آفریدم کس کے انشائیوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : ناصر عباس نیر

سوال : پروفیسر ڈاکٹر سعید ملک نے اردو انشائیوں کا مجموعہ مرتب کیا ہے مجموعے کا نام بتائیے؟

جواب : باتیں ہماری یاد رہیں۔

سوال : انشائیہ کی بنیاد کے مصنف ڈاکٹر سلیم اختر ہیں۔ انشائیہ کے خدوخال کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : ڈاکٹر وزیر آغا۔

☆☆☆

اہم کردار

نام کردار	خالق	کتاب کا نام
آدم	جے ملٹن	پیراڈائز لاسٹ
آئی وان ہو	والٹر سکاٹ	آئی وان ہو۔
الائس	لیوس کیرول	ریس ان ونڈر لینڈ
اولیور ٹوسٹ	چارلز ڈکنز	اولیور ٹوسٹ
ایریل (Ariel)	شیکسپیئر	ٹیمپسٹ
اینا کرنینا	لیوٹالسٹائی	اینا کرنینا
اینشنٹ میرائز	ایس ٹی کولرج	اینشنٹ میرائز
بربٹس مرکس	شیکسپیئر	جولیس سیزر
بیٹرس	شیکسپیئر	مچ ڈواباؤٹ تھنگ
بیٹریکس	تھیکرے	ہنری یسمنڈ
پیری میسن	ایرل اسٹینلے گارڈنر	ہنری یسمنڈ
پپ	ڈکنز	گریٹ ایکس پیکٹیشن
ٹارزن	ایڈگر رائس بروزکی	گریٹ ایکس پیکٹیشن
جیکسن	شیکسپیئر	ایز یولائک اٹ
جیمز بانڈ	آئن فلیمنگ	
جیوز	پی وڈہاؤس	ایز یولائک اٹ
ڈاکٹر فاؤسٹس	مارلو	ڈاکٹر فاؤسٹس
ڈاکٹر واٹسن	کونن ڈائل	ایڈونچر آف شرلک ہومز
ڈان جوان	بائرن	ڈان جوان
ڈان کویکسٹ	سروِنٹس	ڈان کویکسٹ
ڈسیڈی مونا	شیکسپیئر	اوتھیلو۔
ڈیوڈ کوپر فیلڈ	ڈکنز	ڈیوڈ کوپر فیلڈ

ڈوشیانتا	کالیداس	شکنتلا
ڈریکولا	برام اسٹوکر	ڈاکٹر ژواگو
ڈاکٹر ژواگو	بورس پیسٹرناک	ڈاکٹر ژواگو
رپ وان ونکل	واشنگٹن اروِنگ	
سام ویلر	ڈکنز	پک وک پیپرز
سانچو پانزا	سروِنٹس	ڈان کویکسٹ
شرلک ہومز	کونن ڈائل	ایڈونچر آف شرلک ہومز
شائی لاک	شیکسپیئر	مرچنٹ آف وینس
کم	کپلنگ	کم
کرسچین	بنین	پلگرمز پراگریس
کلیرا اینجل	تھامس ہارڈی	ٹیس (Tess)
قلوپطرا	شیکسپیئر	انٹونی اینڈ قلوپطرا
کارڈیلیا	شیکسپئر	کنگ لیئر
گورا	رابندر ناتھ ٹیگور	گورا
گلیور ٹرلویز	جوناتھن سوفٹ	
میرنڈا	شیکسپئر	ٹیمپسٹ
میفسوفیلز	میرلو	ڈاکٹر فاؤسٹس
میکبتھ	شیکسپئر	میکبتھ
میلا پراپ	شیریڈین	دی رائیول
میکابر	ڈکنز	ڈیوڈ کاپر فیلڈ
ہائیڈ	سٹیونسن	ڈاکٹر جیکل اور مسٹر ہائیڈ
ہرکولیس پوئرٹ	اگاتھا کرسٹی	
ہیکٹر	ہومر	ایلیڈ
ہاکنز	سٹیونسن	ٹریژر آئی لینڈ
ہیملٹ	شیکسپئر	ہیملٹ

اصغری اور اکبری	ڈپٹی نذیر احمد	مراۃ العروس / بنات النعش
حاتم طائی		حیدر بخش حیدری آرائش محفل
ظاہر دار بیگ	ڈپٹی نذیر احمد	توبتہ النصوح
آزاد اور فوجی	رتن ناتھ سرشار	فسانۂ آزاد
سگ پرست	میر امن	باغ و بہار
قمرن چوڑی والی	پنڈت رتن ناتھ سرشار	
کریمن بوا	خدیجہ مستور	آنگن
حاجی بغلول	منشی سجاد حسین	--
قاضی جی	شوکت تھانوی	--
رمضانی	مجید لاہوری	--
سلمٰی	اختر شیرانی	--
جمن بی	ڈپٹی نذیر احمد	مراۃ العروس
شیخ علی وجودی	عبدالحلیم شرر	فردوس بریں
ایلی	ممتاز مفتی	علی پور کا ایلی
نعیم	عبداللہ حسین	اداس نسلیں
گوتم، چمپا، کمال	قراۃ العین حیدر	آگ کا دریا
اسارہ	ممتاز مفتی	اسارائیں
گل بانو	سائرہ ہاشمی	سائے کی دھوپ
طوائف	رضیہ بٹ	ناہید
پروفیسر سہیل اور قیوم	عبداللہ حسین	اداس نسلیں
مرزا عبدالودود بیگ	چودھری فضل حق	-
قاضی جی اور تلقین شاہ	اشفاق احمد	(یہ ریڈیائی ڈرامے ہیں)

☆☆☆

اولیات ادب

سوال :اردو کی پہلی کتاب کس کتاب کو تسلیم کیا جاتا ہے؟

جواب :حضرت خواجہ گیسو دراز بندہ نواز کی تصنیف معراج العاشقین کو۔

سوال :بتایئے سب سے پہلے مسدس کس نے لکھا تھا؟

جواب :محمد رفیع سودا نے۔

سوال :ہیر رانجھا کا قصہ سب سے پہلے کس نے لکھا تھا؟

جواب :دمودر نے۔

سوال :اردو کی پہلی مطبوعہ کتاب کا نام بتایئے؟

جواب :انجیل، یہ 1743ء میں بنجمن شلز نے جرمنی سے شائع کی۔

سوال :سو کتابوں کی ایک کتاب کا نام "دنیا کی سو عظیم کتابیں" ہے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :ستار طاہر 1986ء

سوال :اردو میں سب سے پہلی ترجمہ شدہ کتاب ملا وجہی کی کتاب تھی بتایئے اس کا نام کیا ہے؟

جواب :سب رس، 1635ء میں ترجمہ ہوا۔

سوال :اردو کے پہلے ناول نگار کا نام بتایئے؟

جواب :ڈپٹی نذیر احمد۔

سوال :اردو کے پہلے ناول کا نام کیا تھا؟

جواب :مراۃ العروس۔

سوال :اردو کا پہلا عوامی شاعر کسے کہا جاتا ہے؟

جواب :نظیر اکبر آبادی۔

سوال :اردو کی پہلی خاتون ناول نگار کا نام بتایئے؟

جواب :رشیدۃ النساء (1855ء 1931ء) 1881ء میں اصلاح النساء کے نام سے ناول لکھا۔

سوال :دنیا کی سب سے پہلی کتاب کب اور کہاں سے شائع ہوئی اور اس کا نام کیا تھا؟

جواب :ڈائمنڈ سترا۔ یہ لکڑی کے بلاکوں سے شائع ہوئی تھی اور اسے چین میں 868ء میں شائع کیا گیا تھا۔

سوال :شینا زبان کا پہلا شاعر کون سا ہے؟

جواب :ڈینل کھمبو۔

سوال :اردو کے پہلے صاحب کلیات شاعر کا نام بتایئے؟

جواب :محمد قلی قطب شاہ۔

سوال :انگریزی ایسے (Essay) کو اردو میں سب سے پہلے کس نے رواج دیا؟

جواب :سر سید احمد خاں۔

سوال :فسانہ آزاد اردو ادب کا پہلا اور کامیاب ترین مزاحیہ ناول ہے بتایئے اسے کس نے لکھا؟

جواب :رتن ناتھ سرشار۔

سوال :اردو کا پہلا افسانہ نگار کسے کہا جاتا ہے؟

جواب :سجاد حیدر یلدرم۔

سوال :کیا یہ درست ہے کہ مرزا مظہر جان جاناں پہلے شخص ہیں جنہوں نے صنعت ایہام سے زبان کو محفوظ رکھنے کی کوشش کی؟

جواب :جی ہاں۔

سوال :بچوں کے پہلے اردو شاعر کا نام بتایئے؟

جواب :اسمٰعیل میرٹھی۔

سوال :سعودی عرب کا پہلا اردو شاعر ہونے کا اعزاز کسے حاصل ہے؟

جواب :نعیم حامد علی۔

سوال :اردو میں انشائیہ نگاری کا اعزاز سب سے پہلے کسے حاصل ہوا؟

جواب :سر سید احمد خاں۔

سوال :کیا آپ سندھی زبان کے پہلے ناول کا نام بتا سکتے ہیں نیز یہ کب طبع ہوا؟

جواب :ماسیلاس 1870ء

سوال :پاکستان کی پہلی خاتون شاعرہ کا نام بتایئے؟

جواب :ادا جعفری۔

سوال :قرآن پاک کا اردو میں سب سے پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب :حضرت شاہ رفیع الدین دہلوی۔

سوال : قرآن پاک کے فارسی کے پہلے مترجم کا نام بتایئے؟

جواب : شاہ ولی اللہ۔

سوال : اردو نثر کی باقاعدہ ابتدا کس کالج سے ہوئی نیز اس کالج کا افتتاح کب ہوا؟

جواب : فورٹ ولیم کالج کلکتہ۔۔۔4 مئی 1880ء

سوال : اردو زبان کے پہلے ہندو شاعر کا نام بتایئے؟

جواب : نام دیو (تاریخ وفات 1216)

سوال : کیا آپ اردو کے پہلے شاعر کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : مسعود سعد سلمان (1046-1121)

سوال : اردو میں سیرت کی پہلی کتاب کس کتاب کو کہا جاسکتا ہے؟

جواب : خطبات احمد (از سر سید احمد خاں)

سوال : اردو کے پہلے رومانی نقاد کا نام بتایئے؟

جواب : مرزا اسد اللہ خاں غالب

سوال : اردو کے پہلے رومانی نقاد کا نام بتایئے؟

جواب : شبلی نعمانی۔

سوال : اردو کی پہلی لغت کس نے اور کب لکھی؟

جواب : ایم ٹی ٹیی سن نے 1704ء۔

سوال : کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کی کس واحد شاعرہ اور تخلیق کار نے انگلستان اور فرانس کا منظوم سفر نامہ لکھ کر اولین اعزاز حاصل کیا؟

جواب : شاہدہ لطیف

سوال : دو مسافر دو ملک اردو میں بچوں کا پہلا سفر نامہ ہے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : مسعود احمد برکاتی۔

سوال : یہ بتایئے کہ اردو کے اولین ماہنامے خیر خواہ ہند کا اجرا کب عمل میں آیا اور اس کے پہلے مدیر کون تھے؟

جواب : یکم ستمبر 1847 کو ماسٹر رام چندر (یہ رسالہ 1850 میں بند ہو گیا)

سوال : بتایئے محمد حسین عطا تحسین نے فارسی کے کس مشہور قصے کو پہلی مرتبہ "نوطرز مرصع" کے نام سے اردو زبان میں پیش کیا۔؟


جواب : قصہ چہار درویش

سوال : کیا یہ درست ہے کہ ملک مقبول احمد نے "سفر جاری ہے" کے نام سے آپ بیتی لکھ کر پہلے ناشر کا اعزاز حاصل کیا؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : "اصناف ادب اردو" کے عنوان سے کس صاحب قلم نے پہلی مرتبہ اصناف اردو کے حوالے سے ان مباحث کی بازیافت کی ہے جو انتقادادبیات کی اساس فراہم کرتے ہیں؟

جواب : پروفیسر تنویر حسین۔



تحقیق وتنقید

سوال: غالب نامہ، رود کوثر، موج کوثر، آب کوثر، شبلی نامہ، یادگار شبلی اور ارمغان حالی کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: شیخ محمد اکرام۔

سوال: لالہ لاجپت رائے (1858ء-17 نومبر 1928ء) نے مدر انڈیا کے جواب میں کون سی کتاب لکھی؟

جواب: ہپی انڈیا۔

سوال: پنجاب میں اردو کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: حافظ محمود شیرانی۔

سوال: دکن میں اردو نصیر الدین ہاشمی نے لکھی ہے۔ بتایئے یہ کب شائع ہوئی؟

جواب: 1925ء میں۔

سوال: شاہ عبداللطیف بھٹائی کی شخصیت اور شاعری پر آفاق صدیقی نے جو کتاب لکھی ہے اس کا نام بتایئے؟

جواب: عکس لطیف۔

سوال: نظیر صدیقی نے تفہیم وتعبیر میں سلیم احمد کی کس کتاب پر جرح کی ہے؟

جواب: اقبال ایک شاعر۔

سوال: بتایئے شمس العلماء مولوی سید میر حسن پر کس ادیب نے پہلی تحقیقی کتاب لکھی؟

جواب: ڈاکٹر سید سلطان محمود حسین۔

سوال: ڈاکٹر عبادت بریلوی کی کتاب تنقیدی تجربے کب شائع ہوئی؟

جواب: 1958ء۔

سوال: اردو میں طنز و مزاح بھارت کے ایک مشہور ادیب کی تنقیدی کتاب ہے۔ مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: غلام احمد فرقت کاکوروی۔

سوال: قیام پاکستان سے اب تک جن ادیبوں نے تنقیدی ادب میں نام پیدا کیا ان کے نام بتایئے؟

جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ، سید وقار عظیم، سید عابد علی عابد، پروفیسر ممتاز حسین، ڈاکٹر محمد دین تاثیر، ڈاکٹر وزیر آغا، حسن عسکری، ممتاز شیریں، مولانا صلاح الدین احمد، پروفیسر علی عباس جلالپوری، مظفر علی سید، سلیم احمد، شان الحق حقی، ابوالخیر کشفی، ڈاکٹر تحسین فراقی، ڈاکٹر سلیم اختر، ڈاکٹر ناصر عباس نیئر

سوال: اردو ادب کی تنقیدی تاریخ سید احتشام حسین کی تصنیف ہے بتایئے اس کا پیش لفظ کس نے لکھا ہے؟

جواب: ڈاکٹر فہمیدہ بیگم ڈائریکٹر ترقی اردو بیورو۔ دہلی

سوال: ادب سمند (پنجابی) کس کے تحقیقی اور تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے۔

جواب: ڈاکٹر عصمت اللہ زاہد۔

سوال: عزیز احمد کی پہلی تنقیدی تصنیف کا نام بتایئے؟

جواب: ترقی پسند ادب۔

سوال: طرز احساس کس شاعر اور ڈراما نگار کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے؟

جواب: اصغر ندیم سید۔

سوال: تنقید، تحقیق اور تخلیقی شخصیات کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: ڈاکٹر سلیم اختر۔

سوال: زاویہ نظر کس کا تنقیدی مجموعہ ہے؟

جواب: شمیم احمد (بھارتی نقاد)

سوال: 1983ء میں تنقید کے حوالے سے شائع ہونے والے مجموعوں کے نام بتایئے؟

جواب: علامتوں کا زوال (انتظار حسین) برش قلم (شمیم احمد) تفہیم وتعبیر (نظیر صدیقی)۔

سوال: پروفیسر اجمل نیازی کو پنجاب یونیورسٹی نے 1988ء میں پی ایچ ڈی کی ڈگری دی بتایئے ان کے مقالے کا عنوان کیا تھا؟

جواب: محمد الدین فوق اور ان کی علمی و ادبی خدمات۔

سوال: کیا آپ ڈاکٹر عبدالرحمان، بجنوری کے پی ایچ ڈی کے مقالے کا موضوع بتا سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں۔۔۔ اسلامی فقہ۔

سوال: ڈاکٹر سجاد باقر رضوی کو 1985ء میں پی ایچ ڈی کی ڈگری ملی بتایئے کس مقالے پر؟

جواب: طنز و مزاح کے نظریات اور کلاسیکی اردو شاعری میں طنز و مزاح 1857ء تک۔

سوال: مرزا مظہر جان جاناں کے موضوع پر تحقیقی مقالہ لکھ کر بھارت کے کس ادیب کو پی ایچ ڈی کی ڈگری ملی؟

جواب: ڈاکٹر خلیق انجم۔

سوال: ڈاکٹر بشیر سیفی کے پی ایچ ڈی کی مقالے کا موضوع کیا تھا؟

جواب: اردو میں انشائیہ نگاری۔

سوال :ڈاکٹر عبدالستار صدیقی نے کون سا مقالہ لکھ کر پی ایچ ڈی کی ڈگری لی؟

جواب :قدیم عربی میں فارسی کے دخیل الفاظ۔

سوال :بھاگلپور یونیورسٹی نے محمد زاہد انور خاں کو ان کے مقالے پر پی ایچ ڈی کی ڈگری دی بتایئے ان کے مقالے کا عنوان کیا تھا؟

جواب :اردو ناول کی روایت اور قرۃ العین حیدر۔

سوال :ڈاکٹر آغا سہیل نے کس عنوان سے پی ایچ ڈی کا مقالہ لکھا؟

جواب :دبستان لکھنؤ کے داستانی ادب کا ارتقاء

سوال :ڈاکٹر انور سدید کے تین تنقیدی مجموعوں کے نام بتایئے؟

جواب :فکر و خیال، اختلافات، اردو افسانے میں دیہات کی پیش کش۔

سوال :پرکھ پڑچول پنجابی کی تنقیدی کتاب ہے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :عارف عبدالمتین۔

سوال :ڈاکٹر مناظر عاشق ہرگانوی کے تنقیدی مضامین کے مجموعے "ناگزیر" کے چند مضامین کے نام بتایئے؟

جواب :جدید اردو افسانہ میں تخلیقیت شناسی، اردو انشائیہ اور وزیر آغا کی انشائیہ نگاری۔ آزاد غزل کا مستقبل وغیرہ۔

سوال :سندھ یونیورسٹی کی جانب سے رحیم بخش شاہین کو کب پی ایچ ڈی کی ڈگری ملی نیز ان کے مقالے کا نام کیا تھا؟

جواب :مقالے کا نام "اقبال کے مکاتیب کا تنقیدی، تحقیقی مطالعہ 1989ء

سوال :ساقی فاروقی کے پہلے تنقیدی مجموعے "بازگشت و بازیافت" میں چند تنقیدی مضامین و مراسلات کے علاوہ کتنے شخصی خاکے دیے گئے ہیں؟

جواب :دو (فیض احمد فیض، ن م راشد)

سوال :اردو میں سب سے پہلے کس نام سے تنقیدی کتاب لکھی گئی؟

جواب :مقدمہ شعر و شاعری۔

سوال :نئی نظم اور پورا آدمی کس کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے اور یہ کب شائع ہوا؟

جواب :سلیم احمد 1962ء۔

سوال :اقبال شناسی تنقید کا ایک مجموعہ ہے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :علی سردار جعفری۔

سوال :اردو تنقید کی بائیبل کس کتاب کو کہا جاتا ہے؟

جواب :مقدمہ شعر و شاعری۔

سوال :ڈاکٹر جمیل جالبی نے اردو میں مغربی تنقید پر ایک کتاب لکھی کتاب کا نام بتایئے؟

جواب :ارسطو سے ایلیٹ تک۔

سوال :مغربی تنقید کا مطالعہ (افلاطون سے ایلیٹ تک) کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :پروفیسر عابد صدیق۔

سوال :آج کا اردو ادب کس کی کتاب ہے؟

جواب :ابواللیث صدیقی۔

سوال :عابد حسن منٹو کی تنقیدی مضامین کا مجموعہ "نقطہ نظر" ہے بتایئے اس میں انہوں نے کس دور کے مضامین کو شامل کیا ہے؟

جواب :1952ء سے 1974ء تک۔

سوال :"حالی کے شعری نظریات ایک تنقیدی مطالعہ" کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :پروفیسر ممتاز حسین۔

سوال :ڈاکٹر تحسین فراقی کی کتاب کا سب سے اہم مضمون بقول جیلانی کامران کون سا ہے؟

جواب :"محمد حسن عسکری اور جدیدیت"

سوال :اردو تنقید کی ابتدا کہاں سے ہوئی؟

جواب :الطاف حسین حالی سے۔

سوال :حالی کے شعری نظریات ایک تنقیدی مطالعہ تین ابواب پر مشتمل ہے بتایئے کون کون سے؟

جواب :(1) شاعری اور وزن (2) شعر اور تخیل (3) نیچرل شاعری اور اخلاق۔

سوال :کراچی یونیورسٹی نے 1985ء میں جدید اردو غزل کے نمائندہ جناب ساجد امجد کو ان کے کس مقالہ پر پی ایچ ڈی کی ڈگری دی؟

جواب :اردو شاعری پر برصغیر کے تہذیبی اثرات۔

سوال :"شمالی ہند کی اردو کے تاریخی قوائد لکھنے پر بھارت کے کس ماہر سیاسیات نقاد اور استاد کو پی ایچ ڈی کی ڈگری ملی؟

جواب :مرزا خلیل احمد بیگ۔

سوال : مندرجہ ذیل تنقیدی کتابوں کے مصنفین کے نام بتایئے؟

(1) اردو ادب میں طنز و مزاح۔ (2) طنز و مزاح۔

جواب : (1) ڈاکٹر وزیر آغا (2) ڈاکٹر طاہر تونسوی۔

سوال : ''قصہ نئی شاعری کا'' کس کا تنقیدی مجموعہ ہے؟

جواب : احمد ہمدانی۔

سوال : ''اقبال کا خصوصی مطالعہ'' کس مصنف کی تنقیدی کتاب ہے؟

جواب : ڈاکٹر انور محمود خالد۔

سوال : ڈاکٹر سید معین الرحمٰن کی کم از کم تین تنقیدی کتابوں کے نام بتایئے؟

جواب : ذکر عبدالحق۔ بابائے اردو احوال و افکار، غالب اور انقلاب ستاون۔

سوال : کچھ نئے اور پرانے شاعر ڈاکٹر اے بی اشرف کی کتاب ہے بتایئے کچھ نئے اور پرانے افسانہ نگار کس کی کتاب ہے؟

جواب : ڈاکٹر اے بی اشرف

سوال : مندرجہ ذیل تنقیدی کتابوں کے مصنفین کے نام بتایئے؟

(1) تعصبات (2) توازن (3) قصہ نئی شاعری کا (4) امکانات

جواب : (1) فتح محمد ملک (2) محمد علی صدیقی (3) احمد ہمدانی (4) عارف عبدالمتین۔

سوال : ڈاکٹر شاہدہ بیگم کو کس کتاب کے لکھنے پر 1981ء میں پی ایچ ڈی کی ڈگری ملی؟

جواب : سندھ میں اردو۔

سوال : تنقیدی مذاکرے کس کی تالیف ہے؟

جواب : شیما مجید۔

سوال : خیابان مری کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : لطیف کاشمیری۔

سوال : تنقید اور جدید اردو تنقید کا تعلق کس دور سے ہے نیز اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

جواب : اردو تنقید کا جائزہ ابتداء سے 1988ء تک۔

سوال : ادبی تنقید اور اسلوبیات، ڈاکٹر گوپی چند نارنگ کی تصنیف ہے بتایئے اردو میں اسلوبیات کس کی تصنیف ہے؟

جواب : ڈاکٹر فدا حسین۔

سوال : ڈاکٹر شارب ردولوی کی تنقیدی کتابوں کے نام بتایئے؟

جواب : تنقیدی مطالعے (1984ء) جدید اردو تنقید اصول و نظریات، مطالعہ دلی، جگر، فن اور شخصیت (1961ء) افکار سودا۔

سوال : بھارت کے کس تنقید نگار کو تخلیقی تنقید نگار کہا جاتا ہے؟

جواب : خورشید الاسلام۔

سوال : ''دنیا کا قدیم ترین ادب'' نامور محقق ابن حنیف کی کتاب ہے بتایئے اسے کون سا ادبی ایوارڈ ملا؟

جواب : بابائے اردو ایوارڈ۔

سوال : ہندوستان کی ثقافت و تہذیب کا مکمل احاطہ کرنے والی کتاب کے مصنف ڈی ڈی کوسمبی ہیں کتاب کا نام بتایئے؟

جواب : قدیم ہندوستان کی ثقافت و تہذیب۔

سوال : ذکر غالب کس مصنف کی تحقیقی کتاب ہے؟

جواب : مالک رام۔

سوال : نورالحسن ہاشمی کے پہلے تحقیقی کارنامے کا نام بتایئے؟

جواب : دلی کا دبستان شاعری۔

سوال : غالب بحیثیت محقق اور آزاد بحیثیت محقق کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : قاضی عبدالودود۔

سوال : سرسید احمد خاں نے دہلی کی تاریخی اور مشہور عمارتوں کے بارے میں کس نام سے کتاب لکھی تھی؟

جواب : آثار الصنادید۔

سوال : پروفیسر محمد شیرانی نے قدرت اللہ قاسم کے کس تذکرے کا سراغ لگایا؟

جواب : ''مجموعہ نغز''

سوال : ممتاز محقق بابائے اردو مولوی عبدالحق 1870ء میں پیدا ہوئے بتایئے انہوں نے کب انتقال کیا؟

جواب : 1961ء میں۔

سوال : روح تنقید، اردو شہ پارے، کلیات محمد قلی قطب شاہ اور دکنی ادب کی تاریخ کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : محی الدین زور قادری

سوال : اردو میں باقاعدہ تنقید کا سلسلہ کس شاعر سے شروع ہوتا ہے؟

جواب : مولانا الطاف حسین حالی۔

سوال : مقدمہ شعر وشاعری کس کی تصنیف ہے؟

جواب: مولانا حالی۔

سوال : شعر العجم اور موازنہ انیس و دبیر کس کی کتابیں ہیں؟

جواب: مولانا شبلی نعمانی۔

سوال : مولانا محمد حسین آزاد کی کس کتاب میں ان کے تنقیدی نظریات کا سراغ ملتا ہے؟

جواب: آب حیات۔

سوال : کاشف الحقائق المعروف بہ بہارستان سخن کے مولف کون ہیں؟

جواب: امداد امام اثر۔

سوال : وضع اصطلاحات علمیہ کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: وحید الدین سلیم۔

سوال : سجاد ظہیر کے تنقیدی مضامین میں نظریہ کے خیالات کی جھلکیاں پائی جاتی ہیں؟

جواب: مارکسی۔

سوال : تنقید میں سب سے پہلے کس نے ترقی پسند نقطہ نظر کو پیش کیا؟

جواب: اختر حسین رائے پوری

سوال : کمال داغ میں داغ کی غزل گوئی پر کس نے تبصرہ کیا؟

جواب: حامد حسن قادری۔

سوال : تنقیدی اشارے آل احمد سرور کی کتاب ہے تنقیدی حاشئے کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: سید احتشام حسین۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ تحقیق وتنقید ہم جنس ہیں؟

جواب: جی ہاں۔

سوال : ممتاز شیریں کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ 1966ء میں کس نام سے طبع ہوا؟

جواب: معیار

سوال : بتایئے پروین شاکر کی حادثاتی وفات کے بعد ان کی شخصیت وفن کے حوالے سے تحقیقی کتاب کس نے مرتب کی؟

جواب: ڈاکٹر ایم سلطانہ بخش

سوال : ڈاکٹر روبینہ ترین کے تحقیقی وتنقیدی مضامین پر مبنی کتاب کس نام سے شائع ہوئی؟

جواب: اظہار خیال۔

سوال : بتایئے "تحقیق اور اس کا طریقہ کار" کتاب کس نے لکھی؟

جواب: ڈاکٹر عندلیب شادانی

سوال : مجنوں گورکھپوری نے اردو تنقید کے حوالے سے کونسی کتاب لکھی؟

جواب: مبادیات تنقید

سوال : قرۃ العین حیدر پر ناظمہ نقوی کا لکھا ہوا تنقیدی جائزہ کس نام سے شائع ہوا؟

جواب: گردش رنگ چمن **(اشاعت 2009)**

سوال : "ادبیات اور اصول نقد" کس نے لکھی؟

جواب: نیاز فتحپوری

سوال : "تنقیدی زاویئے" کس نے لکھی؟

جواب: ڈاکٹر عبادت بریلوی۔

سوال : بتایئے خاطر غزنوی کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ کس عنوان سے شائع ہوا؟

جواب: جدید اردو ادب۔

سوال : ڈاکٹر سید شبیہ الحسن کے تنقیدی مقالات کا پانچواں مجموعہ کس نام سے شائع ہوا؟

جواب: ترغیبات۔

سوال : بتایئے جیلانی کامران کے انتقال سے چند ماہ قبل شائع ہونے والے ان کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ 2002ء میں کس نام سے طبع ہوا؟

جواب: ادب کے مخفی اشارے۔

سوال : بتایئے مشہور تنقید نگاروں شمس الرحمان فاروقی اور وارث علوی کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب: بھارت۔

سوال : شمیم حنفی کی لکھی ہوئی تنقیدی کتاب "خیال کی مسافت" پاکستان کے علاوہ کس ملک سے شائع ہوئی؟

جواب: بھارت

سوال : شمس الرحمٰن فاروقی کے ادبی، تنقیدی اور تحقیقی مضامین کا مجموعہ بھارت سے کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : اثبات ونفی

سوال : اردو تحقیق کا معلوم اول کسے مانا گیا ہے؟

جواب : حافظ محمود شیرانی **(1880-1946)**

سوال : اردو تنقید کا ارتقاد کا پانچواں ایڈیشن **2002** میں شائع ہوا بتایئے اس تنقیدی کتاب کا مصنف کون ہے؟

جواب : ڈاکٹر عبادت بریلوی۔

سوال : ہندوستان میں کن ناقدین نے تنقید کی کئی جہتیں متعارف کروائیں؟

جواب : گوپی چند نارنگ، شمیم حنفی، وارث علوی، احمد فاطمی اور شمس الرحمان فاروقی۔

سوال : ہندوستانی نقاد اور دانشور وارث علوی کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : خندہ ہائی بیجا۔

سوال : نقطۂ نظر بھارت کے کس معروف ادیب کا اولیں تنقیدی مجموعہ ہے؟

جواب : ماہر اقبالیات ڈاکٹر عبدالمغنی۔

سوال : محمد حسین آزاد کے تنقیدی کتابوں میں کس کتاب کو بنیادی مقام حاصل ہے۔

جواب : آب حیات کو

سوال : کیا آپ مغنی تبسم کے تنقیدی مضامین کے مجموعے کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : زبان وادب۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ زبان وادب غزل کے نظری مباحث اور عملی تنقید پر مشتمل ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : نسوانی آوازیں، اردو کا پہلا افسانہ نگار، اردو افسانے کی روایت۔ اطالیہ میں اردو کس محقق اور نقاد کی تصانیف ہیں۔؟

جواب : ڈاکٹر حامد بیگ مرزا

سوال : کبھی تو چاند نکلے گا کس ممتاز ادیب، معلم، محقق اور شاعر کا تنقیدی مجموعہ ہے؟

جواب : سیف اللہ خالد

سوال : اردو تنقید کا عمرانی دبستان کس ممتاز نقاد کی تصنیف ہے؟

جواب : ڈاکٹر ضیاء الحسن

سوال : تحقیقی اور تنقیدی کتاب ''انگارے'' کس کی تصنیف ہے؟

جواب : ڈاکٹر محمد کامران

سوال : سید امتیاز علی تاج زندگی اور فن (تحقیق وتنقید) لبید بہاولپوری کی شخصیت اور شاعری تحقیق و تنقید۔ تلاش تحقیق وتنقید۔ لکیریں تحقیق وتنقید کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر محمد سلیم ملک

سوال : لیسانیات اور تنقید کے عنوان سے جو کتاب ڈاکٹر ناصر عباس نیر نے تحریر کی ہے اس کا پس لفظ کس نے لکھا ہے۔

جواب : ستیہ پال آنند (بھارت کے مشہور نقاد اور محقق)

سوال : تنقیدی کتاب ناصر کاظمی شخصیت اور فن کی مصنفہ کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر ناہید قاسمی

سوال : ادیبہ، شاعرہ اور ڈرامانگار عارفہ صبح خان کی کتاب ''اردو تنقید کا اصلی چہرہ کب شائع ہوئی؟

جواب : **2009** میں

سوال : بتایئے عارفہ صبح خاں کی ساتویں کتاب۔ ''اردو تنقید کا اصلی چہرہ'' پر کس مشہور دانشور نے یہ کہا عارفہ صبح خاں نے تنقید کی دنیا میں ایک جنت لگائی ہے؟

جواب : ڈاکٹر جمیل جالبی۔



تذکرہ

سوال: لالہ سری رام (1857-25 مارچ 1920ء) کا شمار قابل ذکر تذکرہ نگاروں میں ہوتا ہے بتایئے ان کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب: رائے بہادر مدن گوپال۔

سوال: ہزار داستان عرف خم خانہ جاوید نامی تذکرہ کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: لالہ سری رام۔

سوال: سرسید احمد خاں نے دہلی کے علماء مشائخ اور تاریخی مقامات کا تذکرہ کس نام سے لکھا؟

جواب: آثار الصنادید۔

سوال: لطف علی بیگ آذار (1722-1791) نے معاصر شعرا کا تذکرہ کس نام سے لکھا تھا؟

جواب: ''دفتر نہ آسماں''

سوال: خلاصۃ الافکار فارسی شعرا کا تذکرہ ہے بتایئے اسے کس نے ترتیب دیا؟

جواب: ابوطالب تبریزی اصفہانی۔

سوال: تذکرہ گلشن بے خار کا زمانہ تالیف کیا ہے؟

جواب: 1248-50 ہجری۔

سوال: خوب چند ذکا نے اپنے استاد شاہ نصیر کی فرمائش پر کون سا تذکرہ لکھا؟

جواب: تذکرہ عیار الشعراء۔

سوال: حاکم لاہوری کے ایک تذکرہ کو ڈاکٹر سید محمد عبداللہ نے ترتیب دیا تذکرہ کا نام بتایئے؟

جواب: مردم دیدہ۔

سوال: شعرائی اردو کے تذکرے اور تذکرہ نگاری کے فن کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ۔

سوال: فرزانہ سید نے شاعروں اور ادیبوں کا ایک تذکرہ مرتب کیا ہے۔ بتایئے اس کا نام کیا ہے؟ نیز یہ کب شائع ہوا؟

جواب: نقوش ادب (جنوری 1989ء)

سوال: مولانا محمد حسین آزاد نے آب حیات کے پہلے ایڈیشن میں کس مشہور شاعر کو شامل نہیں کیا تھا؟

جواب: مومن خاں مومن۔

سوال: ملاقاتیں کس مشہور ادیب کا تذکرہ ہے؟

جواب: انتظار حسین۔

سوال: مندرجہ ذیل تذکروں کے مصنفین کے نام بتایئے؟

(1) اصل تذکرہ ہندی (2) تذکرہ فتح علی حسینی (3) گلزار ابراہیمی (4) گلشن ہند (5) دیوان جہان (6) گلدستہ نشاط۔

جواب: (1) مصحفی (2) فتح علی حسینی (3) نواب ابراہیم علی خاں۔ (4) لطف (5) بنی نرائن (6) منولال

سوال: تذکرہ نگاروں نے کن صحابی کو انعام الربانی کا خطاب دیا؟

جواب: عبداللہ بن عمرو بن عاص سہمی۔

سوال: مصحفی نے ریاض الفصحا کے علاوہ اور کون سا تذکرہ لکھا؟

جواب: عقد ثریا۔

سوال: تذکرہ ہزار داستان لکھ کر کس نے شہرت حاصل کی؟

جواب: لالہ سری رام (1857-1920)

سوال: تذکرہ طبقات الشعراء کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: قدرت اللہ شوق رامپوری۔

سوال: خلاصۃ الاشعار و زبدۃ الافکار فارسی شاعروں کا تذکرہ ہے بتایئے اسے کس نے مرتب کیا؟

جواب: تقی الدین کاشی۔

سوال: میر تقی میر نے اردو شعرا کا ایک تذکرہ مرتب کیا تھا تذکرے کا نام بتایئے؟

جواب: نکات الشعراء۔

سوال: عقد ثریا، تذکرہ ہندی اور ریاض الفصحا کس کے تذکرے ہیں؟

جواب: مصحفی۔

سوال: تذکرہ خمخانہ جاوید کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: لالہ سری رام دہلوی۔

سوال: شعرائے اردو کا تذکرہ آب بقا کس نے لکھا؟

جواب: خواجہ عبدالرؤف عشرت لکھنوی نے۔

سوال: مشرقی بنگال میں اردو (لسانی اور ادبی تذکرہ) کس نے لکھا؟

جواب: اقبال عظیم نے۔

سوال : تذکرہ خوش معرکہ زیبا۔۔۔کی تصنیف ہے۔خالی جگہ پر کریں؟

جواب : ناصر لکھنوی۔

سوال : مشہور تذکرہ شعرالعجم کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : علامہ شبلی نعمانی۔

سوال : اردو شاعری کا پہلا تذکرہ کس نے لکھا؟

جواب : مرزا علی لطف نے گلشن ہند کے نام سے۔

سوال : سردار خان نے کس نام سے حیدر آباد دکن سے یورپ کے اردو شعرا کا تذکرہ لکھا؟

جواب : اردو کے یورپی شعرا۔

سوال : تذکرہ بنجار شعرا کے حالات پر مشتمل ہے یا شاعرات کے حالت پر؟

جواب : شاعرات۔

سوال : میر تقی میر نے اپنے تذکرہ نکات الشعراء میں اپنی شاعرہ صاحبزادی کا ذکر نہیں کیا بتایئے وہ کیا تخلص کرتی تھیں؟

جواب : بیگم

سوال : محمد ہوتک نے 50 پشتو شاعروں کے حالات پر مبنی ایک تذکر لکھا ہے تذکرے کا نام بتایئے؟

جواب : گنج سربستہ۔

سوال : تذکرہ شعر و سخن کس ادیب کی پہلی تصنیف ہے؟

جواب : نیاز علی پرشاد۔

سوال : تذکرہ الملوک کے مصنف رفیع الدین ہیں بتایئے انہوں نے اپنا یہ تذکرہ کس عمر میں لکھا؟

جواب : 70 سال۔

سوال : ''عہد حاضر کے نعت گو'' کس کی تصنیف ہے؟

جواب : گوہر ملسیانی۔

سوال : مولانا ابوالکلام آزاد نے کس تذکرہ کی تقریظ میں یہ الفاظ لکھے ہیں ایک خاندان کا یہاں تک ترقی کرنا کہ دولت علم اور دولت مال میں اس کی نظر نہ ہو اور خاندان کا خاندان ایک موقع پر مسکین ترین ہو جائے اور اتفاقی صورت کا نام صادق پورا اختیار کرے۔

جواب : تذکرہ صادقہ۔

سوال : خوش معرکہ زیبا شعرائے اردو کا ایک اہم تذکرہ ہے بتایئے اسے کس نے مرتب کیا ہے؟

جواب : سعادت خاں ناصر۔

سوال : انگریزوں کا پہلا تذکرہ سر فلپ سڈنی نے کس نام سے لکھا تھا۔

جواب: **Apologic for poetric**

سوال : اردو کا قدیم تنقید کا سرمایہ بیشتر شعراء کے اردو کے تذکروں میں پایا جاتا ہے۔بتایئے ابتدائی دور میں کون کون سے تذکرے مرتب کیے گئے۔

جواب : گلشن گفتار۔۔۔حمدی اورنگ آبادی
گلشن راز۔۔۔فتح علی خان۔
نکات الشعراء۔۔۔میر تقی میر۔

سوال : ''بلوچستان میں تذکرہ اردو'' کس نے مرتب کیا؟

جواب : ڈاکٹر انعام الحق کوثر نے۔

سوال : دبستانوں کا دبستان کراچی دو جلدوں پر مشتمل شاعروں اور ادیبوں کا تذکرہ ہے اسے احمد حسین صدیقی نے مرتب کیا بتایئے اس کی پہلی جلد میں کتنے شاعروں اور ادیبوں کا تذکرہ شامل کیا گیا ہے؟

جواب : 194۔

سوال : دبستانوں کے دبستان کراچی کی دوسری جلد میں مرتب احمد حسین صدیقی نے کتنے شاعروں اور ادیبوں کا تذکرہ لکھا ہے۔؟

جواب : 196۔

سوال : مالک رام نے چار جلدوں میں معاصرین کا تذکرہ مرتب کیا ہے تذکرے کا انام بتایئے؟

جواب : تذکرہ معاصرین 1،2،3 اور 4

سوال : شعرستان میں کس ملک کے شعرا کا تذکرہ کیا گیا ہے؟

جواب : پاکستان بنام ''تذکرہ شعرائے پاکستان'' کے نام سے

سوال : پاکستان کی منتخب افسانہ نگار خواتین کا تذکرہ دردانہ جاوید نے لکھا ہے بتایئے یہ کب شائع ہوا؟

جواب : 2002ء میں

سوال : شعرائے پاکستان (تذکرہ) کے مرتبین کے نام بتایئے؟

جواب : نعمان تاثیر.....مظہر صدیقی

سوال : نوراحمد میرٹھی نے کس عنوان سے میرٹھ کے شعرا کا تذکرہ مرتب کیا ہے؟

جواب : تذکرہ شعرائے میرٹھ

سوال : تذکرہ مسلم شعرائے بہار حصہ ششم کے مرتب کا نام بتایئے؟

جواب : حکیم سید احمد اللہ ندوی۔

سوال : ڈاکٹر اسلم فرخی نے کس تذکرے کی ازسرنو تدوین کی ہے؟

جواب : تذکرہ گلشن ہمیشہ بہار۔

سوال : تذکرہ صوفیائے سندھ، تذکرہ صوفیائے پنجاب، تذکرہ صوفیائے سرحد، تذکرہ صوفیائے بنگال کے مرتب کا نام بتایئے؟

جواب : اعجاز الحق قدسی

سوال : افسر امروہوی (1896۔9 جنوری 1984) نے کس نام سے تذکرہ لکھا ہے؟

جواب : تذکرہ عروس الاذکار

سوال : بدر منیر نے تذکرہ شعرائے خوشاب کس نام سے لکھا ہے؟

جواب : دیدہ خوش آب

سوال : سخن شعراء کا تذکرہ کس نے لکھا ہے؟

جواب : خواجہ فیض الدین شائق نے۔

سوال : ''بنگال میں اردو تذکرہ نگاری'' کے مرتب کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر عبدالسنان

سوال : عبدالغفور خاں نساخ کلکتوی نے بھی شعراء کا ایک تذکرہ لکھا ہے۔ تذکرے کا نام بتایئے؟

جواب : تذکرہ سخن شعراء۔

سوال : تذکرہ مخدوم جہانیاں جہاں گشت کے مصنف سخاوت مرزا ہیں بتایئے وہ کب پیدا ہوئے اور ان کا کب انتقال ہوا؟

جواب : پیدائش 1898 وفات 22 جنوری 1977۔

سوال : یہ بتایئے شمیم صبا متھراوی نے کونسا تذکرہ لکھا؟

جواب : نعت گو شعراء کا تذکرہ۔

سوال : فارسی گو شعرائے اردو کا تذکرہ کس نے مرتب کیا؟

جواب : عبدالرؤف عروج۔

سوال : ضیاء الدین برنی نے تذکرہ عظمت رفتہ میں کتنی شخصیات کا ذکر کیا ہے؟

جواب : 93

سوال : تذکرہ خوش معرکہ زیبا مصنفہ سعادت خان ناصر کی ترتیب وتدوین کس نے کی؟

جواب : مشفق خواجہ نے (دوجلدوں میں)

سوال : تذکرہ سرتاج الاولیا حضرت داتا گنج بخش اور تذکرہ حضرت شیخ ہندی کا مولف کے نام بتایئے؟

جواب : محمد سلیم حماد ہجویری قادری۔

☆☆☆

ترجمہ

سوال : رابندر ناتھ ٹیگور کی نوبل انعام یافتہ کتاب گیتان جلی کا اردو منظوم ترجمہ عبدالعزیز خالد نے کس نام سے کیا؟

جواب : گل نغمہ۔

سوال : الف لیلیٰ کا پہلا انگریزی ترجمہ کس نے کیا تھا؟

جواب : سر رچرڈ برٹن نے۔

سوال : میر شیر علی افسوس نے شیخ سعدی کی کس کتاب کا ترجمہ باغ اردو کے نام سے کیا؟

جواب : گلستان۔

سوال : مرزا کاظم علی جوان نے شکنتلا کا اردو ترجمہ کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : کالی داس۔

سوال : ابن عربی کی کتاب ترجمان الاشواق کا انگریزی ترجمہ کس نے کیا؟

جواب : نکلسن نے۔

سوال : مشہور کتاب نشاۃ العشق کا اردو ترجمہ بندہ نواز خواجہ گیسو دراز کے ایک پوتے نے کیا ہے پوتے کا نام بتایئے؟

جواب : عبداللہ حسینی۔

سوال : افسر ماہ پوری نے قاضی نذالاسلام کی پچیس اسلامی نظموں کا منظوم ترجمہ کیا تھا بتایئے یہ بنگالی اکیڈیمی ڈھاکہ کی جانب سے کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : جام کوثر۔

سوال : افضل صدیقی نے ناروے کے کس ادیب کے ڈرامے کا پہلی بار اردو ترجمہ ''شنگھائی کی عورتیں'' کے نام سے کیا؟

جواب : زہترے ہوم۔

سوال : تابش صدیقی نے بابا بلھے شاہ کے کتنے دوہوں کا ترجمہ کیا ہے؟

جواب : 48۔

سوال : پاکستان کے سابق وزیر خارجہ چودھری ظفر اللہ خاں کی انگریزی تصنیف دی اگونی آف پاکستان کا ترجمہ کس نام سے کیا ہے نیز اس میں کن واقعات کا تجزیہ کیا ہے؟

جواب : پاکستان کا المیہ...... سقوط مشرقی پاکستان کے بعد کے واقعات۔

سوال : مولانا ظفر علی خاں نے رڈیارڈ کپلنگ کی کتاب جنگل کا ترجمہ کس نام سے کیا؟

جواب : جنگل میں منگل۔

سوال : امجد حیدر آبادی نے گلستان سعدی کا ترجمہ کیا ہے بتایئے کس نام سے؟

جواب : گلستان امجد۔

سوال : الفاروق شبلی نعمانی کی تصنیف ہے بتایئے اس کا انگریزی میں ترجمہ کس اردو شاعر نے کیا؟

جواب : مولانا ظفر علی خاں نے۔

سوال : امتیاز علی تاج نے شیکسپیئر کے کس ڈرامے کا ترجمہ ساون آنے کا سپنا کیا ہے؟

جواب : **A Mid Summer Night Dream**

سوال : **A Mid Summer Night Dream** کا اردو ترجمہ عالم تاب تشنہ نے کس نام سے کیا ہے؟

جواب : خواب نیم شب۔

سوال : ڈاکٹر سیموئل جانسن کے بعض تمثیلی مضامین کا ترجمہ محمد حسین آزاد نے کیا ہے۔ بتایئے یہ مضامین ان کی کس کتاب میں شامل ہیں؟

جواب : نیرنگ خیال۔

سوال : تخلیق کار کو اپنی چیزوں کو ترجمہ خود کرنا چاہیے۔ بتایئے یہ الفاظ کس شاعر کے ہیں؟

جواب : عبرانی زبان کے جدید شاعر ڈیوڈ ایوڈن۔

سوال : ابن انشاء نے کس کی کہانیوں کا ترجمہ کیا ہے؟

جواب : ایڈگر ایلن پو۔

سوال : دی پاپولر پوئٹری آف دی بلوچز لانگ ورتھ ڈیمز نے لکھی بتایئے اس کا اردو ترجمہ کس نے اور کس نام سے کیا؟

جواب : قدیم بلوچی شاعری...... جناب جسٹس خدا بخش مری۔

سوال : محمد ہادی حسین نے 1977ء میں علامہ اقبال کی کس کتاب کا انگریزی میں منظوم ترجمہ کیا؟

جواب : پیام مشرق۔

سوال : مولانا شبلی کی کتاب سیرۃ النعمان کا انگریزی میں ترجمہ محمد ہادی حسین نے کب کیا؟

جواب : 1972ء میں۔

سوال : ''گھاس کی پتیاں'' کے نام سے والٹ وٹمین کی نظموں کا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب : قیوم نظر۔

سوال : ڈاکٹر انور سجاد نے ایمانوئیل کزارکیوبچ کے ایک ناول کا ترجمہ کیا ہے بتایئے کس نام سے؟

جواب : نیلی نوٹ بک۔

سوال : امجد اسلام امجد نے فلسطینی نظموں کا منظوم ترجمہ کیا ہے بتایئے یہ کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : عکس۔

سوال : 1982ء میں کشور ناہید نے عورت کے نام سے ایک کتاب کا ترجمہ کیا مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : سیمون ڈی بوار۔

سوال : جہاں گرد کی واپسی کے نام سے ہومر کی اودیسی کا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب : محمد سلیم الرحمٰن نے۔

سوال : سرسید نے کون سی کتاب لکھنے کے لیے عبرانی زبان سیکھی تھی؟

جواب : بائیبل کی تفسیر تبیین الکلام لکھنے کے لیے۔

سوال : فیض احمد فیض نے کس ترک شاعر کی نظموں کا ترجمہ اردو میں کیا ہے؟

جواب : ناظم حکمت۔

سوال : انتظار حسین نے ترگنیف کے ناول فادر اینڈ سنز کا ترجمہ کیا ہے۔ بتایئے سینٹ جان پرس کی نظموں کا ترجمہ کس نے اردو میں کیا ہے؟

جواب : انیس ناگی۔

سوال : 1955ء میں شفیق الرحمٰن نے ولیم سارگر کے ناول کا ترجمہ کس نام سے کیا؟

جواب : انسانی تماشا۔

سوال : 1889ء میں میاں حبیب گل کاکا خیل نے ڈپٹی نذیر احمد کی کس کتاب کو پشتو میں ترجمہ کیا؟

جواب : مراۃ العروس کا نقش نگین کے نام سے۔

سوال : محمد یوسف کاکا خیل نے ڈپٹی نذیر احمد کی کس کتاب کو پشتو میں ترجمہ کیا؟

جواب : توبتہ النصوح۔

سوال : بیگم سلمیٰ تصدق حسین نے رائیڈر ہیگرڈ کی کتاب کا 1938ء میں ترجمہ کیا کتاب کا نام بتایئے؟

جواب : قلوپطرہ۔

سوال : نواب واجد علی شاہ کے عہد کے مشہور شاعر رجب علی بیگ سرور نے شمشیر خانی کا اردو ترجمہ کس نام سے کیا؟

جواب : سرور سلطانی۔

سوال : شبلی نعمانی کی کتاب الفاروق کا انگریزی ترجمہ کس نے کیا تھا؟

جواب : مولانا ظفر علی خاں۔

سوال : تحفۃ المجالس فارسی زبان کے کس مشہور قصے کا پہلا اردو ترجمہ ہے؟

جواب : گل بکاؤلی کا۔

سوال : ریوولیوشن آف پراپرٹی کس فرانسیسی مفکر کی کتاب ہے؟

جواب : پال لافار۔

سوال : اردو کے ان پہلے شاعر کا نام بتایئے جنہوں نے انگریزی نظموں کو اردو میں منتقل کیا؟

جواب : اسماعیل میرٹھی۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ تراجم کسی زبان اور ادب کے دامن کو وسعت دینے میں معاون ثابت ہوتے ہیں؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : بتایئے سمون و بوار کی کتاب ''سیکنڈ سیکس'' کا ترجمہ کس پاکستانی خاتون شاعرہ نے کیا؟

جواب : کشور ناہید۔

سوال : بتایئے فلسطینی مجاہدہ لیلیٰ خالد کی ڈائری کا ترجمہ اردو زبان میں کشور ناہید نے کس نام سے کیا؟

جواب : میرے لوگ زندہ رہیں گے۔

سوال : ایرک فرام کی مشہور کتاب "Fear of Freedom" کا اردو ترجمہ کس نام سے فہمیدہ ریاض نے کیا؟

جواب : ''ادھورا آدمی''

سوال : بتایئے پروین شاکر کی وفات کے تین ماہ بعد ان کی ترجمہ کردہ کونسی بھارتی شاعرہ کی لکھی ہوئی کتاب شائع ہوئی؟

جواب : گیتانجلی۔ (گیتانجلی البم)

سوال : بی گرے کی مشہور زمانہ کتاب کا ترجمہ ڈاکٹر روبینہ ترین نے کس نام سے کیا؟

جواب : تحسین شعر۔

سوال : الطاف فاطمہ نے کس زبان کے افسانوں کے مجموعہ کا ترجمہ "جاپانی افسانہ نگار خواتین" کے نام سے کیا؟

جواب : جاپانی۔

سوال : بتایئے ترجمہ کے بارے میں یہ قول کس کا ہے کہ

''جملہ امور عالم میں جو سرگرمیاں سب سے زیادہ اہمیت اور قدر و قیمت رکھتی ہیں ان میں ترجمہ بھی شامل ہے۔

جواب : گوئٹے

سوال : لفظ ''ٹرانسلیشن'' کس زبان سے آیا ہے؟

جواب : لاطینی زبان سے

سوال : بتایئے ترجمہ کی تین اقسام کونسی ہیں؟

جواب : (1) علمی ترجمہ (2) ادبی ترجمہ (3) صحافتی ترجمہ

سوال : بتایئے مرزا حامد بیگ نے ترجمہ کے حوالے سے کونسی کتاب مرتب کی؟

جواب : مغرب سے نثری تراجم

سوال : سمندر سے سمندر بین الاقوامی شاعری کی اردو مترجم کا نام بتایئے؟

جواب : ماجد صدیقی۔

سوال : بدھ مت، تاریخ عقائد، فلسفہ پر رابرٹ وین ڈی ویئر نے کتاب تحریر کی بتایئے اس کا ترجم کس نے اردو میں کیا؟

جواب : ملک اشفاق احمد۔

سوال : بتایئے گیرارڈ (اٹلی) نے کن کتب کا لاطینی زبان میں ترجمہ کیا؟

جواب : گیرارڈ نے بقراط و جالینوس کی کتابوں، حنین کی تقریباً تمام ترجموں، الکندی کی تمام تصانیف، بوعلی سینا کی ضخیم ''قانون'' اور ابوالقاسم زہراوی کی کتاب ''حبر احت'' کا ترجمہ کیا؟

سوال : کیا یہ درست ہے کہ گیرارڈ نے 1187 میں بیماری کی حالت میں تقریباً 80 عربی کتابوں کی لاطینی میں تراجم کیے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : سرحدوں کی تلاش کے مصنف کرنل الجیرٹن ڈیورنڈ میں اس کتاب کا انگریزی ترجمہ کس نے کیا؟

جواب : کرنل (ر) غلام جیلانی خاں۔

☆☆☆

جوابی کتب

سوال : علامہ شبلی نعمانی کی کتاب موازنہ انیس و دبیر کے جواب میں کس نے المیزان تصنیف کی!

جواب : منشی نظیر الحسن فوق نے۔

سوال : ن م راشد کے مجموعہ کلام ماورا کے جواب میں فرقت کاکوروی نے کون سی کتاب تحریر کی؟

جواب : مداوا۔

سوال : بتایئے فسانہ عجائب کس کتاب کے جواب میں لکھی گئی؟

جواب : باغ و بہار کے جواب میں۔

سوال : علامہ اقبال نے جاوید نامہ کس یورپی شاعر کی کتاب کے جواب میں تحریر کی؟

جواب : دانتے کی ڈیوائن کامیڈی کے جواب میں۔

سوال : مثنوی سحر البیان کے جواب میں کون سی مثنوی لکھی گئی؟

جواب : مثنوی گلزار نسیم۔

سوال : مرزا غالب نے مثنوی ابر گہربار کس مثنوی کی تقلید میں لکھی تھی؟

جواب : نظامی گنجوی کی ساقی نامہ۔

سوال : احسن فاروقی نے اپنے کس ناول میں قرۃ العین حیدر کے ناول آگ کا دریا کا جواب دینے کی کوشش کی ہے؟

جواب : سنگم۔

سوال : سروش سخن کے جواب میں جعفر علی شیون کاکوردی نے کون سی کتاب لکھی؟

جواب : طلسم حیرت۔

سوال : فخر الدین حسین سخن نے 1860ء میں فسانہ عجائب کے جواب میں کون سی کتاب لکھی؟

جواب : بانگ دہل۔

سوال : ابن رشد نے امام غزالی کی کتاب تہافتہ الفلاسفہ کے جواب میں کون سی کتاب لکھی؟

جواب : تہافتہ التہافہ۔

سوال : بتایئے ایمن وڈز نے اپنی کتاب Reforms or Revolution لاطینی امریکہ کے دانشور Heinz Dieterich کی کس کتاب کے جواب میں لکھی؟

جواب : اکیسویں صدی کے سوشلسٹ نظریات۔

☆☆☆

خاکہ

سوال : راہ گزر خورشید برنی کے خاکوں کا مجموعہ ہے بتایئے نصف کتاب پر محیط پہلا خاکہ کس شہر کا ہے؟

جواب : منچن آباد۔

سوال : اردو میں مکمل خاکہ نگاری کی ابتدا کس نے کی؟

جواب : مرزا فرحت اللہ بیگ نے۔

سوال : خاکہ نگاری میں سعادت حسن منٹو کے کن دو مجموعوں کو اہمیت حاصل ہے؟

جواب : (1) گنجے فرشتے (2) لاؤڈ سپیکر۔

سوال : ''صاحب'' محمد طفیل کے خاکوں کا مجموعہ ہے بتایئے اس میں کن کے خاکے ہیں؟

جواب : جگر مراد آبادی، سعادت حسن منٹو، شوکت تھانوی، احسان دانش، فراق گورکھپوری، احمد ندیم قاسمی، عابد علی عابد۔

سوال : جنات کس ادیب کے خاکوں کا مجموعہ ہے۔

جواب : محمد طفیل

سوال : خاکوں کے مجموعوں مکرم اور محترم کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : محمد طفیل۔

سوال : کلوز اپ، شناخت پریڈ، پورٹریٹ، خدو خال مجھی نامی خاکوں کی کتابوں کے مصنفین کے نام بتایئے؟

جواب : اعجاز رضوی، یونس بٹ، رحیم گل، محمد طفیل نقوش۔

سوال : نصر اللہ خاں نے شخصی خاکوں پر ''کیا قافلہ جاتا ہے'' کے عنوان سے کتاب لکھی ہے بتایئے انہوں نے اس کا انتساب کس کے نام سے لکھا ہے؟

جواب : مشفق خواجہ۔

سوال : ''عطایئے'' عطاء الحق قاسمی کے کالموں کا مجموعہ ہے اس میں انہوں نے کن شاعروں اور ادیبوں کے خاکے شامل کیے ہیں؟

جواب : حفیظ جالندھری، احمد ندیم قاسمی، عطاء الحق قاسمی مخولیا (امجد اسلام امجد)، شبنم رومانی، نرم دم گفتگو (عارف عبدالمتین) تحسین فراقی، احسان دانش، شہباز ملک، کلام بلاغت اور نظام، نعیم

صدیقی، مجاز مرسل (سرور حجاز) پرولتاری ایورتوا (رفیق ڈوگر) سیاہ گاؤن (حفیظ صدیقی) ایک غیر شاعر، شاعر (عبدالعزیز خالد) محمد طفیل اور محمد نقوش (محمد طفیل) جیمز بانڈ اختر امان تک (اختر امان) شریف بنجارہ۔

سوال : خاکہ نگار کے لیے مشاہدے کا فن نہایت ضروری ہے اور خاکہ نگار وہ ہے جو وہ چیز دیکھ کر بیان کرتا ہے جو عام شخص دیکھ بھی نہیں سکتا۔ خاکہ نگاری کی یہ تعریف کس نے کی ہے؟

جواب : اعجاز رضوی۔

سوال : کلوز اپ میں اعجاز رضوی نے کتنے خاکے شامل کیے ہیں؟

جواب : بیس چند ایک کے نام یہ ہیں (احمد ندیم قاسمی، خالد احمد، عارف عبدالمتین، تحسین فراقی، عباس تابش، اجمل نیازی، رحیم گل)

سوال : ''اوکھے لوگ'' ممتاز مفتی کے خاکوں کا مجموعہ ہے بتایئے اس میں کتنے شاعروں اور ادیبوں کے خاکے شامل ہیں؟

جواب : سترہ۔

سوال : اڑاتے خاکے کس کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : ضمیر جعفری۔

سوال : ''مردم دیدہ'' کس کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : مولانا چراغ حسن حسرت۔

سوال : پکچر گیلری قرۃ العین حیدر کے خاکوں کا مجموعہ ہے بتایئے اس میں کتنے خاکے شامل کیے گئے ہیں؟

جواب : (عینی کے چھ خاکے)

سوال : آنکھیں ترستی ہیں اور مخدوی نامی خاکوں کے مصنفین کے نام بتایئے؟

جواب : جگن ناتھ آزاد۔ محمد طفیل۔

سوال : مخدوی کس شاعر کا تفصیلی خاکہ ہے؟

جواب : حفیظ جالندھری کا۔

سوال : متاع گم گشتہ حافظ لدھیانوی کے ہم عصر شاعروں اور ادیبوں کے سوانحی خاکوں پر مشتمل ہے۔ بتایئے احسان اکبر نے اس کتاب کے بارے میں کیا کہا ہے؟

جواب : یہ خاکوں کی کتاب نہیں بلکہ تذکرہ ہے۔

سوال : مندرجہ ذیل خاکوں کے مصنفین کے نام بتائیے؟
(1) چند یادیں (2) جان پہچان (3) شہرت کی خاطر۔

جواب : (1) خواجہ جمیل احمد (2) نظیر صدیقی (3) نظیر صدیقی۔

جواب : شاہد احمد دہلوی نے بھی خاکوں کی دو مجموعے لکھے ہیں ان کے نام بتائیے؟

سوال : گنجینہ گوہر (2) بزم خوش نفساں

جواب : گنج ہائے گرانمایہ اور ہم نفسان رفتہ کے خاکہ نگار کا نام بتائیے؟

جواب : رشید احمد صدیقی

سوال : عبدالماجد دریابادی کے خاکوں کے مجموعے کا نام معاصرین ہے رئیس احمد جعفری کے خاکوں کے مجموعے کا نام بتائیے؟

جواب : دید وشنید

سوال : موجودہ دور کے چند خاکہ نگاروں کے نام بتائیے؟

جواب : ڈاکٹر وزیر آغا، مختار مسعود، رفیق ڈوگر، عطاء الحق قاسمی، ڈاکٹر یونس بٹ، اعجاز رضوی اور ڈاکٹر اشفاق احمد ورک۔

سوال : آپ سے ملیئے علی جواد زیدی کے خاکوں کا مجموعہ ہے بتائیے اس میں کتنے خاکے شامل کیے گئے ہیں؟

جواب : تیرہ۔

سوال : ''عظمت رفتہ'' کس کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : ضیاء الدین برنی۔

سوال : سعادت حسن منٹو نے بھی خاکے تحریر کیے ہیں ان کے خاکوں کے دو مجموعوں کے نام بتائیے؟

جواب : گنجے فرشتے (2) لاؤڈ سپیکر

سوال : خاکوں کے مجموعہ مردم دیدہ کے مصنف کا نام چراغ حسن حسرت ہے یہ بتائیے دلی کی چند عجیب ہستیاں نامی خاکوں کا مجموعہ کس نے لکھا؟

جواب : اشرف صبوحی نے

سوال : اردو خاکہ نگاری کا باقاعدہ آغاز ایک مضمون ڈپٹی نذیر احمد کی کہانی کچھ میری کچھ ان کی زبانی سے ہوتا ہے بتائیے یہ مضمون کس مشہور ادیب نے لکھا۔

جواب : مرزا فرحت اللہ بیگ نے۔

سوال : خاکوں کا مجموعہ پورٹریٹ کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : رحیم گل۔

سوال : خورشید برنی نے بھی خاکوں کا مجموعہ لکھا ہے مجموعے کا نام بتائیے؟

جواب : راہ گذر۔

سوال : شیش محل کس کا لکھا ہوا خاکہ ہے؟

جواب : شوکت تھانوی۔

سوال : کٹی پتنگ کس کا لکھا ہوا خاکہ ہے؟

جواب : شاد عارفی۔

سوال : خاکہ ''ایک تھا راجا'' کس نے لکھا؟

جواب : مصطفیٰ زیدی نے۔

سوال : البم فارغ بخاری کے خاکوں کا مجموعہ ہے۔ یہ بتائیے کہ فارغ بخاری کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 13 اپریل 1997ء کو

سوال : فارغ بخاری کا اصل نام کیا ہے؟

جواب : سید میر احمد شاہ۔

سوال : ممتاز ادیب، افسانہ نگار، نقاد انشائیہ اور خاکہ نگار جناب انور سدید نے خاکہ نگاری پر چار کتابیں لکھی ہیں ایک کا نام محترم چہرے ہے باقی تین کے نام آپ بتائیے؟

جواب : (1) قلم کے لوگ 1999ء (2) ادیبان رفتہ 2007ء (3) زندہ لوگ 2008ء۔

سوال : لال سبز کبوتروں کی چھتری کس کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : ڈاکٹر اسلم فرخی۔

سوال : کلوز اپ کس ادیب کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : اعجاز رضوی کا۔

سوال : ''اوکھے اولڑے'' کے نام سے ممتاز مفتی نے کتنی شخصیات پر مبنی خاکے تحریر کیے؟

جواب : سترہ ادبی شخصیات پر

سوال : کیا یہ درست ہے کہ سید ضمیر جعفری نے اپنی کتاب مٹھا پانی میں چند خاکے بھی شامل کیے ہیں؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : عہد ساز لوگ شخصی خاکوں کا ایک مجموعہ ہے بتایئے اسے کس نے مرتب کیا؟

جواب : ابوالفضل صدیقی نے۔

سوال : اردو کی ادبی تاریخ کا خاکہ کس نے مرتب کیا؟

جواب : ڈاکٹر ابواللیث صدیقی

سوال : ''آنگن میں ستارے'' ڈاکٹر اسلم فرخی کے خاکوں کا مجموعہ ہے بتایئے گل دستہ احباب کس کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : ڈاکٹر اسلم فرخی۔

سوال : غبار کارواں کس کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : اشرف صبوحی۔

سوال : میرے ہمسفر اور میرے ہم قدم برصغیر کے کس معروف شاعر کے خاکوں کے مجموعے ہیں؟

جواب : احمد ندیم قاسمی۔

سوال : خاکہ مستی کس کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : ڈاکٹر اشفاق احمد ورک۔

سوال : یہ بتایئے ناصر کاظمی کی زندگی کا شخصی خاکہ کس عنوان سے شائع ہوا؟

جواب : مجھے تو حیران کر گیا وہ (اشاعت 2009)

☆☆☆

خطابات والقابات

سوال : بشریٰ رحمٰن کو کس مشہور ادیب نے اردو ادب کی جین آسٹن کا خطاب دیا؟

جواب : کرم حیدری۔

سوال : جدید اردو شاعری کا امام کس مشہور شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب : مولانا الطاف حسین حالی۔

سوال : خواجہ الطاف حسین حالی کو شمس العلماء کا خطاب کب ملا؟

جواب : **1904**ء میں۔

سوال : سر راس مسعود کو ان کی خدمات کے پیش نظر ریاست حیدرآباد دکن نے کیا خطاب دیا؟

جواب : مسعود جنگ۔

سوال : علامہ اقبال کو کس سن میں نائٹ ہڈ کا خطاب ملا؟

جواب : جنوری **1922**ء میں۔

سوال : شاعر اعظم اور شاعر انقلاب کس مشہور شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب : جوش ملیح آبادی کو۔

سوال : مرزا غالب کس شاعر کو پیار سے مرزا تفتہ کہا کرتے تھے؟

جواب : ہرگوپال تفتہ۔

سوال : عہد مغلیہ میں سب سے پہلے کس شاعر کو ملک الشعراء کا خطاب دیا گیا؟

جواب : غزالی مشہدی کو۔

سوال : ایرج میرزا کو کیا خطاب دیا گیا تھا؟

جواب : صدر الشعراء

سوال : لسان القوم کس مشہور شاعر کا خطاب تھا؟

جواب : صفی لکھنوی کا۔

سوال : علامہ شبلی نعمانی کو کس سن میں شمس العلماء کا خطاب ملا تھا؟

جواب : **1894**ء میں۔

سوال : چراغ محفل فصاحت کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب : خان آرزو کو۔

سوال : پاکستان کا ساحر لدھیانوی کسے کہتے ہیں؟

جواب : قتیل شفائی۔

سوال : بلوچی زبان کے کس شاعر کو بابائے بلوچی کہا جاتا ہے؟

جواب : آزاد جمال دینی۔

سوال : اردو کا برنارڈ شا کس کو کہتے ہیں؟

جواب : میاں عبدالعزیز فلک پیما۔

سوال : روس کے کس شاعر کو انقلابی احساسات کا سر آغاز کہتے ہیں؟

جواب : پشکن کو۔

سوال : خاقانی ہند کس شاعر کو کہا جاتا ہے نیز یہ خطاب انہیں کس نے دیا تھا؟

جواب : ابراہیم ذوق...... بہادر شاہ ظفر۔

سوال : سپین کا ایک شاعر جو سپین کی خانہ جنگی میں مارا گیا "شہید انقلابی" شاعر کہلاتا ہے شاعر کا نام بتایئے؟

جواب : لورکا۔

سوال : علامہ راشد الخیری کو مصور غم کہا جاتا ہے بتایئے مصور فطرت کسے کہتے ہیں؟

جواب : خواجہ حسن نظامی۔

سوال : اردو کا عمر خیام ریاض خیر آبادی کو کہا جاتا ہے بتایئے اردو کا ہومر کس کو کہتے ہیں؟

جواب : میر ببر علی انیس۔

سوال : اردو ادب کا عناصر خمسہ کن کو کہا گیا ہے؟

جواب : سر سید احمد خاں، مولانا حالی، ڈپٹی نذیر احمد، شبلی نعمانی اور مولانا محمد حسین آزاد۔

سوال : اردو ادب کے کس نقاد نے شبلی نعمانی کو عناصر خمسہ میں شمار کیا ہے؟

جواب : مہدی افادی نے۔

سوال : اردو کے کس شاعر کو خدائے سخن کہتے ہیں؟

جواب : میر تقی میر۔

سوال : امیر خسرو اردو شاعری کے.............. ہیں خالی جگہ پر کریں؟

جواب : بابا آدم۔

سوال : نظیر اکبر آبادی اردو کے پہلے عوامی شاعر ہیں۔ بتایئے شاعر اعظم کون ہیں؟

جواب : جوش ملیح آبادی، یہ خطاب منشی دیا نرائن نگم نے 1935ء میں انہیں دیا۔

سوال : فانی بدایونی کو...... کا امام کہا جاتا ہے۔ خالی جگہ پر کریں۔

جواب : یاسیت۔

سوال : کس ادیب کے حلقۂ احباب کو یاران نجد کہا جاتا تھا؟

جواب : علامہ نیاز فتح پوری۔

سوال : کرشن چندر کو اردو کا ٹالسٹائی کہا جاتا ہے بتایئے اردو کا چارلس ڈکنز کس کو کہتے ہیں؟

جواب : رتن ناتھ سرشار۔

سوال : تیسرا ایٹم بم کس ادیب کو کہا جاتا ہے؟

جواب : روسی ادیب الیگزنڈر سولزینٹسن کو۔

سوال : صفی لکھنوی کو کس لقب سے یاد کیا جاتا ہے؟

جواب : لسان قوم۔

سوال : تاج سعید نے پاکستان کے کس مشہور شاعر کو پاکستان کا ساحر لدھیانوی کہا ہے؟

جواب : قتیل شفائی۔

سوال : مرزا محمد رفیع سودا کو نواب آصف الدولہ نے کیا خطاب دیا تھا؟

جواب : ملک الشعراء۔

سوال : رئیس امروہوی کو کس نے رئیس القلم کا خطاب دیا تھا؟

جواب : سید الطاف بریلوی نے۔

سوال : عظمت اللہ خاں کو سریلے بول کا شاعر کہا جاتا ہے سریلی بانسری کا شاعر کسی کہتے ہیں؟

جواب : آرزو لکھنوی۔

سوال : "ترکی کا عوامی شاعر" کسے کہا جاتا ہے؟

جواب : یونس امرے کو۔

سوال : سید الاحرار کس مشہور شاعر کو کہتے ہیں؟

جواب : مولانا حسرت موہانی کو۔

سوال : جوش ملیح آبادی کو شاعر انقلاب کہا جاتا ہے بتایئے شاعر شباب کسے کہتے ہیں؟

جواب : جوش ملیح آبادی ہی کو۔

سوال : جاسوسی کہانیوں کی ملکہ کس ادیبہ کو کہا جاتا ہے؟

جواب : اگاتھا کرسٹی کو۔

سوال : سردار عبدالرب نشتر نے کس شاعر کو شہنشاہ تغزل کہا تھا؟

جواب : مولانا حسرت موہانی کو۔

سوال : سندھی ادب کا چاسر کس مشہور شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب : شاہ عبداللطیف بھٹائی کو۔

سوال : لسان العصر کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب : اکبرالہٰ آبادی کو۔

سوال : ڈپٹی نذیر احمد کو اڈنبرا یونیورسٹی نے ایل ایل ڈی اور پنجاب یونیورسٹی نے ڈی او ایل کی ڈگریاں دیں بتایئے حکومت ہند نے انہیں کون سا اعزاز دیا؟

جواب : شمس العلماء کا خطاب۔

سوال : شاعر فطرت، شاعر انقلاب اور شاعر شباب کس مشہور شاعر کے خطابات تھے؟

جواب : جوش ملیح آبادی۔

سوال : بابائے انگریزی ناول کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب : سیموئیل رچرڈسن۔

سوال : نجم الدولہ دبیر الملک کس مشہور شاعر کا خطاب ہے؟

جواب : مرزا اسداللہ خان غالب کا۔

سوال : اردو نثر کا میر انیس کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب : مولانا محمد حسین آزاد۔

سوال : ڈپٹی نذیر احمد کو کس سن میں شمس العلماء کا خطاب ملا تھا؟

جواب : 1897ء میں۔

سوال : رحمان بابا کو پشتو ادب کا کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : باوا آدم۔

سوال : بتایئے دیوان سنگھ کو مفتون کا لقب کس نے دیا تھا؟

جواب : خواجہ حسن نظامی نے۔

سوال : بابائے اردو تو مولوی عبدالحق ہیں بابائے پنجابی کا نام آپ بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر فقیر محمد فقیر۔

سوال : ''آہنی نقاب میں آدمی'' کس فرانسیسی ڈراما اور ناول نگار کو کہا جاتا ہے؟

جواب : الیگزنڈر ڈوماز۔

سوال : مردان کے کس شاعر کو امن کا شاعر کہا جاتا ہے؟

جواب : پیر گوہر کو۔

سوال : بنگلہ زبان کے ورڈز ورتھ کون ہیں؟

جواب : کوی جسیم الدین۔

سوال : اردو زبان کا پہلا باغی شاعر کسے کہتے ہیں؟

جواب : غالب۔ کیونکہ انہوں نے غزل کی مروجہ روایات سے انحراف کیا تھا؟

سوال : مولوی اللہ بخش ابوجھو کو سندھ کا.......... کہتے ہیں خالی جگہ پر کریں۔

جواب : حالی۔

سوال : سندھی کا سرتاج شاعر کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب : شاہ عبداللطیف بھٹائی۔

سوال : لسان پاکستان کس مشہور ادیب کا خطاب ہے؟

جواب : جسٹس ایم آر کیانی کو۔

سوال : نواب ٹانک نے نواب حسان الملک بہادر کا خطاب کس شاعر کو دیا تھا؟

جواب : حفیظ جالندھری کو۔

سوال : علی سردار جعفری نے کس شاعر کو خدائے سخن کہا ہے؟

جواب : میر تقی میر۔

سوال : علامہ اقبال نے کس شاعر کو گوئٹے کا ہم نوا قرار دیا؟

جواب : غالب کو۔

سوال : حضرت عمرؓ نے کس شاعر کو اشعر الشعرا کے خطاب سے نوازا تھا؟

جواب : حضرت زہیرؓ کو۔

سوال : فصیح الملک، بلبل ہندوستان اور جہان استاد کے خطابات کس شاعر کو دیئے گئے تھے؟

جواب : مرزا داغ دہلوی کو۔

سوال : برصغیر میں فارسی ماہیا کو شاعر اول کسے کہا جاتا ہے؟

جواب : بشیر حسین ناظم کو۔

سوال : نائٹ برڈ (رات کا پرندہ) کس بھارتی شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب : کیفی اعظمی کو۔

سوال : فرانس کے کس ادیب کو ادب کی رومانی تحریک کا سربرآوردہ ترجمان کہا جاتا ہے؟

جواب : ڈاکٹر وکٹر ہیوگو کو۔

سوال : اردو افسانے کا جنٹل مین رائٹر کسے کہتے ہیں؟

جواب : شفیق الرحمٰن کو۔

سوال : شاعر بلوچستان کس شاعر کو کہتے ہیں؟

جواب : کامل القادری کو۔

سوال : شورش کاشمیری نے کس ممتاز ادیب کو اپنے رسالے چٹان میں محسن اردو کا خطاب دیا تھا؟

جواب : محمد طفیل (نقوش)

سوال : سندھ کے کس شاعر کو ہفت زبان شاعر کہا جاتا ہے؟

جواب : حضرت سچل سرمست۔

سوال : مزاحیہ شاعری کا امام کس کو کہتے ہیں؟

جواب : اکبر الٰہ آبادی۔

سوال : ہندوستان کا شیخ سعدی .... کو کہتے ہیں۔ خالی جگہ پر کریں۔

جواب : علامہ حسن سنجر کو۔

سوال : برطانوی استعمار کا ترجمان کس انگریز شاعر کو کہتے ہیں؟

جواب : رڈیارڈ کپلنگ۔

سوال : جرمنی کے کس مشہور شاعر اور ڈرامانویس کو "منکر فطرت" کہتے ہین؟

جواب : گوئٹے کو۔

سوال : برصغیر پاک و ہند میں اردو کا پہلا سائنسی غزل گو شاعر کسے کہا جاتا ہے؟

جواب : ولی ہاشمی کو۔

سوال : پشتو غزل کا حافظ شیرازی کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب : رحمان بابا کو۔

سوال : بتایئے بھارت کے کس شاعر کو مہاکوی کہتے ہیں؟

جواب : سبرامنیا بھارتی (1882ء، 1921ء) کو۔

سوال : امام غزالی کے استاد انہیں کیا کہتے تھے؟

جواب : امام الحرمین۔

سوال : بابائے اردو پوٹھوار کے کس ممتاز شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب : عبدالعزیز فطرت۔

سوال : بتایئے شاعر رسول کس ممتاز صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب : حضرت حسان بن ثابتؓ کو۔

سوال : پوئٹ آف اوشن کس انگریز شاعر کا خطاب ہے؟

جواب : لارڈ بائرن

سوال : کس شاعر کو قلم کا مزدور کہا جاتا تھا؟

جواب : افضل پرویز۔

سوال : سندھی شاعری کا ستارہ صبح کسے کہا جاتا ہے؟

جواب : شاہ عبدالکریم بلڑی کو۔

سوال : بنگالی ادب کا باغی شاعر کسے کہتے ہیں؟

جواب : قاضی نذرالاسلام۔

سوال : بتایئے آق قویونلو سلطان یعقوب نے فارسی کے کس مشہور شاعر کو بابائے شعرا کا خطاب دیا؟

جواب : بابا فغانی کو۔

سوال : سوویت یونین کے کس شاعر کو ان کی زندگی میں یاسنایا پولیانا کا مرد دانا کہا جانے لگا۔

جواب : لیوٹالسٹائی۔

سوال : پطرس بخاری نے صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کو کیا لقب دیا تھا؟

جواب : اوسان خطائی (بحوالہ علامت لاہور مئی 1990ء)

سوال : دہلی کا ناسخ کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب : شاہ نصیر۔

سوال : بتایئے خیام الہند کس شاعر کا خطاب ہے؟

جواب : حیدر دہلوی۔

سوال : بنگلہ زبان کا ورڈز ورتھ کسے کہتے ہیں؟

جواب : کوی جسیم الدین۔

سوال : اردو کا موپاساں کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب : سعادت حسن منٹو۔

سوال : ایم اسلم کو اردو کا کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : والٹر سکاٹ۔

سوال : بتائیے کس مشہور شاعر کو خیام الہند کا لقب دیا گیا ہے؟

جواب : حیدر دہلوی۔

سوال : یہ بتائیے بھارت کے کس سیاسی رہنما اور دانشور کو امام الہند کہا جاتا ہے؟

جواب : مولانا ابوالکلام آزاد۔

☆☆☆

داستان رقصہ

سوال : اردو زبان کی سب سے قدیم اور مشہور داستان کون سی ہے؟

جواب : نوطرز مرصع، اسے محمد عطا حسین خان تحسین نے فارسی سے اردو میں منتقل کیا؟

سوال : بتائیے اس کے بعد داستانی رنگ میں ڈوبی ہوئی کون سی کتاب منظر عام پر آئی؟

جواب : باغ و بہار۔

سوال : حیدر بخش حیدری نے کون کون سی داستانیں لکھیں؟

جواب : آرائش محفل اور طوطا کہانی۔

سوال : مندرجہ ذیل داستانوں کے مرتبین کے نام بتائیے؟

(1) امیر حمزہ (2) نثر بے نظیر (3) بے تال پچیسی (4) سنگھاسن۔

جواب : (1) خلیل علی خان رشک (2) بہادر علی حسینی (3) مظہر علی ڈار (4) کاظم علی جوان۔

سوال : 1802ء میں ڈاکٹر گلکرائسٹ کی فرمائش پر کس نے قصہ چہار درویش کو اردو میں لکھا؟

جواب : میر امن دہلوی۔

سوال : بتائیے میر امن دہلوی کی داستان کا نام کیا تھا؟

جواب : باغ و بہار۔

سوال : چار مشہور داستانوں کے نام بتائیے؟

جواب : نورتن، گل صنوبر، مذہب عشق اور سروش سخن۔

سوال : حقیقت میں اگر دیکھا جائے تو قصہ گوئی داستان تراشی کا سہرا مشرق کے سر ہے بتائیے یہ الفاظ کس کے ہیں؟

جواب : رچرڈ برائن۔

سوال : داستان امیر حمزہ اردو کا ایک مشہور قصہ ہے، داستان غریب حمزہ کس کی تصنیف ہے؟

جواب : اے حمید۔

سوال : کس مشہور ادیب کو ساموا کے باشندے داستان گو کہتے تھے؟

جواب : ادایل سٹیونسن۔

سوال : رجب علی بیگ سرور کی داستان فسانہ عجائب کے ہیرو کا نام بتائیے؟

جواب : جان عالم۔

سوال : داستان امیر حمزہ میں کل کتنے قصے ہیں؟

جواب : 360۔

سوال : اردو ادب میں بہترین داستان گو کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب : رتن ناتھ سرشار۔

سوال : کیا منشی پریم چند بھی داستان گو ہیں؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : ہیر رانجھا کا قصہ وارث شاہ نے کہاں اور کب بیٹھ کر لکھا تھا؟

جواب : ملکہ ہانس کی ایک مسجد کے حجرے میں 1766ء میں۔

سوال : بتایئے سب سے پہلے ہیر رانجھے کے قصے کا ذکر کس نے کیا ہے؟

جواب : ایک شاعر ہریانے (اس نے یہ قصہ پنجابی زبان میں منظوم کیا)

سوال : ہیر رانجھے کو اکبر کے کن درباری شاعروں نے منظوم کیا؟

جواب : گنگ بھٹ نے ہندی میں اور باقی کولابی نے فارسی میں۔

سوال : ایلیڈ، رامائن اور شاہنامہ کن ادیبوں کی رزمیہ داستانیں ہیں؟

جواب : ہومر، تلسی داس، فردوسی۔

سوال : داستان لکھنؤ کے دبستان ادب کا ارتقا، کس نے لکھی؟

جواب : ڈاکٹر آغا سہیل۔

سوال : اردو زبان اور فن داستان گوئی اس موضوع پر لکھی جانے والی پہلی کتاب ہے بتایئے اس کے مصنف کون ہیں نیز یہ کب چھپی؟

جواب : حکیم الدین احمد 1944ء۔

سوال : حسن و عشق کی لازوال داستان نوری جام تماچی کا تعلق کس صوبے سے ہے؟

جواب : صوبہ سندھ۔

سوال : آدم خان درخانئی صوبہ سرحد کی ایک مشہور لوگ داستان ہے بتایئے اس داستان میں آدم خان درخانئی کو اغوا کرنے کے بعد بطور امانت کس کے سپرد کیا گیا؟

جواب : میر مائی۔

سوال : بتایئے لوک کہانی مہوا کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب : بنگلہ دیش۔

سوال : عزت اور مہرک بلوچستان کی ایک لوک داستان ہے بتایئے اس کردار کی ہیروئن مہرک کا اصلی نام کیا تھا نیز عزت کس پیشے سے منسلک تھا؟

جواب : مہر خاتون......سنار کا پیشہ۔

سوال : بیجل اور سورتھ کس صوبے کی لوک داستان ہے؟

جواب : صوبہ سندھ۔

سوال : داستان بوستان خیال کے مصنف کون ہیں انہوں نے یہ داستان کتنی جلدوں میں لکھی؟

جواب : میر تقی خیال.........سات جلدوں میں۔

سوال : اردو قصوں میں کس کی کتاب کو انتہائی اہمیت حاصل ہے؟

جواب : باغ و بہار۔

سوال : حیدر بخش حیدری نے قصہ، حاتم طائی کو کس نام سے فارسی سے اردو میں منتقل کیا؟

جواب : آرائش محفل

سوال : داستان طلسم ہوشربا کتنی جلدوں میں ہے نیز اس کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : سات.....تصدق حسین۔

سوال : داستان کی داستان کس کی تالیف ہے؟

جواب : آرزو چودھری۔

سوال : سندھی کی مشہور رومانی داستانوں کے نام بتایئے؟

جواب : سسی پنوں، عمر ماروی، مومل رانو، سورٹھ، راؤ ڈیاچ، لیلیٰ چنیسر اور سوہنی میہار۔

سوال : یونان کی دو قدیم رزمیہ داستانوں کے نام بتایئے؟

جواب : اوڈیسی اور ایلیڈ۔

سوال : شگوفہ محبت نامی قصے کو رجب علی بیگ سرور نے کس کی فرمائش پر اور کب لکھا؟

جواب : 1856ء میں احمد علی خان رئیس سندیلہ۔

سوال : طلسم حیرت کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : جعفر علی شیون کاکوری۔

سوال : سروشِ سخن کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : فخر الدین حسین سخن......1860ء میں۔

سوال : رجب علی سرور بیگ نے شگوفہ محبت میں کس کھتری کے قصے کو نئے انداز میں پیش کیا ہے؟

جواب : مہر چند کھتری۔

سوال : گل بکاؤلی کا قصہ مذہب عشق کس نے فارسی سے اردو میں منتقل کیا؟

جواب : نہال چند لاہوری۔

سوال : چند مشہور داستانوں اور قصوں کے نام لکھیے۔

جواب : کلیلہ ودمنہ، رانی کیتکی کی کہانی، مذہب عشق، فسانہ عجائب، گل صنوبر، شگوفہ محبت، سروشِ سخن اور طلسم حیرت۔

سوال : داستان امیر حمزہ اور بوستان خیال میں کون سی داستان مختصر داستان ہے؟

جواب : دونوں طویل ہیں۔

سوال : ابتدائی دور کے نثری قصوں کے نام بتایئے؟

جواب : فضل کی کربل کتھا، عیسوخان کی داستان مہر، فروز دلبر شاہ سے منسوب عجائب القصص، تحسین نوطرز مرصع النساء کی رانی کیتکی کی کہانی اور میر امن کی باغ و بہار۔

سوال : بتایئے یہ اقتباس کس داستان سے لیا گیا ہے؟

افراسیاب کے سامنے کٹنیاں اپنا کمال ظاہر کرتی ہیں ہزاروں نسبتیں اور بیان کروا دیتے اور صد ہا طلاقیں دلوا دیں آپس میں دو شیدائے محبت کی جانی دشمنی کرا دی اور بہت سی بہو بیٹیاں جن کا دامن تک کسی نے نہ دیکھا تھا ان کو نو نو یار کرا اپنے اور بڑے بڑے اڑیل مہاجنوں کی گھر بتا کر چوروں کو ولوا دیا۔

جواب : (طلسم ہوشربا، جلد اول صفحہ 621)

سوال : شفیع عقیل کی کتاب ایرانی لوک کہانیاں، لوک کہانیوں کے سلسلے کی کون سی کتاب ہے؟

جواب : نویں۔

سوال : داستان سے افسانے تک کس کی مشہور کتاب ہے؟

جواب : پروفیسر سید وقار عظیم

سوال : ڈاکٹر گیان چند نے داستان کی تعریف کن الفاظ میں کی ہے؟

جواب : جب انسان فرسودہ نظریات وعقائد اور توہمات میں جکڑا ہوا تھا ہماری کہانیاں اس دور کی تہذیب و معاشرت کا عکس ہیں۔

سوال : داستان کے عناصر ترکیبی کون کون سے ہوتے ہیں؟

جواب : (1) پلاٹ (2) کردار نگاری (3) مکالمہ نگاری (4) اظہار دلچسپی (5) تجسس۔

سوال : ملا وجہی نے اپنی کس تصنیف کو داستان قرار دیا؟

جواب : سب رس۔

سوال : کیا سب رس کو داستان کا درجہ دیا جا سکتا ہے، اگر نہیں تو کیوں نہیں؟

جواب : اس داستان میں عناصر ترکیبی نہ ہونے کے برابر تھے۔

سوال : محمد حسین عطا تحسین نے فارسی کے کس مشہور قصے کو نوطرز مرصع کے نام سے اردو میں پیش کیا؟

جواب : قصہ چہار درویش۔

سوال : کیا آپ چند مشہور داستان گوؤں کے نام بتا سکتے ہیں؟


جواب : جی ہاں۔ مظہر علی ولا، رجب علی سرور، نیم چند کھتری، عبدالحکیم، خواجہ بدرالدین، انشاء اللہ خاں انشاء۔

سوال : داستان تاریخ اردو کس نے لکھی ہے؟

جواب : حامد حسن قادری۔

سوال : شفیع عقیل نے کس نام سے پنجابی لوک داستانوں پر کتاب لکھی ہے؟

جواب : پنجابی لوک داستانیں۔



ڈراما

سوال : اردو ڈرامے کی ابتدا کس نے کی؟

جواب : واجد علی شاہ نے رادھا کنہیا کے نام سے تیار کر کے۔

سوال : واجد علی شاہ نے اپنی کتنی مثنویوں پر مشتمل تین کھیل الگ تیار کیے؟

جواب : تین عشقیہ مثنویوں پر۔

سوال : ڈراما خورشید گجراتی سے اردو میں کب منتقل کیا گیا اور یہ کب کھیلا گیا؟

جواب : 1871ء میں۔

سوال : 1852ء سے 1885ء تک جن مشہور ادیبوں نے ڈرامے لکھے ان کے نام بتائیے؟

جواب : مہردان جی اکرام، ایڈل جی کھوری، اور کیخسرو نوروجی۔

سوال : آرام نے کون کون سے ڈرامے دیئے؟

جواب : باغ و بہار، جوان محبت، حاتم طائی اور عالم گیر۔

سوال : بزرگ لاہوری نے کتنے ڈرامے لکھے؟

جواب : تین۔

سوال : حسینی میاں ظریف نے 26 ڈرامے لکھے ان میں سے پانچ کے نام بتائیے؟

جواب : نتیجہ علمت، نیرنگ عشق، فتنہ خانم، خدادوست اور اکسیر اعظم۔

سوال : حافظ عبداللہ فتح پوری نے کتنے ڈرامے لکھے؟

جواب : ساٹھ۔

سوال : ڈاکٹر عابد حسین نے پردہ غفلت نامی ڈراما لکھا بتائیے انار کلی کس نے لکھا تھا؟

جواب : امتیاز علی تاج۔

سوال : امانت لکھنوی نے اندر سبھا ناٹک کب لکھا؟

جواب : 1852ء میں۔

سوال : 1921ء سے 1930ء تک جن ڈراما نگاروں نے نام پیدا کیے ان کے نام بتائیے؟

جواب : آصف مدراسی، دل لکھنوی، پنڈت رادھے شام، رضی بنارسی، شرر لکھنوی، ظفر علی خاں، عبدالماجد دریابادی اور پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی۔

سوال : ڈرامے کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب : یہ ایک ایسی صنف ادب ہے جس میں انسانی زندگی کے واقعات اور مشاہدات کو افراد اور ان کی گفتگو کے حوالے کے ساتھ عملی طور پر پیش کیا جاتا ہے۔

سوال : باپ کا گناہ کس کا ڈراما ہے؟

جواب : حکیم احمد شجاع۔

سوال : اردو ڈرامے کی پہلی تاریخ کس نے لکھی ہے۔ اور کس نام سے؟

جواب : نورالٰہی محمد عمر نے..... ناٹک ساگر

سوال : کیا آپ چند ترجمہ شدہ ڈراموں کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : جی ہاں خوارزم شاہ..... سجاد حیدر یلدرم

سیب کا درخت......... پطرس بخاری

پردہ غفلت......... ڈاکٹر عابد حسین

سوال : چند ایسے افسانہ نگاروں کے نام بتائیے جنہوں نے ڈرامے بھی لکھی؟

جواب : عصمت چغتائی، خواجہ احمد عباس، سعادت حسن منٹو اور میرزا ادیب۔

سوال : شکسپیر کو اردو ڈراما کے اسٹیج پر سب سے پہلے، کس نے متعارف کرایا؟

جواب : مہدی حسن احسن۔

سوال : "قتل نظیر" پنڈت نرائن پرشاد بیتاب کا پہلا ڈراما ہے ڈراما مہابھارت کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : بے تاب۔

سوال : طالب بناری کس تھیٹریکل کمپنی کے لیے ڈرامے لکھتے تھے؟

جواب : وکٹوریہ ناٹک کمپنی۔

سوال : ناصر سلطان کاظمی کے طویل ڈرامے بساط کا دوسرا ایڈیشن کب شائع ہوا؟

جواب : 1989ء میں۔

سوال : مشہور ڈراما نگار جنہیں انڈین شیکسپیر بھی کہا جاتا ہے کس نام سے ڈرامے لکھتے تھے؟

جواب : آغا حشر (-1979 ـ 28 اپریل 1934ء)

سوال : کیا آپ ناٹک ساگر کے مصنف کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : جی ہاں صاحبزادہ محمد عمر (1888 ـ 30 اکتوبر 1946ء)

سوال : ''مدہم پنچم'' کا کے ریڈیائی ڈراموں کا مجموعہ؟

جواب : صاحبزادہ محمد عمر۔

سوال : سردان جی مہروان جی نے کون سا ڈراما 1870ء میں وکٹوریا ناٹک منڈلی کے لیے لکھا تھا؟

جواب : رستم سہراب۔

سوال : سبز دیوی (The Green Goddess) کے انگریز مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : ولیم آرچر (1924- 1856)

سوال : آغا شاعر دہلوی (1871-1940ء) کے مشہور ڈرامے کا نام کیا تھا؟

جواب : حور جنت۔

سوال : سجاد ظہیر مختصر ڈراما لکھنے والوں میں شمار کیے جاتے تھے ان کے کسی ایک ڈرامے کا نام بتائیے؟

جواب : بیمار۔

سوال : میرزا مہدی حسن، احسن لکھنوی نے شیکسپیر کے کس ڈرامے کو خون ناحق کے نام سے 1898ء میں پیش کیا؟

جواب : ہیملٹ۔

سوال : امراؤ علی نے ہیملٹ کا چربہ کس نام سے پیش کیا تھا؟

جواب : جہانگیر۔

سوال : ''آغا حشر اور ان کے ڈرامے'' کس کی ترتیب ہے نیز یہ کب شائع ہوئے؟

جواب : 1954ء کو..... سید وقار عظیم کی۔

سوال : آغا حشر کے کم از کم تین ڈراموں کے نام بتائیے؟

جواب : ڈاکٹر اے بی اشرف۔

سوال : ڈراما کس زبان کا لفظ ہے نیز اس کا مطلب کیا؟

جواب : یونانی لفظ ڈراء سے مشتق۔ مطلب کرنا یا کر کے دکھانا۔

سوال : یونانی ڈراما نگار سوفوکلیز (Sophocles) کا کون سا ڈراما مشہور ہوا؟

جواب : ایڈیپس (Oedipus)

سوال : بتائیے سوفوکلیز نے کتنے ڈرامے لکھے؟

جواب : 120۔

سوال : شیکسپیر کے ڈرامے ہیملٹ میں ہیملٹ کس ملک کے بادشاہ کا لڑکا ہے؟

جواب : ڈنمارک

سوال : لیل و نہار، نل دمینتی، دلیر دشیر، گوپی چند، ہریش چندر، سنگین بکاؤلی، بکرم بلاس اور اللہ دین کس کے ڈراموں کے مجموعے ہیں؟

جواب : طالب بنارسی۔

سوال : امانت لکھنوی نے اندر سبھا ناٹک کب لکھا؟

جواب : 1852ء

سوال : ڈراما خورشید کس زبان میں گجراتی سے منتقل کیا گیا اور یہ کب کھیلا گیا؟

جواب : اردو..... 1871ء میں بمبئی میں۔

سوال : آغا حشر نے کتنے برس تک اردو ڈرامے اور اسٹیج کی خدمات انجام دیں؟

جواب : 30 سال تک۔

سوال : پاکستان ٹیلی ویژن کے مشہور ڈراما نگاروں کے نام بتائیے؟

جواب : ڈاکٹر انور سجاد، امجد اسلام امجد، کمال احمد رضوی، عطاء الحق قاسمی، مستنصر حسین تارڑ، منو بھائی، ذوالقرنین حیدر، ڈاکٹر ڈینس آئزک، فاطمہ ثریا بجیا، نور اللہ، الہدیٰ شاہ، حسینہ معین، اصغر ندیم سید۔ بانو قدسیہ، اشفاق احمد، یونس جاوید، شوکت صدیقی، میرزا ادیب، انور مقصود، شاہد کاظمی فخر زماں شاہد ندیم۔ زاہدہ حنا۔ تاج حیدر۔ ذکاء الرحمٰن۔ عتیق اللہ شیخ، سرمد صہبائی۔

سوال : پس پردہ میرزا ادیب کے ڈراموں کا مجموعہ ہے بتائیے اس میں کتنے ڈرامے شامل ہیں؟

جواب : نو۔

سوال : 1900ء میں احسن لکھنوی نے مرچنٹ آف وینس کو کس نام سے پیش کیا۔

جواب : دلفروش۔

سوال : اردو کے ممتاز ڈراما نگاروں کے نام بتائیے؟

جواب : پروفیسر محمد مجیب، ڈاکٹر عابد حسین، عبدالماجد دریا آبادی، مولانا ظفر علی خاں، امتیاز علی تاج، حکیم احمد شجاع، کرشن چندر، عصمت چغتائی، میرزا ادیب، ریوتی سرن شرما، کرتار سنگھ دگل۔، راجندر سنگھ بیدی، ڈاکٹر محمد حسن، ڈاکٹر مجیب الرحمان، خواجہ احمد عباس، رفیع پیر، انصار ناصری، حبیب تنویر، ناصر شمی، انور عنایت اللہ، قدسیہ زیدی، اصغر بٹ، آغا بابر، پرکاش

پنڈت، مستنصر حسین تارڑ، امجد اسلام امجد، عطاء الحق قاسمی، خالد احمد، ذوالقرنین حیدر، ڈاکٹر ڈینس آئزک، اشفاق احمد، بانو قدسیہ، یونس بٹ، یونس جاوید، اصغر ندیم سید، حسینہ معین، عشرت رحمانی۔قمر علی عباسی۔

سوال : مہروان جی آرام کے مشہور ڈراموں کے نام بتایئے؟

جواب : مہروان جی آرام، ایڈل جی کھوری اور کیخسر ونوروجی۔

سوال : 1852ء سے 1885 تک کی مدت کے مشہور ڈراماموں کے نام بتایئے؟

جواب : باغ و بہار، جوان محبت، حاتم طائی اور عالمگیر۔

سوال : کیا آپ حسینی میاں ظریف کے مشہور ڈراموں کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : نتیجہ علمت، نیرنگ عشق، فتنہ خاتم، خدادوست اور اکسیر اعظم۔

سوال : چیکوسلواکیہ کے اس ادیب کا نام بتایئے جو 29 دسمبر 1989 کو چیکوسلواکیہ کے صدر منتخب ہوئے؟

جواب : واسلیوہیول

سوال : حافظ عبداللہ فتح پوری کے ڈراموں کی تعداد بتایئے؟

جواب : 60۔

سوال : کشن چند زیبا کے مشہور ڈراموں کے نام بتایئے؟

جواب : زخمی پنجاب، انقلاب زندہ باد۔

سوال : پنڈت سدرشن نے کتنے ڈرامے لکھے؟

جواب : آٹھ۔

سوال : سید امتیاز علی تاج نے ڈراما انارکلی لکھا اور بڑی شہرت پائی بتایئے اس کے علاوہ انہوں نے ریڈیو کے لیے کون کون سے ڈرامے لکھے؟

جواب : چچا چھکن، ہیبت ناک افسانے، قرطبہ کا قاضی۔

سوال : خاطر غزنوی نے پچاس سے زائد ڈرامے لکھے کسی دو کے نام بتایئے؟

جواب : بی جمالو، چاند کا مسافر۔

سوال : فٹ پاتھ کی گھاس، بانو قدسیہ کے افسانوں کو مجموعہ ہے بتایئے یہ کتنے ڈراموں پر مشتمل ہے اور انہیں کب ٹی وی پر دکھایا گیا تھا؟

جواب : 13 طویل ڈراموں پر...... 1981ء تا 1987ء

سوال : شیطان کس کے مزاحیہ ڈراموں کا مجموعہ ہے؟

جواب : عصمت چغتائی۔

سوال : سعادت حسن منٹو کے ایک ڈراموں کے مجموعے کا نام آؤ ہے بتایئے اس کا انداز کیا ہے؟

جواب : مزاحیہ۔

سوال : ابسن کے ڈرامے گریٹ بلڈر معمار اعظم کے نام سے کس نے کیا؟

جواب : عزیز احمد۔

سوال : اردو ڈرامے کی مختصر تاریخ کے مولف کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر ملک حسن اختر۔

سوال : Keans کس ادیب کا سیاسی ڈراما ہے؟

جواب : ژاں پال سارتر کا۔

سوال : کالج کاپل یونس جاوید کے ڈراموں کا مجموعہ ہے بتایئے اس میں کتنے ڈرامے شامل ہیں؟

جواب : چار (1) کالج کاپل (2) دھوپ دیوار (3) ساون روپ (4) سٹیٹس۔

سوال : برصغیر کے کس مشہور ڈراما نگار کے ڈرامے شیکسپیر کے ہیملٹ، کنگ لیئر، ہیلتھ، رچرڈ ہوم اور کنگ جان سے ماخوذ تھے۔

جواب : آغا حشر۔

سوال : چند ترقی پسند ڈراما نگاروں کے نام بتایئے؟

جواب : کرشن چندر، راجندر سنگھ بیدی، اپندر ناتھ اشک، اور سعادت حسن منٹو۔

سوال : آرمز اینڈ دی مین کس مشہور انگریز ادیب کا ڈراما ہے؟

جواب : برنارڈ شا۔

سوال : بساط نامی طویل ڈرامے کس نے لکھا ہے؟

جواب : باصر سلطان کاظمی نے۔

سوال : شہ رگ ابصار عبدالعلی کے ڈراموں کا مجموعہ ہے خالی ہاتھ کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : ابصار عبدالعلی۔

سوال : موضوع کے اعتبار سے ڈرامے انارکلی کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

جواب : تین آغاز، کش مکش، انجام۔

سوال : محمد عمر نورالہٰی کے اس ڈرامے کا نام بتایئے جس میں ابراہام لنکن کی زندگی کے واقعات قلم بند کیے گئے ہیں؟

جواب : روحِ سیاست۔

سوال : معلم اسود، گناہ کی دیوار، صید زبوں، اور ہمزاد کس کے ڈرامے ہیں؟

جواب : اشتیاق حسین۔

سوال : سورج قید سے چھوٹ گیا کس کا منظوم ڈراما ہے؟

جواب : احمد عقیل روبی۔

سوال : عبدالغفار مدھولوی نے بچوں کے لیے بھی ڈرامے لکھے ہیں ذرا ان کے نام تو بتایئے؟

جواب : اسکول کی زندگی، قوم پرست طالب علم اور محنت۔

سوال : محمد مجیب۔ (پروفیسر اور سابق وائس چانسلر جامع ملیہ اسلامیہ دہلی) کے کس ڈرامے میں عبدالغفور کے کردار میں جوش وخروش پایا جاتا ہے؟

جواب : ''کھیتی''

سوال : آخری فرعون، بھارت کا لال، دلہن، حسن کی ملت اور جاں باز نامی ڈراموں کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : حکیم احمد شجاع۔

سوال : بلجیم کے مشہور ڈراما نگار مارس میٹرلنک نے حشرات الارض کو اپنا موضوع بنایا ہے بتایئے کیوبا کی ڈراما نگار ڈوز القائسو کا موضوع کیا ہی؟

جواب : حشرات الارض۔

سوال : کالی داس سنسکرت کا مشہور شاعر اور ڈراما نویس تھا بتایئے اس نے کس نام سے ڈرامے لکھے؟

جواب : (1) شکنتلا (2) واکرارودسی۔

سوال : عبدالاکبر خان اکبر پشتو کے ڈراما نگار ہیں بتایئے ان کا ڈراما تین یتیم کب سٹیج کیا گیا تھا؟

جواب : 1927ء میں۔

سوال : پشتو کے چند ڈراما نگاروں کے نام بتایئے؟

جواب : عبدالخالق خلیق، فضل رحیم ساقی، عبداللہ جان اسیر۔

سوال : بتایئے ڈراما نویس بن جانسن کو کس حالت میں دفن کیا گیا ہے؟

جواب : بٹھا کر۔

سوال : شیکسپیر نے اپنے کس ڈرامے میں امریکا کا ذکر کیا ہے؟

جواب : **A Comedy of Errors** میں

سوال : گورنمنٹ کالج لاہور میں ''دلی کی آخری شمع'' کے نام سے اسٹیج ڈراما منعقد کیا گیا۔ بتایئے اس میں غالب کا کردار کس مشہور شاعر نے صوفی تبسم کی ہدایات پر ادا کیا؟

جواب : شہزاد احمد۔

سوال : بتایئے دائرہ المعارف برطانیہ (مرتب براؤن آیئور) میں ڈراما کے بارے میں مقالہ نگار نے کیا لکھا ہے؟

جواب : ڈراما یونانی لفظ کی ''نقل لفظی'' ہے۔ جس کا مفہوم کر کے دکھائی ہوئی چیز ہے اور جس کا معنی میں کرتا ہوں۔

سوال : وکٹوریہ ناٹک منڈی کب تشکیل دی گئی تھی جو بعدازاں پارسی وکٹوریہ تھیٹریکل کمپنی کے نام سے مشہور ہوئی؟

جواب : **1870**ء میں

سوال : بتایئے ریڈیو نے اپنی مخصوص ضروریات کے تحت ایک ایکٹ کے ڈراموں کو کب فروغ دیا؟

جواب : **1935**ء میں۔

سوال : حسینہ معین کے کسی ایک ریڈیائی ڈرامے کا نام بتایئے؟

جواب : کم ظرف۔

سوال : پاکستان ٹیلی ویژن کی پہلی ڈراما نویس خاتون کون تھیں اور ان کے ڈرامے کا نام بھی بتایئے؟

جواب : نجمہ فاروقی۔ ڈراما نذرانہ۔

سوال : بانو قدسیہ کے ڈراموں کا مجموعہ کس نام سے طبع ہوا؟

جواب : آدھی بات۔ (1975)

سوال : حسینہ معین کے چند ایک مشہور ٹی وی ڈراموں کے نام بتایئے؟

جواب : انکل عرفی، ان کہی، دھوپ کنارے، پانی پر لکھا تھا، شہزادی۔

سوال : نورالہدیٰ شاہ نے ٹی وی کے کونسے مشہور ڈرامے لکھے؟

جواب : جنگل، آسمان تک دیوار، فاصلے، تپش، عجائب خانہ، اجنبی راستے۔

سوال : بتایئے ڈراما سیریل ''جنگل'' کا نام پہلے کیا رکھا گیا تھا؟

جواب : اندھیرے کا سمندر۔

سوال : ثروت عتیق پاکستان ٹیلی ویژن کی معروف وممتاز اداکارہ تھیں انہوں نے ٹی وی کے لیے جو پہلا ڈراما لکھا اس کا نام بتایئے؟

جواب : گود۔

سوال : بتایئے ٹی وی سیریل 'جال'' کس نے لکھا؟

جواب : فردوس حیدر۔

سوال : ہندوستانی ڈراما نویس رفعت سروش کے سات منظوم ڈراموں کا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : اسی دیوار کے سائے میں

سوال : جمیلہ ہاشمی کے واحد مطبوعہ ڈرامے کا نام بتایئے؟

جواب : نوسیکا

سوال : بتایئے جمیلہ ہاشمی نے یہ ڈراما کس ملک کے کلاسیکی ادب سے اخذ کیا ہے؟

جواب : یونان۔

سوال : جمیلہ ہاشمی کے کم از کم پانچ ریڈیائی ڈراموں کے نام بتایئے؟

جواب : (1) مملکت خداداد (2) نصیب کے تارے (3) سوتیلی ماں (4) جاگ کام دیوتا (5) نیلا شعلہ

سوال : سید بادشاہ حسین نے ڈراما نگاری کے بارے میں کونسی کتاب لکھی ہے؟

جواب : اردو میں ڈراما نگاری۔

سوال : پاکستان میں جن ڈراما نگاروں نے شہرت حاصل کی ہے ان کے نام بتایئے؟

جواب : (1) سعادت حسن منٹو (2) میرزا ادیب (3) اشفاق احمد (4) مستنصر حسین تارڑ (5) انتظار حسین (6) ڈاکٹر انور سجاد (7) اصغر ندیم سید (8) امجد اسلام امجد (9) حسینہ معین (10) فاطمہ ثریا بجیا (11) عبدالقادر جونیجو (12) اطہر شاہ جیدی (13) نورالہدیٰ شاہ (14) مرزا اطہر بیگ (15) شاہد نعیم

☆☆☆

رپورتاژ

سوال : رپورتاژ انگریزی لفظ رپورٹ کا ہم معنی ہے بتایئے رپورتاژ کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب : فرانسیسی۔

سوال : کیا آپ یہ جانتے ہیں کہ اردو کا پہلا رپورتاژ کس نے لکھا نیز اس کا موضوع کیا تھا؟

جواب : کرشن چندر نے۔ یہ اکتوبر 1945ء میں حیدرآباد دکن میں منعقدہ ادیبوں کی کانفرنس کی روئیداد تھی۔

سوال : کشمیر اداس ہے نامی رپورتاژ کس نے لکھا ہے؟

جواب : محمود ہاشمی نے۔

سوال : رپورتاژ سے کیا مراد ہے؟

جواب : کسی واقعے کو کسی حد تک صحافتی اور کسی حد تک افسانوی انداز میں بیان کرنے کو رپورتاژ کہا جاتا ہے۔

سوال : اردو کے پہلے رپورتاژ کا نام بتایئے؟

جواب : پودے۔

سوال : کرشن چندر کے بعد رپورتاژ نگاروں کے نام بتایئے؟

جواب : محمود ہاشمی، شاہد احمد دہلوی، فکر تونسوی، تاجور سامری، ابراہیم جلیس، قرۃ العین حیدر۔

سوال : کیا آپ دلی کی بپتا نامی رپورتاژ کے مصنف کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : شاہد احمد دہلوی۔

سوال : فکر تونسوی کے رپورتاژ کا نام ہے چھٹا دریا، تاجور سامری کے رپورتاژ کا نام کیا ہے؟

جواب : جب بندھن ٹوٹے۔

سوال : 1989ء میں مسعود مفتی نے ہم نفس کے نام سے ایک رپورتاژ لکھا بتایئے یہ کس علاقے سے متعلق ہے؟

جواب : مشرقی پاکستان۔

سوال : یہ کس نے کہا ہے کہ رپورتاژ ہنگاموں کی پیداوار ہے؟

جواب : ممتاز شیریں نے۔

سوال : برات عاشقاں، مشرقی پاکستان کا ایک رپورتاژ ہے بتایئے اسے کس نے لکھا؟
جواب : فارغ بخاری (1967ء)
سوال : دو ملک ایک کہانی کس کا رپورتاژ ہے؟
جواب : ابراہیم جلیس کا۔
سوال : کشمیر اداس ہے نامی رپورتاژ کتنے ابواب پر مشتمل ہے نیز ان کے نام کیا ہیں؟
جواب : چار (1) چناروں کی آگ (2) پیر پنجال کے قیدی (3) نفرت کے درمیان (4) ایک شہر تھا عالم میں انتخاب۔
سوال : قدرت اللہ شہاب کے رپورتاژ کا نام بتایئے؟
جواب : یا خدا۔
سوال : مندرجہ ذیل رپورتاژوں کے مصنفین کے نام بتایئے؟
(1) کہت کبیر سنو بھئی سادھو (2) امن کا کارواں (3) بمبئی سے بھوپال تک (4) خزاں کے پھول (5) ستمبر کا چاند (6) اور خدا دیکھتا رہا۔
جواب : علی الترتیب (1) پرکاش پنڈت (2) رضیہ سجاد ظہیر (3) عصمت چغتائی (4) عادل رشید (5) قرۃ العین حیدر (6) جمنا داس اختر۔
سوال : رپورتاژ خزاں کے پھول کا پیش لفظ کس نے لکھا ہے؟
جواب : علی سردار جعفری۔
سوال : علی سردار جعفری نے خزاں کے پھول کے پیش لفظ میں رپورتاژ کے بارے میں کیا لکھا ہے؟
جواب : خوشی کی بات ہے کہ اردو ادب کی یہ صنف بھی آہستہ آہستہ مقبول ہو رہی ہے یہ صنف ادب بالکل نئی ہے لیکن بے انتہا اہم ہے یہ صحافت اور افسانہ کی درمیانی کڑی ہے اس سے ہمارے ادب کو بے انتہا فائدہ پہنچ سکتا ہے۔
سوال : بتایئے پدماندی کنارے اور لندن لیٹر جیسے خوبصورت رپورتاژ کس خاتون نے لکھے؟
جواب : قرۃ العین حیدر۔
سوال : سلمٰی عنایت اللہ نے کس نام سے رپورتاژ لکھا؟
جواب : ڈوب ڈوب کے ابھری ناؤ۔
سوال : دھوپ، چاند، ہوا کس کا رپورتاژ ہے؟
جواب : ڈاکٹر ظہور احمد اعوان۔

☆☆☆

سفر نامہ

سوال : ''سفر پسماندہ قوموں'' کا کس کی تصنیف ہے؟
جواب : اللہ بخش کلیار۔
سوال : راحت نسیم سوھدروی کا سفر نامہ حجاز کس نام سے طبع ہوا؟
جواب : سفر نامہ حجاز، سرزمین پاک سے ارض مقدس تک
سوال : سنہری پہاڑوں کی وادی رحمٰن مذنب کا سفر نامہ ہے بتایئے فیروناانظر دکس کا سفر نامہ ہے؟
جواب : پرتو روحیلہ۔
سوال : دامن کوہ میں ایک موسم کس کا سفر نامہ ہے؟
جواب : محمد کاظم۔
سوال : امجد اسلام امجد نے 1989ء میں کون سا سفر نامہ لکھا؟
جواب : شہر در شہر۔
سوال : خوشبو کا سفر کیول دھیر کا سفر نامہ ہے بتایئے یہ کب طبع ہوا؟
جواب : 1988ء میں
سوال : چینی منگولوں کے شہر میں کس کا سفر نامہ ہے؟
جواب : ادیبہ کوثر جمال کا۔
سوال : ممتاز شاعر منیر فاطمی نے بھارت کا سفر نامہ کس نام سے لکھا ہے؟
جواب : خواب سفر۔
سوال : سفر نامہ جہان آزاد کے مصنف کا نام بتایئے؟
جواب : ڈاکٹر یاسین رضوی۔
سوال : ہیلن ای ہینز (Helen E Haines) نے اپنی کس کتاب میں سفر ناموں کی تفصیل دی ہے؟
جواب : لونگ ود بکس (Living with Books)
سوال : ڈارون کا مشہور مضمون بھی گجری سفر کی روداد ہے بتایئے اس کا نام کیا ہے؟
جواب : (Diary of the voyage of Beagle)

سوال : کیا آپ فارسی کے چند سفرناموں کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا جذب القلوب، شاہ ولی اللہ کا فیوض الحرمین، مولوی رفیع الدین مرادآبادی کا حرمین اور نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ کا سراج منیر قابل ذکر ہیں۔

سوال : یوسف خان کمبل پوش نے اپنے سفرنامے عجائبات فرنگ کو کیا نام دیا تھا؟

جواب : تاریخ یوسفی۔

سوال : سفرنامہ ''حرم میں دوسوروز'' کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : چودھری محمد اسلم۔

سوال : گردش میں پاؤں کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب : فخر زمان کا۔

سوال : لاڑکانہ سے پیکنگ تک کے مصنف محمود شام ہیں بتایئے ہنزہ داستان کے مصنف کا نام کیا ہے؟

جواب : مستنصر حسین تارڑ۔

سوال : مستنصر حسین تارڑ کے اس سفرنامے کا نام بتایئے جس میں سپین کے ایک علاقے کا نام آیا ہے؟

جواب : اندلس میں اجنبی۔

سوال : زرد پتوں کی بہار رام لعل کا سفرنامہ ہے بتایئے اس میں کس جنگ کے ایک کروڑ مہاجرین کا ذکر کیا گیا ہے؟

جواب : پاک بھارت جنگ 1971ء

سوال : سفر ہم سفر کس کا سفرنامہ ہے نیز کن مقامات سے متعلق ہے؟

جواب : راغب شکیب کا.........سرگودہا سے کراچی۔

سوال : سورج کے ساتھ ساتھ ذکیہ ارشد حمید کا سفرنامہ ہے بتایئے مصنفہ نے اس میں کن ممالک کے سفر کی داستان رقم کی ہے؟

جواب : فرانس، سپین، مصر، سعودی عرب اور جاپان۔

سوال : سیاحت ممالک اسلامیہ نواب بہادر یار جنگ کا روزنامچہ ہے بتایئے اسے کس نے مرتب کیا؟

جواب : شاہد حسین رزاقی نے۔

سوال : بتایئے سیاحت ممالک اسلامیہ نامی روزنامچہ کن تاریخوں پر محیط ہے؟

جواب : 29 مارچ 1931ء تا 2 نومبر 1931ء۔

سوال : زیتون کے سائے جلال الدین احمد صدیقی کا سفرنامہ ہے بتایئے کس ملک کا؟

جواب : ترکی کا۔

سوال : ''سوئزرلینڈ میں میرے چند شب وروز'' کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب : حکیم محمد سعید دہلوی۔

سوال : کیا آپ حکیم محمد سعید دہلوی کے دیگر سفرناموں کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : یورپ نامہ، جرمن نامہ، شب وروز (تاثرات سفر دمشق، حلب وجدہ) ماہ وروز (روزنامچہ سفر روس)

سوال : حکیم محمد سعید دہلوی نے چین کے سفر کے نتیجے میں کون سی کتاب لکھی؟

جواب : **Medicine in china**

سوال : سید احمد شہید بریلوی کی سوانح احمد اگرچہ سفرنامے کی ذیل میں نہیں آتی لیکن اس کی ایک حصے میں سفرنامے کی ابتدائی کڑی ملتی ہے بتایئے کس سفر کی؟

جواب : سفر حج۔

سوال : مولانا کوثر نیازی نے چین کے بارے میں ایک سفرنامہ لکھا ہے بتایئے کس نام سے؟

جواب : ایک ہفتہ چین میں۔

سوال : لیفٹیننٹ کرنل ریٹائرڈ خواجہ عبدالرشید کا سفرنامہ سیر فرہنگ خطوط پر مبنی ہے بتایئے مصنف نے یہ خطوط کس ممتاز شخصیت کے نام لکھے تھے؟

جواب : مولانا عبدالماجد دریابادی۔

سوال : دھنک پر قدم کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب : بیگم اختر ریاض الدین۔

سوال : وحیدہ نسیم کا سفرنامہ حجاز کس نام سے شائع ہوا ہے؟

جواب : حدیث دل۔

سوال : براہ راست ایکسفرنامہ ہے بتایئے کس کا؟

جواب : بشریٰ رحمٰن۔

سوال : مورث اور جپسی کس کے سفرنامے ہیں؟

جواب : مستنصر حسین تارڑ۔

سوال : ''خوشبو کا سفرنامہ'' کیول دھیر نے لکھا ہے بتایئے اس میں کن مقامات کی سیر کرائی گئی ہے نیز یہ کب شائع ہوئی۔

جواب : پاکستان بالخصوص لاہور کی..... 1988ء

سوال : نظیر صدیقی نے ہندوستان اور لندن کے سفر کی روداد کو کس نام سے لکھا ہے؟

جواب : دو سفر۔

سوال : مندرجہ ذیل سفرنامے کن ادیبوں کے ہیں۔

(1) زمانہ سفر میں ہے (2) مندر میں محراب (3) شہر در شہر (4) سورج کے ساتھ ساتھ (5) ارض تمنا (6) ہم نفس۔

جواب : (1) اسد اریب (2) اجمل نیازی (3) امجد اسلام امجد (4) ذکیہ ارشد حمید (5) غلام الثقلین نقوی/مسعود مفتی

سوال : دیدہ باز دید کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب : ڈاکٹر فرمان فتح پوری۔

سوال : نظر نامہ کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب : محمود نظامی کا۔

سوال : محمد نظامی کا سفرنامہ نظر نامہ کب شائع ہوا؟

جواب : 1959ء میں۔

سوال : مولانا شبلی نعمانی نے کون سا سفرنامہ لکھا تھا؟

جواب : سفرنامہ روم و مصر و شام۔

سوال : تین ادیبوں کے نام بتایئے جنہوں نے سفرنامے سے ادبی سفر کی ابتدا کی؟

جواب : (1) مستنصر حسین تارڑ (2) عطاء الحق قاسمی (3) اختر ریاض الدین

سوال : سر سید احمد خان سفرنامہ مسافران لندن کس نوعیت کا ہے؟

جواب : یہ خطوط اور تاثرات پر مشتمل ہے۔

سوال : مقام خلافت سر عبدالقادر کا سفرنامہ ہے بتایئے اس میں انہوں نے کس سفر کے حالات لکھے ہیں؟

جواب : سفر استنبول (1920ء)

سوال : محمود نظامی کا سفرنامہ کتنے مضامین پر مشتمل ہے نیز ان کے نام کیا ہیں؟

جواب : پانچ (1) بازار مصر (2) روم نامچہ (3) برسبیل لندن (4) شب طلوع برس (5) بالآخر میکسیکو۔

سوال : ہمالہ کے اس پار کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب : میرزا ادیب۔

سوال : نئی دنیا پرانی دنیا ش فرخ کا سفرنامہ ہے بتایئے یہ کس ملک سے متعلق ہے؟

جواب : امریکا۔

سوال : خوابوں کا جزیرہ اشفاق احمد کا سفرنامہ ہے بتایئے یہ کس ملک سے متعلق ہے؟

جواب : امریکا۔

سوال : لذت صحرا نوردی کس کا سفرنامہ ہے نیز اس کا تعلق کن ممالک سے ہے؟

جواب : امریکا اور یورپ..... زہرا داؤدی۔

سوال : مشہور ادیب اور ناول نگار اے حمید کے سفر امریکا کی روداد کس نام سے چھپی ہے؟

جواب : سفرنامہ امریکانو۔

سوال : عجیب لڑکی مسرت پراچہ کا سفرنامہ ہے بتایئے یہ کس ملک کا سفرنامہ ہے؟

جواب : انگلستان کا۔

سوال : ماڈرن کولمبس نامی سفرنامے کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : جاوید اقبال (کارٹونسٹ)

سوال : بشریٰ رحمٰن نے ٹک ٹک دیدم کے نام سے سفرنامہ لکھا بتایئے یہ جاپان کے کس شہر سے متعلق ہے؟

جواب : ٹوکیو۔

سوال : شوکت علی شاہ نے پاکستان کے ایک صوبے کے بارے میں سفرنامہ لکھا ہے نام بتایئے؟

جواب : اجنبی اپنے دیس میں (تعلق بلوچستان سے ہے)

سوال : بتایئے ان سفرناموں کے مصنفین کے نام کیا ہیں؟

(1) اے آب رود گنگا (2) سفر وسیلہ ظفر (3) جاپان نورد (4) لاہور سے چین تک (5) ترکی میں دو سال (6) بستی بستی نگر (7) کرن تتلی بگولے (8) دیار صبح بہار (9) یہ میر بلتستان۔

جواب : (1) رفیق ڈوگر (2) ریحانہ عبداللہ (3) رفیق ڈوگر (4) اسلم کمال (5) ڈاکٹر حیات بریلوی (6) ارشاد احمد حقانی (7) پروین عاطف (8) جمیلہ ہاشمی (9) سلمیٰ اعوان۔

سوال : شفیع عقیل کا سفرنامہ جرمنی کے بارے میں ہے بتایئے اس کا نام کیا ہے؟

جواب : مغربی جرمنی کی سیر

سوال : مستنصر حسین تارڑ کے اس سفر نامے کا نام بتایئے جس نے سفر نامہ نگاری کو اردو ادب میں ایک صنف کے طور پر تسلیم کرایا؟

جواب : نکلے تری تلاش میں۔

سوال : ذکیہ ارشد حمید نے سورج کے ساتھ ساتھ کے نام سے سپین، مصر، سعودی عرب اور جاپان کے احوال پر مشتمل سفر نامہ لکھا ہے بتایئے عزیز علوی نے کس نام سے سفر نامہ لکھا؟

جواب : لندن میں پھول۔

سوال : خانہ بدوش، جپسی اور ہنزہ داستان نامی سفر ناموں کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : مستنصر حسین تارڑ۔

سوال : ''دبئی کوفت کا سفر'' کس کی تصنیف ہے؟

جواب : کریم الدین احمد۔

سوال : اسلم کمال نے لاہور سے چین تک کا سفر نامہ کس نام سے لکھا؟

جواب : اسی نام سے۔

سوال : بریگیڈیئر گلزار احمد نے اپنے سفر نامہ چینی ترکستان (تذکرہ سنکیانگ) میں سنکیانگ کا سرکاری نام کیا لکھا ہے؟

جواب : سینجنگ۔

سوال : چلتے ہو تو چین کو چلیے کس کا سفر نامہ ہے؟

جواب : ابن انشاء۔

سوال : ''یہ میرا بلتستان ہے'' نامی سفر نامے کی مصنفہ کا نام بتایئے؟

جواب : سلمٰی اعوان۔

سوال : مستنصر حسین تارڑ کا پہلا سفر نامہ 1958ء میں شائع ہوا بتایئے کس نام سے؟

جواب : لندن سے ماسکو تک ادبی رسالہ قندیل میں۔

سوال : سفر نامہ دنیا میرے آگے کے مصنف جمیل الدین عالی ہیں، تماشا میرے آگے کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : جمیل الدین عالی۔

سوال : بھارت میں چند روز نامی سفر نامے کے مصنف اعتبار ساجد ہیں بتایئے ان کی یہ کتاب کب شائع ہوئی اور انہوں نے اسے کس سے منسوب کیا؟

جواب : جنوری 1989ء...... پرندوں کے نام۔

سوال : کیا آپ ''دیکھا ہندوستان'' کے مصنف کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : حسن رضوی۔

سوال : حافظ افروغ حسن نے ''بلاوا آ ہی گیا'' کے نام سے ایک سفر نامہ لکھا ہے بتایئے اس کا موضوع کیا ہے؟

جواب : ''حرمین الشریفین''۔

سوال : ''باعث تحریر آنکہ'' پروفیسر افضل علوی کا سفر نامہ ہے بتایئے انہوں نے اس سفر نامے میں کس ملک کے مشاہدات قلم بند کیے ہیں؟

جواب : ایران...... (دیکھ لیا ایران)

سوال : قاضی محمد سلیمان منصور پوری نے 1921ء میں زیارت حرمین شریفین کی سعادت حاصل کی اور 1924ء میں ان کا سفر نامہ شائع ہوا بتایئے کس نام سے؟

جواب : سفر نامہ حجاز۔

سوال : مقبول ڈراما نگار امجد اسلام امجد نے ''شہر در شہر'' (1988ء) کے نام سے کن ممالک کا سیاحت نامہ لکھا ہے؟

جواب : فرانس، امریکا، کینیڈا اور ہندوستان۔

سوال : ڈاکٹر اسدار یب نے ہالینڈ، بلجیم، جرمنی، کویت، عراق، سعودی عرب اور انگلستان میں قیام کی خوشگوار یادوں کو کس سفر نامے میں سمیٹا ہے؟

جواب : زمانہ سفر میں ہے (1988ء)

سوال : کیا آپ سفر وسیلہ ظفر نامی سفر نامے کی مصنفہ کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : جی ہاں۔ ریحانہ عبداللہ۔

سوال : پاکستان کے بارے میں مستنصر حسین تارڑ کے پہلے سفر نامہ کا نام بتایئے؟

جواب : ہنزہ داستان۔

سوال : سری لنکا کے سفر کی داستان کو جوار بھاٹا کے نام سے کس نے لکھا؟

جواب : ذوالفقار احمد تابش نے۔

سوال : قادیانی مذہب اور کتاب المعیشت کے مصنف الیاس برنی نے ایک سفر نامہ بھی لکھا سفر نامے کا نام بتایئے؟

جواب : سفر نامہ حجاز۔

سوال : پاکستان کے جن سفر نامہ نگاروں نے شہرت حاصل کی ان کے نام بتایئے؟

جواب : محمود نظامی، بیگم اختر ریاض الدین، ابن انشاء، حکیم محمد سعید، اختر ممونکا، ذوالفقار احمد تابش۔ قمر علی عباسی۔ مستنصر حسین تارڑ، امجد اسلام امجد۔

سوال : میر دل میرا کولمبس کس کا سفر نامہ ہے؟

جواب : کیف جاوید کا۔

سوال : ''اجنبی اپنے دیس میں'' سید شوکت علی شاہ کا دیدہ ور سفر نامہ ہے بتایئے اس سفر نامے کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب : بلوچستان (پاکستان سے)

سوال : قمر علی عباسی نے برطانیہ کے کس شہر کا سفر نامہ لکھا ہے؟

جواب : لندن لندن۔

سوال : جوار بھاٹا اگرچہ ایک سفر نامہ ہے لیکن یہ بتایئے کہ اسے کس صنف میں پیش کیا گیا ہے؟

جواب : داستان میں۔

سوال : دورہ ترکی کے مشاہدات میں جناب خلیل حامدی نے ترکی کے کس وزیر اعظم کو مسجدوں اور سڑکوں کو وزیر اعظم لکھا ہے؟

جواب : عدنان مندریس۔

سوال : ہمالہ کے اس پار میرزا ادیب کا سفر نامہ ہے بتایئے اس کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب : چین سے۔

سوال : سیر پاکستان کے نام بچوں کے لیے ناول کی مصنفہ کے نام بتایئے؟

جواب : رضیہ فصیح احمد۔

سوال : Round the world on a wheel کے مصنف کا نام بتایئے یہ کب شائع ہوا؟

جواب : جان فوسٹر فریزر 1899ء میں۔

سوال : بتایئے اردو کا پہلا سفر نامہ کون سا ہے؟

جواب : عجائبات فرنگ (1847ء)

سوال : زمان و مکاں اور بھی ہیں کے مصنف حمزہ فاروقی ہیں، آج بھی اس دیس میں سفر نامے کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : حمزہ فاروقی۔

سوال : ممتاز مفتی کا سفر نامہ ہند یاترا کس سن میں شائع ہوا؟

جواب : 1984ء میں۔

سوال : کیا آپ ابراہیم جلیس کے واحد سفر نامے کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : نئی دیوار چین۔

سوال : آ بیل مجھے مار اور سفر تین درویشوں کا کے خالق کا نام بتایئے؟

جواب : اختر ممونکا۔

سوال : پاکستان سے دیار حرم تک کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : نسیم حجازی۔

سوال : مولانا عبدالحق بریلوی (1869-1923ء) نے میرٹھ سہارن پور کے اضلاع کا دورہ کر کے ایک سفر نامہ لکھا۔ سفر نامے کا نام بتایئے؟

جواب : ارمغان احباب۔

سوال : مشرق کا سوئٹزرلینڈ سوات کس کی تصنیف ہے؟

جواب : محمد پردیس شاہین۔

سوال : سفر نامہ کشمیر سے حیدر آباد کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : سر رچرڈ ٹمپل۔

سوال : ''دھوپ کنارا جمیل زبیری کا امریکا اور کینیڈا کا سفر نامہ ہے بتایئے ان کا سفر نامہ ''موسموں کا عکس'' کس ملک سے متعلق ہے؟

جواب : بھارت۔

سوال : مولوی مسیح الدین کا سفیر اودھ سفرنامہ ہے یا ایک رپورٹ۔

جواب : رپورٹ۔

سوال : مولانا جعفر تھانیسری کے اس سفرنامے کا نام بتایئے جس میں انہوں نے کالے پانی کی سزا کے حالات اور ذاتی جذبات و احساسات بیان کیے ہیں؟

جواب : کالا پانی۔

سوال : سفرنامہ مسافران لندن کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : سرسید احمد خاں۔

سوال : خالدہ ادیب خانم نے ہندوستان کا ایک سفرنامہ لکھا تھا بتایئے اس کا نام کیا تھا؟

جواب : **In Side India** (اندرون ہند)

سوال : ممتاز مفتی نے حج کا سفرنامہ لکھا ہی بتایئے کس نام سے؟

جواب : لبیک۔

سوال : دیار دوست کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب : شریف فاروقی۔

سوال : **Travels of Abu Batals** کا ترجمہ کس نے کیا ہے؟

جواب : **H.A.R.GIBB**

سوال : کیمبرج اور کیمبرج نامی سفرنامے کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : سائرہ ہاشمی۔

سوال : بتایئے پاکستان کی تحقیقی سیاحت کے حوالے سے برطانوی لکھاری ایما ڈنکن نے 1989ء میں کس نام سے کتاب لکھی؟

جواب : **"Breaking the curfew, a political Journey through Pakistan"**

سوال : بتایئے ''امریکہ نامہ'' ابلاغیات کے کس استاد کا سفرنامہ ہے؟

جواب : ڈاکٹر شفیق جالندھری۔

سوال : محبت کے پردوں میں گھنٹیاں باندھو'' کس شاعر کا سفرنامہ ہے؟

جواب : حسن عباسی نے بھارت کے سفر سے متعلق لکھا۔

سوال : کیا یہ بات درست ہی کہ اگر اردو ادب میں سفرناموں میں تخلیقی سفرناموں کی حیثیت تسلیم کر لی جائے تو باغ و بہار، قصہ حاتم طائی، داستان امیر حمزہ اور قصہ گل بکاؤلی اولین سفرنامے قرار پاتے ہیں؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : بتایئے لفظ ''سفرنامہ'' کن دو زبانوں کے الفاظ کا مجموعہ ہے؟

جواب : عربی اور فارسی، سفر (عربی) نامہ (فارسی)

سوال : بتایئے اردو زبان میں سفرنامہ کا مطلب کیا ہے؟

جواب : سفر یا سفری تجربات و مشاہدات

سوال : کیا یہ درست ہی کہ سفرنامہ اردو ادب ہی نہیں بلکہ دنیا کے تمام لٹریچرز میں ایک اہم صنف کی حیثیت رکھتا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : بتایئے سفرنامہ کے بارے میں یہ رائے کس کی ہے؟

گذشتہ چند برسوں میں اردو میں سفرنامہ کا جو احیاء ہوا وہ خوشگوار اور حیرت کا موجب ہے۔

جواب : ڈاکٹر سلیم اختر۔

سوال : بتایئے مولانا حسرت موہانی کی رفیقۂ حیات نشاط النساء کے سفرنامے کس نام سے شائع ہو چکے ہیں؟

جواب : سفر عراق اور سفر حجاز

سوال : کشور ناہید کا سفرنامہ کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : ''آ وا افریقہ''

سوال : ''کرن، تتلی اور بگولے'' اور ''ٹپر واسنی'' کس خاتون کے دو سفرناموں کے نام ہیں؟

جواب : پروین عاطف۔

سوال : بلقیس ریاض کے سفرناموں کے نام بتایئے؟

جواب : عمر خیام کی دیس میں، بادبان، سفر حرمین شریف، جہاں اور بھی ہیں، پہنچی وہیں پہ خاک۔

سوال : سفرنامہ ترکی کا سفر'' فروری 1968ء میں کس نے لکھا؟

جواب : بدر النساء رحمٰن۔

سوال : عرضِ حال' کس خاتون کا سفر نامہ ہے؟

جواب : بشریٰ اعجاز۔

سوال : کیوبا کے انقلابی لیڈر چی گویرا کی سفری ڈائری کس نام سے شائع ہوئی؟

جواب : موٹر سائیکل ڈائریز

سوال : مشہور شاعر سعید آسی کے دو سفر ناموں کے نام بتائیے؟

جواب : آگے موڑ جدائی کا تھا (سفر نامہ چین)، جزیرہ جزیرہ (سفر نامہ برونائی)

سوال : ممتاز دانشور عبداللہ ملک نے اپنی مشہور زمانہ کتاب "حدیث دل" کس حوالے سے لکھی؟

جواب : حج کا روزنامچہ اور سفر مبارک۔

سوال : بتائیے ممتاز مفتی نے کس نام سے حج کا سفر نامہ لکھا؟

جواب : لبیک۔

سوال : بتائیے روداد سفر حجاز کے نام سے کس نے سفر نامہ لکھا؟

جواب : ڈاکٹر نصیر احمد ناصر۔

سوال : بتائیے پیغمبر اعظم کے تاریخی سفر کے نام سے آنحضور ﷺ کے تمام سفروں کے دلچسپ واقعات، حالات اور دلچسپ روایتیں کس نے مرتب کیں؟

جواب : ڈاکٹر عبدالروف

سوال : "حاضری" ایک مذہبی فضا میں لکھا گیا سفر نامہ ہے خالق کا نام بتائیے؟

جواب : فوزیہ سیلمی

سوال : "مقدس سفر نامہ" حج و عمرہ و زیارات کے دوران کس مصنف کے مشاہدات پر مبنی دلچسپ سیاحت نامہ ہے؟

جواب : ڈاکٹر عبدالروف۔

سوال : مزملہ شفیق نے اپنی سیاحت پر مبنی ایک نئے انداز میں دلچسپ سفر نامہ کس نام سے لکھا؟

جواب : سفر نامہ اسکردو۔

سوال : فرخندہ جالی کے دوسرے سفر نامے کا نام بتائیے؟

جواب : پرایا سفر

سوال : کوکب خواجہ نے چین میں اپنے تین سالہ قیام کے دوران چین کی زندگی کے مختلف اور متنوع پہلوؤں کو بہت قریب سے دیکھ کر کونسا سفر نامہ لکھا؟

جواب : نی ہاؤ۔

سوال : مسرت پراچہ کے منفرد سفر نامہ کا نام بتائیے؟

جواب : عجیب لڑکی۔

سوال : "سفر گشت" کس کا مشہور زمانہ سفر نامہ ہے؟

جواب : پرتو روہیلہ۔

سوال : "قصہ چین جانے کا" کس کا سفر نامہ ہے؟

جواب : مسعود قریشی۔

سوال : ہندیاترا، کے نام سے سفر نامہ کس نے لکھا؟

جواب : ممتاز مفتی۔

سوال : کیمبرج او کیمبرج" کے نام سے ایک افسانہ نویس خاتون نے سفر نامہ لکھا نام بتائیے؟

جواب : سائرہ ہاشمی۔

سوال : روس کے دو مشہور شہروں کے حالات واقعات اور طرز معاشرت پر ناہید رحمٰن نے کس نام سے سفر نامہ لکھا؟

جواب : سرور سفر۔

سوال : ڈاکٹر سلیم اختر نے اپنے انڈیا، ڈنمارک اور ماریشس کے سفر کی روداد کس نام سے لکھی؟

جواب : عجیب سیر تھی۔

سوال : قدم بہ قدم ایک روحانی سفر نامہ ہے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : مسعود الحسن ضیاء۔

سوال : خاور نقوی نے 2005 میں سفر نامہ حج لکھا بتائیے کس عنوان کے تحت؟

جواب : ہوا ساحل نہیں رکھتی۔

سوال : مندر میں محراب کس ممتاز شاعر، مضمون نگار اور صحافی کا سفر نامہ ہے؟

جواب : ڈاکٹر اجمل نیازی۔

سوال : خبخواب سے دیوار چین تک نامی کتاب کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر اسد اریب

سوال : یہ بتایئے ان سفرناموں کے خالق کون ہیں؟

(1) لاہور سے چین تک (2) اوسلو میں نام کمال (3) باغ بدر شہر بدر۔

جواب : اسلم کمال

سوال : پانیوں کی سرزمین ڈاکٹر سلیمان عبداللہ ڈار کا سفرنامہ ہے بتایئے اس میں انہوں نے کن ممالک کا ذکر کیا۔

جواب : (1) بنکاک (تھائی لینڈ) (2) ہانگ کانگ چین (3) میکاؤ چین

سوال : شمال گردی کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب : اقبال جاوید

سوال : پیت دی پندھ اسماعیل احمدانی کا سفرنامہ ہے بتایئے یہ کب شائع ہوا؟

جواب : 1980 میں۔

سوال : چل مرے دل کھلا ہے میخانہ محمد اعظم خان کا سفرنامہ ہے بتایئے یہ کن دو ملکوں کا سفرنامہ ہے؟

جواب : تھائی لینڈ......ملائیشیا

سوال : روہی لیر کتیر کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب : علامہ محمد اعظم سعیدی کا

سوال : محمد اقبال انجم نے کس نام سے سفرنامہ حجاز لکھا؟

جواب : شام وطن سے صبح حرم تک

سوال : اے حمید نے بھارت کے خوفناک جنگلوں کا مشاہدہ کر کے کس عنوان سے سفرنامہ لکھا ہے؟

جواب : بلیدان۔

سوال : سندھی ادیب اللہ ورایو ادراسی نے 1963 میں کس ملک کا سفرنامہ تحریر کیا؟

جواب : رنگا رنگ ملائیشیا

سوال : گڈ بائی شہر تو کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب : امتیاز اے قریشی

سوال : امجد اسلام امجد کا سفرنامہ سات دن کب اشاعت پذیر ہوا؟

جواب : 2004 میں۔

سوال : ''مصر میرا خواب کس خاتون کا سفرنامہ ہے؟

جواب : سلمیٰ اعوان کا

سوال : دشت خواب کے مسافر ناہید سلطان مرزا کا سفرنامہ ہے بتایئے یہ کن ملکوں اور قومی شہروں کے بارے میں ہے؟

جواب : بغداد اور (عراق) سے کابل (افغانستان) اور کراچی سے اسلام آباد (پاکستان)

سوال : شوق حرم کس ادیب کا سفرنامہ حج ہے؟

جواب : عتیق الرحمٰن صدیقی۔

سوال : معروف شاعر اور تخلیق کار شاہدہ لطیف نے 2009 میں منظوم سفرنامہ لکھا بتایئے یہ سفرنامہ کن ممالک کے متعلق ہے؟

جواب : انگلستان اور فرانس۔

سوال : بتایئے ضیاء اللہ کھوکھر نے سفرناموں کی فہرست کس نام سے مرتب کی ہے؟

جواب : نوادرات

سوال : ڈاکٹر قرۃ العین طاہر کی اس کتاب کا نام بتایئے جو سفرنامہ حج کے بارے میں ہے

جواب : دسترس میں آسمان

سوال : ستارے سفر کے اور شہر جو بولتے ہیں کس ادیبہ اور صحافیہ کے سفرنامے ہیں؟

جواب : ڈاکٹر شگفتہ فراز۔

سوال : ''جام جم'' ڈاکٹر علی کمیل قزلباش نے لکھا ہے بتایئے یہ کس ملک کا سفرنامہ ہے؟

جواب : ایران۔

سوال : امریکا رے امریکا کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب : عطاء الحق قاسمی کا

سوال : ارض تمنا کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب : غلام الثقلین نقوی۔

☆☆☆

سوانح نگاری

سوال : بتایئے اردو ادب میں سوانح نگاری کی بنیاد کس نے رکھی تھی؟

جواب : مولانا الطاف حسین حالی نے۔

سوال : اردو میں پہلی سوانح عمری کس کتاب کو کہا جاتا ہے؟

جواب : حیات سعدی کو (1882ء)

سوال : احسن مارہروی نے داغ دہلوی کی زندگی پر جو کتاب لکھی ہے اس کا نام بتایئے؟

جواب : جلوہ داغ۔

سوال : تیمور کے سوانح حیات اور فتوحات کو شرف الدین علی یزدی نے مرتب کیا بتایئے کس نام سے؟

جواب : ظفر نامہ۔

سوال : ڈاکٹر نعیم صدیقی ندوی نے کس نام سے سید سلیمان ندوی کی سوانح لکھی ہے؟

جواب : علامہ سید سلیمان ندوی شخصیت وادبی خدمات۔

سوال : حاجی جان محمد نے ظفر نامہ شاہجہانی مرتب کیا اس میں شاہجہان کے عہد حکومت کے کتنے برسوں کے حالات آتے ہیں؟

جواب : ابتدائی دس برسوں کے۔

سوال : فیض احمد فیض کی شاعری.....ایک تعارف (انگریزی) کے مرتب کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر امداد حسین۔

سوال : کیا یہ درست ہی کہ مغربی مصنفین نے بائیوگرافی یا سوانح نگاری کو مبہم قرار دیا ہے؟

جواب : جی ہاں، انہوں نے سوانح کا اطلاق انسانوں کے علاوہ مادی اشیاء پر بھی کیا ہے مثلاً بائیو گرافی آف برنس، بائیوگرافی آف دی ارتھ وغیرہ۔

سوال : کارلائل کا سوانح عمری کے بارے میں کیا نظریہ ہے؟

جواب : سوانح عمری ایک انسان کی حیات ہے۔

سوال : ایڈمنڈ گوس نے کن الفاظ میں سوانح عمری کی تعریف کی ہے؟

جواب : سوانح حیات زندگی کی مہمات سے بھرپور سفر میں کس روح کی ایک سچی تصویر ہے۔

سوال : محمد آصف بھلی نے سیاست دانوں کے حالات وواقعات پر ایک کتاب لکھی ہے نام بتایئے؟

جواب : سیاست دان

سوال : اردو میں سرسید احمد خاں نے کس کی سوانح عمری سیرت فریدیہ کے نام سے لکھی ہے؟

جواب : بابا فرید الدین۔

سوال : نیشنل پریس ٹرسٹ کے اس سابق چیئرمین کا نام بتایئے جنہوں نے جنرل محمد ضیاء الحق شخصیت وکارنامے نامی کتاب لکھی؟

جواب : ضیاء الاسلام انصاری۔

سوال : مولانا الطاف حسین حالی نے 1897ء میں یادگار غالب لکھی بتایئے 1901ء میں کون سی کتاب لکھی؟

جواب : حیات جاوید۔

سوال : حیات سعدی کی بنیاد شنیدہ پر ہے بتایئے یادگار غالب اور حیات جاوید کی بنیاد کس پر ہے؟

جواب : دیدہ پر۔

سوال : ہارون الرشید نے فاتح کے نام سے کس جرنیل کے حالات زندگی قلمبند کیے ہیں؟

جواب : جنرل اختر عبدالرحمان۔

سوال : اردو میں سوانح نگاری بہت سے اہل قلم نے کی ہے مگر ان میں شاید کوئی بھی ایسا نہ تھا جس کے پاس سوانح نگار کا دل ہو۔ سوانح نگار کا دل صرف حالی کے حصے میں آیا بتایئے یہ الفاظ کس کے ہیں؟

جواب : ڈاکٹر سید عبداللہ۔

سوال : متاع بے بہا حافظ لدھیانوی کے سوانحی خاکوں کو مجموعہ ہے بتایئے اس میں کتنے بزرگوں کی خاکے شامل کیے گئے ہیں؟

جواب : دس۔

سوال : متاع گم گشتہ میں حافظ لدھیانوی نے کتنے شعراء کی خاکے لکھے ہیں نیز شعراء کے نام بھی بتایئے؟

جواب : دس (حفیظ جالندھری، عدم، احسان دانش، حافظ مظہر الدین، علاؤالدین کلیم، م حسن لطیفی، خلیق قریشی، نصیر احمد زار، ساحر لدھیانوی)

سوال : ضیاء شاہد نے فلسطینی رہنما کی سوانح عمری لکھی ہے رہنما کا نام بتایئے؟

جواب : یاسر عرفات۔

سوال : اردو میں سوانح نگاری کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر سید شاہ علی۔

سوال :جنرل ضیاء ایک آدمی ایک ڈکٹیٹر کے مصنف ستار طاہر ہیں بتایئے جنرل ضیاء الحق کے 11 سال کے مصنف کون ہیں؟

جواب :اظہر سہیل۔

سوال :اکابرین تحریک پاکستان کے نام سے دو کتابیں چھپ چکی ہیں مصنفین کے نام بتایئے؟

جواب :محمد صادق قصوری.........محمد علی چراغ۔

سوال :موسیٰ خان جلال زئی نے ایران کے ایک روحانی پیشوا اور جمہوریت کے حالات زندگی پر جو کتاب لکھی ہے اس کا نام بتایئے؟

جواب :امام خمینی کے حالات زندگی۔

سوال :ڈاکٹر انور سدید نے ''محترم چہرے'' کے نام سے ایک کتاب لکھی ہے بتایئے اس میں کن معروف شخصیات پر قلم اٹھایا گیا ہے؟

جواب :امتیاز علی تاج، احسان دانش، مولانا صلاح الدین احمد، حفیظ جالندھری، حمید احمد، آغا باقر اور ممتاز شیریں۔

سوال :ذوالفقار علی بھٹو سے بے نظیر تک کے مرتب کا نام بتایئے؟

جواب :خالد یزدانی۔

سوال :شہید صدر کس کی تصنیف ہے؟

جواب :ڈاکٹر یٰسین رضوی۔

سوال :عفیفہ مدوث پر لکھی جانے والی کتاب کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب :رفعت عباس۔

سوال :پیر پگاڑا کی کہانی کچھ ان کی اور کچھ میری زبانی کس کی تصنیف ہے؟

جواب :اظہر سہیل۔

سوال :کیا سوانح نگاری میں مصنف کسی دوسرے شخص کے حالات زندگی کے بارے میں لکھتا ہے؟

جواب :جی ہاں۔

سوال :سوانح نگار کی کیا خصوصیات ہونی چاہیں؟

جواب :سوانح نگار کا محقق، مبصر، مورخ، ادیب اور ماہر نفسیات ہونا ضروری ہے؟

سوال :میر تقی میر کی نکات الشعرا کو سوانح نگاری میں بڑی اہمیت حاصل ہے بتایئے محمد حسین آزاد کی کس کتاب کو اس سلسلے کی کڑی کہا جا سکتا ہے؟

جواب :آب حیات

سوال :سر سید احمد خاں نے سوانح نگار کی حیثیت سے کونسی سوانح لکھیں؟


جواب :خطبات احمدیہ.....سیرت فریدیہ

سوال :یہ بتایئے مولانا الطاف حسین حالی نے کون کون سے سوانحی کتابیں لکھیں؟

جواب :(1) حیات سعدی (2) یادگار غالب اور (3) حیات جاوید

سوال :مشاہیر اسلام کے حوالے سے علامہ شبلی نعمانی کی کون سے کتاب اہم سوانح عمر کا درجہ رکھتی ہے؟

جواب :سیرۃ النعمان۔



سیاست دان مصنف

سوال: The Myth of Independence نامی کتاب مائیکل ایڈورڈز نے لکھی بتایئے یہ کس بھارتی سیاست دان کی زندگی کے واقعات پر مشتمل ہے؟
جواب: گاندھی جی۔
سوال: اور لائن کٹ گئی کے مصنف کا نام بتایئے؟
جواب: مولانا کوثر نیازی۔
سوال: پھر مارشل لاآ گیا پروفیسر غفور احمد کی تصنیف ہے بتایئے یہ کب شائع ہوئی؟
جواب: 1988ء میں۔
سوال: سردار عبدالقیوم خاں نے کس ریاست کے مقدمہ پر کتاب لکھی ہے؟
جواب: مقدمہ کشمیر 1987ء۔
سوال: مقدمہ پنجاب کس کی تصنیف ہے؟
جواب: حنیف رامے۔
سوال: اور الیکشن نہ ہو سکے پروفیسر غفور احمد کی کتاب ہے بتایئے یہ کن الیکشنوں کے بارے میں ہے؟
جواب: جنرل ضیاء الحق کے 90 دن کے انتخابی وعدے کے بارے میں 1977ء میں۔
سوال: پنڈت نہرو نے برطانوی حکومت ہند کی جانب سے قید کیے جانے کے دوران 8 اگست 1942ء تا 28 مارچ 1945ء جیل میں ایک کتاب لکھی کتاب کا نام بتایئے؟
جواب: ڈسکوری آف انڈیا۔
سوال: ''چشم دید'' پاکستان کے کس وزیر اعظم کی تصنیف ہے؟
جواب: فیروز خاں نون۔
سوال: یادایام کس ممتاز مسلم لیگی رہنما کی تصنیف ہے؟
جواب: میاں امیر الدین۔
سوال: ممتاز قانون دان اور سیاست دان ایس ایم ظفر نے پاکستان کے حوالے سے ان کہے واقعات پہلی بار لکھے ہیں کتاب کا نام بتایئے؟
جواب: ''ڈکٹیٹر کون''۔

سوال: اور لائن کٹ گئی مولانا کوثر نیازی کی تصنیف ہے بتایئے اس کتاب کا تعلق کس دور سے ہے؟
جواب: مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کے دور سے۔
سوال: کیا آپ صدر ایوب کی سوانح عمری کا نام بتا سکتے ہیں؟
جواب: جی ہاں فرینڈز ناٹ ماسٹر۔
سوال: ایمرجنس آف پاکستان نامی کتاب پاکستان کے ایک وزیر اعظم نے لکھی تھی۔وزیر اعظم کا نام بتایئے؟
جواب: چودھری محمد علی۔
سوال: پھر مارشل لاءآ گیا پروفیسر غفور احمد کی کتاب ہے بتایئے یہ کب منظر عام پر آئی؟
جواب: 1988ء (کتاب میں ایوب خاں سے مسٹر ذوالفقار علی بھٹو تک کی حکومت کے واقعات درج ہیں)
سوال: دب اکبر کس پاکستانی سیاسی شخصیت کی تصنیف ہے؟
جواب: حنیف رامے۔
سوال: جے پرکاش نرائن نے اپنی خودنوشت کس نام سے لکھی ہے؟
جواب: جدوجہد۔
سوال: My Early Life: برطانیہ کے ایک سابق وزیر اعظم کی خودنوشت سرگزشت ہے بتایئے کس کی؟
جواب: سر ونسٹن چرچل۔
سوال: اجمل خٹک کے اردو کلام کے پہلے مجموعے کا نام بتایئے؟
جواب: جلاوطن کی شاعری (1990ء) یہ دسمبر 1982ء تا نومبر 1988ء کی شاعری پر محیط ہے۔
سوال: ذکر حسین اور ذوالفقار علی بھٹو میں سے کون سی کتاب مولانا کوثر نیازی کی ہے؟
جواب: دونوں کتابیں مولانا کوثر نیازی کی ہیں۔
سوال: بتایئے گاندھی جی نے اپنی کتاب میں تلاش حق (My Experiments with Truth) میں اپنی ذات کی کن کمزوریوں کا تفصیل سے ذکر کیا؟
جواب: پیدائشی طور پر شرمیلے اور سبزی خور۔
سوال: یہ بتایئے سابق صدر ایوب خان کے فرزند گوہر ایوب (سابق وزیر خارجہ) نے کس نام سے اپنے حالات واقعات پر مبنی کتاب لکھی؟
جواب: ٹیسٹنگ ٹائمز ایز فارن منسٹر

سوال : 2004 میں ترکمانستان کے صدر نیازوف کتاب بھی منظر عام پر آئی کتاب کا نام بتایئے؟

جواب: روح نامہ۔

سوال : سابق ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب محمد اسلم گورداسپوری کی کسی ایک کتاب کا نام بتایئے؟

جواب : کیا پاکستان ایک ناکام ریاست ہے؟

سوال : یہ بتایئے ''لیڈر کیسے بنا جائے'' کس سیاسی رہنما کی کتاب ہے؟

جواب: جہانگیر بدر۔

سوال : مسلم لیگ (ن) کے رہنما مخدوم جاوید ہاشمی نے بھی دو کتابیں لکھی ہیں ان کے نام بتایئے؟

جواب: (1) تختہ دار کے سائے میں (2) ہاں میں باغی ہوں۔

سوال : پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے دوران قید کونسی کتاب لکھی ہے؟

جواب: چاہ یوسف سے صدا۔

سوال : یہ بتایئے کہ ڈاکٹر شاہ محمد مری کی کتاب بابائے بلوچستان غوث بخش بزنجو کب منظر عام پر آئی؟

جواب: جون 2009 میں۔

☆☆☆

صحافت اور صحافتی ادب

سوال : حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے 751 سال پہلے رومن عہد میں ایک روزنامہ قلمی اخبار جاری ہوتا تھا اس کا نام بتایئے؟

جواب: ایکٹا ڈیورنا Acta Durna

سوال : بتایئے ایکٹا ڈیورنا کا مطلب کیا ہے؟

جواب: روزانہ کارروائی۔

سوال : جید اخبار نویسی کا آغاز کس شہر سے ہوا؟

جواب: وینس (اٹلی) یہاں روزانہ ایک آدمی سرکاری منظوری کے ساتھ خبریں پڑھ کا سناتا تھا۔

سوال : خبریں سننے والے لوگوں سے معاوضے کے طور پر کیا وصول کیا جاتا تھا؟

جواب : گزیٹا (سکہ) اسی مناسبت سے لفظ گزٹ بنا۔

سوال : انگلستان میں خبروں کا اجراء کس طرح ہوا؟

جواب: اہم واقعہ پر خبر نامہ جاری کیا جاتا، جسے نیوز شیٹ کا نام دیا گیا۔

سوال : بتایئے پہلا مطبوعہ خبر نامہ کب اور کہاں سے جاری ہوا نیز اس کا نام کیا تھا؟

جواب: 1609ء میں جرمنی سے اس کا نام اویسا ریلیشن آرڈر زیٹنگ تھا۔

(Avisa Relation order Zeituing)

سوال : انگلستان سے نیوز فرام اسپین کب نکلا؟

جواب: 1411ء میں۔

سوال : کیا آپ پہلے باضابطہ اخبار اور اس کے ایڈیٹر کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: ویکلی نیوز، نیتھانیل بٹلر (Nathanial Buttler)

سوال : فرانس سے شائع ہونے والے پہلے باضابطہ اخبار کا نام بتایئے؟

جواب: گزٹ دافراں۔ Gazatte De France

سوال : امریکا سے جاری ہونے والے پہلے باضابطہ اخبار کا نام بتایئے؟

جواب: پبلک آکرنسز (Public Occurances)

سوال : بتایئے اس کا اجراء کہاں سے ہوا؟

جواب: 1690ء میں بوسٹن سے۔

سوال : اخبارات کے آزادی کے حق کو کب تسلیم کیا گیا؟

جواب: 1641ء میں انگلستان اور ہندوستان میں فرانس میں 1791ء

سوال : ہندوستان میں سب سے پہلے جو مطبوعہ اخبار جاری ہوا اس کا نام بتایئے؟

جواب: ہکیز بنگال گزٹ اسے جیمز آگسٹس ہکی نے 29 جنوری 1280ء کو کلکتہ سے انگریزی میں جاری کیا۔

سوال : اس کے کتنے عرصے بعد بنگالی اخبار جاری ہوا؟

جواب: 36 سال بعد (1816ء میں)

سوال : اردو صحافت کا آغاز کس اخبار سے ہوا؟

جواب: 1822ء میں منشی سدا سکھ کی ادارت میں کلکتہ سے جاری ہونے والے اخبار سے۔

سوال : بتایئے اس اخبار کا نام کیا تھا؟

جواب: جام جہاں نما۔

سوال : اردو صحافت کی تاریخ سے متعلق پہلی کتاب کا نام بتایئے؟

جواب: اختر شہنشاہی۔۔۔حاجی سید محمد اشرف یہ جون 1888ء میں چھپی۔

سوال : تاریخ صحافت اردو کس نے لکھی؟

جواب: عبدالسلام خورشید

سوال : صحافت پاکستان و ہند میں عبدالسلام خورشید نے لکھی۔ بتایئے ہندوستان کی فن صحافت پر پہلی کتاب کس نے لکھی؟

جواب: رحم علی الہاشمی۔

سوال : حیدرآباد میں اردو صحافت کے مرتب کا نام بتایئے؟

جواب: طیب انصاری۔

سوال : جنوبی ہند کی اردو صحافت کس نے لکھی؟

جواب: ڈاکٹر محمد افضل الدین صدیقی۔

سوال : انور علی دہلوی نے بھی اردو صحافت پر ایک کتاب مرتب کی ہے کتاب کا نام بتایئے؟

جواب: اردو صحافت۔

سوال : اردو کا پہلا روزنامہ کب اور کہاں سے شائع ہوا؟

جواب: اردو گائیڈ کلکتہ 1858ء میں۔

سوال : منشی لال کشور کا اودھ اخبار کب روزنامہ بنا؟

جواب: 1974ء میں۔

سوال : سرسید احمد خاں نے بھی ایک اخبار جاری کیا اخبار کا نام بتایئے؟

جواب: سائنٹیفک سوسائٹی۔

سوال : اس اخبار کا نام بتایئے جس نے سب سے پہلے رائٹر اور ایسوی ایٹیڈ پریس سے خبریں لیں؟

جواب: زمیندار (1903)

سوال : 1903ء میں مولانا حسرت موہانی نے کون سا اخبار جاری کیا؟

جواب: اردوئے معلّٰی۔

سوال : روزنامہ جنگ کی اشاعت 1940ء میں عمل میں آئی بتایئے نوائے وقت کب سے شائع ہو رہا ہے؟

جواب: 1940ء سے

سوال : مولانا محمد علی جوہر نے کون سا اخبار جاری کیا؟

جواب: ہمدرد۔

سوال : مولانا ابوالکلام آزاد نے کون کون سے اخبارات جاری کیے؟

جواب: الہلال، البلاغ۔

سوال : پیاز کی چھلکے کے عنوان کے تحت اردو کے کون سے مزاح نگار روزنامہ ملاپ میں کالم لکھتے رہے؟

جواب: فکر تونسوی (متوفی 12 ستمبر 1987ء)

سوال : ظہیر بابر نے شیشے کے آبلے کے عنوان سے افسانوں کا مجموعہ لکھا ہے بتایئے رات کی روشنی کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

جواب: ظہیر بابر

سوال : چشم تماشا امجد اسلام امجد کی اخباری کالموں کا مجموعہ ہے بتایئے کتنے کالموں کا؟

جواب: 65۔

سوال : منو بھائی کے گریبان کے نام سے کس صحافی کا مجموعہ شائع ہو چکا ہے؟

جواب: اسے جاوید شاہین نے ترتیب دیا۔

سوال : روزن دیوار سے کس ادیب، شاعر اور صحافی کے اخباری کالموں کا مجموعہ ہے؟
جواب : عطاء الحق قاسمی۔
سوال : صحافی زبان، اداریہ نویسی ڈاکٹر مسکین علی حجازی کی کتابیں ہیں بتایئے پاکستان و ہندو میں مسلم صحافت کی مختصر ترین تاریخ، پاکستان میں ابلاغیات کے مصنف کون ہیں؟
جواب : مسکین علی حجازی۔
سوال : اداریہ نویسی کا ارتقا کس نے لکھی ہے؟
جواب : ایس ایم ناز۔
سوال : مندرجہ ذیل کالم نگاروں کے مجموعوں کے نام بتایئے؟
(1) گزارا نہیں ہوتا (2) چک چک (3) خند مکرر (4) عطایئے (5) جرم ظریفی۔
جواب : (1) مستنصر حسین تارڑ (2) مستنصر حسین تارڑ (3) عطاء الحق قاسمی (4) عطاء الحق قاسمی (5) عطاء الحق قاسمی۔
سوال : غیر سیاسی باتیں کس کالم نگار کا مجموعہ ہے؟
جواب : عبدالقادر حسن۔
سوال : ڈاکٹر شفیق جالندھری کی کتاب صحافت اور صحافی کب منظر عام پر آئی۔
جواب : 1990ء میں۔
سوال : اس روزنامے کا نام بتایئے جو سب سے پہلے نوری نستعلیق میں چھپا؟
جواب : روزنامہ جنگ یکم اکتوبر 1981ء کو۔
سوال : فکر تونسوی کس اخبار میں مزاحیہ کالم لکھتے تھے؟
جواب : ملاپ۔
سوال : کالم نگاری میں جن ادیبوں نے اپنا لوہا منوایا ان کے نام بتایئے؟
جواب : سعادت حسن منٹو، فکر تونسوی، نور اللہ خاں، شوکت تھانوی، ابراہیم جلیس، ابن انشاء، احمد ندیم قاسمی، مجید لاہوری، تخلص بھوپالی، شاہد صدیقی، ساگر چند گورکھا، خواجہ احمد عباس، کنہیالال کپور، خواجہ حسن نظامی، عبدالمجید سالک، چراغ حسن حسرت، مولانا ظفر علی خاں، مولانا محمد علی جوہر، قاضی عبدالغفار، عبدالماجد دریا بادی، ظفر اقبال، ظفر علی راجا۔ انتظار حسین، منو بھائی، عطاء الحق قاسمی، خالد احمد وغیرہ۔ ہارون الرشید، عبدالقادر حسن، خالد احمد، جاوید چودھری، ڈاکٹر صفدر محمود، ڈاکٹر اجمل نیازی، رفیق ڈوگر۔

سوال : صحافی اور ادیب نیاز فتح پوری کی چند مشہور کتابوں کے نام بتایئے؟
جواب : عرض نغمہ (ترجمہ گیتا نجلی) شہاب کی سرگزشت، من و یزداں اور جمالستان۔
سوال : جائیل اسے مار''اعتبار ساجد'' کے طنزیہ مضامین کا ایک مجموعہ ہے طنز و مزاح کے مجموعے سائرن کے مصنف کا نام بتایئے؟
جواب : ڈاکٹر اے ایچ خیال۔
سوال : مزاح نگار کنہیالال کپور کا انتقال کب ہوا؟
جواب : 1980ء میں۔
سوال : بتایئے 'دید شنید'' کے عنوان سے کالم کون لکھتے ہیں؟
جواب : رفیق ڈوگر
سوال : ڈاکٹر اجمل نیازی کے کالم کا عنوان بتایئے؟
جواب : بے نیازیاں
سوال : جاوید چودھری ''زیرو پوائنٹ'' کے نام سے کالم لکھتے ہیں کیا یہ درست ہے کہ وہ ایک ٹی وی چینل کے اینکر پرسن بھی ہیں؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : بتایئے خالد احمد بطور ایک شاعر مشہور ہیں بتایئے وہ ایک طویل عرصہ سے کس نام سے کالم بھی لکھ رہے ہیں؟
جواب : لمحہ لمحہ۔
سوال : محمد آصف بھلی ایک شاعر اور نقاد ہیں ان کا کالم کس نام سے طبع ہو رہا ہے؟
جواب : چوتھا ستون
سوال : تنویر حسین کس عنوان سے ایک روزنامہ میں مزاحیہ کالم لکھ رہے ہیں۔؟
جواب : مزاح بخیر
سوال : بتایئے صوبہ سرحد کے کالم نویسوں نے کس نام سے اپنا پلیٹ فارم بنا رکھا ہے؟
جواب : اباسین کالم رائٹر ایسوسی ایشن۔
سوال : ڈاکٹر شفیق جالندھری کی صحافت کی موضوع پر لکھی ہوئی کتاب کے نام بتایئے؟
جواب : فیچر نگاری، کالم نویسی، صحافت اور ابلاغ، صحافت اور صحافی۔

سوال : ڈاکٹر عبدالسلام خورشید کی صحافت کے موضوع پر کونسی کتاب نے مقبولیت کا درجہ حاصل کیا؟

جواب : صحافت، پاکستان و ہند میں

سوال : بتایئے مشہور کالم نگار اور ادیب عباس اطہر اور محمد اظہار الحق کو صدارتی اعزاز برائے حسن کارکردگی کب دیا گیا؟

جواب : 23 مارچ 2009ء کو۔

سوال : مشہور کالم نگار اور ادیب حمید اختر کی جیل یاترا پر مبنی داستان ایک کتاب کی صورت میں 1953ء میں کس نام سے منظر عام پر آئی؟

جواب : ''کال کوٹھری''

سوال : نوائے وقت کے معروف کالم نگار اور ادیب امیر نواز خان میرانی کے فکاہیہ کالموں کا مجموعہ مارچ 2009ء میں کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : ''ساختہ بے ساختہ''

سوال : بتایئے مشہور کالم نگار عبداللہ ملک روز نامہ پاکستان شروع ہونے پر اس میں کس عنوان سے کالم لکھتے رہے؟

جواب : میرا کالم

سوال : روزنامہ نوائے وقت میں عبداللہ ملک کا کالم کس عنوان سے شائع ہوتا رہا ہے؟

جواب : حدیث دل۔

سوال : بتایئے رباب عائشہ نے اپنے بیس سالہ صحافتی عرصہ پر محیط صحافیانہ مضامین کا مجموعہ کس نام سے مرتب کیا؟

جواب : زندگی اور زاویے۔

سوال : بتایئے ''زندگی اور زاویے'' کتنے کالموں پر مشتمل ہے؟

جواب : پچاس۔

سوال : بتایئے یہ الفاظ کس مشہور شاعر اور ادیب کے ہیں؟

''جس طرح ادب کے نام پر لکھی ہوئی ہر تحریر ادب نہیں ہوتی اسی طرح ضروری نہیں کہ صحافت کے نام پر لکھے ہوئے تمام لفظ صحافیانہ ہی کہلائیں؟

جواب : افتخار عارف

سوال : ''ذراہٹ کے'' عنوان سے طنزیہ اور فکاہیہ کالم لکھنے والے یاسر پیرزادہ کس مشہور شاعر اور کالم نگار کے بیٹے ہیں؟

جواب : عطاء الحق قاسمی

سوال : نئی دہلی سے شائع ہونے والے کثیر الاشاعت ماہانہ ادبی جریدے کا نام بتایئے؟

جواب : ''کتاب نما''

سوال : صحافتی ذمہ داریاں، صحافتی قوانین اور صحافتی اخلاقیات کس شاعر، ادیب صحافی اور مورخ کی تصانیف ہیں۔

جواب : ڈاکٹر احسن اختر ناز۔

☆☆☆

طنز و مزاح

سوال : عطارد کے فرضی نام سے کون سے مزاحیہ شاعر شعر کہتے تھے؟
جواب : سید محمد جعفری۔
سوال : اردو طنز و مزاح کی روایت میں سنجیدہ مزاح اور ظرافت کی مثال سب سے پہلے کس شاعر میں ملتی ہے؟
جواب : غالب میں۔
سوال : ''چٹکیاں اور گدگدیاں'' کے مصنف کا نام بتایئے؟
جواب : رشید احمد صدیقی، عظیم بیگ چغتائی، احمد شاہ بخاری پطرس، شوکت تھانوی، بشیر ہاشمی، فلک پیا، امتیاز علی تاج، عبدالمجید سالک، چراغ حسن حسرت، منٹو، کرشن چندر وغیرہ۔
سوال : کیلے کا چھلکا کس مشہور مزاح نگار کی تخلیق ہے؟
جواب : چراغ حسن حسرت۔
سوال : اردو کے پہلے مزاحیہ شاعر کا نام بتایئے؟
جواب : جعفر زٹلی۔
سوال : ایک سو ایک کس کا مزاحیہ مجموعہ ہے؟
جواب : مظفر بخاری۔
سوال : دہلی کی آخری شمع کس مزاح نگار کا شاہکار ہے؟
جواب : مرزا فرحت اللہ بیگ۔
سوال : ڈاکٹر صفدر محمود نے ملک کے ممتاز مزاح نگاروں کی ہنستی مسکراتی تحریروں کا انتخاب کیا ہے بتایئے کس نام سے؟
جواب : سدا بہار۔
سوال : رشید احمد صدیقی نے کس مزاح نگار کے بارے میں یہ کہا تھا کہ طنز و ظرافت میں...... کا ہم عصر ان کے ہم عصروں میں کوئی نہیں؟
جواب : پطرس بخاری۔

سوال : کس مشہور شاعر نے طنز و مزاح نگار پروفیسر افضل علوی کے بارے میں یہ الفاظ کہے ہیں؟
''علوی صاحب اس دور کے گنے چنے طنز نگاروں اور مزاح نویسوں میں ایک اضافے کی حیثیت رکھتے ہیں''؟
جواب : احمد ندیم قاسمی۔
سوال : طنزیہ شاعری کے رنگ میں قومی شاعری کو سب سے پہلے کس سندھی شاعر نے اختیار کیا؟
جواب : شمس الدین بلبل نے۔
سوال : کم از کم دس ایسے ادیبوں کے نام بتایئے جنہوں نے فن مزاح نگاری کو بام عروج تک پہنچایا ہے؟
جواب : مرزا فرحت اللہ بیگ، پروفیسر رشید احمد صدیقی، مرزا عظیم بیگ چغتائی، سندباد جہازی، شوکت تھانوی، ملا رموزی، احمد شاہ پطرس بخاری، مرزا عصمت اللہ بیگ، کرشن چندر کنہیا لال کپور۔
سوال : ''غالب جدید شعراء کی ایک مجلس میں'' کنہیا لال کپور کی ایک کتاب میں ایک مضمون کا عنوان ہے کتاب کا نام بتایئے؟
جواب : سنگ و خشت (مطبوعہ 1942ء)
سوال : طنز و مزاح نگار کنہیا لال کپور کا انتقال کب ہوا؟
جواب : 5 مئی 1980ء۔
سوال : ممتاز مزاح نگار مشتاق احمد یوسفی نے چراغ تلے کب لکھی؟
جواب : 1961ء میں۔
سوال : میرزا جنگی کس مزاح نگار کا مزاحیہ کردار ہے؟
جواب : میرزا عظیم بیگ چغتائی کا
سوال : ممتاز مزاح نگار عبدالمجید نفا کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟
جواب : فروری 1988ء میں راولپنڈی میں۔
سوال : مرزا سلطان احمد نے اپنی کون سے کتاب علامہ اقبال سے منسوب کی تھی؟
جواب : فنون لطیفہ۔
سوال : فکر تونسوی کا انتقال کب ہوا؟
جواب : 12 ستمبر 1987ء۔
سوال : ان فوجی افسروں کے نام بتایئے جنہوں نے اردو میں مزاحیہ تحریریں لکھ کر نام پیدا کیا؟
جواب : کرنل محمد خاں، بریگیڈیئر صدیق سالک، کیپٹن صولت رضا، کیپٹن ادریس۔

سوال : جنٹل مین بسم اللہ کیپٹن اشفاق حسین کے طنزیہ اور مزاحیہ مضامین کا مجموعہ ہے بتایئے جنٹل مین الحمداللہ کس کے طنزیہ مضامین کا مجموعہ ہے؟

جواب : کیپٹن اشفاق حسین۔

سوال : طنز ومزاح نگار مارک ٹوین کا اصل نام کیا تھا؟

جواب : سیموئیل کلیمنز۔

سوال : اپریل 1910ء میں کس امریکی مزاح نگار نے انتقال کیا؟

جواب : مارک ٹوین نے۔

سوال : اس مزاح نگار کا نام بتایئے جو الم نشرح کے قلمی نام سے لکھتا تھا؟

جواب : مرزا فرحت اللہ بیگ۔

سوال : پطرس بخاری پکا مزاح نویس تھا بتایئے یہ الفاظ کس کے ہیں؟

جواب : ڈاکٹر احسن فاروقی۔

سوال : محمد رضا نقوی کس مزاحیہ شاعر کا اصل نام ہے؟

جواب : ظریف جبلپوری۔

سوال : آب گم مشتاق احمد یوسفی کے مزاحیہ مضامین کا مجموعہ ہے بتایئے یہ کب چھپا؟

جواب : 1990ء میں۔

سوال : مشہور مزاح نگار مرزا عظیم بیگ چغتائی اور مرزا فرحت اللہ بیگ میں کیا قدر مشترک ہے؟

جواب : دونوں نے ایک ہی سن یعنی 1948ء میں وفات پائی۔

سوال : شگفتہ شگفتہ طنزیہ و مزاحیہ مضامین کا مجموعہ ہے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : ابراہیم جلیس۔

سوال : جسٹس ایم آر کیانی نے اپنی کس کتاب میں حکومت معاشرے اور عوام کی خامیوں پر شدید طنز کی ہے؟

جواب : افکار پریشان۔

سوال : میرزا ریاض نے اپنی کس کتاب میں ہم عصر معاشرے کو اپنے طنز کا نشانہ بنایا؟

جواب : دست وگریبان۔

سوال : مشکور حسین یاد کی طنز و مزاح سے بھرپور کتابوں کے نام بتایئے؟

جواب : ستارے چہچہاتے ہیں۔ اپنی صورت آپ، وشام کے آئینے۔

سوال : خاکم بدہن کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : مشتاق احمد یوسفی۔

سوال : جنٹل مین الحمدللہ میجر اشفاق حسین کی تصنیف ہے جنٹل میں بسم اللہ کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : کیپٹن اشفاق حسین ہی کی۔

سوال : ''دخل در معقولات'' کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : ارشد میر۔

سوال : جنٹل مین بسم اللہ کا انتساب کن کے نام ہے؟

جواب : ان کے نام جو بچھڑ گئے۔

سوال : شفیق الرحمان کی کتاب دریچے کب شائع ہوئی؟

جواب : 1989ء میں۔

سوال : 1989ء میں اسحاق خضر کے مزاحیہ مضامین کا مجموعہ کس نام سے چھپا؟

جواب : پہلی غلطی۔

سوال : فارسی شاعری میں طنز و مزاح کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی۔

سوال : ممتاز مزاح نگار مرزا فرحت اللہ بیگ دو سال تک کس سے عربی پڑھتے رہے؟

جواب : ڈپٹی نذیر احمد۔

سوال : مرزا فرحت اللہ بیگ نے کس نام سے مضامین نگاری کا سلسلہ شروع کیا تھا؟

جواب : الم نشرح۔

سوال : کس مزاح نگار کی ولادت قصبہ مراچاہو (جونپور) میں ہوئی؟

جواب : رشید احمد صدیقی۔

سوال : کس مزاح نگار نے کچھ عرصہ تک پروفیسر ڈکنز کا نام اختیار کیے رکھا؟

جواب : پطرس بخاری۔

سوال : اس مزاح نگار کا نام بتایئے جنہوں نے کولمبس کے قلمی نام سے مضامین لکھے؟

جواب : چراغ حسن حسرت۔

سوال : مستنصر حسین تارڑ کے شگفتہ مضامین کا مجموعہ چک چک روزنامہ مشرق لاہور میں کس عنوان سے شائع ہوتا رہا؟

جواب : کاروان سرائے۔

سوال : ''گزارا نہیں ہوتا'' مزاحیہ مضامین کے اس مجموعے کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : مستنصر حسین تارڑ۔

سوال : دووغ برگردن قاری، پردے میں رہنے دو میں سے کون سا طنز و مزاح کا مجموعہ محمد طارق طور کا ہے؟

جواب : دووغ برگردن قاری۔

سوال : ابدال بیلا نے کس نام سے مجموعہ طنز مزاح لکھا ہے؟

جواب : سن قلاور۔

سوال : ہمہ یاراں دشت اور دوسفر کن ادیبوں کے طنز و مزاح کے مجموعے ہیں؟

جواب : محمد کبیر خاں، محمد خالد اختر۔

سوال : خندمکرو علطاء الحق قاسمی کے طنز و مزاح پرمبنی مجموعہ ہے بتایئے ''دیگر احوال یہ ہے کہ کس کا مجموعہ ہے؟

جواب : مختار زمن۔

سوال : نکتہ داں پیداء کیے کس کے مزاحیہ مضامین کا مجموعہ ہے؟

جواب : مرزا ریاض۔

سوال : ''غالب کے نئے خطوط'' طنز و مزاح کا مجموعہ ہے بتایئے اس کے مصنف کون ہیں؟

جواب : ڈاکٹر انور سدید۔

سوال : ''طنز و مزاح'' نامی کتاب کے مصنف کا نام بتایئے نیز یہ کہاں سے چھپی تھی؟

جواب : کلیم الدین احمد لکھنؤ۔

سوال : طنزیات و مضحکات کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : رشید احمد صدیقی۔

سوال : قصہ مختصر، گستاخی معاف کے بعد مظفر بخاری کا دوسرا مجموعہ ہے بتایئے اس کے دیباچے میں مصنف نے مزاح کی کیا تعریف کی ہے؟

جواب : جس طرح نیکی اپنا انعام خود ہوتی ہے اسی طرح مزاح بھی اپنا ثبوت خود ہی ہوتا ہے۔ جو تحریر آپ کے دل کو گدگدائی آپ کے چہرے پر بے ساختہ مسکراہٹ لائے اور گا ہے گا ہے قہقہہ لگانے پر مجبور کرے وہی اچھی مزاحیہ تحریر ہے۔

سوال : کم از کم چار انگریز مزاح نگاروں کے نام بتایئے؟

جواب : مارک ٹوائن، چارلس ڈکنز، اسٹیفن لی کاک اور جیز تھربر۔

سوال : بین السطور کس کے مزاحیہ مضامین کا مجموعہ ہے؟

جواب : صبیح الحسن۔

سوال : وہ مزاح کو محض حماقت نہیں سمجھتے اور نہ محض طاقت ہی سمجھ کر پیش کرتے ہیں بلکہ اسے زندگی کی اہم حقیقت شمار کرتے ہیں بتایئے ڈاکٹر احسن فاروقی کے یہ الفاظ کس مزاح نگار کے بارے میں ہیں؟

جواب : مشتاق احمد یوسفی۔

سوال : شعیب ودود نے کس نام سے طنزیہ اور مزاحیہ مضامین کا مجموعہ کس عنوان سے شائع ہوا؟

جواب : حکایات چوں چناں

سوال : بتایئے شعیب ودود نے ''حکایات چوں چناں'' میں کتنے ادبی خاکے بھی شامل کیے ہیں؟

جواب : **14**

سوال : بتایئے قومی ڈائجسٹ' لاہور نے طنز و مزاح نمبر'' کب شائع کیا؟

جواب : **1990ء** میں

سوال : بتایئے اردو مزاح یعنی **Humor** کو کن دو مراحل میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

جواب : (1) قدیم طرز کی مزاح نگاری (2) تحریک سرسید کے بعد مغربی افکار کے طفیل۔

سوال : بتایئے مشرق میں مزاح نگاری کے نظریات کا پہلا منبع کس زبان کے مصنفین کی کتابیں ہیں؟

جواب : یونانی

سوال : بتایئے یہ مزاحیہ شعر کس شاعر کا ہے؟

بس اک شے موت ہے جو خیر سے ملتی ہے بے راشن
وگرنہ ساری چیزوں کی گرانی ہے جہاں میں ہوں

جواب : مجید لاہوری

سوال : بتایئے یہ کس نے کہا تھا کہ
بغداد میں ہنسی ٹھٹھہ تو تھا لیکن مزاح کا وجود نہ تھا؟

جواب : جارج میریڈتھ

سوال : کیا یہ درست ہے کہ ترکوں کے ہاں ملا نصیر الدین کا مزاحیہ کردار ابھرا؟

جواب : جی ہاں

سوال : بتایئے عطاء الحق قاسمی کی کس کتاب کو 2007 میں نیشنل بنک آف پاکستان نے 2007ء کی بہترین کتاب قرار دیا؟

جواب : وصیت نامے

سوال : مشہور افسانہ نویس مسرت لغاری کی مزاحیہ تحریروں کا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : تبسم زیر لب

سوال : یہ بتایئے کہ کس معروف طنز نگار اور مزاحیہ شاعر کے مزاحیہ کالموں پر مشتمل کتاب رانگ نمبر شائع ہوئی۔

جواب : ڈاکٹر انعام الحق جاوید

سوال : ''اردو کی نثری داستانوں میں طنز و مزاح'' موضوع کے اعتبار سے اپنی نوعیت کی منفرد اور پہلی کتاب ہے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر ایم سلطانہ بخش

سوال : مشہور مزاح نگار ضیاء الحق قاسمی کی مزاحیہ شاعری کا پہلا مجموعہ کب اور کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : رگِ ظرافت 1990ء میں

سوال : بتایئے یہ چار مزاحیہ شعری مجموعے کس کی تخلیق ہیں؟

ضیاء پاشیاں، چھیڑ خانیاں، ہرے بھرے زخم اور گل فشانیاں

جواب : ضیاء الحق قاسمی

سوال : بتایئے جمیل بٹ نے مختلف طنزیہ موضوعات پر مبنی مجموعہ کس نام سے مرتب کیا

جواب : حاضر جوابیاں (سن اشاعت ۱۹۹۳ء)

سوال : بتایئے یہ مزاحیہ اشعار کس مشہور شاعر کے ہیں؟

کہا مجنوں سے یہ لیلیٰ کی ماں نے
کہ بیٹا تو اگر ایم اے کرے پاس
تو فورا بیاہ دوں لیلیٰ کو تجھ سے
بلا وقت میں بن جاؤں تری ساس

جواب : اکبر الہ آبادی

سوال : یہ بتایئے کہ طنزیالوجی کس مصنف کی کتاب ہے؟

جواب : پروفیسر نعیم مسعود (وہ بیالوجی کے استاد ہیں)

سوال : بتایئے یہ مزاحیہ اشعار عصر حاضر کے کس مزاحیہ شاعر کے ہیں؟

دفعتہً انور خیال آتا ہے آج اس مرغ کا
شوربہ پینے کے بعد اور بوٹیاں کھانے کے بعد
اللہ اللہ ایک برقی سرد خانے کے طفیل
اس نے کتنی عمر پائی ذبح ہو جانے کے بعد

جواب : انور مسعود

سوال : بتایئے بلا تکلف، کچھ تو کہیے، ہیرا پھیری، چوکے، ڈش انٹینا اور گفتہ شگفتہ کس مشہور مزاحیہ شاعر کی تخلیقات ہیں۔

جواب : سرفراز شاہد

سوال : بتایئے یہ کس نے کہا تھا کہ

طنز نگار تو سرجن ہوتا ہے، قصاب ہوتا ہے، احساس کمتری کا شکار ہوتا ہے کچھ نہ کہہ کر سب کچھ کہنے کے فن میں ماہر ہوتا ہے بد دماغ ہوتا ہے۔ بے درد ہوتا ہے۔ بے لحاظ ہوتا ہے۔ رشید احمد صدیقی ہوتا ہے۔ کرشن چندر ہوتا ہے۔ فکر تونسوی ہوتا ہے۔ بس یوں سمجھیے۔

کچھ نہ کہہ کر بھی بہت کچھ کہہ دیا کرتے ہیں لوگ

جواب : کنہیا لال کپور

سوال : بتایئے یہ کس کا قول ہے کہ ''ہورلیس، جووِنل اور پری الیس ہر ایک نے کم وبیش لوی لیس (Lucilius) کی طنزیات سے استفادہ کیا ہے؟

جواب : اسمٹین (Smeaton)

سوال : نامہ دوست کس مزاح نگار کا مزاحیہ مضمون ہے؟

جواب : پطرس بخاری

سوال : الطاف حسین حالی نے مزاح کی افادیت کے بارے میں کیا کہا ہے؟

جواب : ''مزاح جب تک مجلس کا دل خوش کرنے کے لیے کیا جائے ایک ٹھنڈی ہوا کا جھونکا ایک سہانی خوشبو کی لپٹ ہے جس سے تمام پژمردہ دل باغ باغ ہو جاتے ہیں''

سوال : مشہور مزاح نگار غلام جیلانی اصغر کو حکومت پاکستان نے ان کی خدمت کے عوض کس تمغہ سے نوازا؟

جواب : تمغہ امتیاز

سوال :یوگوسلاویہ کی حسین یادوں، دلکش منظروں اور جمیل لوگوں کا دلکش حال مزاحیہ انداز میں صدیق سالک نے کس مضمون میں بیان کیا؟

جواب: دنیا کو ذرا دیکھ

سوال :بتائیے کرسی کے بارے میں یہ کس شگفتہ فکر ادیب نے کہا تھا کہ کرسی نشین دیدہ ور نہ ہو تو کرسی بدلگام گھوڑا بن جاتی ہے؟

جواب: کوثر چاند پوری

سوال :''بیوی یا عورت'' رشید احمد صدیقی کا مزاحیہ مضمون ہے بتائیے میری بیوی کس ممتاز مزاح نگار کا شگفتہ مضمون ہے؟

جواب: فکر تونسوی

سوال :سبک مزاح کی لطیف ترین تحریر'' کار حاضر ہے'' کس کی تخلیق ہے؟

جواب: محمد خالد اختر

سوال :بحث و تکرار کے عنوان سے ایک شوخ و شنگ تحریر بڑی مقبول ہے بتائیے یہ مضمون کس مشہور ماہر تعلیم کا ہے؟

جواب: سر سید احمد خاں

سوال :مزاح نگار سٹیفن لی کاک معمولی بات کو برجستہ پن سے غیر معمولی بنا دیتا ہے ان کے کسی ایک مضمون کا نام بتائیے؟

جواب: اخباری رپورٹر (Press Reporter)

سوال :''کتے'' پطرس بخاری کی مزاحیہ تخلیق ہے بتائیے ''انگلستان میں کتے'' کس کی شگفتہ اور مسرت خیز تحریر ہے؟

جواب: پروفیسر حمید احمد خان (معروف ماہر تعلیم)

سوال :بتائیے کتوں کی طبقاتی تقسیم کے بارے میں متبسم کالم انتظار حسین نے کس نام سے لکھا؟

جواب: کالا کتا۔ گورا کتا

سوال :بتائیے یہ لطیف شعر کس مزاحیہ شاعر کی تخلیق ہے؟

نہ ہوتا ہے وہ حلوے میں نہ ہوتا ہے مٹھائی میں
مزا ملتا ہے جو افسر کو اوپر کی کمائی میں

جواب: نیاز سواتی۔

سوال :فرانسیسی مزاح پارہ ''تین فلسفی'' والٹیر کی تحریر ہے بتائیے اس کا اردو ترجمہ اس نام سے کس نے کیا؟

جواب: شاہد احمد دہلوی۔

سوال :بتائیے یہ مزاحیہ شعر کس کا ہے؟

دوستی باہر حسیناؤں سے رکھ
گھر میں بیوی کو چراغ خانہ کہہ

جواب: سرفراز شاہد۔

سوال :''مولوی گڈو'' ایک مورخ پاکستان کے قلم سے ہونٹوں پر تبسم بکھیرنے والا خاکہ ہے۔ نام بتائیے؟

جواب: ڈاکٹر صفدر محمود۔

سوال :عظیم بیگ چغتائی کے اس ناول کا نام بتائیے جسے مزاحی ادب میں کلاسیکی حیثیت حاصل ہے؟

جواب: لوٹے کی مصیبت۔

سوال :''شیخ چلی'' جیسے دلکش مضمون کے مصنف کا دعویٰ ہے کہ ''ہر شخص کی ذات کے اندر ایک نہ ایک شیخ چلی موجود ہوتا ہے'' آپ مصنف کا نام بتائیے؟

جواب: انجم نیازی۔

سوال :مزاح کس زبان کا لفظ ہی اور اس کے معنی کیا ہیں؟

جواب: لاطینی زبان کا معنی ''رطوبت'' کے ہیں۔

سوال :اردو کے ممتاز مزاح نگار شفیق الرحمٰن کے کسی ایک بشاشت آفریں مضمون کا نام بتائیے؟

جواب: کام چور بھوت۔

سوال :''مرلی باجے گی'' رتن ناتھ سرشار کی کس کتاب کا ایک دلکش باب ہے؟

جواب: فسانہ آزاد

سوال :انگریزی زبان کے مشہور مزاح نگار جوناتھن سوفٹ کے اس دلچسپ و طربیہ مضمون کا نام بتائیے جس کا ترجمہ شاہد احمد دہلوی نے کیا؟

جواب: بیگ کا سفر

سوال :بتائیے اردو صحافت میں طنز و مزاح کے نام سے کتاب کس نے لکھی؟

جواب: ڈاکٹر ظفر عالم ظفری۔

سوال : شان الحق حقی کو ان کی ادبی خدمات پر ستارہ امتیاز دیا گیا بتایئے ان کے مشہور مزاحیہ مضامین کا مجموعہ کس نام سے زیور طبع سے آراستہ ہوا؟

جواب : نوک جھوک۔

سوال : پھکڑ پن اور جگت بازی کے اثرات سے پاک کتاب ''ایک مسکراتی کتاب'' کس نے لکھی؟

جواب : شادر چدھڑ۔

سوال : اے حمید کے مزاحیہ، طنزیہ اور شگفتہ مضامین کا مجموعہ کس نام سے طبع ہوا؟

جواب : غالب رائل پارک میں۔

سوال : سید سعید احمد نے ملا نصیر الدین کے چٹے پٹے اور مزے دار لطائف کا مجموعہ کس نام سے مرتب کیا؟

جواب : ملا نصیر الدین کے لطیفے۔

سوال : یہ بتایئے شاباش، مزاح در مزاح اور مزاج بخیر کس کے مجموعے ہیں؟

جواب : پروفیسر تنویر حسین کے۔

سوال : ''اے کی تخول اے'' کے عنوان سے 2009ء میں کس شاعر کا مزاحیہ شاعری پر مبنی شعری مجموعہ شائع ہوا؟

جواب : ظفر نوید جانی۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ ممتاز مزاحیہ شاعر ظریف لکھنوی حضرت صفی لکھنوی کے چھوٹے بھائی تھے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : بتایئے امیر بچے کی دعا، لیڈر کی تلاش، مقامی مہاجر اور ''اور تو عوامی لیگ میں'' یہ مزاحیہ نظمیں کس مشہور مزاحیہ شاعر کی تخلیق ہیں؟

جواب : مجید لاہوری۔

سوال : ڈاکٹر یونس بٹ کی مزاحیہ تحریروں پر مشتمل کتاب بٹ کاریاں لاہور سے کب شائع ہوئی؟

جواب : 2009ء میں۔

☆☆☆

لسانیات

سوال : انگریزوں نے فارسی کی بجائے اردو کو سرکاری زبان کا درجہ کب دیا؟

جواب : 1836ء میں۔

سوال : براہوئی زبان کی گرامر 1880ء میں کہاں سے شائع ہوئی؟

جواب : میونخ (جرمنی) سے۔

سوال : ہندی زبان کے حروف تہجی کی تعداد کتنی ہے؟

جواب : 49۔

سوال : پشتو زبان کی بنیاد ایران کی کس قدیم زبان پر رکھی گئی ہے؟

جواب : اوستا پر۔

سوال : اردو زبان کے کل کتنے حروف تہجی ہیں؟

جواب : 37۔

سوال : کس علاقے کی زبان کو ٹکسالی زبان کا نام دیا گیا؟

جواب : دہلی کے۔

سوال : ہم اردو کیسے پڑھائیں کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : معین الدین۔

سوال : اردو کے لفظی معنی بتایئے نیز یہ بھی بتایئے کہ یہ کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب : لشکر اور بازار کے......ترکی زبان سے ماخوذ ہے۔

سوال : دکن میں اردو، نامی کتاب کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : نصیر الدین ہاشمی۔

سوال : بتایئے ناول کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب : اطالوی زبان کا۔

سوال : روبوٹ کس زبان کا لفظ ہے نیز اس کا مطلب کیا ہے؟

جواب : چیکوسلوکیین زبان کا......غلاموں کی طرح کام کرنا۔

سوال : ہندی کوراشٹر بھاشا کا رتبہ کب دیا گیا۔

جواب : 1946ء۔

سوال : روبوٹ کا لفظ سب سے پہلے کس چیکوسلوکین ادیب نے استعمال کیا؟

جواب : کارل چیسک نے ایک کہانی میں جس کا نام روسم تھا۔

سوال : گریرسن کے خیال کے مطابق ہندوستان میں کتنی زبانیں اور بولیاں پائی جاتی ہیں؟

جواب : 179 زبانیں اور 544 بولیاں۔

سوال : بلوچی حروف ابجد کی تعداد کتنی ہے؟

جواب : 36۔

سوال : گریرسن نے صوبہ سرحد میں بولی جانے والی زبان ہندکو کو کیا نام دیا ہے؟

جواب : لہندا۔

سوال : سندھی زبان میں کتنے فیصد الفاظ فارسی کے ہیں؟

جواب : 36 فیصد۔

سوال : لفظ اردو کا مطلب کیا ہے؟

جواب : اس کے لفظی معنی لشکر، یا فوجی بازار کے ہیں (ایک نئی زبان کے نام کی حیثیت سے اردوئے معلیٰ سے منسوب ہے) جو لال قلعہ دہلی کے باہر لگا کرتا تھا جہاں اس نے شاہجہان بادشاہ کی عہد میں جنم لیا۔

سوال : اردو میں سب سے پہلے ریختہ کس نے اور کب لکھا تھا؟

جواب : مسعود بن سعد گیارہویں صدی عیسوی میں؟

سوال : بتایئے ریختہ کا مطلب کیا ہے؟

جواب : بکھرے ہوئے یعنی ایسی زبان جس میں عربی، فارسی، ترکی، سندھی اور سنسکرت کے الفاظ بکھرے ہوئے ہوں۔

سوال : سموئیل جانسن نے بیلی کی دوسری تصنیف کی اساس پر انگریزی کی لغت لکھی نام بتایئے؟

جواب : A Dictionary of English Language

سوال : زبان کے اعتبار سے اردو کی سب سے مشکل کتاب کون سی ہے؟

جواب : فسانہ عجائب اسے رجب علی بیگ سرور نے لکھا؟

سوال : کس انگریز نے 1787ء میں اردو زبان کے لیے ہندوستانی کا لفظ استعمال کیا؟

جواب : جان گلکرسٹ نے۔

سوال : تامل، تلگو اور کنڑی کس ملک میں بولی جاتی ہیں؟

جواب : بھارت۔

سوال : کھوار پاکستان کے کس علاقے کی زبان ہے؟

جواب : شمالی علاقہ کی۔

سوال : اردو لسانیات کا مختصر خاکہ کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : احتشام حسین مرتبہ آغا سہیل۔

سوال : ہندستانی لسانیات کا خاکہ کے عنوان سے جان جیمز نے جو کتاب لکھی ہے اس کا ترجمہ کس نے کیا ہے؟

جواب : احتشام حسین۔

سوال : اردو زبان اور یورپی اہل قلم کس کی تالیف ہے؟

جواب : ڈاکٹر عطش درانی۔

سوال : اردو زبان کے بارے میں یہ کس نے کہا تھا؟

اردو بہت بڑا ''کاز'' تھا۔ اردو محض ایک زبان نہیں، یہ اسلوب زیست بھی ہے، یہ جینے کا ایک طریقہ اور سلیقہ ہے۔

جواب : ڈاکٹر گوپی چند نارنگ

سوال : بتایئے اردو پر فارسی کے لسانی اثرات کے نام سے کس ہندوستانی دانشور نے کتاب لکھی؟

جواب : عصمت جاوید

سوال : بتایئے ''اردو کہاوتیں اور ان کے سماجی ولسانی پہلو'' کے نام سے تصنیف کس ہندوستانی ادیب اور محقق نے لکھی؟

جواب : ڈاکٹر یونس گاسکر

سوال : ڈاکٹر انیس ناگی نے لسانیات کے موضوع پر کونسی ایسی کتاب لکھی ہے جس کے لیے انہوں نے برٹنڈرسل، آئی اے رچرڈ، مارشل ارنسٹ کیسرز کے بعض تصورات سے استفادہ کیا ہے؟

جواب : شعری لسانیات

سوال : ڈاکٹر آغا سہیل کے مطابق مولانا محمد حسین آزاد کی کونسی کتاب اردو میں علم لسانیات یا زبانوں کی تقابلی مطالعہ پر ایک پر مغز مقالہ ہے؟

جواب : سخندان فارس نے

سوال : بتایئے عظیم خادم و محسن اردو ڈاکٹر سید عبداللہ نے کس نام سے اردو کے نفاذ اور اس کے امکانات پر کتاب لکھی اور یہ کب شائع ہوئی؟

جواب : تحریک نفاذ اردو، 1976ء میں

سوال : مولانا محمد حسین آزاد کے حوالے سے لسانیات کے بارے میں یہ الفاظ کس نے کہے۔

آزاد کو شروع سے لسانیات میں غیر معمولی دلچسپی تھی اور وہ اس موضوع پر مغربی محققین کی معلومات سے بھی کس حد تک واقف تھے لیکن اردو میں وہ پہلے شخص تھے جنہوں نے امکان نظر سے اس کا مطالعہ کیا اور فارسی ادب میں اس کی نشاندہی کی اور دوسروں کے لیے مشعل راہ بنے۔

جواب : ڈاکٹر محمد صادق شبلی

سوال : ممتاز ڈاہر نے لسانیات پر کون سی کتاب لکھی ہے؟

جواب : سیاحت لفظی

سوال : ممتاز ڈاہر نے سیاحت لفظی میں بسکٹ کو فرانسیسی، کباب فارسی زبان کا، سونامی جاپانی زبان کا لفظ قرار دیا ہے بتایئے انہوں نے روٹی کو کس زبان کا لفظ قرار دیا؟

جواب : ہندی

سوال : ڈاکٹر ناصر عباس نیر نے ’’لسانیات اور تنقید‘‘ کے عنوان سے جو کتاب لکھی وہ کب شائع ہوئی؟

جواب : جنوری 2009 میں۔

☆☆☆

لغت

سوال : لغت کی پہلی کتاب ’’کتاب الامین کس نے مرتب کی؟

جواب : خلیل بن احمد بصری۔

سوال : علوم وفنون کی عالمگیر انگریزی لغات **Lexicon Technicum** کس نے اور کب شائع کی؟

جواب : 1704ء میں جان ہیرس۔

سوال : **A Universal Dictionary of Arts and Science** کے مرتب کا نام بتایئے؟

جواب : افرائیم چمبرز

سوال : لغت نویسی کا صحیح انداز کن لغات سے ہوا۔

جواب : ناتھن بیلی کی یونیورسل ایٹی مالوجیکل، انگلش ڈکشنری (1721ء) اور انگریزی کی ہمہ گیر اشتقاقی لغات اور برطانوی ڈکشنری **Dictionarium Britannicum**۔

سوال : انگریزی کی چند مشہور لغات کے نام بتایئے؟

جواب : نیو انگلش ڈکشنری، آکسفورڈ انگریزی لغات، ویبسٹر انگریزی لغات اور مرے کی لغات وغیرہ۔

سوال : اردو کی چند مشہور لغاتوں کے نام بتایئے؟

جواب : فرہنگ آصفیہ (1906ء) نور اللغات، علمی اردو لغت، نسیم اللغات، جامع اللغات۔

سوال : فارسی کی اولیں لغت کا نام بتایئے؟

جواب : برہان قاطع۔

سوال : کپتان جوزف ٹیلر نے کس کی شراکت سے انگریزی اردو لغت مرتب کی نیز یہ کب چھپی؟

جواب : ڈاکٹر ولیم ہنٹر...... 1808ء میں کلکتہ سے۔

سوال : گلیڈون نے کون سی لغت مرتب کی؟

جواب : اردو فارسی یہ 1809ء میں چھپی۔

سوال : فرہنگ جہاز رانی کے انگریز مرتب کا نام بتایئے؟

جواب : کپتان ٹامس روبک۔

سوال : ملا عبدالواسع ہانسوی نے غرائب اللغات کے نام سے اردو ہندی الفاظ کا لغت مرتب کیا بتایئے اس نے معنی کس زبان میں لکھے تھے؟

جواب : فارسی میں۔

سوال : ملا عبدالواسع ہانسوی کی لغت غرائب اللغات کو سراج الدین علی خاں آرزو نے کس نام سے دوبارہ ترتیب دیا؟

جواب : نوادر الفاظ۔

سوال : شمس البیان فی مصطلحات ہندوستان اردو محاورات کی ایک لغت ہے بتایئے یہ کس نے لکھا؟

جواب : مرزا جان طپش نے۔

سوال : ضامن علی جلال نے ایک اردو لغت مرتب کی ہے لغت کا نام بتایئے؟

جواب : سرمایہ زبان اردو۔

سوال : بابائے اردو کی کون سے کتاب ابھی تک طبع نہ ہوسکی؟

جواب : لغت کبیر۔

سوال : فرہنگ آصفیہ کی تدوین وترتیب کا کام کب مکمل ہوا؟ اور اسے کس نے مکمل کیا؟

جواب : **1892**ء میں مولوی سید احمد دہلوی نے۔

سوال : امیر مینائی نے امیر اللغات کی ترتیب وتدوین کا کام کب شروع کیا؟

جواب : **1884**ء میں۔

سوال : عبدالملک الاصمعی عرب لغت نویس ہے بتایئے وہ کب پیدا ہوا اور اس کا انتقال کب ہوا؟

جواب : پیدائش **740**ء وفات **828**ء۔

سوال : اردو مترادفات کی لغت کس نے لکھی ہے؟

جواب : احسان دانش۔

سوال : اردو ہندی لغت کے پہلے انگریزی مرتب کا نام بتایئے؟

جواب : بیلٹ **1884**ء۔

سوال : لغت کی مندرجہ ذیل کتب کے مرتبین کے نام بتایئے؟

(1) غیاث اللغات (2) نور اللغات (3) امیر اللغات (4) کریم اللغات (5) فرہنگ اثر (6) لغات النساء (7) مصباح اللغات (8) بحر الفصاحت (9) لغات کشوری۔

جواب : **(1) محمد غیاث الدین (2) مولوی نور الحق میر (3) امیر مینائی (4) مولوی کریم الدین (5) اثر لکھنؤی (6) سید احمد دہلوی (7) عبدالحفیظ نینوی (8) مولوی نجم الغنی (9) مولوی سید تصدق حسین**

سوال : لاء اور کمرشیل اردو انگلش ڈکشنری کے مولف کا نام بتایئے؟

جواب : ایس ڈبلیو فیلن۔

سوال : ڈکشنری آف انڈین بایوگرافی کے مرتب کون ہیں؟

جواب : بک لینڈ۔

سوال : اعجاز اللغات جدید اور اعجاز اللغات کے مرتبین کے نام بتایئے؟

جواب : محمد علی چراغ.....ذوالفقار احمد تابش۔

سوال : فرہنگ لغات وتعبیرات مثنوی کے مرتب کا نام بتایئے؟

جواب : گوہر بن صادق (ایران)

سوال : ڈاکٹر سید جعفر سجادی نے فرہنگ معارف اسلامی کے نام سے کتاب لکھی ہے بتایئے یہ کتنی جلدوں میں ہے؟

جواب : چار۔

سوال : قاموس الاصطلاحات کے مؤلف کا نام بتایئے؟

جواب : شیخ منہاج الدین۔

سوال : فارسی لغت بہار عجم کے مولف کا نام بتایئے؟

جواب : لالہ ٹیک چند بہار

سوال : جان شیکسپیر نے اردو لغت کے علاوہ منتخاب ہندی کتنی جلدوں میں لکھی؟

جواب : دو۔

سوال : مولانا احسن مارہروی نے لغت کی کون سی کتاب مرتب کرنا شروع کی تھی جو مکمل نہ ہوسکی۔

جواب : فصیح اللغات

سوال : پنجاب سے مولوی عبدالمجید نے کس نام سے لغت شائع کی؟

جواب : جامع اللغات

سوال : اردو کی چند مشہور لغات کے نام بتایئے؟

جواب : کریم اللغات (مولوی کریم الدین پانی پتی) فیروز اللغات (مولوی فیروز الدین) علمی اردو لغت (وارث سرہندی) لغات اردو (خواجہ عبدالرؤف عشرت) عزیز اللغات (مرزا عزیز لکھنوی) لغات نول کشوری (سید تصدق حسین رضوی) نسیم الغات (نسیم امروہوی)

سوال : مولوی عبدالحق نے بھی ایک لغت مرتب کی نام بتایئے؟

جواب : اردو انگریزی لغت۔

سوال : 1958ء میں مہذب اللغات طبع ہوئی بتایئے اسے کس نے مرتب کیا؟

جواب : مہذب لکھنوی۔

سوال : اردو لغت بورڈ کتنی جلدوں پر مشتمل اردو لغت مرتب کر رہا ہے نیز پہلی جلد کب چھپی؟

جواب : بیس 1972ء میں اب تک 12 جلدیں بن چکی ہیں؟

سوال : اس لغت کا نام بتایئے جو اردو، فارسی اور عربی مترادفات پر مشتمل تھی۔

جواب : منتخب النفائس مطبع کانپور 1870ء۔

سوال : نواب تمریز جنگ نے کس نام سے اردو الفاظ کے انسائیکلو پیڈیا مرتب کرنا شروع کیا نیز یہ بتایئے یہ کتنے صفحات پر مشتمل ہے؟

جواب : آصف اللغات.....8 ہزار صفحات حرف ت تک مکمل ہوئی۔

سوال : پروفیسر فرمان علی طاہر نے ماہنامہ ماہ نو شمارہ جولائی 2002 میں لغت نگاری پر ایک مدلل مقالہ لکھا ہے مقالے کا نام بتایئے؟

جواب : اردو لغت نگاری

سوال : ایک اچھے لغت کی تدوین اور ترتیب میں کن اصولوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

جواب : (1) تاریخی اصول لغت (2) اشتقاقی اصول لغت (3) زبان کا حرفی اور نحوی اصول لغت (4) املائی اصول لغت (5) الف بائی اصول لغت

سوال : رفیع حاجب خیرات نے دستور الافاضل کے نام سے جو لغت مرتب کی وہ کب شائع ہوئی۔

جواب : 1371ء میں

سوال : مولوی سید احمد دہلوی نے فرہنگ آصفیہ کتنے عرصے میں مکمل کی۔

جواب : 24 سال میں (آغاز 1868 میں کیا)

سوال : مولوی نورالحسن نیر کاکوروی نے فرہنگ آصفیہ کے کتنے برس بعد نور اللغات لکھنے کا آغاز کیا؟

جواب : 1917 میں۔49 برس بعد

سوال : مولانا احسن مارہروی کی لغت کا نام فصیح اللغات ہے جامع اللغات کی مولف کا نام بتایئے؟

جواب : عبدالمجید خواجہ

سوال : مقتدرہ قومی زبان نے کون کونسی لغات شائع کیں؟

جواب : جامع الامثال از وارث سرہندی (2) خزینۃ الامثال از شاہ حسین حقیقت (3) فرہنگ عامرہ از محمد عبداللہ خان خویشگی (4) فرہنگ تلفظ از شان الحق حقی (5) فرہنگ فسانہ آزاد از ڈاکٹر اکبر حسین قریشی (6) فرہنگ طلسم ہوشربا از ڈاکٹر اکبر حسین قریشی (7) اردو تھیسارس از محمد رفیق خاور۔

سوال : میر عبداللہ ہانسوی نے کونسی لغت مرتب کی؟

جواب : منظوم اردو لغات۔

سوال : بتایئے ہفت زبان لغت میں کتنی زبانوں کی مترادفات کا انتخاب کیا گیا ہے؟

جواب : اردو، بنگلہ، بلوچی، پشتو، پنجابی، سندھی اور کشمیری۔

سوال : جسٹس تنزیل الرحمٰن نے کس نام سے قانونی لغت تحریر کی۔

جواب : قانونی لغت۔

سوال : یہ بتایئے کہ کس نے اردو کو قانون کی اصطلاحات ولغات سے سب سے پہلے آشنا کیا؟

جواب : مولوی نذیر احمد

سوال : عثمانیہ یونیورسٹی کے دارالترجمہ نے کونسی قانونی کتابیں اردو میں منتقل کیں؟

جواب : (1) اعظم اللغات از محمد احمد خان برتر (2) قانونی لغت اردو انگریزی۔

سوال : یہ بتایئے کہ لغات کشوری کے مولف کون ہیں؟

جواب : مولوی سید تصدق حسین رضوی

سوال : خواجہ دل محمد نے کونسی لغت مرتب کی؟

جواب : گلزار معانی

سوال : پروفیسر شیخ منہاج الدین نے بھی ایک سائنسی لغت مرتب کی ہے لغت کا نام بتایئے؟

جواب : قاموس الاصطلاحات

سوال : شمس البیان فی مصطلحات کے مولف کا نام بتایئے؟

جواب : مرزا احمد اسماعیل

سوال : جدید نسیم اللغات کے مولفین کے نام بتایئے؟

جواب : (1) سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی (2) سید قائم رضا نسیم امروہوی (3) آغا محمد باقر نبیرہ آزاد

سوال : ڈاکٹر جمیل جالبی نے قدیم اردو لغت مرتب کی بتایئے اس میں قدیم اردو کے کتنی الفاظ شامل ہیں؟

جواب : 11000

سوال : مقبول بیگ بدخشانی نے بھی ایک اردو لغت مرتب کی لغت کا نام بتایئے؟

جواب : اردو لغت۔

سوال : اردو لغت بورڈ کس ممتاز ادیب اور دانشور کی مساعی جمیلہ سے 1958ء میں عمل میں آیا۔

جواب : ڈاکٹر مولوی عبدالحق۔

سوال : ڈاکٹر رؤف پاریکھ کو کب اردو لغت بورڈ کا سربراہ مقرر کیا گیا۔

جواب : جولائی 2003ء میں

سوال : عربی سندھی ڈکشنری اور سندھی عربی ڈکشنری کے مرتب کا نام بتایئے؟

جواب : غلام حسین جلبانی

سوال : یعقوب میراں مجتہدی نے کتنی جلدوں میں جامع اردو انگریزی لغت مرتب کی؟

جواب : تین جلدوں میں"

سوال : بتایئے یعقوب میراں مجتہد نے اس لغت کو کتنے سالوں میں مکمل کیا۔؟

جواب : 25 سال میں

سوال : ڈاکٹر راج ولی محمد خٹک نے کس نام سے پشتو ڈکشنری لکھی؟

جواب : پشتو ڈکشنری

سوال : سید راشد اشرف نے کس نام سے 2006 میں لغت مرتب کی؟

جواب : انگریزی اردو صحافتی ڈکشنری

☆☆☆

مضامین

سوال : بے ربط باتیں مربوط یادیں کس کے مضامین کا مجموعہ ہے نیز یہ کب چھپا؟

جواب : پروفیسر علاؤالدین اختر 1990ء میں۔

سوال : بے ربط باتیں مربوط یادیں کے افتتاحیہ میں کس شاعر کا یہ شعر لکھا ہوا ہے؟

مجھے تلاش ہے جس کی خود اپنی ہستی میں
وہ کوئی شخص تو ہوگا خدا کی بستی میں

جواب : ساقی امروہوی۔

سوال : بیگمات کے آنسو خواجہ حسن نظامی کے مضامین کا مجموعہ ہے اسے انگریزی حکومت نے ضبط کرلیا۔ بتایئے کیوں؟

جواب : اس لیے کہ اس میں بہادر شاہ ظفر کی بیگمات سے متعلق مضامین تھے؟

سوال : جدیدیت کی تلاش میں ڈاکٹر وحید قریشی کی مضامین کا مجموعہ ہے بتایئے یہ کب طبع ہوا؟

جواب : 1990ء میں۔

سوال : شعر و زبان، اردو زبان و ادب، اور اردو کا المیہ نامی مضامین کے مجموعوں کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : مسعود حسین خان۔

سوال : مولانا محمد حسین آزاد کی کون سی کتاب تمثیلی مضامین پر مشتمل ہے؟

جواب : نیرنگ خیال۔

سوال : سی پارہ دل کس کے مضامین کا پہلا مجموعہ ہے؟

جواب : خواجہ حسن نظامی۔

سوال : نقوش سلیمانی کس کے مضامین کا مجموعہ ہے؟

جواب : سید سلیمان ندوی۔

سوال : مولانا عبدالماجد دریا آبادی کے مضامین کس نام سے طبع ہوئے؟

جواب : مضامین عبدالماجد۔

سوال : ڈاکٹر جمیل جالبی نے ایلیٹ کے مضامین کو کس نام سے ترتیب دیا ہے؟

جواب : ایلیٹ کے مضامین۔

سوال : انسائیکلو پیڈیا بری ٹینیکا میں ایسے (Essay) کی کیا تعریف لکھی گئی ہے؟

جواب : ادب کی ایک صنف کی حیثیت سے ایسے اوسط لمبائی کا ایک ایسا مضمون ہے جو عموماً نثر میں ہوتا ہے اور جس میں سہل اور سرسری انداز میں کسی موضوع سے اور سچ پوچھیے تو صرف اس موضوع سے بحث کی جاتی ہے جو لکھنے والے کو متاثر کرتا ہے؟

سوال : شیخ عبدالقادر مضمون نگاری میں یدِ طولیٰ رکھتے تھے بتائیے وہ کون سا رسالہ نکالتے تھے؟

جواب : مخزن لاہور۔

سوال : عبدالحلیم شرر کے مضامین کا مجموعہ کتنی جلدوں میں شائع ہو چکا ہے؟

جواب : تیرہ جلدوں میں۔

سوال : خیالستان کس کے مضامین کا مجموعہ ہے؟

جواب : سید سجاد حیدر یلدرم۔

سوال : ڈاکٹر انور سدید کی کتاب میر انیس کی اقلیم سخن 1987ء میں کہاں سے طبع ہوئی؟

جواب : بھارت سے۔

سوال : 1990ء میں میر انیس کی اقلیم سخن نئے نام سے شائع ہوئی بتائیے کس نام سے؟

جواب : میر انیس کی قلمرو۔

سوال : مضامین کا مجموعہ ''مضامین فلک پیا'' کے نام سے کس نے لکھا؟

جواب : میاں عبدالعزیز۔

سوال : نگارشات کس کے مضامین کا مجموعہ ہے نیز یہ کب طبع ہوا؟

جواب : سانجھی ل نے 1960ء میں۔

سوال : آوازِ دوست کس کے مضامین کا مجموعہ ہے؟

جواب : مختار مسعود۔

سوال : آوازِ دوست میں کون کون سے مضامین شامل ہیں؟

جواب : مینارِ پاکستان اور قحط الرجال۔

سوال : آوازِ دوست کا نام مولانا جلال الدین رومی کے کس شعر سے لیا گیا ہے؟

جواب : خشک مغز و خشک تار و خشک پوست
از کجا ی اید این آواز دوست

سوال : علامہ اقبال نے اوپر کے شعر کو اپنی کس کتاب میں نظم ''پیر و مرید'' میں شامل کیا ہے؟

جواب : بانگ درا۔

سوال : مینار پاکستان کے مضمون میں مختار مسعود نے کس منظر کو پیش کیا ہے؟

جواب : تحریک پاکستان کے منظر کو۔

سوال : گریٹ ایسے آف آل نیشن کے مرتب کا نام بتائیے؟

جواب : الیف ایچ پرچرڈ۔

سوال : Types of Essays کے مرتب کا نام بتائیے نیز یہ بھی بتائیے کہ اس کتاب میں مرتب نے ایسے (Essay) کی کتنی اقسام بتائی ہیں؟

جواب : بنجمن اے ہیڈرک (امریکی) چھ (1) شخص مضمون (2) بیانیہ مضمون (3) کرداری خاکہ (4) تنقیدی مضمون ادارتی مضمون اور (6) مفکرانہ مضمون۔

سوال : تشخص کس کے مضامین کا مجموعہ ہے؟

جواب : ڈاکٹر اجمل نیازی۔

سوال : محمد کاظم نے قدیم و جدید عربی شعر و ادب کے اسرار و رموز کو اپنی کس کتاب میں پیش کیا ہے؟

جواب : مضامین۔

سوال : خاکم بدہن، چراغ تلے اور زرگزشت کے مصنف کا نام بتائیے"

جواب : مشتاق احمد یوسفی۔

سوال : آرتھر کوئسلر نے اپنی کتاب دی یوگی اینڈ دی کومیسار میں کس ادیب کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ اپنے لکھنے کی میز کے نیچے گرم پانی کی بالٹی میں پیر ڈال کر ہی لکھ سکتا تھا؟

جواب : ترگنیف۔

سوال : یا خدا، ماں جی اور ''نفسانے'' کس مشہور ادیب کی تصانیف ہیں؟

جواب : قدرت اللہ شہاب۔

سوال : مکالمات کس کے مضامین کا مجموعہ ہے؟

جواب : انیس ناگی۔

سوال : نیا شعری افق اور بلوچستان زمانہ قدیم سے قیام پاکستان تک کن ادیبوں کے مضامین کے مجموعے ہیں؟

جواب : انیس ناگی، سید محمود شاہ بخاری۔

سوال : یادیارمہرباں زیڈاے بخاری پر لکھے گئے مضامین کا مجموعہ ہے بتائیے اسے کس نے مرتب کیا؟

جواب : مرزا ظفر الحسن۔

سوال : انداز نظر فتح محمد ملک کے مضامین کا دوسرا مجموعہ ہے ان کے پہلے مجموعے کا نام بتائیے؟

جواب : تعصبات۔

سوال : شرف عظیم آبادی کا انتقال کب ہوا اور ان کے ادبی مضامین کے مجموعے کا نام کیا ہے؟

جواب : مئی 1990ء میں 83 برس کی عمر میں.....جراثیم ادب۔

سوال : جراثیم ادب میں کل کتنے مضامین اور خاکے شامل ہیں؟

جواب : 23۔

سوال : ق سے قلم کس کے مضامین کا مجموعہ ہے؟

جواب : منیر احمد شیخ۔

☆☆☆

مکتوبات

سوال : ڈاکٹر مولوی عبدالحق نے پاکستان کے مشہور مصور جناب عبدالرحمٰن چغتائی کے چھوٹے بھائی کو بھی خطوط لکھے۔ چھوٹے بھائی کا نام بتائیے؟

جواب : ڈاکٹر عبداللہ چغتائی۔

سوال : آوازِ دوست کے مصنف مختار مسعود کے والد شیخ عطاء اللہ نے علامہ اقبال کے خطوط کا مجموعہ کس نام سے شائع کرایا۔

جواب : اقبال نامہ۔

سوال : علامہ اقبال نے سب سے طویل خط کس کو لکھا تھا؟

جواب : سید محمد سعید الدین جعفری۔

سوال : ''صلیبیں میرے دریچے میں'' کس مشہور شاعر کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

جواب : فیض احمد فیض۔

سوال : مظہر محمود شیرانی نے کس نام سے حافظ محمود شیرانی کے خطوط کا مجموعہ مرتب کیا؟

جواب : مکاتیب حافظ محمد شیرانی۔

سوال : اردوئے معلّٰی کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

جواب : بابائے اردو مولوی عبدالحق۔

سوال : بارِ خاطر مشہور اردو ادیب کے مکاتیب کا مجموعہ ہے ادیب کا نام بتائیے؟

جواب : شوکت تھانوی۔

سوال : مکتوبات نبوی کو جمع کرنے کا اعزاز کن صحابیؓ کو حاصل ہوا؟

جواب : حضرت عمرو بن حزم انصاریؓ کو۔

سوال : مکتوبات شیخ عبدالحق محدث دہلوی کتنے مکتوبات کا مجموعہ ہے؟

جواب : 68۔

سوال : مکتوبات امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی میں 536 مکتوبات ہیں بتائیے پہلے حصے میں کتنے مکتوبات کو شامل کیا گیا ہے؟

جواب : 313۔

سوال : اردو کے اس پہلے ادیب اور شاعر کا نام بتایئے جس نے خطوط کا سلسلہ شروع کیا؟

جواب : میرزا اسداللہ خاں غالب۔

سوال : جگر نامے' جگر مرادآبادی کے ان نودریافت خطوط پر مشتمل ہے جو جگر نے اپنے احباب کو 1945ء میں لکھے تھے بتایئے یہ خطوط کس کی تحویل میں تھے اور انہیں کس نے مرتب کیا تھا؟

جواب : سحر مرادآبادی کی تحویل میں، مصطفیٰ راہی نے۔

سوال : مکاتیب ظفر علی خاں کہاں سے شائع ہوئی؟

جواب : لاہور سے۔

سوال : اردو ادب کے اس شاعر کا نام بتایئے جس کے خطوط اس کی زندگی میں محفوظ کیے گئے؟

جواب : مرزا غالب۔

سوال : کیا آپ غالب کے مکاتیب کے دونوں مجموعوں کے نام بتاسکتے ہیں؟

جواب : (1) اردوئے معلیٰ ور (2) عود ہندی۔

سوال : مہدی افادی کے خطوط کے مجموعے کس نے شائع کیے؟

جواب : ان کی بیگم نے۔

سوال : مکتوبات نیاز کس کے خطوط کے مجموعے ہیں؟ نیز یہ کتنی جلدوں میں ہیں؟

جواب : علامہ نیاز فتح پوری۔ تین۔

سوال : غبار خاطر کس کے خطوط کا مجموعہ ہے!

جواب : مولانا ابوالکلام آزاد۔

سوال : زیرلب نامی مکتوب کے مجموعے کی مصنفہ اردو کے مشہور شاعر اسرار الحق مجاز کی بہن اور اردو شاعر جاں نثار اختر کی بیوی ہیں۔ مصنفہ کا نام بتایئے؟

جواب : صفیہ اختر۔

سوال : حرف آشنا کی مصنفہ کا نام بتایئے؟

جواب : صفیہ اختر

سوال : فاسٹر مسعود لیٹرز کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : جلیل قدوائی۔

سوال : ''قائداعظم خطوط کے آئینے میں'' خواجہ رضی حیدر نے نجی مراسلت میں کس کے لیے پہلا خط شامل کیا ہے؟

جواب : گمنام منجم کے نام۔

سوال : مشاہیر کے خطوط کے مرتب کے نام بتایئے؟

جواب : عبدالماجد دریا آبادی۔

سوال : محمد اسماعیل پانی پتی نے مکاتیب سرسید کو کب مرتب کیا؟

جواب : 1976ء میں۔

سوال : اقبال کے خطوط جناح کے نام کے مرتب کا نام بتایئے؟

جواب : محمد جہانگیر عالم (1977ء)

سوال : مکاتیب اقبال بنام گرامی کے مرتب کون ہیں؟

جواب : محمد عبداللہ قریشی۔

سوال : مکتوبات رئیس الاحرار کے مرتب ابوسلیمان شاہجہان پوری ہیں بتایئے یہ کتاب کب شائع ہوئی؟

جواب : 1978ء میں کراچی سے۔

سوال : غالب کے خطوط تین اعتبار سے اہم ہین بتایئے کن وجوہات کے سبب۔

جواب : (1) اردو کے بہترین خطوط ہونے کے ناطے سے (2) سوانحی نقطہ نظر سے (3) تاریخی مواد کی کثرت کے سبب۔

سوال : غالب نے پہلا خط کس کے نام لکھا تھا؟

جواب : میر مہدی مجروح کے نام۔

سوال : انشائے بے خبر کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

جواب : غلام غوث بے خبر۔

سوال : مولانا ابوالکلام آزاد کی کتاب غبار خاطر خطوط کا مجموعہ ہے بتایئے انہوں نے یہ خطوط کس کے نام لکھے تھے؟

جواب : پروفیسر حبیب الرحمٰن خان شروانی۔

سوال : اکبرالہٰ آبادی کے مکتوبات کے مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب : مکتوبات اکبر۔

سوال : ڈپٹی نذیر احمد کے خطوط جوانہوں نے اپنے بیٹے بشیر احمد کے نام لکھے تھے کتابی صورت میں کس نام سے شائع ہوئے؟

جواب : مواعظہ حسنہ۔

سوال : ملک الشعراء شیخ غلام قادر گرامی جالندھری فارسی کے استاد تھے بتایئے وہ خطوط کس زبان میں لکھتے تھے؟

جواب : اردو میں۔

سوال : ریاض الانشاء بہمنی وزیر خواجہ محمود گاواں کے خطوط کا مجموعہ ہے بتایئے یہ خطوط انہوں نے کس کو لکھے تھے؟

جواب : اپنے آقا بہمن سلطان۔۔اس میں کل 148 خطوط ہیں؟

سوال : ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی اور سلیم مصور خالد نے کس کے نام مولانا مودودیؒ کے مکتوبات کی ایک جلد مرتب کی؟

جواب : مولانا مسعود عالم۔

سوال : مولانا عبدالماجد دریابادی کے مکتوبات کا اہم مجموعہ بنام غلام محمد حیدر آبادی 1983ء میں شائع ہوا بتایئے اس میں کتنے مکتوبات شامل کیے گئے ہیں؟

جواب : 79-

سوال : ''خطوط'' کے نام سے مولانا غلام رسول مہر کے انیس جیلانی کے نام مکتوبات کا جو مجموعہ شائع ہوا ہے اس میں مولانا مہر کے کتنے خطوط شامل ہیں۔

جواب : 234۔

سوال : سید نذیر نیازی نے کس کے اصرار پر مکتوبات اقبال مرتب کیے نیز اس میں کتنے مکتوبات شامل ہیں؟

جواب : ممتاز حسن۔182

سوال : مرزا اسداللہ خاں غالب نے کس کے نام خط میں اللہ واحد القہار کے الفاظ لکھے ہیں؟

جواب : نواب علاؤالدین خاں علائی کے نام۔

سوال : غالب نے اپنے ایک خط میں کس کو اے جناب میرن صاحب کہہ کر مخاطب کیا ہے؟

جواب : میر مہدی مجروح کو۔

سوال : گنجینہ گوہر کھلا کس کے نام موصول ہونے والے معاصرین کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

جواب : صادق الخیری۔

سوال : ''مکاتیب خضر'' محمد خالد اختر کی تصنیف ہے بتایئے انہوں نے اس کتاب میں کس بڑے شاعر کے خطوط کی پیروڈی کی ہے؟

جواب : غالب۔

سوال : فیض احمد فیض کے خطوط کا مجموعہ بیگم سرفراز اقبال نے مرتب کیا ہے بتایئے کس نام سے؟

جواب : دامن یوسف۔

سوال : ہنری جیمز کے چوتھے مکتوبات کا مجموعہ کب منظر عام پر آیا؟

جواب : 1984ء میں۔

سوال : پروفیسر ڈاکٹر سید عبداللہ نے ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار کے نام مکتوبات کا سلسلہ کب شروع کیا؟

جواب : 1954 میں

سوال : ہزارہ سے لاہور تک کے مکتوب میں ڈاکٹر سید عبداللہ نے پروفیسر سمتھ کی کس کتاب کا ذکر کیا ہے؟

جواب : **Modern Islam in India.**

سوال : ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی نے اردو ادب کے کس درخشندہ ستارے کے مکاتیب کے مجموعے کو مرتب کیا ہے؟

جواب : مشفق خواجہ

سوال : 13 اپریل 1995 کے ایک مکتوب میں مشفق خواجہ نے کراچی کے کن علاقوں کا تذکرہ کیا ہے

جواب : ملیر اور فیصل کالونی کا

سوال : غبار خاطر مولانا ابوالکلام آزاد کے خطوط کا مجموعہ ہے بتایئے یہ خطوط انہوں نے کس کو لکھے؟

جواب : نواب صدر یار جنگ مولانا حبیب الرحمٰن شروانی رئیس بھیکم پور ضلع علی گڑھ

سوال : یہ بتایئے مولانا آزاد نے 16 ستمبر 1943 کو جو خط اپنی نظر بندی کے دوران لکھا تھا وہ کہاں سے لکھا تھا۔

جواب : قلعہ احمد نگر سے

سوال : مولوی عبدالحق نے 3 اگست 1942 کو جبشی گوڑہ حیدر آباد دکن سے مولانا غلام رسول مہر کے نام جو خط لکھا اس میں حیدر آباد اور دلی کے موسم میں کیا کہا گیا ہے؟

جواب : حیدر آباد رشک کشمیر بنا ہوا ہے یہاں آ کر دلی کی گرمی اور گھمس بالکل بھول گیا ہوں۔ اچھی خاص خنکی ہے اور ہر وقت ٹھنڈی ہوائیں چلتی رہتی ہیں۔

سوال : مولوی عبدالحق نے 15 مارچ 1951 کو کراچی سے جو خط ڈاکٹر عبادت بریلوی کو تحریر کیا اس کے آخر میں انہوں نے داغ کا ایک شعر بھی رقم کیا ہے شعر بتایئے؟

جواب : دن گزارے عمر کے انسان ہنستے بولتے
جان بھی جائے تو میری جان ہنستے بولتے

سوال : عنایت نامہ نثر کی پہلی جلد کتنے خطوط کا مجموعہ ہے نیز مصنف کون ہیں؟

جواب : 165 عنایت خاں راسخ ہندی

سوال : بتایئے 165 خطوط میں سے کس کی طرف سے زیادہ خطوط لکھے گئے ہیں؟

جواب : اورنگ زیب عالمگیر (1068ھ۔1118ھ)

سوال : مکتوبات مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی کتنی جلدوں پر مشتمل ہیں؟

جواب : تین

سوال : مکتوبات مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ کی پہلی جلد میں 313 مکتوبات شامل ہیں بتایئے جلد دوم اور سوم میں کتنے مکتوبات شامل ہیں۔

جواب : علی الترتیب :99۔114

سوال : مکتوبات مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی میں کس قسم کا سامان موجود ہے؟

جواب : ان مکتوبات میں دین، شریعت، تزکیہ و تربیت، جہاد فی سبیل اللہ اور روح پرور سامان موجود ہے۔

سوال : آشنائیاں عجیب مشاہیر کے خطوط کس کا مجموعہ ہے؟

جواب : راشد علیزئی

☆☆☆

مورخین اور تاریخی کتب

سوال : مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی نے کس نام سے تاریخی کتابیں لکھیں؟

جواب : تاریخ نجیب آباد۔ تاریخ اسلام۔

سوال : ہسٹری آف سارا سنز کس کی تصنیف ہے؟

جواب : سید امیر علی۔

سوال : پنجابی زبان میں "شہر لاہور دی تاریخ" کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : کرنل بھولا ناتھ۔

سوال : آزادی کی پہلی جھڑپ عبدالوحید خاں کی کتاب ہے بتایئے یہ کب اور کہاں سے منظر عام پر آئی؟

جواب : 1937ء میں لکھنؤ سے۔

سوال : عبدالوحید خاں نے مولانا ابوالکلام آزاد کی کتاب آزادی ہند کے جواب میں کون سے کتاب لکھی؟

جواب : تقسیم ہند۔

سوال : ماثر الامراء مغلیہ ہندوستان کی تاریخ کا ایک بیش بہا ماخذ ہے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : غلام علی آزاد بلگرامی (1704ء۔1786ء)

سوال : مشہور مورخ پروفیسر احمد حسن دانی نے تاریخ گلگت اکبر حسین اکبر اور عبدالحمید خاور کی مدد سے مدون کی ہے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : شاہ رئیس خاں۔

سوال : شہرہ آفاق مورخ جناب محمد دین فوق کہاں کے رہنے والے تھے؟

جواب : گھڑتل ضلع سیالکوٹ۔

سوال : ڈیکلائن آف رومن ایمپائر کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : ایڈورڈ گبن۔

سوال : آرنلڈ ٹائن بی کی کتاب اے اسٹڈی آف ہسٹری ہے بتایئے یہ کتاب کب شائع ہوئی؟

جواب : 1934ء میں یہ دس جلدوں میں ہے آخری چار جلدیں 1958ء میں شائع ہوئیں۔

سوال : اے ہسٹری آف مسلم سپین کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : مظہر الحق۔

سوال : گلشن ابراہیمی محمد قاسم ہندوشاہ عرف فرشتہ کی تصنیف ہے بتائیے اس کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب : تاریخ فرشتہ۔

سوال : سراج التواریخ کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : ملا محمد لاری۔

سوال : تاریخ فیروز شاہی کے مصنف ضیاء الدین برنی ہیں بتائیے انہوں نے یہ کتاب کب لکھنی شروع کی؟

جواب : 1333ء میں۔

سوال : دکن کی منظوم تاریخ فتوح السلاطین کس کی تصنیف ہے؟

جواب : مولانا عبدالمالک عصامی۔

سوال : ضوالامع محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی کی مشہور کتاب ہے بتائیے یہ کتنی جلدوں میں ہے؟

جواب : دس جلدوں میں۔

سوال : عبداللہ الملکی عرف حاجی الدبیر نے ظفرالولیہ کے نام سے ہندوستان کے بارے میں ایک کتاب لکھی ہے بتائیے اس میں کس سن سے کس سن تک تاریخ ہند پر روشنی ڈالی گئی ہے؟

جواب : 1555-1605ء تک۔

سوال : طبقات اکبرشاہی کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : نظام الدین احمد۔

سوال : دکن کے بہمنی سلاطین کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : ہارون خان شروانی۔

سوال : آئین اکبری علامہ ابوالفضل کی تصنیف ہے بتائیے اعمال صالح یا شاجہاں نامہ کے مصنف کون ہیں؟

جواب : محمد صالح کمبوہ۔

سوال : تاریخ رشیدی کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : میرزا محمد حیدر دغلت۔

سوال : مندرجہ ذیل تاریخی کتب کے مصنفین کے نام بتائیے؟ نیز یہ کن زبانوں میں ہیں؟

(1) طبقات ناصری (2) فتوحات فیروز شاہی (3) منتخب اللباب (4) ہمایوں نامہ۔

جواب : (1) منہاج السراج (فارسی) (2) فیروز شاہ تغلق (فارسی) (3) خافی خاں (4) گلبدن بانو بیگم (فارسی)

سوال : تزک بابری میں بابر نے اردو کو کیا نام دیا ہے؟

جواب : اردوئے معلیٰ۔

سوال : اردو ادب کی مختصر ترین تاریخ کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : ڈاکٹر سلیم اختر۔

سوال : سیر العارفین کے مصنف شاہ جلال ہیں تاریخ داروی کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : عبداللہ۔

سوال : فارسی کے مورخ غیاث الدین محمد فدامیر کا تعلق کس مغل بادشاہ کے دربار سے تھا؟

جواب : بابر۔

سوال : مشہور تاریخ الفی کی تالیف کہاں ہوئی؟

جواب : لاہور میں۔

سوال : منتخب التواریخ کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : ملا عبدالقادر بدایونی۔

سوال : خان خانان عبدالرحیم نے واقعات بابری کا ترجمہ کس زبان سے فارسی میں کیا؟

جواب : ترکی سے۔

سوال : نعمت اللہ خاں کس مغل بادشاہ کے عہد کا بڑا مورخ تھا؟

جواب : شہنشاہ جہانگیر۔

سوال : History of Western Philosophy کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : برٹرینڈرسل۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد اردو ادب کی تاریخ کے کم از کم دو مرتبین کے نام بتائیے؟

جواب : ڈاکٹر جمیل جالبی اور ڈاکٹر حسن اختر۔

سوال : المغازی، فتح العجم، سیرت ابی بکر، مقتل الحسین، فتح مصر و اسکندریہ کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : عمر بن واقدی

سوال : محمد ابن سعد الزہری نے کون کون سی تاریخی کتب لکھیں؟

جواب : تاریخ اسلام، طبقات الکبیر، طبقات الصغیر۔

سوال : ابوحنیفہ دینوری نے اخبار الطوال لکھی بتایئے فتوح البلدان اور کتاب الاخبار والانساب کے مصنف کون ہیں؟

جواب : احمد بن یحییٰ البلاذری۔

سوال : امام طبری نے تاریخ الرسل والملوک لکھی بتایئے اس میں کس سن تک حالات اور واقعات درج ہیں؟

جواب : پیدائش علم تاریخ سے 303ھ تک۔

سوال : امام طبری نے تاریخ الرسل والملوک کتنے عرصے میں لکھی؟

جواب : آٹھ سال۔

سوال : مندرجہ ذیل کتب کے مصنفین کے نام بتایئے؟

(1) اخبار الزماں (2) مروج الذہب ومعادن الجواہر (3) تجارت الامم فی تعاقب الہمم (4) تاریخ بغداد (5) التاریخ الکبیر (6) المنتظم (7) الکامل فی التاریخ۔

جواب : (1) المسعودی (2) المسعودی (3) ابوعلی ابن مسکویہ (4) الخطیب بغدادی (5) ابن عساکر (6) ابن جوزی (7) ابن اثیر۔

سوال : پرنس کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : میکیاولی۔

سوال : سیرۃ المتاخرین کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : غلام حسین طباطبائی۔

سوال : پروفیسر یوسف سلیم چشتی نے تصوف کی تاریخ لکھی ہے بتایئے کس نام سے؟

جواب : ''تاریخ تصوف''

سوال : شریف التواریخ کے مولف کا نام بتایئے؟

جواب : سید شریف احمد شرافت نوشاہی۔

سوال : خلاصۃ الاخبار فارسی زبان میں تاریخ کی ایک کتاب ہے جسے غیاث الدین حسینی معروف بہ خواند میر نے لکھا بتایئے یہ کس کتاب کا خلاصہ ہے؟

جواب : روضۃ الصفاء کا۔

سوال : بتایئے بطور مورخ سابق برطانوی وزیراعظم سرونسٹن چرچل نے کس نام سے تاریخی کتاب لکھی؟

جواب : .The Second World War

سوال : افغانستان میں تحریک مزاحمت'' نامی کتاب جماعت اسلامی کے سرکردہ رہنما نے لکھی نام بتایئے؟

جواب : سید اسعد گیلانی

سوال : برصغیر میں بیداری ملت کی تحریکیں'' کے نام سے کس نے کتاب لکھی؟

جواب : سید اسعد گیلانی

سوال : تاریخ السلام'' کے نام سے کس نے کتاب لکھی؟

جواب : شاہ معین الدین احمد ندوی

سوال : برعظیم ہند کی جدوجہد آزادی کے بارے میں ڈاکٹر محی الدین قاضی کی تصنیف 2008ء میں کس نام سے شائع ہوئی؟

جواب : ہزار سالہ جدوجہد آزادی

سوال : بتایئے "Short Story of the World" نامی کتاب کس روسی تاریخ دان نے لکھی؟

جواب : فیدر کورودکن

سوال : قصص من التاریخ کس عرب مصنف کی تصنیف ہے؟

جواب : علی طنطاوی

سوال : فرانس کا مشہور ادیب، فلسفی اور مورخ مون تسکیو (Montes Quieu) 1689ء میں پیدا ہوا بتایئے اس کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 1755 میں۔

سوال : سن 2009ء میں لاہور کے مینار کے نام سے کتاب شائع ہوئی بتایئے یہ کس کی تصنیف ہے؟

جواب : غافر شہزاد

سوال : بتایئے مشہور ناول نگار بیپسی سدھوا نے اپنے محبوب شہر لاہور کے بارے میں مختلف ادیبوں کی تحریروں کا مجموعہ کس نام سے مرتب کیا؟

جواب : .Beloved City. Writings on Lahore

سوال : تحریک پاکستان کے ایک نامور مورخ ڈاکٹر محمد حسین تمیمی نے کس نام سے بے مثل کتاب لکھی؟

جواب : ''زوال سے اقبال تک''

سوال : بھوپال پر سابق سیکرٹری خارجہ اور نواب حمید اللہ خان کے نواسے شہریار محمد خان نے دو اعلیٰ معلوماتی و تاریخی کتب کس نام سے لکھیں؟

جواب : (1)Begums of Bhopal (2) Sultan-The Rebel Princess Abida

سوال : ''پاکستان تاریخی وسیاسی جائزہ'' کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : تجمل حسین انجم

سوال : تاریخ اسلام' کے نام سے کس نے کتاب لکھی؟

جواب : ڈاکٹر حمید الدین

سوال : مولانا غلام رسول مہر نے کس نام سے تاریخی کتاب لکھی؟

جواب : سو تاریخی واقعات۔

سوال : تاریخ اسلام، پاک و ہند کی اسلامی تاریخ، تاریخ پاک و ہند حصہ اول۔ دوم اور تاریخ مشائخ نقشبندیہ۔ کے صاحب قلم کا نام بتائیے؟

جواب : صاحبزادہ محمد عبدالرسول

سوال : 1933 میں لنڈن یونیورسٹی سے کس نے The Muslim Historians of India from 1205 AD to 1258 AD مقالہ لکھ کر پی ایچ ڈی کی ڈگری لی۔

جواب : ڈاکٹر عندلیب شادانی

سوال : تاریخ یونیورسٹی اورینٹل کالج کس نے تحریر کی ہے؟

جواب : ڈاکٹر سید سلطان محمود حسین

سوال : ڈاکٹر مبارک احمد برصغیر پاک و ہند کے عظیم مورخ ہیں ان کی تاریخ کی چار کتابوں کے نام لکھیں؟

جواب : (1) تاریخ اور سیاست (2) تاریخ اور دانشور (3) تاریخ اور فلسفہ تاریخ (4) تاریخ کے بدلتے نظریات۔

سوال : تاریخ اور مورخ کے عنوان سے ڈاکٹر مبارک احمد کے بارے میں کس نے کتاب ترتیب دی

جواب : ڈاکٹر کے ایم اشرف نے۔

☆☆☆

ناول

سوال : مرزا ہادی رسوا نے میری کوریلی کے جاسوسی ناول کا ترجمہ خونی مصور کے عنوان سے کب کیا؟

جواب : 1919ء میں۔

سوال : کس جرمن ادیب نے ایک ناول مغربی محاذ خاموشی سے لکھ کر پہلی جنگ عظیم کے دوران میں مروج ادبی نظریات سے انحراف کیا؟

جواب : ایرک ماریا ریمارک۔

سوال : ایچ جی ویلز کے بعد جن ادیبوں نے سائنسی ناول لکھے ہیں ان کے نام بتائیے؟

جواب : جان کرسٹوفر، فالٹر ٹیوائس، رابرٹ ہیلین اور باب شا۔

سوال : قمر اجنالوی کے تاریخی ناولوں کے نام بتائیے؟

جواب : مقدس مورتی، چاہ بابل، سلطان (صلاح الدین ایوبی) ولی عہد، شمشیر، پرتھال، پنڈارے

سوال : Prelude to Blue Mountains کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : ایلن ہائیڈر۔

سوال : رضیہ بٹ کے ان ناولوں کے نام بتائیے جن کے نام خواتین کے نام پر رکھے گئے ہیں؟

جواب : سارہ، گل بانو، شاہینہ، ناجیہ، نورینہ، انیتا، ثمینہ، بینا۔

سوال : رضیہ بٹ کے دیگر ناولوں کے نام بتائیے؟

جواب : روپ، ریشم، رفاقتیں، فاصلے، آئیڈیل، آئینہ، زندگی، ڈارلنگ، آگ، بسمہ، محبت اک سچائی، اداس، ان کہی۔

سوال : دشت سوس کس کے گرد گھومتا ہے نیز اس کے مصنفین کے نام بھی بتائیے؟

جواب : حسین بن منصور حلاج...... جمیلہ ہاشمی۔

سوال : اشفاق احمد کے سفر مینا میں مختصر سفرناموں، گیارہ افسانوں کے علاوہ ایک ناولٹ بھی شامل ہے ناولٹ کا نام بتائیے؟

جواب : مہمان بہار۔

سوال : دنیا میں چائے کے موضوع پر سب سے پہلی کتاب کس نے لکھی تھی؟

جواب : چینی ادیب لو یوئی نے۔

سوال : 24 مئی 1966ء کو کس اردو ادیب نے انتقال کیا؟

جواب : علامہ نیاز فتح پوری۔

سوال : ٹامس مان اور ہرمن ہیسے میں سے کس کا تعلق جرمنی سے ہے؟

جواب : دونوں کا۔

سوال : سیموئیل رچرڈسن کے کس ناول کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے یہ انگریزی زبان کا پہلا ناول ہے؟

جواب : پامیلا (یہ 1740ء میں لکھا گیا تھا)

سوال : اردو زبان کے سب سے پہلے ناول نویس کا نام بتائیے؟

جواب : ڈپٹی نذیر احمد (ناول، مراۃ العروس)

سوال : اردو نثر کی پہلی کتاب کس کتاب کو قرار دیا گیا ہے؟

جواب : فضلی کی کتاب کربل کتھا عہد محمد شاہ (1719-1748ء)

سوال : فارسی داستان قصہ چہار درویش کا ترجمہ میر حسین عطا تحسین نے کس نام سے کیا؟

جواب : نوطرز مرصع۔

سوال : کس کتاب میں سرنگا پٹم کی تاریخ ٹیپو سلطان کی جنگ تک لکھی گئی ہے؟

جواب : بہادر نامہ (تصنیف 1798ء)

سوال : کیا آپ ریاض السیر اردو کے مصنف کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : محمد باقر آگاہ۔

سوال : تامل زبان کے ناول نگار پنجم پاسیم نانے ناول لکھا بتائیے یہ کب شائع ہوا؟

جواب : 1953ء میں اس ناول میں سرمایہ دار اور مزدور کے رشتے کی عکاسی ہوتی ہے۔

سوال : طاعون کس یورپی ادیب کا شہرہ آفاق ناول ہے؟

جواب : کامیو کا۔

سوال : ناول نگار پال روش (Paul Roche) کا اصل وطن انگلستان ہے بتائیے وہ کب امریکا گئے نیز ان کے حکایتوں کا ایک مجموعہ چوہا اور خانقاہ کب شائع ہوئے؟

جواب : 1954ء...... 1952ء میں۔

سوال : تامل جج اور ناول نگار ردیدا نیا گم پلے کا پہلا ناول کون سا ہے؟

جواب : پراتھاپا موالیان (1979ء)

سوال : کے ایس وینکٹ رامن نے کس سن میں اپنا ناول ''دیسا بھکتن کندن'' لکھا؟

جواب : 1930ء میں۔

سوال : تامل تھپا گا بھوی، تا ں ناول کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : کالکی۔

سوال : یوئی تھیو (1943ء) تامل زبان کا اہم ناول ہے اس میں تامل، روح ہے خدا اور انسان کے درمیان تعلق اور فلسفیانہ تجسس کو پیش کیا گیا ہے۔ مصنف کا نام بتائیے؟

جواب : کانا سبرامینم۔

سوال : دنیا کا مختصر ناول کتنے الفاظ پر مشتمل ہے؟

جواب : تین (دیوتا بستر مرگ پر ہے)

سوال : اردو کی پہلی خاتون ناول نگار کا نام بتائیے؟

جواب : رشیدالنساء بیگم۔

سوال : پہلی جنگ عظیم میں دو ناول بڑے مشہور ہوئے ان میں سے ایک ناول Soldiers With Good ہیک نے لکھا بتائیے دوسرا ناول All Quiet on the Western Front کس نے لکھا؟

جواب : ایرک ماریا ریمارق۔

سوال : آرتھر کوئسلر (Kuestler) کے اس ناول کا نام بتائیے جس میں انہوں نے روسی اور امریکی دونوں سیاسی نظاموں پر تنقید کی ہے؟

جواب : The age of Longing

سوال : ''غالب'' قاضی عبدالستار کا ناول ہے بتائیے قاضی صاحب نے اسے بھارت کے کس سابق صدر کی ایما پر لکھا تھا؟

جواب : فخرالدین علی احمد۔

سوال : آخری چٹان میں نسیم حجازی نے عراق کے کس شہر کے گلی کوچوں کا مناظرہ بازی کا نقشہ کھینچا ہے؟

جواب : بغداد۔

سوال : ڈی ایچ لارنس نے ای ایم فاسٹر (ایڈورڈ مورگن فاسٹر) کے کس ناول کے بارے میں لکھا تھا۔ یہ ایک خوبصورت کتاب ہے لیکن اب تمہیں اس سے بھی آگے بڑھنا چاہیے؟

جواب : ہاورڈز اینڈ (Howards End) کے بارے میں۔

سوال : مشہور ناول نگار تھامس ہارڈی ناول نگاری ترک کرنے کے بعد کتنے عرصہ زندہ رہا؟

جواب : تیس سال۔

سوال : ناول زندگی کی کتاب ہوتا ہے بتایئے یہ الفاظ کس کے ہیں؟

جواب : ڈی ایچ لارنس۔

سوال : مصائب و آفات کا امام کس کا نام ہے؟

جواب : صلاح الدین عادل۔

سوال : خواب ہستی نامی ناول میں ناول نگار نے مذہب کو روح کی طہارت اور تزکیہ کا وسیلہ بنایا ہے ناول نگار کا نام بتایئے؟

جواب : مرزا محمد سعید۔

سوال : بتایئے یہ ناولٹ کن مصنفین کے ہیں؟

(1) لندن کی ایک رات (2) مرمر اور خون (3) ضدی (4) دن (5) ایک چادر میلی سی (6) سلمہ اور سمندر۔

جواب : (1) سجاد ظہیر (2) عزیز احمد (3) عصمت چغتائی (4) انتظار حسین (5) راجندر سنگھ بیدی (6) خواجہ احمد عباس۔

سوال : پنجابی ناول بے وطن فخر زمان کی تخلیق ہے بتایئے اس کا اردو ترجمہ ''بے وطن'' کے نام سے کس نے کیا؟

جواب : ستار طاہر نے۔

سوال : منشی سجاد حسین کا کون سا ناول سرشار کے فسانہ آزاد سے ملتا جلتا ہے؟

جواب : حاجی بغلول۔

سوال : امراؤ جان ادا میں مصنف نے کس کی سرگزشت بیان کی ہے؟

جواب : ایک طوائف کی۔

سوال : یہ سارے اولیائے کرام اگر اس وقت بھی موجود ہیں۔ کم از کم اس راجدھانی میں ہونے والی بے انصافیوں اور مظالم کا تدارک فرما دیں۔ بتایئے یہ جملہ قرۃ العین حیدر نے اپنے کس ناول میں لکھا ہے؟

جواب : گردش رنگ چمن۔

سوال : پاگل خانہ حجاب امتیاز علی کا ناول ہے بتایئے اس کا مرکزی خیال کیا ہے نیز اس کے لیے مصنفہ کو کن آسمانی کتابوں کا مطالعہ کرنا پڑا؟

جواب : سائنس، انجیل، زبور، توریت اور قرآن پاک۔

سوال : اردو ادب میں جاسوسی ناولوں کو سب سے پہلے کس نے متعارف کرایا؟

جواب : ظفر عمر (مارس لیبلانک کے ناول نیلی چھتری کا ترجمہ کر کے)

سوال : ظفر عمر کے بعد کن ناول نگاروں نے جاسوسی ناول لکھے؟

جواب : مرزا ہادی رسوا، تیرتھ رام فیروز پوری، ندیم صہبائی، پنڈت ملک راج آنند اور ابن صفی۔

سوال : ارل اسٹینلے گارڈنر کے تمام ناول کس جاسوس کے کارناموں پر مشتمل ہیں؟

جواب : پیری میسن۔

سوال : طارق اسماعیل ساگر نے اپنے ایک ناولٹ میں رفاہی تنظیموں کے پس پردہ مذموم کاروبار کا ذکر کیا ہے ناول کا نام بتایئے؟

جواب : سموک سکرین (اشاعت 1988ء)

سوال : بہار کا آخری پھول اے حمید کا ناول ہے بتایئے یہ کس انداز میں تحریر کیا گیا ہے؟

جواب : رومانی انداز میں۔

سوال : پل صراط اکرم بریلوی کا ناول ہے اس میں کس قسم کے تضادات پیش کیے گئے ہیں؟

جواب : برصغیر کی دیہی اور شہری آبادی کے تضادات۔

سوال : اے عشق کہیں لے چل صادق الخیری کا ناول ہے بتایئے یہ کس ملک کے پس منظر میں لکھے گئے ناول کا ترجمہ ہے؟

جواب : جاپان۔

سوال : مصری ناول نگار نجیب محفوظ کو کس سن میں نوبیل انعام ملا؟

جواب : 1988ء میں۔

سوال : شوکت صدیقی کا ناول خدا کی بستی کب شائع ہوا؟

جواب : 1956ء میں۔

سوال : کیا آپ سندھ کے ممتاز ناول نگار عثمان ڈ۔ یپلائی کے پہلے ناول کا نام بتا سکتے ہیں۔

جواب : سنگ دل شہزادی (طبع شدہ 1934ء)

سوال : بتایئے کس ادیب نے اپنے ناول وار آف دی ورلڈ میں سب سے پہلے لیزر شعاعوں کا ذکر کیا ہے؟

جواب : ایچ جی ویلز۔

سوال : میرا گاؤں غلام الثقلین نقوی کا پہلا ناول ہے بتایئے اس کا محور پنجاب کا کون سا گاؤں ہے؟

جواب : چک مراد۔

سوال : اردو میں مغرب کے جن جاسوسی ناول نگاروں کے تراجم سب سے زیادہ شائع ہوئے ان کے نام بتایئے؟

جواب : (1)جیمز ہیڈلے چیز (2) رچرڈ ایلس راتھر (3) کارٹر براؤن (4) اے اے فیئر (5) ایلسٹر میکلین (6) بیرام سٹوکر (Stoker Bram) (7) آرتھرای برٹرلز (8) ڈان بیلانی (9)مائیک بریٹ (10) ایڈگر ویلس (Wallace Edger) (11) آئن فلیمنگ (Fleming Ian)(12) جان ڈکسن کار (13) ژاں بروس (Bruce jean) (14)برٹ ہالیڈے (15) جان کریزی (Creasy john) (16) مچل ایوالون (17)ڈینس وہیٹلی (18) رچرڈ مارش(19) جان ہملٹن (Himilton john) (20)میری شیلے (Shelley mary) (21) گوتھری جونیئر (22) اگاتھا کرسٹی (Agatha Christie)

سوال : مرزا ہادی رسوا نے میری کوریلی (Corelli marie) کے ایک جاسوس ناول کا ترجمہ کیا نام بتایئے؟

جواب : خونی مصور۔

سوال : جارج ولیم ایم رینالڈز۔ کے کس ناول نے اک صدی تک مشرق اور مغرب میں تہلکہ مچائے رکھا؟

جواب : گاتھک تھرلرز Gothic Thrillers

سوال : اردو کے سب سے بڑے جاسوسی ناول نگار ابن صفی نے کتنے ناول لکھے؟

جواب : ڈیڑھ سو۔

سوال : قرۃ العین حیدر کے ناولوں کے نام بتایئے؟

جواب : ہاؤسنگ سوسائٹی، چائے کے باغ، سفینۂ غم دل، آگ کا دریا، گردش رنگ چمن 1990ء۔

سوال : دام موج ممتاز معالج اور ادیب ڈاکٹر ایوب مرزا کی تخلیق ہے بتایئے اس کی کہانی کس کے گرد گھومتی ہے؟

جواب : خطہ پوٹھوار کے ممتاز کمیونسٹ رہنما حیدر خاں المعروف دادا امیر حیدر۔

سوال : اس مشہور ناول نگار کا نام بتایئے جس نے علامہ اقبال کے کہنے پر شاعری ترک کر دی؟

جواب : ایم اسلم۔

سوال : منشی پریم چند کے ناولوں کے نام بتایئے؟

جواب : بازار حسن، کایا پلٹ، چوگان ہستی، نرملا، میدان عمل، گئو دان، غبن۔

سوال : گجراتی زبان کے مشہور ادیب پنالال پٹیل کی زندگی میں 16 دسمبر 1986ء کو کیا اہمیت حاصل ہے؟

جواب : اس روز انہیں 1985ء کا بھارتیہ گیان پیٹھ انعام ملا؟

سوال : بتایئے پنالال پٹیل کو ان کے کس ناول پر یہ انعام دیا گیا؟

جواب : ''مان وینی بھوائی''۔

سوال : ایمرجنسی، ہمہ یاراں دوزخ اور پریشر ککر کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : بریگیڈیر صدیق سالک۔

سوال : ایمرجنسی کی ابتدا اور انتہا کس پر ہوتی ہے؟

جواب : شانتی نگر نامی گاؤں کے زمیندار ملک جابر علی کے خاندان اور گاؤں کے بعض غریب افراد کی زندگی کے حوالے سے شروع اور ختم ہوتا ہے؟

سوال : پاکستان بننے کے بعد سے اب تک جن ناول نگاروں نے شہرت حاصل کی ان کے نام بتایئے؟

جواب : حجاب امتیاز علی، ممتاز مفتی، عبداللہ حسین، بانو قدسیہ، شوکت صدیقی، عزیز احمد، نثار عزیز، انتظار حسین، غلام الثقلین نقوی، فرخندہ لودھی، مستنصر حسین تارڑ۔

سوال : ابوالفضل صدیقی کا کون سا ناول ان کی وفات کے بعد چھپا؟

جواب : ترنگ (ستمبر 1989ء)

سوال : انگریز ناول نگار اسٹینلے ایلن کا انتقال کب ہوا نیز ان کے مشہور ناولوں کے نام کیا ہیں؟

جواب : اگست 1986ء میں، مرر آن دی وال، ہاؤس آف کارڈز مرر اور ایسٹتھ سرکل۔

سوال : اردو ناول نگاری کی تاریخ میں حقیقت نگاری کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

جواب : پریم چند کو۔

سوال : فرانس کے ممتاز ناول نگار وکٹر ہیوگو کو کس بادشاہ نے فرانس سے نکال دیا تھا؟

جواب : لوئی نپولین نے۔

سوال : انوری بیگم، حشمت النساء اور احمدی بیگم کس خاتون کے ناول ہیں؟

جواب : طیبہ بیگم کے۔

سوال : سویر دسار دوئی کیوبا کے مشہور ادیب ہیں وہ کئی ناولوں کے مصنف ہیں آپ ان میں سے دو کے نام بتایئے؟

جواب : کوبرا اور کولیبری۔

سوال : دی گڈ ارتھ پرل ایس بک کا مشہور ناول ہے اس پر انہیں پولٹزر انعام بھی ملا بتایئے یہ ناول کس طبقے کی ترجمانی کرتا ہے؟

جواب : چین کسانوں کی زندگی کی۔

سوال : مشہور ناول نگار صادق الخیری کا انتقال 26 جنوری 1989ء کو کراچی میں ہوا بتایئے کتنی عمر میں؟

جواب : 72 سال۔

سوال : دنیا میں سب سے زیادہ ناول مسز ولیم فاکنر (1903ء۔1973ء) نے لکھے بتایئے ان کے ناولوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب : 904۔

سوال : برین گارفیلڈ کے اس شہرہ آفاق ناول کا نام بتایئے جس میں دوسری جنگ عظیم کی سنسنی خیز کہانی بیان کی گئی ہے؟

جواب : دی پیلا ڈین۔

سوال : دنیا کا سب سے طویل ناول فرانسیسی ادیب لوئی ہنری نے 1932ء سے 1946ء کے مابین ''لا ہو مرڈی بون'' شائع کرایا بتایئے یہ کتنی جلدوں میں ہے؟

جواب : 27 جلدوں میں۔

سوال : بچوں کے سب سے زیادہ ناول برطانیہ کی کس مصنفہ نے لکھے؟

جواب : اینیڈ بلائٹن نے (چھ سو) ۔

سوال : مرزا ہادی رسوا نے امراؤ جان ادا کس ناول سے متاثر ہو کر لکھی تھی؟

جواب : شاہد رعنا (مصنف قاری سرفراز حسین دہلوی)

سوال : کی یہ درست ہے کہ تاریخی ناول نگاری کی ابتداء عبدالحلیم شرر نے کی؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : ممتاز مفتی کے کس ناول کو اردو کی گرو گرنتھ کہا جاتا ہے؟

جواب : علی پور کا ایلی۔

سوال : بتایئے علی پور کا ایلی کو کس نے گرو گرنتھ کہا تھا؟

جواب : ابن انشاء نے۔

سوال : مرزا قلیچ بیگ کے پہلے ناول کا نام بتایئے؟

جواب : دل آرام۔

سوال : سعادت حسن منٹو نے ایک ہی ناول لکھا بتایئے کون سا؟

جواب : بلا عنوان۔

سوال : ماں میکسم گورکی کا ناول ہے بتایئے بیٹے کے مصنف کا نام کیا ہے؟

جواب : پرل ایس بک۔

سوال : ڈپٹی نذیر احمد، عبدالحلیم شرر اور پریم چند نے اپنے ناول کس نقطہ نظر سے لکھے؟

جواب : اصلاحی۔

سوال : مرد نصف عورت ہے کس چینی ادیب کا ناول ہے؟

جواب : چانگ شیان لیانگ۔

سوال : جین آسٹن نے اپنے ناولوں میں ہمیشہ......کی گفتگو کو جگہ دی ہے؟ خالی جگہ پر کریں؟

جواب : عورتوں۔

سوال : مصر کا اتاچی خوجی سے کہتا ہے کہ کرسی کے احمق ہو بتایئے یہ جملہ رتن ناتھ سرشار کے کس ناول میں ہے؟

جواب : فسانہ عجائب۔

سوال : ایم اسلم کا کون سا ناول خطوط کے ذریعے لکھا گیا نیز اس میں کتنے خطوط ہیں اور یہ کس کے نام لکھے گئے تھے؟

جواب : شب غم......12...... یہ عارف نے اپنے دوست شاہد کو لکھے تھے؟

سوال : کیا آپ عبدالحلیم شرر کے تاریخی ناولوں کے نام بتا سکتے ہیں؟
جواب : فلورا فلورنڈا، دومۃ الکبریٰ، زوال بغداد، ایام عرب۔
سوال : ایران کی حسینہ، پہلی صلیبی جنگ، عرب کا چاند، سلاطین سبکتگین، شہزادی عباسیہ اور طارق کس کے ناول ہیں؟
جواب : محمد صادق حسین۔
سوال : کیا آپ انگریزی ناول نگار او ہنری کے واحد ناول کا نام بتا سکتے ہیں؟
جواب : The Trimmed Lamp
سوال : کیا آپ شام اودھ کے مصنف کا نام بتا سکتے ہیں؟
جواب : جی ہاں ڈاکٹر احسن فاروقی۔
سوال : ڈپٹی نذیر احمد کو ان کی کس کتاب پر ایک ہزار روپے کا انعام ملا تھا؟
جواب : مراۃ العروس پر۔
سوال : ناول ''یا خدا'' کے مصنف صدر ایوب کے سیکرٹری بھی رہے۔ مصنف کا نام بتایئے؟
جواب : قدرت اللہ شہاب۔
سوال : خدیجہ مستور کے آخری ناول کا نام بتایئے؟
جواب : زمین۔
سوال : آئرلینڈ کے ممتاز ناول نگار جیمز جوائس کب پیدا ہوئے؟
جواب : 2 فروری 1882ء
سوال : تیسرا خواب محمد توقیر خاں کا ناول ہے بتایئے اس کا موضوع کیا ہے؟
جواب : یہ تیسری دنیا بالخصوص عالم اسلام کے مسائل کے پس منظر میں لکھا گیا ہے۔
سوال : اس ناول نویس کا نام بتایئے جو ایک لفظ لکھنے کے لیے ایک ہفتہ صرف کرتا تھا؟
جواب : گستاف فلابرٹ۔
سوال : عزیز احمد کا تیسرا ناول گریز ہے بتایئے اس کا ہیرو کون ہے؟
جواب : نعیم جو آئی سی ایس کا امتحان پاس کر کے تربیت کے لیے لندن جاتا ہے۔
سوال : عبدالحلیم شرر نے بنکم چٹرجی کے کس ناول کا اردو میں ترجمہ کیا ہے؟
جواب : زرگیش نندنی۔

سوال : ناول میں کیا نہیں ہے؟ اس میں فطرت انسانی سے متعلق سب مفصل معلومات ہوتی ہیں۔ اس کی متنوع کیفیات کا بہترین تجزیہ ہوتا ہے ذکاوت اور ظرافت کے حسین ترین مظاہرے ہوتے ہیں اور یہ سب کچھ بہترین اور پسندیدہ زبان میں دنیا تک پہنچایا جاتا ہے بتایئے یہ الفاظ کس کے ہیں؟
جواب : انگریزی کی نامور ناول نگار جین آسٹن۔
سوال : بتایئے کس انگریز ادیب نے ناول کو نثری رزمیہ قرار دیا ہے؟
جواب : فیلڈنگ نے۔
سوال : ڈاکٹر احسن فاروقی نے منشی سجاد حسین کے کس ناول کو فنی اعتبار سے عمدہ ناول قرار دیا ہے؟
جواب : طرح دار لونڈی۔
سوال : صبح زندگی علامہ راشد الخیری کا مشہور ناول ہے شام زندگی کے مصنف کا نام بتایئے؟
جواب : علامہ راشد الخیری۔
سوال : کرشن چندر نے کل کتنے ناول لکھے؟
جواب : 29۔
سوال : کرشن چندر کے کس ناول میں کشمیر اور اہل کشمیر کی بے بسی کو پیش کیا گیا ہے؟
جواب : شکست۔
سوال : ناول پامیلا کو انگریزی زبان کا پہلا ناول کیوں قرار دیا گیا ہے؟
جواب : اس میں جنوں بھوتوں کی بجائے انسانوں کا قصہ بیان کیا گیا ہے۔
سوال : فسادات پر لکھے گئے موضوع پر کم از کم تین ناولوں اور ان کے مصنفین کے نام بتایئے؟
جواب : رقص ابلیس (ایم اسلم) 15 اگست (رشید اختر ندوی) خاک اور خون (نسیم حجازی)
سوال : شوکت صدیقی کا کون سا ناول چارلس ڈکنز۔ کے انداز کی حقیقت نگاری کی ایک عمدہ مثال پیش کرتا ہے؟
جواب : خدا کی بستی۔
سوال : جمیلہ ہاشمی نے کس ناول نگار کو اپنے ناول ''چہرہ بہ چہرہ روبرو'' میں موضوع بنایا۔
جواب : قرۃ العین طاہرہ کو۔

سوال : اے حمید کے پہلے ناول کا نام بتایئے؟

جواب : ڈربے۔

سوال : رضیہ فصیح احمد نے اپنا ناول صدیوں کی زنجیر کس سرزمین سے متعلق لکھا؟

جواب : مشرقی پاکستان (اب بنگلہ دیش)

سوال : خون جگر ہونے تک فضل کریم فضلی کا ناول ہے، آخت کا ٹکڑا کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : خان فضل الرحمان خان۔

سوال : ڈریکولا نامی ناول کے مصنف کا نام بتایئے نیز یہ بھی بتایئے کہ یہ سب سے پہلے کب شائع ہوا؟

جواب : بریم سٹوکر............1898ء۔

سوال : ابن الوقت ڈپٹی نذیر احمد کا مشہور ناول ہے۔ بنت الوقت کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : علامہ راشد الخیری۔

سوال : اگاتھا کرسٹی نے اپنے ناولوں میں کتنے قسموں کے زیوروں کا ذکر کیا ہے؟

جواب : 54۔

سوال : ہنری جیمز کا ناول ''دی پورٹریٹ آف اے لیڈی'' کس پہلو سے لکھا گیا ہے؟

جواب : نفسیاتی پہلو سے۔

سوال : ابن صفی سے قبل طبع زاد جاسوسی ناول کس نے لکھے؟

جواب : (1) پنڈت کشور چند مصنف رتن بے بہار (پانچ جلد) پیاری (دو جلد) جام دلربا، بدر النساء بیگم، پلیڈر کی کرتوت، پدماوتی۔ (2) طالب بنارسی لکھنوی مصنف ایران کا چاند (3) فدا علی خنجر خونی بھائی (4) سید شہنشاہ حسین (خونی بہن) (5) نور محمد عشرت خونی بہرام (6) احمد اللہ خاں خونی ہتھکڑی (7) طالب اللہ آبادی خونی پہچان

سوال : حجاب امتیاز علی کے کس ناول کا مرکزی خیال سائنس کے گرد گھومتا ہے؟

جواب : پاگل خانہ۔

سوال : قوس قزح اور ''عورتیں محبت میں'' سے کون سا ناول ٹامس ہارڈی کا ہے؟

جواب : دونوں۔

سوال : نثار عزیز بٹ کے کم از کم تین ناولوں کے نام بتایئے؟

جواب : (1) نگری نگری پھرا مسافر (2) نے چراغ نے گلے (3) کاروان وجود۔

سوال : سب سے پہلے تاریخی ناول کا نام بتایئے؟

جواب : ملک عبدالعزیز ورجینا۔

سوال : پاکستان میں جوگندر پال کا پہلا ناول کب اور کس نام سے طبع ہوا؟

جواب : 1990ء میں۔خواب رو۔

سوال : مرزا محمد ہادی رسوا کے ناول' 'نام بتایئے؟

جواب : امراؤ جان ادا

سوال : بتایئے ''امراؤ جان ادا'' میں کس ہندوستانی شہر کے تہذیب و تمدن کی بلندی اور پستی اور 1857ء کی جنگ آزادی کا تذکرہ ملتا ہے؟

جواب : لکھنو

سوال : رشیدۃ النساء کا پہلا ناول (سن تصنیف 1881ء) نثر میں نسوانی ادب کا نقطۂ آغاز تصور کیا جاتا ہے نام بتایئے؟

جواب : اصلاح النساء۔

سوال : 1917ء میں ایک دلچسپ ناول باعنوان شوکت آرا شائع ہوا بتایئے اسے کس نے لکھا؟

جواب : مسز عباس طیب جی

سوال : حجاب امتیاز علی کی والدہ عباسی بیگم بھی ناول نگار تھیں ان کا ناول 1935ء میں کس نام سے طبع ہوا؟

جواب : زہرا بیگم۔

سوال : حجاب امتیاز علی کے کسی ایک ناول کا نام بتایئے؟

جواب : پاگل خانہ۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ قیام پاکستان کے بعد اردو ناول نے فروغ پایا اور ہمارے ناولوں کا عمومی موضوع کسی نہ کسی طور پر احوال تقسیم وطن رہا؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : خدیجہ مستور کا کون سا ناول ان کی وفات کے بعد 1984ء میں طبع ہوا؟

جواب : زمین۔

سوال : بانو قدسیہ کے ناولٹس کا مجموعہ کس عنوان سے طبع ہوا؟

جواب : چہار چمن۔

سوال : ناولٹ کیا ہے؟

جواب : یہ عمومی طور پر طویل افسانہ اور ناول کے درمیان ایک ہیت ہے۔

سوال : بتایئے ''کہر'' کس ناول نگار نے لکھا اور 2007ء میں شائع ہوا؟

جواب : محمد الیاس۔

سوال : ارون دیتی رائے کے کسی مشہور انگریزی ناول کا نام بتایئے؟

جواب : The God of Small Things.

سوال : بتایئے انگریزی ناول "A Stal" کس نے لکھا؟

جواب : وکرم سیٹھ

سوال : بتایئے ''غلام باغ'' گورنمنٹ کالج لاہور کے فلسفہ کے ایک استاد کا لکھا ہوا ناول ہے۔ صاحب کتاب کا نام بتایئے؟

جواب : مرزا اطہر بیگ۔

سوال : بتایئے ''پھول اور پتھر'' کے نام سے صوبہ سرحد کے کس مشہور ادیب کا ناول چھپا؟

جواب : خاطر غزنوی۔

سوال : بتایئے ''اردو ناول کا ارتقا'' نامی کتاب کس نے لکھی؟

جواب : آل احمد سرور۔

سوال : پروفیسر عبدالسلام نے ناول کی تاریخ کے حوالے سے کونسی کتاب لکھی؟

جواب : تقسیم کے بعد اردو ناول۔

سوال : پاکستانی ناول ہیت رجحان اور امکان کتاب کس نے لکھی؟

جواب : احسان اکبر

سوال : بتایئے احمد پراچہ کا پہلا ناول ''خلش'' کے عنوان سے کب چھپا؟

جواب : 1961ء میں۔

سوال : بتایئے شیریں حیدر کے دو چھوٹے ناول ایک کتاب کی صورت میں کب اور کس نام سے شائع ہوئے؟

جواب : 2007ء ایک محبت دو افسانے۔

سوال : کافکا کے ادھورے ناول کا نام بتایئے؟

جواب : ''دا کاسل''

سوال : انگریزی زبان کے اولین پاکستانی ناول نگار ممتاز شاہنواز کا ناول 1950ء میں ان کی وفات کے بعد کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : A Heart Divided.

سوال : بتایئے ممتاز شاہنواز کس حادثے میں اور کب وفات پا گئیں؟

جواب : فضائی حادثہ میں۔ 1948ء میں۔

سوال : بتایئے ناول کا نام کس زبان کے لفظ ''نوویلا'' سے مشتق ہے؟

جواب : فرانسیسی

سوال : بتایئے نوویلا کے معنی کیا ہیں؟

جواب : کہانی۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ ناول براہ راست انگریزی ادب سے لیا گیا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : انگریزی میں ناول کے موجد کن ناول نگاروں کو کہا جا سکتا ہے؟

جواب : رچرڈسن اور فیلڈنگ

سوال : کیا ڈپٹی نذیر احمد کی کہانیوں کو ناول کا اولین نمونہ کہا جا سکتا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : ڈپٹی نذیر احمد اردو کے پہلے باقاعدہ ناول نگار تھے ان کا پہلا ناول کب اور کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : 1869ء ''مراۃ العروس''

سوال : توبۃ النصوح اور فسانہ مبتلا دو مشہور ناول ہیں ان کے خالق کا نام بتایئے؟

جواب : ڈپٹی نذیر احمد

سوال : بتایئے رتن ناتھ سرشار کا ناول ''فسانہ آزاد'' 1879ء میں کس جریدے میں قسط وار شائع ہوا؟

جواب : اودھ پنچ

سوال : بتایئے ''راکھ'' کس سفرنامہ نگار کا ناول ہے؟

جواب : مستنصر حسین تارڑ۔

سوال : بتایئے "The Murder of Aziz Khan" کس کا اولیں ناول ہے اور یہ کب شائع ہوا؟

جواب : ذوالفقار غوث۔ 1967ء میں۔

سوال : بپسی سدھوا لاہور میں پیدا ہوئیں ان کے پانچ ناولوں کے نام بتایئے؟

جواب : (1) Water(2) The Bride (3)The Crow Eaters

(4) Cracking India (5) An Amercian Brat.

سوال : ندیم اسلم کے پہلے انگریزی ناول کی اشاعت 1993ء میں ہوئی نام بتایئے؟

جواب : Season of the Rainbirds

سوال : بتایئے "The Wasted Vigil" اور " Map for Lost Lovers" کس کے مشہور انگریزی ناول ہیں؟

جواب : ندیم اسلم

سوال : کاملہ شمسی کے پانچ انگریزی ناول کون کونسے ہیں؟

جواب : (1) In the City hy the Sea. (2) Salt and saffran

(3)Kartography. (4) Broken Verses. (5) Burst Shadow.

سوال : انگریزی میں فکشن تحریر کرنے والی دو ماں بیٹی خدیجہ گوہر اور فریال گوہر کے ناولوں کے نام بالترتیب بتایئے؟

جواب : The Scent of Wet Earth اور The Coming Season Yield.

سوال : بتایئے خدیجہ گوہر کے انگریزی ناول کا ترجمہ اردو زبان میں کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : امیدوں کی فصل۔

سوال : فریال گوہر کا ناول لاہور کے ٹبی محلے کی ایک بوڑھی طوائف کے آخری ایام کا دردناک بیان ہے بتایئے یہ ناول انگریزی زبان میں کب شائع ہوا؟

جواب : 2002ء

سوال : محسن حامد کا پہلا ناول 2000ء میں کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : Smoke Moth

سوال : عبداللہ حسین کو اپنے ناول "اداس نسلیں" سے بے پناہ شہرت ملی لیکن عبداللہ حسین کہتے ہیں کہ کاش یہ اردو کے علاوہ اور دو زبانوں میں شائع ہوتا؟ بتایئے کونسی دو زبانیں مراد ہیں؟

جواب : انگریزی اور پنجابی

سوال : کیا آپ عبداللہ حسین کے تین مزید ناولوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : اداس، باگھ، نشیب اور نادار لوگ۔

سوال : بتایئے "غالب" کے نام سے کس ہندوستانی ناول نویس نے ناول لکھا؟

جواب : قاضی عبدالستار۔

سوال : جان ورے (john Wray) کے کسی ایک انگریزی ناول کا نام بتایئے؟

جواب : "Lowboy"

سوال : بتایئے "White Witch Blak Curse" کس بیسٹ سیلر آتھر کا ناول ہے؟

جواب : Kim Harrison

سوال : بتایئے ناول کے بارے میں یہ کس نے کہا تھا کہ "ناول" کی جگہ وہاں ہوتی ہے جہاں تاریخ کے صفحے سادہ ہوں

جواب : علی عباس حسینی۔

سوال : "اردو ناول کی نشو ونما" کس بھارتی نقاد اور دانشور کی تصنیف ہے؟

جواب : ڈاکٹر سید رفیق حسین

سوال : مشہور افسانہ نگار بلونت سنگھ نے ہندی زبان میں بھی ایک ضخیم ناول لکھا نام بتایئے؟

جواب : "صاحب عالم"

سوال : ڈپٹی نذیر احمد کے ناول نگار کس نقاد کی کتاب ہے؟

جواب : ڈاکٹر انیس ناگی

سوال : بتایئے "لمحوں کی راکھ" کے نام سے ناول کس بزرگ افسانہ و ناول نگار نے لکھا؟

جواب : میرزا ادیب۔

سوال : سولزنیٹسین (Alxeander Solzhenitsyn) کس زبان کا ناول نگار ہے؟

جواب : روسی

سوال : سولزنیٹسین کو روسی عوام کے دکھوں کا احساس ہوا اور اس کو اس نے اپنی کہانیوں میں تمثیلی روپ میں ظاہر کرنا شروع کیا اس کے نتیجہ میں وہ روس کی کس حکومت کی نظر میں ناپسندیدہ شخص بن گیا؟

جواب : اشتراکی حکومت

سوال : امریکی معاشرے کے پس منظر میں ایک مقصدی رومانی ناول کس خاتون نے کس عنوان سے لکھا؟

جواب : ڈاکٹر فرخندہ جالی، گرین کارڈ

سوال : اے حمید کے دو ناولٹ کا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا؟

جواب : صحرا کا بادل

سوال : کفر کے نام سے ایک انگریزی ناول "Blasphemy" کا اردو ترجمہ کس نے کیا؟

جواب : تہمینہ درانی

سوال : مشہور صحافی احمد بشیر کا سوانحی ناول کس نام سے طبع ہوا؟

جواب : دل بھٹکے گا۔

سوال : بتایئے ''خواب گر'' کس خاتون کا ناول ہے؟

جواب : الطاف فاطمہ

سوال : آمنہ مفتی کے کسی ایک ناول کا نام بتایئے؟

جواب : ''جرات رندانہ''

سوال : ''دائرہ'' کے نام سے کس ادیب کا ناول شائع ہوا؟

جواب : عاصم بٹ۔

سوال : بتایئے کولمبیا کے ناول نگار ''ڈیورل گافیا مارک'' کو اپنے کس ناول پر نوبل انعام ملا؟

جواب : تنہائی کے سو سال

سوال : بتایئے ناول کی یہ تعریف کس نے لکھی
''ناول خفیہ کوڈ میں بتائی گئی حقیقتوں کا نام ہے''۔

جواب : ڈیورل گافیا مارک

سوال : بتایئے ''ناول میں وقت کا کردار'' کو موضوع بنا کر پی ایچ ڈی کی ڈگری کس خاتون نے حاصل کی؟

جواب : ناہید قمر قاسمی

سوال : بتایئے ''اردو ناول کے چند یادگار کردار'' کے نام سے کتاب کس معتبر نقاد اور دانشور نے لکھی؟

جواب : ڈاکٹر ممتاز احمد خان۔

سوال : پولینڈ کے مشہور ادیب اور درجن بھر ناولوں کے خالق جوزف کانریڈ (Joseph Conrad) کس شہر میں پیدا ہوئے؟

جواب : برڈچ زیو (Berc iczew)

سوال : "The Quaid" پاکستان کی دس سالہ بچی کا انگریزی ناول ہے نام بتایئے؟

جواب : انعم فاطمہ

سوال : بتایئے عبدالقیوم فہد نے سابق عراقی صدر صدام حسین کے ناول کا اردو ترجمہ کس عنوان سے کیا؟

جواب : یہاں سے چلے جاؤ۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ منشی پریم چند نے درجن بھر ناول لکھے؟

جواب : جی ہاں

سوال : ہنری جیمز نے 1884 میں اپنے کس مشہور مقالے میں ناول کی تعریف لکھی ہے؟

جواب : فکشن کا فن

سوال : بتایئے ہنری جیمز نے کن الفاظ میں ناول کی تعریف لکھی ہے؟

جواب : ناول کی وسیع ترین تعریف یہ ہے کہ وہ زندگی کا ذاتی اور براہ راست تاثر پیش کرتا ہے پہلی بات اس کی قدر و قیمت مقرر کرتی ہے اگر یہ تاثر پوری شدت سے بیان ہو گیا تو ناول کامیاب ہے اور اگر کمزور رہا تو اس اعتبار سے ناول کمزور اور ناکامیاب ہوگا۔

سوال : یہ بتایئے کہ اٹھارویں صدی عیسوی میں کلارا ریو (Clara Reeve) نے اپنی کتاب Progress of Romance میں ناول کی کیا تعریف لکھی ہے؟

جواب : The Novel is a picture of real life and manners and of time in which it is written.

ترجمہ: ناول حقیقی زندگی اور آداب کی اس وقت کی ایک تصویر ہوتا ہے جس میں وہ لکھا جاتا ہے۔

سوال : جارج آرویل کے ناول انیس سو چوراسی کا ترجمہ کس نے کیا ہے؟

جواب : ابوالفضل صدیقی۔

سوال : اردو ناول کی تنقیدی تاریخ پر کس نے قلم اٹھایا ہے؟

جواب : ڈاکٹر احسن فاروقی

سوال : پروفیسر احمد علی کا 1940 میں انگریزی ناول شائع ہوا بتایئے کس نام سے؟

جواب : Twilight in Delhi.

سوال : دھوپ چھاؤں اور ننگی دھرتی انگریزی کے دوناولوں کا ترجمہ ہیں مترجم کا نام بتایئے؟

جواب : اشرف صبوحی۔

سوال : کمانڈر انور سید کا ایک ناول ایک اور سومنات کب شائع ہوا؟

جواب : 1979ء میں

سوال : ان ناولوں میں سے کونسا ایک ناول رضیہ بٹ کا نہیں ہے؟
عاشی، انیلا، بانو، لغزش اور کفر، ناہید، نائیلہ، نورین، نمو۔

جواب : کفر (از تہمینہ درانی)

سوال : فاتح اور مفتوح کس کا تحریر کردہ ناول ہے؟

جواب : ناہید رحمان

سوال : الاؤ کے نام سے کس نے ناول لکھا ہے؟

جواب : طارق اسماعیل ساگر نے

سوال : الطاف فاطمہ نے چلتا مسافر کس پس منظر میں لکھا ہے؟

جواب : المیہ مشرقی پاکستان کے پس منظر میں۔

سوال : آدھی سچائیاں رضیہ فصیح احمد کا ناول ہے ناول گرین کارڈ کی مصنفہ کا نام بتایئے؟

جواب : ڈاکٹر فرخندہ جالی

سوال : 2005 میں مستنصر حسین تارڑ کا ناول ڈاکیا منظر عام پر آیا بتایئے جولاہا کی اشاعت کب ہوئی۔

جواب : 2005 ہی میں

سوال : آدھی روٹی کافی ہے، سنگچور، مدہوش نامی ناولوں کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب : عرفان احمد خاں

سوال : دل کے داغ جلے، مفت ہوئے بدنام، پیاری راتیں، نغمہ محبت، بہاریں اداس ہیں کس ادیب اور دانشور کے ناول ہیں؟

جواب : ڈاکٹر حسرت کاسگنجوی

سوال : اردو ناول کے ہمہ گیر سروکار کس معروف ادیب کی کتاب ہے؟

جواب : ڈاکٹر ممتاز احمد خان

سوال : یہ بتایئے ڈاکٹر ممتاز احمد خان نے اردو ناول کے ہمہ گیر سروکار کو کس دور تک محدود کیا ہے؟

جواب : ناول نگاری کی ابتداء 1869 سے 2007 تک کے دور تک

سوال : یہ بتایئے کہ ''عبداللہ'' ملک کے معروف و منفرد ڈراما نگار، ناول نگار ہاشم ندیم کا دوسرا ناول ہے یا تیسرا؟

جواب : تیسرا۔

سوال : ہاشم ندیم کے دیگر دوناولوں کے نام بتایئے؟

جواب : خدا اور محبت..... بچپن کا دسمبر

سوال : ''وبا'' کس کا مشہور ناول ہے؟

جواب : ڈاکٹر حسن منظر

سوال : اردو ناول نگاری اور آزادی کے تصورات کس کی کتاب ہے؟

جواب : پروفیسر ڈاکٹر محمد عارف کی۔

سوال : جاپان میں شائع ہونے والا دنیا کا پہلا مکمل ناول گنجی کی داستان (The Tale of Genji) کی مصنفہ کا نام بتایئے؟

جواب : موراسکی شیکیبو (Murasaki shikibu)

سوال : مصر کے ممتاز ڈراما نگار، افسانہ نگار اور ناول نگار توفیق الحکیم 8 ر اکتوبر 1903 کو اسکندریہ میں پیدا ہوئے بتایئے ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 26 جولائی 1987 کو

سوال : تحریک آزادی (برصغیر پاک و ہند) پر کون کون سے تین اہم ناول لکھے گئے؟

جواب : (1) لہو کے پھول 1949 از حیات اللہ انصاری یہ ناول 5 جلدوں میں ہے زمانی اعتبار سے یہ ناول 1911 سے 1950 تک کا ہے۔
(2) انقلاب 1857 از خواجہ احمد عباس
(3) ایوان غزل از جیلانی بانو

سوال : عرفان احمد نے 2005 میں مدہوش کے نام سے ناول لکھا بتایئے اسی سال پہاڑ نامی ناول (ماخوذ مجلہ فاران اسلامیہ کالج سول لائنز لاہور شمارہ 2005) کس کے قلم سے منظر عام پر آیا؟

جواب : خدا بخش ساجد

☆☆☆

یادداشتیں

سوال : مہ و سال آشنائی کس کی یادداشتوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : فیض احمد فیض۔

سوال : احسان دانش کی یادداشتوں کے مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب : طبقات۔

سوال : رسول حمزہ توف (روسی) کی یادداشتوں پر مشتمل مجموعے کا نام کیا ہے؟

جواب : میرا داغستان۔

سوال : چودھری نذیر احمد کی دلچسپ یادداشتوں کے مجموعے کا نام کیا ہے؟

جواب : داستان پاکستان۔

سوال : کھوئے ہوؤں کی جستجو کس کی یادداشتوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : شہرت بخاری۔

سوال : قاضی عبدالودود نے اپنی یادداشتوں پر مشتمل کونسی کتاب لکھی؟

جواب : یادداشت ہائے قاضی عبدالودود۔

سوال : یہ بتایئے آغا ناصر کی یادداشتوں، خاکوں اور سفرناموں پر مبنی کتاب کا نام کیا ہے؟

جواب : گلشن یاد

سوال : قتیل شفائی نے اپنی آپ بیتی یادداشتیں) کس نام سے لکھی؟

جواب : اور گھنگھرو ٹوٹ گئے۔

☆☆☆

متفرقات

سوال : بتایئے یہ الفاظ 11 راپریل 1979 کو ایک بڑے ادبی اجتماع میں کس آمر حکمران نے کہے تھے؟

''جو اہل علم، ادیب اور مصنف پاکستان کے ساتھ اپنے تشخص پر شرم محسوس کرتے ہیں ان کے لیے پاکستان کا رزق، یہاں کا پانی اور اس ملک کا سایہ اور اس کی چاندنی حرام ہے''؟

جواب : جنرل ضیاء الحق۔

سوال : ''سرسید سے اقبال تک'' قاضی جاوید کی تصنیف ہے بتایئے اس کے اہم مندرجات کیا ہیں؟

جواب : اس کتاب میں برصغیر پاک و ہند کے ان مشاہیر کی زندگی اور فکری اور ذہنی کارناموں کا احاطہ کیا گیا ہے جنہوں نے گذشتہ ڈیڑھ دو سو برسوں میں برصغیر کے مسلمانوں کی فکری رہنمائی کا فریضہ سرانجام دیا۔

سوال : جسٹس (ر) ایس اے رحمان کے خطابات کا مجموعہ کس نام سے طبع ہوا؟

جواب : سفر

سوال : بتایئے چین میں جدید کمیونزم کے بانی کارل مارکس کی تصنیف ''داس کیپٹل'' پہلی بار کب منظرعام پر آئی؟

جواب : 1867ء میں

سوال : نقاد، ادیب اور استاد اردو ادبیات پروفیسر ڈاکٹر سہیل احمد خان کے مقالہ جات کا مجموعہ کب شائع ہوا؟

جواب : 2009ء میں، 800 صفحات پر مبنی۔

سوال : ڈاکٹر انور سدید کی 2009ء میں 50 سے زائد ادبی شخصیات کے فن کے حوالے سے مستند کتاب کس نام سے چھپی؟

جواب : زندہ لوگ

سوال : بتایئے بھٹو خاندان کا المیہ نامی کتاب کس نے مرتب کی؟

جواب : عبدالستار چودھری

سوال : محبت، جلاوطنی اور حراست کی نظمیں کس کی تدوین ہے؟

جواب : فاروق حسن۔

سوال : کتاب قدیم تہذیبیں اور مذہبیت'' کس نے ترتیب دی ہے؟

جواب : پروفیسر ظفر عمر زبیری۔

سوال : گوانتانامومیں پانچ سال ترکی النسل جرمن نوجوان مراد کرناز کی تصنیف ہے بتایئے اس کا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب : ریاض محمود انجم نے۔

☆☆☆

یادداشتیں

Arshia Alami Urdu Directory

عرشیہ عالمی اردو ڈائریکٹری

عرشیہ پبلی کیشنز، دہلی، اردو کے تقریباً پانچ ہزار شعراء، فکشن نگار، ڈرامہ نگار، ناقدین، محققین، صحافی، رسائل و جرائد، ادارے، کتب خانے، ویب سائٹس اور بلاگس کی ایک مستند ڈائریکٹری شائع کررہا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جس نے اپنا کام ایک حد تک مکمل کرلیا ہے۔ آپ کسی قسم کی معلومات فراہم کرنے میں تعاون کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں ای۔میل arshiadirectory@gmail.com پر براہِ کرم جلد از جلد روانہ کریں۔ اپنی تفصیل Capital Letters میں ارسال فرمائیں۔ نیچے دیے گئے Format میں آپ اپنا مکمل تعارف (Introduction) والے کالم میں مہیا کروائیں۔

اگر آپ ہمیں بذریعہ ڈاک Matter بھیجنا چاہتے ہیں تو لفافے پر انگریزی میں For Arshia Alami Urdu Directory تحریر کریں۔

نوٹ: ایسے ادیب وحضرات جن کی کوئی کتاب اب تک شائع نہیں ہوئی ہے، ان کی شمولیت کے بارے میں حتمی فیصلہ تشکیل کردہ کمیٹی کے ممبران کریں گے۔

تفصیلات مندرجہ ذیل فارمیٹ (Format) میں دینا لازمی ہے۔

شعراء و ادباء کے لیے

Name : ____________________

Pen Name : ____________________

Introduction : Poet ☐ Fiction Writer ☐ Critic ☐ Dramatist ☐

Etc ____________ Date of Birth (With Place) : ____________

Job : ____________________

List of Publications (Scanned Copy at Least one Title) : ____________________

Postal Address : ____________________

Phone/Mobile No. : ____________________

E-mail : ____________________

رسائل و جرائد و اداروں کے لیے

Name of Magazine/Journal/News Paper
Institution/Organisation/Website/Blog/Library

Started on ____________________

Postal Address: ____________________

Phone/Mobile No.: ____________________

E-mail: ____________________

Website: ____________________



arshia publications

PRINTER, PUBLISHER, LIBRARY ORDER SUPPLIER & BOOK SELLER

A-170, Ground Floor-3, Surya Apartment
Dilshad Colony, Delhi-110095
Email: arshiapublicationspvt@gmail.com

Raah-Numa
Edited by Imtiyaz Sarmad



ADABISTAN PUBLICATIONS
Commitment to Excellence
adabistanpublications@gmail.com

